مدینہ شریف آئے، انصار کی عورتیں ایک گھر میں جمع ہو گئیں، پھر ہماری طرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بھیجا، آپ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، آپ رضی اللہ عنہ نے سلام کیا، ہم نے آپ رضی اللہ عنہ کو سلام کا جواب دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہاری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھیجا ہوا ہوں۔ ہم نے کہا: خوش آمدید! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نمائندہ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی خوش آمدید۔ اس کے بعد فرمایا: کیا تم میری بیعت کرتی ہو؟ اس پر کہ تم زنا اور چوری نہیں کرو گی اور نہ اپنی اولاد کو قتل کرو گی، نہ بہتان لگاؤ گی۔ جو تمہارے ہاتھوں اور پاؤں نے اپنی طرف سے لیے ہیں اور نیکی میں نافرمانی نہیں کرو گی؟ ہم نے کہا: جی ہاں! حضرت عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم نے اپنے ہاتھ لمبے کیے، گھر کے اندر سے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ کو لمبا کیا، باہر سے۔ ہم کو حکم دیا کہ ہم حیض والیاں عیدین کے لیے نکلیں (دعا میں شرکت کے لیے) ہم کو منع کیا جنازہ میں جانے سے، جمعہ کے لیے منع نہیں کیا۔ میں نے عرض کی: وہ کون سی مشہور چیز ہے جس سے منع کیا گیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ فرماتی ہیں: نوحہ ہے۔

222 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو کہتے ہوئے سنا کہ وہ دوسرے آدمی سے کہہ رہا

الا الطواف . ومسلم في صلاة العيدين (980) (11) . والنسائي جلد 3صفحه180 وجلد 7صفحه149 . وابن ماجه رقم الحديث: 1307 و1308 . والدارمي جلد2صفحه377 .

222- أخرجه أحمد جلد 2صفحه309 . والبخاري في التفسير 4860' باب: (أفرأيتم اللات والعزى) . ومسلم في الايمان رقم الحديث: 1647' باب: من حلفباللاة والعزى فليقل: لا اله الا الله . والترمذي في النذور والايمان رقم الحديث: 1545 . والنسائي في الايمان جلد7صفحه7' باب: الحلف باللات .

الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَقُولُ لِرَجُلٍ: تَعَالَ أُقَامِرْكَ فَأَمَرَهُ أَنْ يَتَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ

تھا: آؤ جوا کھیلیں! آپ ﷺ نے اس کو صدقہ کرنے کا حکم دیا۔

223 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِينًا، وَإِنَّ أَمِينَ هَذِهِ الْأُمَّةِ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر امت کا کوئی امین ہے، میری اس امت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہے۔

224 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشُّؤْمُ فِي ثَلَاثَةٍ: فِي الدَّابَّةِ وَالْمَسْكَنِ وَالْمَرْأَةِ ."
قَالَ أَبُو هِشَامٍ: هُوَ خَطَّاءٌ"

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نحوست تین چیزوں میں ہے: (۱) سواری (یعنی اس کا سرکش ہونا) (۲) گھر (یعنی اس کا تنگ ہونا) (۳) عورت میں (یعنی ان کا برا ہونا مراد ہے)۔

225 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ،

حضرت عاصم بن عبیداللہ بن عاصم اپنے والد

223- أخرجه أحمد جلد 3صفحه281,245,189,133 . وأبو نعيم فى الحلية جلد 1صفحه101 . والبخارى فى فضائل القرآن رقم الحديث: 3744' وفى المغازى رقم الحديث: 4382' وفى أخبار الآحاد رقم الحديث: 7255 . ومسلم فى الفضائل رقم الحديث: 2419 . وابن سعد 299/1/3 . والترمذى فى المناقب رقم الحديث: 3759 . وابن ماجه فى المقدمة رقم الحديث: 136 .

224- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 5صفحه104 الى المصنف' وقال: رجاله رجال الصحيح خلا عبد الله بن بديل بن ورقاء وهو ثقة' والبخارى فى الجهاد رقم الحديث: 2858 باب: ما يذكر فى شؤم الفرس' وفى النكاح رقم الحديث: 5093' وفى الطب رقم الحديث: 5753 باب: الطيرة' و رقم الحديث: 5772 باب: لا عدوٰى . ومسلم فى السلام رقم الحديث: 2225' باب: الطيرة وللضأل وما يكون فيه الشؤم . قال الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد5صفحه104: أبا هشام الرفاعى' انه خطاء' وهو شيخ أبى يعلىٰ .

225- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد8صفحه304 . الى المصنف وقال: فيه عاصم بن عبيد الله العمرى وثقة

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ الْعَدُوَّ قَدْ حَضَرَ وَهُمْ شِبَاعٌ وَالنَّاسُ جِيَاعٌ، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: أَلَا نَنْحَرُ نَوَاضِحَنَا فَنُطْعِمَهَا النَّاسَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ مَعَهُ فَضْلُ طَعَامٍ فَلْيَجِئْ بِهِ . فَجَعَلَ يَجِيءُ بِالْمُدِّ وَالصَّاعِ وَأَكْثَرَ وَأَقَلَّ، فَكَانَ جَمِيعُ مَا فِي الْجَيْشِ بِضْعًا وَعِشْرِينَ صَاعًا. فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى جَنْبِهِ وَدَعَا بِالْبَرَكَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوا وَلَا تَنْتَهِبُوا . فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَأْخُذُ فِي جِرَابِهِ وَفِي غِرَارَتِهِ، وَأَخَذُوا فِي أَوْعِيَتِهِمْ، حَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ لَيَرْبِطُ كُمَّ قَمِيصِهِ فَيَمْلَأُهُ، فَفَرَغُوا وَالطَّعَامُ كَمَا هُوَ. ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ، لَا يَأْتِي بِهِمَا عَبْدٌ مُحِقٌّ إِلَّا وَقَاهُ اللَّهُ حَرَّ النَّارِ

اور اپنے دادا عمرو سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے، ایک جنگ میں، ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! بے شک دشمن سامنے ہے، ان کے پیٹ بھرے ہوئے ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین بھوکے ہیں، انصار صحابہ نے کہا' عرض کی: کیا ہم اپنی سواریاں ذبح نہ کرلیں تاکہ ہم ان کو کھائیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے پاس زیادہ کھانا ہو وہ اس کو لے آئے۔ لوگ بچا ہوا کھانا لانے لگے' کوئی ایک مُد اور کوئی زیادہ اور کم لایا جو لشکر کے پاس تھا' وہ ۲۰ صاع سے زیادہ ہو گیا۔ حضور ﷺ اس کے ایک طرف تشریف فرما ہوئے اور برکت کی دعا فرمائی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: پکڑو! اس کو اُچکنا نہ۔ ایک آدمی اپنے تھیلے میں ڈالنے لگا۔ کئی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے برتن بھر لیے۔ ایک آدمی نے اپنی قمیص کی جھولی بھری' جب صحابہ کرام فارغ ہوئے تو کھانا ویسے کا ویسے تھا۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور میں اللہ کا رسول ہوں! جو آدمی ان دونوں کا اقرار کرتا ہے مگر اللہ عزوجل اس کو آگ کی تپش سے محفوظ رکھے گا۔

226 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ يَعْنِي ابْنَ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْجَنُوبِ، قَالَ: رَأَيْتُ

حضرت ابو الجنوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے مولا علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا آپ رضی اللہ عنہ نے وضو کے لیے پانی

العجلى وضعه جماعة وبقية رجاله ثقات .

226- أخرجه البزار رقم الحديث: 260 . والبخارى فى الوضوء رقم الحديث: 181 و182' باب: الرجل يوضئ صاحبه' ورقم الحديث: 203 و206 و363 و388 و2918 و4421 و5798 و5799 . ومسلم فى الطهارة رقم الحديث: 274' باب: المسح على الخفين . ومالك وأصحاب السنن . والحاكم فى المستدرك . وأبو داؤد فى الطهارة رقم الحديث: 126 . وابن ماجه فى الطهارة رقم الحديث: 390 .

عَلِيًّا يَسْتَقِي مَاءً لِوُضُوئِهِ، فَبَادَرْتُهُ أَسْتَقِي لَهُ، فَقَالَ: مَهْ يَا أَبَا الْجَنُوبِ، فَإِنِّي رَأَيْتُ عُمَرَ، يَسْتَقِي مَاءً لِوُضُوئِهِ، فَبَادَرْتُهُ أَسْتَقِي لَهُ، فَقَالَ: مَهْ يَا أَبَا الْحَسَنِ، فَإِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَقِي مَاءً لِوُضُوئِهِ، فَبَادَرْتُهُ أَسْتَقِي لَهُ فَقَالَ: مَهْ يَا عُمَرُ، فَإِنِّي أَكْرَهُ أَنْ يَشْرَكَنِي فِي طُهُورِي أَحَدٌ

مانگا۔ میں نے جلدی کی تا کہ آپ کو پانی دوں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوالجنوب! چھوڑ دو! میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے کہ آپ نے وضو کے لیے پانی مانگا' میں جلدی سے آپ کے لیے پانی لایا تو آپ نے فرمایا: اے ابوالحسن! چھوڑ دو! میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کے لیے پانی مانگا، میں نے جلدی کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پانی دوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! چھوڑ دو! میں ناپسند کرتا ہوں کہ میرے وضو کے ثواب میں کوئی اور شریک ہو۔

227 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدٍ، مَوْلَى ابْنِ أَزْهَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: إِنَّ هَذَيْنِ الْيَوْمَيْنِ نَهَاكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامِهِمَا، يَوْمُ فِطْرِكُمْ مِنْ صِيَامِكُمْ، وَيَوْمٌ تَأْكُلُونَ فِيهِ مِنْ لَحْمِ نُسُكِكُمْ

حضرت مولیٰ ابی ازہر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ یہ دودنوں کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھنے سے منع کیا ہے، بہرحال عید الفطر کے دن اس لیے کہ یہ روزوں کے اختتام کا دن ہے اور عید الاضحیٰ کے دن اس لیے کہ تم قربانی کا گوشت کھاؤ۔

228 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عُمَرَ، لَمَّا طُعِنَ عَوَّلَتْ عَلَيْهِ حَفْصَةُ، فَقَالَ: يَا حَفْصَةُ، أَمَا سَمِعْتِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْمُعَوَّلَ عَلَيْهِ يُعَذَّبُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا، حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا آپ پر رونے لگیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے حفصہ! کیا تُو نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا نہیں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس پر رویا جائے اس کو عذاب دیا جائے گا۔

229 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ الْتَمَسَ صَرْفًا بِمِائَةِ دِينَارٍ،

حضرت مالک بن اوس بن حدثان روایت کرتے ہیں کہ کہ حضرت طلحہ بن عبید اللہ نے مجھ سے چاندی لی سونے کے بدلے فرمایا کہ مجھے مہلت دو یہاں تک کہ

228- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 39 . ومسلم في الجنائز رقم الحديث: 927' باب: الميت يعذب ببكاء أهله عليه .

قَالَ: فَدَعَانِي طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ، فَتَرَاضَيْنَا فِي الصَّرْفِ حَتَّى اصْطَرَفَ مِنِّي وَأَخَذَ الذَّهَبَ يُقَلِّبُهَا فِي يَدِهِ، قَالَ: حَتَّى يَأْتِيَ خَازِنِي مِنَ الْغَابَةِ، وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَسْمَعُ، فَقَالَ عُمَرُ: لَا وَاللَّهِ لَا تُفَارِقُهُ حَتَّى تَأْخُذَ مِنْهُ، ثُمَّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ

ہمارے پاس غابہ سے میرا خزانچی آیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سنا تو آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! نہیں! تُو اس سے جدا نہ ہو یہاں تک کہ معاملہ پورا کر کیونکہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: سونا چاندی کے بدلے فروخت کرنا سود ہے مگر برابر برابر ہو تو جائز ہے' گندم گندم کے بدلے فروخت کرنا سود ہے مگر برابر برابر' کھجور کھجور کے بدلے فروخت کرنا سود ہے مگر برابر برابر جائز ہے۔

230 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ، وَعُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، أَخْبَرَاهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِءِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِهِ أَوْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ فَقَرَأَهُ مَا بَيْنَ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَصَلَاةِ الظُّهْرِ، كُتِبَ لَهُ كَأَنَّهُ قَرَأَهُ مِنَ اللَّيْلِ

حضرت عبدالرحمٰن بن عبد القاری فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا رات کا وظیفہ رہ گیا جو وہ ہر رات پڑھتا تھا یا ایسی شے جو وہ پڑھتا تھا اور وہ اس وظیفہ کو فجر اور ظہر کی نماز کے درمیان پڑھ لے' تو اس کے لیے وہی ثواب لکھا جائے' جو رات کو پڑھتا تھا۔

231 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، وَأَبُو

حضرت سعید بن عمرو بن سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

230- أخرجه مسلم في صلاة المسافرين رقم الحديث: 747' باب: جامع صلاة الليل ومن نام عنه أو مرض . وأبو داؤد في الصلاة رقم الحديث: 1313' باب: من نام عن ضربه . وابن ماجه في الاقامة رقم الحديث: 1343' باب: فيمن نام عن ضربه من الليل لا . وأخرجه الترمذي في الصلاة رقم الحديث: 581' باب: ما ذكره فيمن فاته ضربه من الليل فقضاء بالنهار . والنسائي في قيام الليل جلد 3صفحه260,259' باب: متى يقضي من نام عن ضربه من الليل . والدارمي في الصلاة جلد 1صفحه346' باب: اذا نام عن ضربه من الليل . وأخرجه مالك في الموطأ صفحه142' في القرآن (3) باب: ما جاء في تحزيب القرآن .

231- أخرجه البزار رقم الحديث: 1723 . وقال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5صفحه302 رواه البزار ورجاله رجال الصحيح' خلا عبد الله بن عمر القرشي وهو ثقة .

جَعْفَرٍ، خَالِي، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ يَوْمَ الْمَرْجِ يَقُولُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ يَمْنَعُ الدِّينَ بِنَصَارَى مِنْ رَبِيعَةَ عَلَى سَاحِلِ الْفُرَاتِ مَا تَرَكْتُ عَرَبِيًّا إِلَّا قَتَلْتُهُ أَوْ يُسْلِمُ

انہوں نے اپنے والد کو جنگ کے دن فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ بے شک اللہ عزوجل دین کو منع کرتا ہے نصاریٰ کے ساتھ قبیلہ ربیعہ سے فرات کے کنارہ پر تو میں کسی عربی کو نہ چھوڑتا مگر میں اس کو قتل کر دیا ہوتا یا وہ مسلمان ہو جاتا۔

232 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الطَّالْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ:، فَذَكَرَ كَلَامًا، إِنَّ نَاسًا يَقُولُونَ: لَوِ اسْتَخْلَفْتَ؟ فَلَا أَجِدُ أَحَقَّ بِهَذَا الْأَمْرِ مِنْ هَؤُلَاءِ النَّفَرِ الَّذِينَ تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ، فَأَيُّهُمُ اسْتَخْلَفُوهُ فَهُوَ الْخَلِيفَةُ مِنْ بَعْدِي

حضرت سالم بن ابی جعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے گفتگو کی کہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر آپ خلیفہ بنائیں؟ میں اس خلافت کا حق داران افراد سے زیادہ کسی کو نہیں پاتا ہوں کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال اس حالت میں ہوا کہ آپ ان سے راضی تھے' آپ ان میں سے جس کو بھی خلیفہ بنائیں گے وہ میرے بعد خلیفہ ہو گا۔

233 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، سَمِعَ أَبَا عُبَيْدٍ، يَعْنِي مَوْلَى ابْنِ أَزْهَرَ، قَالَ: شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَبَدَأَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ وَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " نَهَى عَنْ صِيَامِ هَذَيْنِ الْيَوْمَيْنِ: أَمَّا يَوْمُ الْفِطْرِ فَفِطْرُكُمْ مِنْ صِيَامِكُمْ، وَأَمَّا الْأَضْحَى فَكُلُوا مِنْ لَحْمِ نُسُكِكُمْ

حضرت مولیٰ بن ازہر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں عید کی نماز میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ شریک تھا' آپ نے خطبہ سے پہلے نماز پڑھائی اور فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دنوں میں روزہ رکھنے سے منع کیا' عیدالفطر کے دن اس لیے کہ یہ تمہارے روزوں کا اختتام کا دن ہے اور عیدالاضحیٰ کے دن اس لیے کہ یہ تمہاری قربانی کا گوشت کھانے کا دن ہے۔

234 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر

-232 أخرجه البخاري في الجنائز رقم الحديث: 1392' باب: ما جاء في قبر النبي صلى الله عليه وسلم' وفي فضائل الصحابة رقم الحديث: 3700 باب: قصة البيعة والاتفاق على عثمن .

-234 أخرجه مسلم في اللباس (2068) (7) و (2068) (8) و (2078) (9)' باب: تحريم استعمال اناء الذهب

سَعِيدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِى أَبُو بَكْرِ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ عُمَرَ رَأَى عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْعُطَارِدِ قُبَاءً مِنْ دِيبَاجٍ أَوْ حَرِيرٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَوِ اشْتَرَيْتَهُ، فَقَالَ: إِنَّمَا يَلْبَسُ هَذَا مَنْ لَا خَلَاقَ لَهُ ۔ قَالَ: فَأُهْدِيَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةٌ سِيَرَاءُ، فَأَرْسَلَ بِهَا إِلَيَّ، قَالَ: فَقُلْتُ: أَرْسَلْتَ بِهَا، وَقَدْ سَمِعْتُكَ قُلْتَ فِيهَا مَا قُلْتَ؟ فَقَالَ: إِنَّمَا بَعَثْتُ بِهَا إِلَيْكَ لِتَسْتَمْتِعَ بِهَا

ﷺ نے آل عطارد میں سے ایک آدمی پر دیباج یا ریشم کی قبا دیکھی' عرض کی: یا رسول اللہ! اگر آپ اس کو خرید لیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ وہ پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے۔ حضور ﷺ کو ریشم کا حُلّہ ہدیہ دیا گیا، آپ ﷺ نے وہ میری طرف بھیج دیا۔ میں نے عرض کی: آپ نے اس کو میری طرف بھیجا ہے؟ میں نے آپ سے اس کے خلاف سنا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہاری طرف اس لیے بھیجا تھا تا کہ تم اس سے فائدہ اٹھاؤ (یعنی اس کو فروخت کر کے)۔

235 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب رات ادھر سے آئے اور دن یہاں سے یہاں پلٹ جائے تو روزہ دار افطار کرلے۔

والفضة على الرجال والنساء وخاتم الذهب والحرير على الرجل ۔ ومالك في الموطأ صفحه **571** في اللباس برقم: **18**' باب: ما جاء في لبس الثياب ۔ وأخرجه أبو داؤد في الصلاة رقم الحديث: **1076**' باب: اللبس للجمعة' و رقم الحديث: **1077** ۔ والنسائي في العيدين جلد **3** صفحه **181**' باب الزينة للعيدين' وجلد **3** صفحه **196** باب: ذكر النهي عن لبس السيراء ۔ كما وأخرجه البخاري في البيوع رقم الحديث: **2104**' باب: التجارة فيما يكره لبسه للرجال والنساء' وفي الجمعة رقم الحديث: **886** باب: يلبس أحسن ما يجد' وفي الهبة رقم الحديث: **2612** باب: هدية ما يكره لبسها' و رقم الحديث: **2618** باب: في الهدية للمشركين' وفي العيدين رقم الحديث: **948** باب: في العيدين والتجمل فيه' وفي الجهاد رقم الحديث: **3054** باب: التجمل للوفود' وفي اللباس رقم الحديث: **5841** باب: الحرير للنساء' وفي الأدب رقم الحديث: **5981** باب: صلة الأخ المشرك ۔

235- أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: **7595** ۔ وأحمد جلد **1** صفحه **54,48,35,28** ۔ والبخاري في الصوم رقم الحديث: **1954**' باب: متى يحل فطر الصائم ۔ ومسلم في الصيام رقم الحديث: **1100**' باب: بيان وقت انقضاء الصوم وخروج النهار ۔ وأبو داؤد في الصوم رقم الحديث: **2351**' باب: وقت فطر الصائم ۔ والترمذي في الصوم رقم الحديث: **698**' باب: ما جاء اذا أقبل الليل وأدبر النهار فقد أفطر الصائم ۔ والدارمي في الصوم جلد **2** صفحه **7**' باب: في تعجيل الافطار ۔ وصححه ابن حبان رقم الحديث: **3517** كما في الموارد ۔

قَالَ: إِذَا أَقْبَلَ اللَّيْلُ، وَأَدْبَرَ النَّهَارُ مِنْ هَا هُنَا، فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ

236 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: صَلَاةُ السَّفَرِ رَكْعَتَانِ، وَصَلَاةُ الْفِطْرِ رَكْعَتَانِ، وَصَلَاةُ الْأَضْحَى رَكْعَتَانِ، وَصَلَاةُ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَانِ، تَمَامٌ غَيْرُ قَصْرٍ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسافر کی نماز دو رکعتیں ہیں، عید الفطر کی نماز دو رکعتیں ہیں، عید الاضحیٰ کی نماز دو رکعتیں ہیں، جمعہ کی نماز کی مکمل دو رکعتیں ہیں۔ ساری یہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے قصر نہیں ہیں۔

237 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا كَهْمَسٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمُرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، أَنَّ جِبْرِيلَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا الإِيمَانُ؟، قَالَ: أَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ، وَمَلَائِكَتِهِ، وَكُتُبِهِ، وَرُسُلِهِ، وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ، وَبِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ، فَقَالَ جِبْرِيلُ: صَدَقْتَ، فَتَعَجَّبْنَا مِنْهُ، يَسْأَلُهُ وَيُصَدِّقُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَاكَ جِبْرِيلُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے، عرض کی، ایمان کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں اور آخرت کے دن اور اچھی اور بری تقدیر پر ایمان لانا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی، آپ نے سچ کہا۔ ہم کو تعجب ہو کہ سوال اور تصدیق دونوں کرتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ جبرائیل علیہ السلام تھے، تم کو دین سکھانے آئے تھے۔

236- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 37' وجلد 1 صفحه 44 . والبيهقي جلد 3 صفحه 199-200' وجلد 4 صفحه 248 . والطحاوي جلد 1 صفحه 421-422 وجلد 4 صفحه 421 . وأبو نعيم في حلية الأولياء جلد 4 صفحه 353 . وابن ماجه في الاقامة رقم الحديث: 1063' باب: تقصير الصلاة في السفر' و 1064 . وابن سعد في الطبقات جلد 6 صفحه 75 . والنسائي في الجمعة جلد 3 صفحه 111' باب: عدد صلاة الجمعة' وفي تقصير الصلاة في السفر جلد 3 صفحه 118' وفي العيدين جلد 3 صفحه 183 باب: عدد صلاة العيدين .

237- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 28,51,52' وأبو داؤد في السنة رقم الحديث: 4695' باب: في القدر' و 4696 . ومسلم في الايمان (8) (3) باب: بيان الايمان والاحسان . والترمذي في الايمان رقم الحديث: 2613' باب: ما جاء في وصف جبريل للنبي صلى الله عليه وسلم الاسلام والايمان . والنسائي في الايمان جلد 8 صفحه 97' باب: نعت الاسلام . وابن ماجه في المقدمة (63)' باب: في الايمان .

أَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِينَكُمْ

238 - حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " قَالَ مُوسَى: يَا رَبِّ، أَبُونَا آدَمُ أَخْرَجَنَا وَنَفْسَهُ مِنَ الْجَنَّةِ. فَأَرَاهُ اللَّهُ آدَمَ، فَقَالَ: أَنْتَ آدَمُ؟ فَقَالَ لَهُ آدَمُ: نَعَمْ. قَالَ: أَنْتَ الَّذِي نَفَخَ اللَّهُ فِيكَ مِنْ رُوحِهِ، وَأَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ، وَعَلَّمَكَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَمَا حَمَلَكَ عَلَى أَنْ أَخْرَجْتَنَا وَنَفْسَكَ مِنَ الْجَنَّةِ؟ فَقَالَ لَهُ آدَمُ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا مُوسَى. قَالَ: أَنْتَ مُوسَى بَنِي إِسْرَائِيلَ الَّذِي كَلَّمَكَ اللَّهُ مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ، فَلَمْ يَجْعَلْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ رَسُولًا مِنْ خَلْقِهِ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَتَلُومُنِي عَلَى أَمْرٍ قَدْ سَبَقَ مِنَ اللَّهِ الْقَضَاءُ قَبْلِي؟ " قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذَلِكَ: فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى، فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی، اے رب ہمارے باپ آدم علیہ السلام نے ہم کو جنت سے نکالا اور اپنے آپ کو۔ اللہ عزوجل نے موسیٰ علیہ السلام کو حضرت آدم علیہ السلام دکھائے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: آپ آدم علیہ السلام ہیں؟ حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: جی ہاں! پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: آپ میں اللہ عزوجل نے اپنی روح پھونکی، آپ کے لیے فرشتوں کو سجدہ کرنے کا حکم دیا، آپ کو تمام ناموں کے متعلق علم دیا؟ حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: جی ہاں! تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: آپ کو کس نے اُبھارا تھا ہم کو جنت سے نکلوانے کے لیے اور اپنے آپ کو جنت سے نکالنے پر؟ حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: آپ کون ہیں؟ آپ نے عرض کی: میں موسیٰ ہوں۔ فرمایا: بنی اسرائیل والے موسیٰ ہو، جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے پردے کے پیچھے کلام کیا، اس نے تیرے اور اپنے درمیان مخلوق کو واسطہ نہیں بنایا؟ عرض کی: جی ہاں! حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: مجھے ملامت کرتے ہو اس کام پر، جس پر میرے پیدا ہونے سے پہلے اللہ کا حکم لکھا جا چکا تھا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس وقت آدم علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام پر غالب آ گئے۔

238- أخرجه أبو داؤد في السنة رقم الحديث: 4702' باب: في القدر . وأحمد جلد 2 صفحه 314 . ومالك في الموطأ صفحه 560 في القدر برقم: 1' باب: النهي عن القول بالقدر . والبخاري في القدر رقم الحديث: 6614' باب: تحاج آدم وموسىٰ عند الله . ومسلم في القدر رقم الحديث: 2652' باب: حجاج آدم وموسىٰ عليه السلام .

239 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى الزَّمِنُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْمِسْمَعِيُّ، أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ، عَنِ الرُّدَيْنِيِّ بْنِ أَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ: أَكْثَرُ ظَنِّي أَنَّهُ رَفَعَهُ، قَالَ: " الْتَقَى آدَمُ وَمُوسَى، قَالَ مُوسَى لِآدَمَ: أَنْتَ أَبُو النَّاسِ، أَسْكَنَكَ اللَّهُ جَنَّتَهُ، وَأَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ. قَالَ آدَمُ لِمُوسَى: أَمَا تَجِدُهُ مَكْتُوبًا؟ " قَالَ: فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى، فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' ابومحمد فرماتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ یہ حدیث مرفوعاً ہے کہ حضرت آدم اور موسیٰ کی آپس میں ملاقات ہوئی' حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام سے عرض کی: آپ تمام لوگوں کے باپ ہیں' آپ کو اللہ نے جنت میں ٹھہرایا' آپ کو فرشتوں نے سجدہ کیا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: کیا آپ علمِ الٰہی میں لکھا ہوا نہیں پاتے ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام پر غالب آگئے۔ دوبار فرمایا۔

240 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ وَهَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، وَغَيْرُهُمَا، قَالُوا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ شَرِيكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ مَيْمُونٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ رَبِيعَةَ الْجُرَشِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لَا تُجَالِسُوا أَهْلَ الْقَدَرِ وَلَا تُفَاتِحُوهُمْ.

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: تقدیر کا انکار کرنے والوں کے ساتھ نہ بیٹھو اور نہ ان کو حکمرانی دو۔

241 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ، بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

حضرت عبداللہ بن یزید اپنی سند کے ساتھ اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

242 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو،

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: اگر تم

240- أخرجه أحمد جلد 1صفحه30 . وأبو داؤد في السنة رقم الحديث: 4710' باب: في القدر' و رقم الحديث: 4720 باب: في ذراوى المشركين .

242- اخرجه أحمد جلد 1صفحه52,30 . والترمذي في الزهد رقم الحديث: 2345' باب: في التوكل على الله . وابن ماجه في الزهد رقم الحديث: 4164' باب: التوكل واليقين . وصححه الحاكم جلد4صفحه318 .

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ أَبِى تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: " لَوْ تَوَكَّلُونَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ، لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ: تَغْدُو خِمَاصًا وَتَرُوحُ بِطَانًا"

اللہ کی ذات پر بھروسہ کرو جس طرح بھروسہ کرنے کا حق ہے۔ تم کو پرندوں کی طرح رزق دیا جائے گا وہ صبح کرتے ہیں خالی پیٹ شام کو واپس آتے ہیں گھونسلے میں پیٹ بھر کر۔

243 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ وَهْبٍ الْخَوْلَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حضرت وہب بن خولانی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ آور حرام ہے۔

244 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ، أَخْبَرَنَا حَيْوَةُ، أَخْبَرَنَا أَبُو عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ عَمِّهِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ، أَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَجَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا يُحَدِّثُ أَصْحَابَهُ فَقَالَ: " مَنْ قَامَ إِذَا اسْتَقَلَّتِ الشَّمْسُ فَتَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ وُضُوءَهُ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ غُفِرَ لَهُ خَطَايَاهُ، أَوْ قَالَ: كَانَ كَمَا وَلَدَتْهُ أُمُّهُ." قَالَ عُقْبَةُ: فَقُلْتُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى رَزَقَنِي

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ تبوک میں نکلے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن بیٹھے ہوئے تھے اور اپنے صحابہ کے ساتھ گفتگو کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: جو کھڑا ہوا جب سورج ڈھل جائے' اس کے بعد وضو کرے اور اچھا وضو کرے پھر کھڑا ہو کر دو رکعت ادا کرے تو اس کے گناہ معاف کیے جائیں گے۔ یا یہ فرمایا: وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جائے جس طرح آج ہی اس کی ماں نے اس کو جنا ہے۔ حضرت عقبہ فرماتے ہیں: میں نے کہا کہ تمام خوبیاں اللہ

243- أخرجه البخارى فى الأشربة رقم الحديث: **5585**' باب: الخمر من العسل ـ ومسلم فى الأشربة رقم الحديث: **2001**' باب: بين أن كل مسكر خمر وأن كل خمر حرام' و **2003** ـ وأبى داؤد فى الأشربة رقم الحديث: **3679** و **3682**' باب: النهى عن المسكر ـ والترمذى فى الأشربة رقم الحديث: **1862** و **1864**' باب: ما جاء أن كل مسكر حرام ـ والنسائى فى الأشربة جلد **8** صفحه **297,296**' وجلد **8** صفحه **298**' باب: تحريم كل شراب مسكر' وجلد **8** صفحه **318** باب: الرواية فى المدمنين فى الخمر ـ

أَنْ أَسْمَعَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَكَانَ تُجَاهِي جَالِسًا: أَتَعْجَبُ مِنْ هَذَا؟ فَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْجَبَ مِنْ هَذَا قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَ. قُلْتُ: فَمَا قَالَ بِأَبِي أَنْتَ؟ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ رَفَعَ بَصَرَهُ إِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فُتِحَتْ لَهُ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابٍ مِنَ الْجَنَّةِ، يَدْخُلُ مِنْ أَيِّهَا شَاءَ"

کے لیے جس نے مجھے حضور ﷺ سے یہ حدیث سننے کی سعادت فرمائی۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو ساتھ ہی بیٹھے ہوئے تھے فرمایا: کیا تو اس پر تعجب کرتا ہے؟ حضور ﷺ نے تیرے آنے سے پہلے حیران کن قول فرمایا: میں نے عرض کی: کیا فرمایا؟ میرا باپ آپ پر قربان ہو! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے وضو کیا اور اچھا وضو کیا پھر اپنی نگاہ آسمان کی طرف اٹھائی اور پڑھا: اشہد ان لا الہ الا اللہ پڑھا تو اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں کہ جس سے چاہے داخل ہو۔

245 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الظَّهِيرَةِ، فَوَجَدَ أَبَا بَكْرٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: مَا أَخْرَجَكَ هَذِهِ السَّاعَةَ؟ قَالَ: أَخْرَجَنِي الَّذِي أَخْرَجَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ. وَجَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، مَا أَخْرَجَكَ؟ قَالَ: أَخْرَجَنِي الَّذِي أَخْرَجَكُمَا، يَا رَسُولَ اللّٰهِ. فَقَعَدَ عُمَرُ، وَأَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُهُمَا، ثُمَّ قَالَ: هَلْ بِكُمَا مِنْ قُوَّةٍ فَتَنْطَلِقَانِ إِلَى هَذَا النَّخْلِ فَتُصِيبَانِ طَعَامًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ دوپہر کے وقت نکلے۔ آپ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو مسجد میں پایا، آپ نے فرمایا: اس کو اس وقت کس نے نکالا ہے؟ عرض کی: یا رسول اللہ! جس نے آپ کو نکالا ہے اُسی نے مجھے نکالا ہے۔ حضرت عمر بن خطاب آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے عمر! تمہیں کس نے نکالا ہے؟ عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے اُس نے نکالا ہے جس نے آپ کو نکالا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے، حضور ﷺ متوجہ ہوئے، دونوں گفتگو کرنے لگے۔ پھر آپ نے فرمایا: کیا تم دونوں کو کھانے کی ضرورت ہے؟ ہم اس باغ کی طرف چلتے ہیں، وہاں کھانا اور پانی اور سایہ پاتے ہیں؟

245- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **316**: الى المؤلف والبزار والطبراني، وفي أسانيدهم كلها عبد الله بن عيسى أبو خلف، وهو ضعيف.

وَشَرَابًا وَظِلًّا؟ . قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: مُرُّوا بِنَا إِلَى مَنْزِلِ ابْنِ التَّيِّهَانِ أَبِي الْهَيْثَمِ الْأَنْصَارِيِّ ، فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَيْدِينَا فَسَلَّمَ، فَاسْتَأْذَنَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَأُمُّ الْهَيْثَمِ وَرَاءَ الْبَابِ تَسْمَعُ الْكَلَامَ وَتُرِيدُ أَنْ يَزِيدَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا أَرَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَنْصَرِفَ خَرَجَتْ أُمُّ الْهَيْثَمِ تَسْعَى خَلْفَهُمْ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ وَاللّٰهِ سَمِعْتُ تَسْلِيمَكَ، وَلَكِنِّي أَرَدْتُ أَنْ تَزِيدَنَا مِنْ سَلَامِكَ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرًا وَقَالَ: أَيْنَ أَبُو الْهَيْثَمِ مَا أَرَاهُ؟ قَالَتْ: هُوَ قَرِيبٌ، ذَهَبَ يَسْتَعْذِبُ لَنَا مِنَ الْمَاءِ، ادْخُلُوا فَإِنَّهُ يَأْتِي السَّاعَةَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ. فَبَسَطَتْ لَهُمْ بِسَاطًا تَحْتَ شَجَرَةٍ، فَجَاءَ أَبُو الْهَيْثَمِ، وَفَرِحَ بِهِمْ، وَقَرَّتْ عَيْنُهُ بِهِمْ، وَصَعِدَ عَلَى نَخْلَةٍ فَصَرَمَ لَهُمْ عِذْقًا، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَسْبُكَ يَا أَبَا الْهَيْثَمِ . قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَأْكُلُونَ مِنْ بُسْرِهِ وَمِنْ رُطَبِهِ وَمِنْ تَذْنُوبِهِ، ثُمَّ أَتَاهُمْ بِمَاءٍ فَشَرِبُوا عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا مِنَ النَّعِيمِ الَّذِي تُسْأَلُونَ عَنْهُ . وَقَامَ أَبُو الْهَيْثَمِ لِيَذْبَحَ لَهُمْ شَاةً، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِيَّاكَ وَاللَّبُونِ . وَقَامَتْ أُمُّ الْهَيْثَمِ تَعْجِنُ لَهُمْ وَتَخْبِزُ، وَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ رُءُوسَهُمْ لِلْقَائِلَةِ،

ہم نے عرض کی: جی ہاں! ہم ابن تیہان ابوالہیثم انصاری کے گھر کے پاس سے گزرے۔ حضور ﷺ ہمارے درمیان سے آگے بڑھے' آپ نے سلام کیا' تین مرتبہ اجازت مانگی' اُم ہیثم دروازے کے پیچھے گفتگو سن رہی تھیں اور چاہتی تھیں کہ آپ اور زیادہ گفتگو کریں۔ جب حضور ﷺ نے جانے کا ارادہ کیا تو اُم ہیثم نکلیں اور جلدی سے ان کے پیچھے چلیں۔ حضرت اُم ہیثم نے عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ کی قسم! میں آپ کا سلام سن رہی تھی لیکن میں چاہتی تھی کہ آپ ہم پر سلام زیادہ کریں۔ حضور ﷺ نے اسے فرمایا: اچھا! اور فرمایا: ابو ہیثم کہاں ہیں کہ میں ان کو نہیں دیکھ رہا ہوں؟ اُم ہیثم نے عرض کی: وہ قریب ہی ہیں' ہمارے لیے میٹھا پانی لینے کے لیے گئے ہیں' آپ داخل ہوں! وہ تھوڑی دیر تک آ جائیں گے اگر اللہ نے چاہا۔ ان حضرات کے لیے درخت کے نیچے بستر بچھا دیا' ابو ہیثم آئے اور ان کو دیکھ کر خوش ہوئے' اپنی آنکھیں ان کے ذریعے ٹھنڈی کرنے لگے اور کھجور کے درخت پر چڑھے اور ان کے لیے کھجوریں توڑنے لگے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوہیثم! کافی ہیں۔ ابو ہیثم نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ خشک اور تر کھائیں! پھر نیم پختہ کھجور کھائیں گے' پھر ان کے پاس پانی لائے' ان حضرات نے نوش کیا' حضور ﷺ نے فرمایا: ان نعمتوں کے متعلق آپ سے پوچھا جائے گا' حضرت ابو ہیثم اٹھے تا کہ ان کے لیے بکری ذبح کریں' حضور ﷺ نے فرمایا: دودھ دینے والی سے بچنا! اُم ہیثم کھڑی ہوئیں' ان کے

فَانْتَبَهُوا وَقَدْ أُدْرِكَ طَعَامُهُمْ، فَوُضِعَ الطَّعَامُ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَأَكَلُوا وَشَبِعُوا وَحَمِدُوا اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَرَدَّتْ عَلَيْهِمْ أُمُّ الْهَيْثَمِ بَقِيَّةَ الْأَعْذَاقِ، فَأَكَلُوا مِنْ رُطَبِهِ وَمِنْ تَذْنُوبِهِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَعَا لَهُمْ

لیے آٹا گوندھنے لگیں اور روٹیاں پکانے لگیں۔ حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما قیلولہ کر رہے تھے' یہ حضرات اٹھے تو کھانا آگے پایا' کھانا ان کے آگے رکھ دیا گیا تو انہوں نے کھایا اور سیر ہو گئے' اللہ عزوجل کی تعریف کی' باقی کھجوروں کا ٹوکرا اُم ہیثم کی طرف بھیج دیا' کچھ تازہ کھجوریں کچھ نیم پختہ کھجوریں کھا لیں' اس کے بعد حضور ﷺ نے ان کو سلام کیا اور ان کے لیے دعا فرمائی۔

246 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ السَّائِبِ، حَدَّثَهُ أَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ أَبِي الْقَاسِمِ السَّبَائِيَّ، حَدَّثَهُ عَنْ قَاصِّ الْأَجْنَادِ، بِالْقُسْطَنْطِينِيَّةِ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَقْعُدَنَّ عَلَى مَائِدَةٍ تُدَارُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ ۔ قَالَ: وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت قاسم بن ابی القاسم السبائی قسطنطنیہ کے لشکر سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے سنا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو! میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اس دسترخوان پر نہ بیٹھے جس میں شراب چلتی ہو۔ اس کے بعد باقی حدیث ذکر کی۔

247 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النُّكْرِيُّ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا ابْنُ

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے سنا کہ وہ رسول اللہ ﷺ

246- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 20 . والهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 277 . والترمذي في الأدب رقم الحديث: 2802' باب: ما جاء في دخول الحمام . والدارمي في الأشربة جلد 2 صفحه 112' باب: النهي عن القعود على مائدة عليها الخمر . وأبي داؤد في الأطعمة رقم الحديث: 3774' باب: ما جاء في الجلوس على مائدة عليها بعض ما يكره .

247- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 23,22 . والترمذي في فضائل الجهاد رقم الحديث: 1644' باب: ما جاء في الشهداء عند الله .

لَهِيعَةَ، أَخْبَرَنِي عَطَاءُ بْنُ دِينَارٍ الْهُذَلِيُّ، أَنَّ أَبَا يَزِيدَ الْخَوْلَانِيَّ، حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يُخْبِرُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " الشُّهَدَاءُ أَرْبَعَةٌ: رَجُلٌ مُؤْمِنٌ جَيِّدُ الْإِيمَانِ، لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللَّهَ حَتَّى قُتِلَ، فَذَلِكَ الَّذِي يَرْفَعُ النَّاسُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْيُنَهُمْ هَكَذَا، وَرَفَعَ رَأْسَهُ حَتَّى وَقَعَتْ قَلَنْسُوَتُهُ فَلَا أَدْرِي قَلَنْسُوَةَ عُمَرَ أَمْ قَلَنْسُوَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ جَيِّدُ الْإِيمَانِ، حَتَّى إِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ فَكَأَنَّمَا يُضْرَبُ جِلْدُهُ بِشَوْكِ الطَّلْحِ مِنَ الْجُبْنِ، أَتَاهُ سَهْمٌ غَرْبٌ، فَقَتَلَهُ فَهُوَ فِي الدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ، وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ خَلَطَ عَمَلًا صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا، لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللَّهَ حَتَّى قُتِلَ، فَذَلِكَ فِي الدَّرَجَةِ الثَّالِثَةِ، وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ أَسْرَفَ عَلَى نَفْسِهِ، لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللَّهَ حَتَّى قُتِلَ، فَذَلِكَ فِي الدَّرَجَةِ الرَّابِعَةِ"

کے حوالہ سے بتا رہے تھے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: شہداء چار طرح کے ہیں: (۱) ایک وہ آدمی جس کا ایمان عمدہ ہو، دشمن سے اس کا واسطہ پڑے، پس اللہ کے وعدہ کو سچ کر دکھائے، یہاں تک کہ وہ شہید ہو جائے۔ اس آدمی کی طرف لوگ قیامت کے دن اپنی آنکھیں اٹھا اٹھا کر دیکھیں گے۔ آپ ﷺ نے خود اپنا سر انور اٹھایا یہاں تک کہ آپ ﷺ کے سر سے ٹوپی گر گئی۔ راوی حدیث بیان کرتے ہیں کہ میں نہیں جانتا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ٹوپی گری یا سرکارِ دوعالم ﷺ کی (۲) ایک وہ بندہ مومن جو عمدہ ایمان والا ہے یہاں تک کہ اس کا واسطہ دشمن سے ہو، پس اسے محسوس ہوا اس کے جسم میں کانٹا چبھو دیا ہے اچانک تیر آیا پس وہ شہید ہو گیا، وہ دوسرے درجہ میں ہوگا (۳) ایک وہ بندہ مومن جس کے اعمال اچھے اور برے ہوں۔ دشمن سے اس کا واسطہ پڑا، اللہ کے وعدہ کو سچ کر دکھایا یہاں تک کہ وہ شہید ہو گیا وہ تیسرے درجہ میں ہوگا (۴) ایک بندہ مومن جس نے اپنی جان پر ظلم کیا، دشمن سے اس کا واسطہ پڑا، اللہ کے وعدہ کو سچ کر دکھایا یہاں تک کہ شہید ہو گیا، وہ چوتھے درجہ میں ہو گیا۔

248 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ،

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ

248- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 53,20 . وابن ماجه في الجهاد رقم الحديث: 2758 ' باب: من جهز غازيًا . وصححه ابن حبان كما في موارد الظمآن رقم الحديث: 300 وأنظر البخاري في الجهاد رقم الحديث: 2843 ' باب: فضل من جهز غازيًا ' وفي الصلاة رقم الحديث: 450 . ومسلم في الامارة رقم الحديث: 1895 ' باب: فضل اعانة الغازي في سبيل الله ' وفي المساجد والحث عليها . وأبو داؤد في الجهاد رقم الحديث: 2509 ' باب: ما يجزئ من الغزو . والترمذي في فضائل الجهاد رقم الحديث: 1661 ' باب:

حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ أَبُو الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، حَدَّثَنِي أَبُو عُثْمَانَ الْوَلِيدُ بْنُ أَبِي الْوَلِيدِ، عَنْ عُمَرَ، أَوْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سُرَاقَةَ الْعَدَوِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَظَلَّ رَأْسَ غَازٍ أَظَلَّهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِجَهَازِهِ فَلَهُ أَجْرُهُ، وَمَنْ بَنَى مَسْجِدًا يُذْكَرُ فِيهِ اسْمُ اللَّهِ، بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

نے فرمایا: جس نے مجاہد کے سر پر سایہ کیا۔ اللہ اس کے سر پر سایہ کرے گا۔ قیامت کے دن جس نے اس کی راہ میں سامان تیار کیا، اللہ اس کو بھی اجر دے گا۔ جس نے مسجد اس نیت سے بنوائی کہ اس میں اللہ کا ذکر کیا جائے، اللہ اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔

249 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، ثُمَّ جَاءَ اللَّهُ بِالْإِسْلَامِ، قَالَ: فِ بِنَذْرِكَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں نے نذر مانی تھی زمانہ جاہلیت میں پھر مجھے اسلام کی توفیق ملی، آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی نذر کو پورا کرلو۔

ما جاء في فضل من جهز غازيًا .

249- أخرجه أحمد جلد 1صفحه37' وجلد 2صفحه20 . والبخارى فى الاعتكاف رقم الحديث: 2032' باب: الاعتكاف ليلًا' و رقم الحديث: 2043 باب: اذانذر فى الجاهلية أن يعتكف ثم أسلف' وفى الايمان والنذور رقم الحديث: 6697 باب: اذا نذر أو حلف ألا يكلم انسانًا فى الجاهلية لم أسلم' وفى فرض الخمس رقم الحديث: 3155 باب: ما كان النبى صلى الله عليه وسلم يعطى المؤلفة قلوبهم' وفى المغازى رقم الحديث: 4320 باب: قول الله تعالى: (ويوم حنين اذا أعجبتكم كثرتكم......) . ومسلم فى الايمان رقم الحديث: (1656) (28)' باب: نذر الكافر وما يفعل فيه اذا أسلم . أبو داؤد فى الايمان والنذور رقم الحديث: 3325' باب: من نذر فى الجاهلية ثم أدرك الاسلام . والترمذى فى النذور والايمان رقم الحديث: 1539' باب: ما جاء فى وفاء النذر . والنسائى جلد 7صفحه21' وفى الايمان جلد 7صفحه22 باب: اذا نذر ثم أسلم قبل أن يفى . وابن ماجه فى الكفارات رقم الحديث: 2129' باب: الوفاء بالنذر . والدارمى فى النذور والأيمان جلد2صفحه182' باب: الوفاء بالنذر .

250 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، لَعَلَّهُ عَنْ عُمَرَ، أَنَّهُ حَمَلَ عَلَى فَرَسٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَكُنَّا إِذَا حَمَلْنَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، أَتَيْنَا بِهِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَفَعْنَاهُ إِلَيْهِ فَوَضَعَهُ حَيْثُ أَرَاهُ اللّٰهُ، فَجِئْتُ بِالْفَرَسِ فَدَفَعْتُهُ إِلَيْهِ فَحَمَلَ عَلَيْهِ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِهِ، فَوَافَقْتُهُ يَبِيعُهَا فِي السُّوقِ، فَأَرَدْتُ أَشْتَرِيهَا، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: لَا تَشْتَرِهَا، وَلَا تَعُدْ فِي شَيْءٍ مِنْ صَدَقَتِكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ (میں نے) ایک گھوڑا اللہ کی راہ میں دیا، ہمارا طریقہ یہ تھا کہ جب ہم گھوڑا اللہ کی راہ میں دیتے تو اس کو حضور ﷺ کی بارگاہ میں لے کر آتے تھے، ہم آپ ﷺ کو دیتے۔ آپ ﷺ اس کو وہاں رکھتے جس طرح اللہ نے رکھنے کا حکم دیا ہے۔ میں گھوڑا لے کر آپ ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور میں نے آپ ﷺ کو دیا۔ آپ نے ایک صحابی کو دیا، میں نے ایک دن اس کو بازار میں فروخت کرتے ہوئے دیکھا۔ میں نے ارادہ کیا کہ اس کو خریدلوں۔ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا تو اس بات کا ذکر کیا، آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو نہ خریدو اور صدقہ واپس نہ لو۔

251 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النُّكْرِيُّ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، أَنَّ مَعْدَانَ بْنَ أَبِي طَلْحَةَ الْيَعْمُرِيَّ، قَالَ: خَطَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: رَأَيْتُ كَأَنَّ دِيكًا أَحْمَرَ نَقَرَ فِيَّ نَقْرَةً أَوْ نَقْرَتَيْنِ، وَلَا أُرَى ذَلِكَ إِلَّا لِحُضُورِ أَجَلِي، فَإِنْ عَجِلَ بِي أَمْرٌ فَإِنَّ الْخِلَافَةَ شُورَى فِي هَؤُلَاءِ الرَّهْطِ السِّتَّةِ الَّذِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ، وَإِنِّي أَعْلَمُ أَنَّ نَاسًا سَيَطْعَنُونَ فِي هَذَا الْأَمْرِ، أَنَا قَاتَلْتُهُمْ بِيَدِي هَذِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، فَإِنْ فَعَلُوا فَأُولَئِكَ أَعْدَاءُ اللّٰهِ الْكُفَّارُ الضُّلَّالُ، وَإِنِّي أَشْهَدُ

حضرت معدان بن ابی طلحہ یعمری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے خطبہ ارشاد فرمایا: (اس میں فرمایا): میں نے خواب دیکھا ہے گویا ایک مرغ نے مجھے ایک مرتبہ یا دو مرتبہ ٹھونگ ماری ہے۔ میری رائے یہ ہے کہ میری موت قریب ہے، اگر میری موت قریب ہے پھر خلافت کے متعلق ان چھ افراد سے مشورہ کر لینا۔ کیونکہ جب رسول پاک ﷺ کا وصال مبارک ہوا تھا تو آپ ﷺ ان چھ افراد سے راضی تھے۔ میں جانتا ہوں کہ کچھ لوگ خلافت کے متعلق خلل ڈالنے کی کوشش کریں گے۔ میں اپنے ہاتھوں سے اسلام کی خاطر ان لوگوں سے لڑائی کر چکا ہوں۔ اگر ان لوگوں نے

250- مرّ تخریج الحدیث، أنظر الأرقام: 220,161 .

251- مرّ تخریج الحدیث فی الرقم: 179 .

عَلَى أُمَرَاءِ الْأَمْصَارِ، فَإِنِّي إِنَّمَا بَعَثْتُهُمْ لِيُعَلِّمُوا النَّاسَ دِينَهُمْ وَسُنَّةَ نَبِيِّهِمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَقْسِمُوا فِيهِمْ . وَمَا أَغْلَظَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَيْءٍ، أَوْ مَا نَازَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَيْءٍ مِنْ آيَةِ الْكَلَالَةِ حَتَّى ضَرَبَ صَدْرِي وَقَالَ: " يَكْفِيكَ آيَةُ الصَّيْفِ الَّتِي أُنْزِلَتْ فِي آخِرِ النِّسَاءِ (يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ) (النساء : 176) وَمَا قُضِيَ فِيهَا بِقَضَاءٍ يَعْلَمُهُ مَنْ يَقْرَأُ وَمَنْ لَا يَقْرَأُ، هُوَ مَا خَلَا الْأَبَ كَذَا أَحْسَبُ" أَلَا إِنَّكُمْ أَيُّهَا النَّاسُ تَأْكُلُونَ مِنْ شَجَرَتَيْنِ مَا أَرَاهُمَا إِلَّا خَبِيثَتَيْنِ: الْبَصَلِ وَالثُّومِ، وَإِنْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُرُّ بِالرَّجُلِ يُوجَدُ مِنْهُ رِيحُهُمَا يُخْرَجُ إِلَى الْبَقِيعِ، فَمَنْ كَانَ لَا بُدَّ آكِلَهُمَا فَلْيُمِتْهُمَا طَبْخًا

خلافت کے متعلق کچھ خلل اندازی کی تو یہ لوگ اللہ کے دشمن کافر اور گمراہ ہوں گے۔ میں گواہی دیتا ہوں اس زمانہ کے گورنروں کے متعلق بے شک میں نے ان کو تمہاری طرف بھیجا ہے تا کہ لوگوں کو دین اور رسول پاک ﷺ کی سنت اور مال غنیمت تقسیم کرنے کے متعلق سکھائیں۔ مجھ سے رسول پاک ﷺ کسی مسئلہ میں ناراض نہیں ہوئے، یا یہ کہ میں نے رسول پاک ﷺ سے کسی آیت کے متعلق کبھی اصرار کیا ہو؟ جتنا مسئلہ کلالہ میں کیا ہے یہاں تک کہ آپ ﷺ نے میرے سینہ پر ہاتھ مارا اور فرمایا کیا تجھے سورۂ نسا کی آخری آیت ہی کافی نہیں جو گرمیوں میں اُتری تھی: ''(اے میرے رسول ﷺ!) فتویٰ پوچھتے ہیں آپ سے، آپ فرمایئے اللہ تعالیٰ فتوی دیتا ہے، کلالہ کی میراث کے متعلق'' (سورۃ نساء:۱۷۷) اور عنقریب اس مسئلہ کے متعلق ایسا فیصلہ فرماؤں گا جو قرآن پڑھے یا نہیں پڑھے اس کو بھی اس مسئلہ کی سمجھ آجائے گی وہ یہ ہے کہ جو باپ نہ چھوڑے میں اس کو اس طرح سمجھتا ہوں۔ اے لوگو! کیا تم ان دو درختوں سے کھاتے ہو جن کے متعلق میری رائے یہ ہے کہ یہ دونوں خبیث ہیں ایک لہسن اور ایک پیاز۔ رسول پاک ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے، اس کے منہ سے ان دونوں کی بدبو آرہی تھی، آپ ﷺ نے اس کو جنت البقیع کی طرف نکال دیا اور جس نے ضروری کھانا ہے ان دونوں کو وہ پکا کر کھائے۔

252 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے

252- مرّ تخريجه' أنظر الحديث: 235 .

مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَقْبَلَ اللَّيْلُ، وَأَدْبَرَ النَّهَارُ، وَغَابَتِ الشَّمْسُ فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ

فرمایا: جب رات آئے اور دن ڈھل جائے اور سورج غروب ہو جائے تو روزے دار افطار کر لے۔

253 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا بِشْرٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، يَخْطُبُ النَّاسَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِذْ دَخَلَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ الْمَسْجِدَ فَعَرَّضَ بِهِ عُمَرُ فَقَالَ: مَا بَالُ رِجَالٍ يَتَأَخَّرُونَ بَعْدَ النِّدَاءِ؟ قَالَ عُثْمَانُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، مَا زِدْتُ حِينَ سَمِعْتُ النِّدَاءَ، عَلَى أَنْ تَوَضَّأْتُ ثُمَّ أَقْبَلْتُ . قَالَ عُمَرُ: وَالْوُضُوءَ أَيْضًا أَلَمْ تَسْمَعْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ إِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس تھے آپ لوگوں کو جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے' اچانک حضرت عثمان بن عفان مسجد میں داخل ہوئے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان پر تعریض کی اور فرمایا: اُن لوگوں کا کیا حال ہے کہ جو اذان کے بعد پیچھے رہ جاتے ہیں! حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے امیر المومنین! میں نے جس وقت اذان سنی اس وقت کوئی اضافی کام نہیں کیا سوائے اس کے کہ میں نے وضو کیا پھر میں چلا آیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اچھا! آپ نے صرف وضو کیا' کیا آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا نہیں کہ جب تم میں سے کوئی جمعہ کے لیے آئے تو وہ غسل کر کے آئے۔

254 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ، عَنِ الدُّجَيْنِ، عَنْ أَسْلَمَ، مَوْلَى عُمَرَ،

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ

253- أخرجه مسلم فى الجمعة (845) (4) . وأحمد جلد 1 صفحه 46,45,30,29,15 . ومالك فى الموطأ صفحه 84 فى الجمعة برقم: 3' باب: العمل فى غسل يوم الجمعة . والترمذى فى الصلاة رقم الحديث: 493' باب: ما جاء فى الاغتسال يوم الجمعة . وأبو داؤد فى الطهارة رقم الحديث: 340' باب: فى الغسل يوم الجمعة . والبخارى فى الجمعة رقم الحديث: 878' باب: فضل الغسل يوم الجمعة .

254- متن الحديث صحيح متواتر' أنظر نظم المتناثر فى الحديث المتواتر للكتانى صفحه 20 . قال الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 142: رواه أحمد جلد 1 صفحه 47 وأبو يعلى' وفيه دجين ابن ثابت أبو الغصن' وهو ضعيف ليس بشىء .

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

255 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعِ بْنِ الْجَرَّاحِ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الدُّجَيْنِ، عَنْ أَسْلَمَ، مَوْلَى عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت اسلم مولیٰ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سنا' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا' آپ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

مُسْنَدُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(مولیٰ مشکل کشا) علی المرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم کی مسند

256 - حَدَّثَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِمِائَةٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: إِذَا حَدَّثْتُكُمْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا فَلَأَنْ أَخِرَّ مِنَ

حضرت سوید بن غفلہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تم کو میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کروں تو میرے نزدیک آسمان سے گر جانا زیادہ محبوب ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جھوٹی نسبت کروں اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی اور کے حوالے سے بیان کروں۔ پس بے شک میں جنگ کرنے والا

256- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 156,131,113,81 . ومسلم في الزكاة رقم الحديث: 1066' باب: التحريض على قتل الخوارج . وأبو داؤد في السنة رقم الحديث: 4767' باب: في قتال الخوارج . والنسائي في تحريم الدم جلد 7 صفحه 119' باب: من شهر سيفه ثم وضعه في الناس . والبخاري في المناقب رقم الحديث: 3611' باب: علامات النبوة في الاسلام' وفي فضائل القرآن رقم الحديث: 5057 باب: اثم من رأى بقراءة القرآن' أو تأكل به' وفي استتابة المرتدين رقم الحديث: 6930 باب: قتل الخوارج والملحدين بعد اقامة الحجة عليهم .

السَّمَاءِ أَحَبُّ مِنْ أَنْ أَكْذِبَ عَلَيْهِ، وَإِذَا حَدَّثْتُكُمْ عَنْ غَيْرِهِ، فَإِنَّمَا أَنَا مُحَارِبٌ، وَالْحَرْبُ خُدْعَةٌ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: يَخْرُجُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ أَحْدَاثُ الْأَسْنَانِ، سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ، يَقُولُونَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ لَا يُجَاوِزُ إِيمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ، فَأَيْنَمَا لَقِيتُمُوهُمْ فَاقْتُلُوهُمْ، فَإِنَّ قَتْلَهُمْ أَجْرٌ لِمَنْ قَتَلَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ہوں، جنگ نام ہی دھوکہ کا ہے۔ میں نے حضور ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: آخر زمانہ میں ایسی قوم پیدا ہو گی جن کی عمریں تھوڑی ہوں گی اور بے وقوف ہوں گے، بہترین گفتگو کریں گے لیکن ایمان ان کے حلق سے نیچے نہیں جائے گا ان کو جہاں بھی پاؤ ان کو قتل کر دو۔ بے شک ان کا قتل کرنا قیامت کے دن کے لیے ثواب ہوگا۔

فائدہ: یاد رہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جن قبروں کے برابر کرنے کا حکم دیا تھا وہ کافروں کی قبریں تھیں نہ کہ مسلمانوں کی قبریں۔ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون کی قبر پر بھاری پتھر رکھا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، قبر پر پاؤں رکھنے سے بہتر ہے اپنا پاؤں آگ پر رکھ لے۔ (غلام دستگیر سیالکوٹی)

339 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ،

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول

الحج جلد 5 صفحه 148 باب: القران. والدارمي في المناسك جلد 2 صفحه 669 باب: في القران. والبخاري في الحج رقم الحديث: 1569' باب: التمتع والقران والافراد' وفسخ الحج لمن لم يكن معه هدى. ومسلم في الحج (1223) (159) باب: جواز التمتع.

338- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 129,96. ومسلم في الجنائز رقم الحديث: 969' باب: الأمر بتسوية القبر. وأبو داؤد في الجنائز رقم الحديث: 3218' باب: في تسوية القبر. والترمذي في الجنائز رقم الحديث: 1049' باب: ما جاء في تسوية القبور. والنسائي في الجنائز جلد 4 صفحه 88' باب: تسوية القبور اذا رفعت وصححه الحاكم جلد 1 صفحه 369.

339- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 185,184,182,179,177,175,173,170. ولاترمذي في المناقب

حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، قَالَ: خَلَّفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تُخَلِّفُنِي بِالنِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ، قَالَ: أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى، غَيْرَ أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي؟

پاک ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو غزوہ تبوک میں پیچھے چھوڑا، عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! آپ مجھے عورتوں اور بچوں میں پیچھے چھوڑ کر جا رہے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا علی تو اس بات کو پسند نہیں کرتا، تو میرے ہاں تیرا مقام بمثل ہارون علیہ السلام کے ہو جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت ہارون علیہ السلام کو پیچھے چھوڑا تھا، اس طرح میرے ساتھ تیرا مقام ہارون علیہ السلام کی طرح ہے (لیکن فرق ہے) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد نبوت برقرار تھی اور میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

340 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: أَتَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى وَضَعَ قَدَمَهُ بَيْنِي وَبَيْنَ فَاطِمَةَ، فَعَلَّمَنَا مَا نَقُولُ إِذَا أَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا: ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَسْبِيحَةً، وَثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَحْمِيدَةً، وَأَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ تَكْبِيرَةً قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: فَمَا تَرَكْتُهَا بَعْدُ. فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ؟ قَالَ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے یہاں تک کہ آپ نے اپنا پاؤں میرے اور فاطمہ کے درمیان رکھا۔ آپ ﷺ نے ہمیں سکھایا کہ جب ہم اپنے بستر پر سونے کے لیے آئیں تو کیا پڑھیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر (پڑھ لیا کرو)۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس کے بعد میں نے کبھی نہیں چھوڑا ہے۔ ایک آدمی نے عرض کی: جنگِ صفین میں بھی؟ فرمایا: ہاں! جنگ صفین میں بھی نہیں چھوڑا۔

341 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری رائے تھی کہ

رقم الحديث: 3726، باب: أنا دار الحكمة وعلى بابها . والبخارى فى فضائل الصحابة رقم الحديث: 3706، باب: مناقب على بن ابى طالب، وفى المغازى رقم الحديث: 4416 باب: غزوة تبوك . ومسلم فى فضائل الصحابة (2404) (31) باب: من فضائل على بن أبى طالب . وابن ماجه فى المقدمة رقم الحديث: 115، باب: فضل على .

341- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 95، وابنه عبد اللّٰه فى زوائد المسند جلد 1 صفحه 114 . والحميدى رقم

الْجَرَّاحِ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ أَرَى أَنَّ بَاطِنَ الْقَدَمَيْنِ أَحَقُّ بِالْمَسْحِ مِنْ ظَاهِرِهِمَا، حَتَّى رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ ظَاهِرَهِمَا

موزوں کی صورت میں موزے کے ظاہر پر مسح کرنے کے بجائے اس کے نیچے کا مسح کیا جائے (لیکن کیونکہ دین اسلام کی بنیاد قیاس پر نہیں بلکہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اتباع پر ہے۔ یاد رہے فقہاء اسلام کے قواعد قرآن وسنت سے ہی اخذ ہیں)۔ لیکن میں نے حضور ﷺ کو موزوں کے اوپر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

342 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ لَا يُصَلِّي صَلَاةً إِلَّا صَلَّى بَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہر فرض نماز کے بعد دو رکعت نفل پڑھتے تھے۔

343 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَحْجُبُهُ عَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ شَيْءٌ إِلَّا أَنْ يَكُونَ جُنُبًا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو قرآن پاک پڑھنے سے سوائے جنابت کے کوئی شے نہیں روکتی تھی (یعنی آپ رضی اللہ عنہ ہمہ وقت قرآن پاک تلاوت کرتے تھے مگر حالت جنابت میں نہیں پڑھتے تھے، غلام دستگیر غفرلہ)۔

344 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ

حضرت مروان بن حکم فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جا رہے تھے، ایک آدمی سے سنا وہ حج

الحديث: 47 . وأبو داؤد في الطهارة رقم الحديث: 162 و164' باب: كيف المسح على الخفين' و رقم الحديث: 163 .

342- أخرجه أحمد جلد1صفحه124 . وعبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد1صفحه144,143 . وأبو داؤد في الصلاة رقم الحديث: 1275' باب: من رفض فيهما اذا كانت الشمس مرتفعة .

343- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 57 .

344- أخرجه ابن حجر في هدى الساري صفحه443 . والنسائي في المناسك جلد5صفحه148' باب: في القرآن . وأحمد جلد1صفحه136 . والدارمي في المناسك جلد2صفحه69' باب: في القرآن .

حُسَيْنٍ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: كُنَّا نَسِيرُ مَعَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ فَسَمِعَ رَجُلًا يُلَبِّي بِهِمَا جَمِيعًا، فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: عَلِيٌّ، فَأَتَاهُ فَقَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنِّي نَهَيْتُ عَنْ هَذَا؟ قَالَ: بَلَى، وَلَكِنِّي لَمْ أَدَعْ قَوْلَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقَوْلِكَ

اور عمرہ کا تلبیہ اکٹھا پڑھ رہا تھا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ کون ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ہوں (یعنی علی ہوں)' آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، فرمایا: کیا آپ کو معلوم نہیں کہ میں نے منع کیا تھا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! مجھے معلوم ہے۔ لیکن آپ کی بات سے اپنے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو نہیں چھوڑوں گا۔

345 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، أَنَّ عَلِيًّا، قَالَ لِأَبِي الْهَيَّاجِ: أَبْعَثُكَ عَلَى مَا بَعَثَنِي عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَدَعْ قَبْرًا مُشْرِفًا إِلَّا سَوَّيْتَهُ، وَلَا تِمْثَالًا إِلَّا طَمَسْتَهُ

حضرت ابی الھیاج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں تم کو اس مقصد کے لیے نہ بھیجوں جس مقصد کے لیے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بھیجا تھا؟ وہ مقصد یہ تھا کوئی قبر نہ چھوڑ و مگر اس کو برابر کر دو اور کسی تصویر کو نہ چھوڑ و مگر اس کو مٹا دو۔

346 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: إِنَّ امْرَأَةَ الْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: إِنَّ الْوَلِيدَ يَضْرِبُنِي. قَالَ: " قُولِي لَهُ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَجَارَنِي " ، قَالَ عَلِيٌّ: فَلَمْ تَلْبَثْ إِلَّا يَسِيرًا حَتَّى رَجَعَتْ، فَقَالَتْ: مَا زَادَنِي إِلَّا ضَرْبًا. فَأَخَذَ هُدْبَةً مِنْ ثَوْبِهِ، فَدَفَعَهَا إِلَيْهَا، فَقَالَ: " قُولِي لَهُ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَجَارَنِي " ، فَلَمْ تَلْبَثْ إِلَّا يَسِيرًا حَتَّى رَجَعَتْ إِلَيْهِ، فَقَالَتْ: مَا زَادَنِي إِلَّا ضَرْبًا، فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ: اللَّهُمَّ عَلَيْكَ بِالْوَلِيدِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ولید بن عقبہ کی بیوی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور ولید کی شکایت کرنے لگی کہ اس نے مارا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واپس چلی جاؤ اور تُو اس کو کہنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پناہ دی ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ چلی' اس کے بعد تھوڑی دیر ٹھہری پھر وہ آئی اور اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے لیے کوئی نشانی بتائیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے ایک کپڑے کا ٹکڑا کاٹ کر دیا' اس کے بعد فرمایا: تُو اس کو کہنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پناہ دی ہے اور یہ آپ کے کپڑے کا ٹکڑا ہے۔ وہ تھوڑی دیر رکی، پھر واپس آئی' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس نے اور زیادہ مارنا شروع کیا ہے۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک اٹھائے' عرض کی: اے اللہ! ولید کی اصلاح فرما!

دومرتبہ یا تین مرتبہ یہ کلمات فرمائے۔

347 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِأَرْبَعٍ: بِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَيُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ"

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی بندہ (اس وقت تک) مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ چار چیزوں پر ایمان نہ لائے (۱) وہ گواہی دے کہ اللہ ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، میں (محمد) اللہ کا رسول ہوں، حق کے ساتھ بھیجا گیا ہوں (۲) موت پر ایمان لائے (۳) مرنے کے بعد اٹھنے پر ایمان لائے (۴) تقدیر پر ایمان لائے۔

348 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، عَنْ عِلْبَاءَ بْنِ أَحْمَرَ، قَالَ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ: خَطَبْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَتَهُ فَاطِمَةَ، قَالَ: فَبَاعَ عَلِيٌّ دِرْعًا لَهُ وَبَعْضَ مَا بَاعَ مِنْ مَتَاعِهِ، فَبَلَغَ أَرْبَعَ مِائَةٍ وَثَمَانِينَ دِرْهَمًا. قَالَ: وَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَجْعَلَ ثُلُثَيْهِ فِي الطِّيبِ، وَثُلُثًا فِي الثِّيَابِ، وَمَجَّ فِي جَرَّةٍ مِنْ مَاءٍ فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَغْتَسِلُوا بِهِ قَالَ: وَأَمَرَهَا أَنْ لَا تَسْبِقَهُ بِرِضَاعِ وَلَدِهَا قَالَ: فَسَبَقَتْهُ بِرِضَاعِ الْحُسَيْنِ وَأَمَّا الْحَسَنُ فَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ فِي فِيهِ شَيْئًا لَا نَدْرِي مَا هُوَ، فَكَانَ أَعْلَمَ الرَّجُلَيْنِ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی لخت جگر فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا سے نکاح کا پیغام بھیجا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی زرہ فروخت کی اور کچھ سامان فروخت کیا اس کی قیمت ۴ ہزار درہم ہوئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا، اس کے دو تہائی کی خوشبو خرید لو۔ ایک تہائی کے کپڑے خرید لو۔ ایک برتن میں پانی بھرنے کا حکم دیا۔ ان کو حکم دیا اس میں غسل کرنے کا۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو حکم دیا کہ بچہ کے دودھ پلانے میں سبقت نہ کرنا۔ لیکن حسین رضی اللہ عنہ کے دودھ پلانے میں سبقت کی۔ بہر حال حسن رضی اللہ عنہ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے منہ میں کوئی شے رکھی ہم نہیں جانتے ہیں کہ وہ کیا تھی؟ دو آدمیوں سے زیادہ جانتے ہیں۔

347- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 97 . والترمذى فى القدر رقم الحديث: 2146' باب: ما جاء فى الايمان بالقدر خيره وشره . وابن ماجه فى المقدمة رقم الحديث: 81' باب: فى القدر . وصححه ابن حبان رقم الحديث: 78' والحاكم جلد 1 صفحه 33,32 .

348- أخرجه ابن ماكولا فى الاكمال جلد 6 صفحه 266 . والهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 175 . وابن حجر فى المطالب العالية رقم الحديث: 3989 .

349 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّمَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو حَازِمٍ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللهُ عَلَى يَدَيْهِ . قَالَ: فَغَدَا النَّاسُ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّهُمْ يَرْجُو أَنْ يُعْطِيَهُ الرَّايَةَ . قَالَ: أَيْنَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ؟ قَالُوا: هُوَ شَاكِي الْعَيْنِ يَا رَسُولَ اللَّهِ. قَالَ: ادْعُوهُ . فَجِيءَ بِهِ فَبَصَقَ فِي عَيْنِهِ وَدَعَا لَهُ فَبَرَأَ، ثُمَّ أَعْطَاهُ الرَّايَةَ، ثُمَّ قَالَ: ادْعُ عَلِيًّا ، فَجَاءَ ثُمَّ قَالَ: يَا عَلِيُّ، لَا تَلْتَفِتْ حَتَّى تَنْزِلَ بِالْقَوْمِ فَتَدْعُوَهُمْ ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَقُولُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ؟ قَالَ: عَلَى رِسْلِكَ، إِذَا جِئْتَهُمْ فَادْعُهُمْ إِلَى اللَّهِ، فَوَاللَّهِ لَأَنْ يُسْلِمَ رَجُلٌ عَلَى يَدَيْكَ خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ يَكُونَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ

حضرت سعد بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کل جھنڈا ایک ایسے آدمی کو دوں گا جس کے ہاتھ پہ اللہ فتح دے گا۔ لوگوں نے صبح کی سب نے امید کہ جھنڈا اُن کو ملے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کہاں ہیں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اُن کی آنکھوں میں تکلیف ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے بلواؤ! آپ رضی اللہ عنہ کو لایا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی آنکھوں کو لعاب لگایا، آپ رضی اللہ عنہ کے لیے دعا کی، وہ ٹھیک ہو گئے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھنڈا دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم آئے' پھر فرمایا: علی کو بلاؤ! آپ آئے۔ پھر فرمایا: اے علی! پیچھے نہ ہٹنا یہاں تک کہ قوم کے پاس آؤ ان کو اسلام کی دعوت دینا۔ عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا میں ان سے جہاد کروں یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ کہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چلو! جب تم ان کے پاس آؤ تو ان کو اللہ کی توحید کی طرف دعوت دو کیونکہ ایک آدمی کا آپ کے ہاتھ پہ اسلام لانا تیرے لیے سرخ اونٹ صدقہ کرنے سے بہتر ہے۔

350 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

349- أخرجه أحمد جلد 1صفحه99 . وابن ماجه في المقدمة رقم الحديث: 117' باب: فضل علي بن أبي طالب . ومسلم في فضائل الصحابة رقم الحديث: 2406' باب: في فضائل علي' و رقم الحديث: 2407 . والبخاري في الجهاد رقم الحديث: 2942' باب: دعاء النبي صلى الله عليه وسلم الناس الى الاسلام والنبوة' و رقم الحديث: 2975 باب: ما قيل في لواء النبي صلى الله عليه وسلم' و رقم الحديث: 3009 باب: فضل من أسلم على يديه رجل' وفي فضائل الصحابة رقم الحديث: 3701 باب: مناقب علي' و رقم الحديث: 3702' وفي المغازي رقم الحديث: 4209 و4310 باب: غزوة خيبر .

350- أخرجه أحمد جلد 4صفحه437 وجلد5صفحه356 . وعبد الرزاق رقم الحديث: 20388 . والترمذي في

سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرِّشْكِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ قَالَ لَهُ: يَا عَلِيُّ، السَّرِيَّةَ، قَالَ عِمْرَانُ: كَانَ الْمُسْلِمُونَ إِذَا قَدِمُوا مِنْ غَزْوَةٍ أَتَوْا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يَأْتُوا رِحَالَهُمْ، فَأَخْبَرُوهُ مَسِيرَهُمْ، قَالَ: فَأَصَابَ عَلِيٌّ جَارِيَةً، فَتَعَاقَدَ أَرْبَعَةٌ فَأَخْبَرُوهُ بِمَسِيرِهِمْ، فَقَامَ أَحَدُ الْأَرْبَعَةِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَأَصَابَ عَلِيٌّ جَارِيَةً، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ قَامَ الثَّانِي فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، صَنَعَ عَلِيٌّ كَذَا وَكَذَا، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ قَامَ الثَّالِثُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، صَنَعَ عَلِيٌّ كَذَا وَكَذَا، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ قَامَ الرَّابِعُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، صَنَعَ عَلِيٌّ كَذَا وَكَذَا . قَالَ: فَأَقْبَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُغْضَبًا، الْغَضَبُ يُعْرَفُ فِي وَجْهِهِ، فَقَالَ: مَا تُرِيدُونَ مِنْ عَلِيٍّ؟ عَلِيٌّ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ، وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ بَعْدِي

حضور ﷺ نے ایک سریہ بھیجا۔ اُن پر حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو امیر بنایا' آپ سے عرض کی: اے علی! سریہ۔ حضرت عمران فرماتے ہیں: صحابہ کرام جب غزوہ سے واپس آتے تو اپنے گھروں میں جانے سے پہلے حضور ﷺ کے پاس آتے، آپ کو سفر کے متعلق بتاتے۔ عرض کی: علی ایک لونڈی کو ملے ہیں' چار آدمیوں نے گواہی دی۔ انہوں نے اپنے ساتھیوں کو بتایا' چار میں سے ایک کھڑا ہوا' عرض کی: یا رسول اللہ! علی ایک عورت سے ملے ہیں۔ آپ نے اس کی بات سے اعراض کیا۔ پھر دوسرا کھڑا ہوا' عرض کی: ایسے کیا ہے' آپ نے اس کی بات سے اعراض کیا۔ پھر تیسرا کھڑا ہوا' اس نے کہا: یا رسول اللہ! علی نے اس اس طرح کیا ہے۔ آپ نے اس کی بات سے بھی اعراض کیا۔ پھر چوتھا کھڑا ہوا' عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! علی نے اس طرح کیا ہے۔ حضور ﷺ اُن کی طرف غصہ کی حالت میں متوجہ ہوئے جو آپ کے چہرے سے معلوم ہو رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: تم علی سے کیا چاہتے ہو؟ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں' یہ میرے بعد ہر مومن کا دوست ہے۔

351 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّ أَبَاهُ صَنَعَ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ نُزُلًا

حضرت عبداللہ حارث فرماتے ہیں کہ ان کے باپ نے حضرت عثمان کے لیے مہمان نوازی کی مقام قدید پر' آپ کے پاس ثرید لائی گئی' اس میں گھوڑے کا

المناقب رقم الحديث: **3713**' باب: مناقب على . وصححه الحاكم جلد**3**صفحه**111,110** .

351- اخرجه أحمد جلد **1**صفحه**104,100** . والبزار رقم الحديث: **1100** . والطحاوى فى شرح معانى الآثار جلد**2**صفحه**168** . وأبو داؤد فى المناسك رقم الحديث: **1849**' باب: لحم الصيد للمحرم . والبيهقى فى السنن جلد**5**صفحه**194** .

بِقُدَيْدٍ، فَجِيءَ بِثَرِيدٍ عَلَيْهِ ذَلِكَ الْحَجَلُ، فَقَالَ لِلْقَوْمِ: كُلُوا، فَإِنَّمَا أُصِيبَتْ مِنْ أَجْلِي، قَالَ: فَقَالَ الْقَوْمُ: هَذَا عَلِيٌّ نَهَانَا عَنْ أَكْلِهِ. فَأَرْسَلَ إِلَى عَلِيٍّ فَجَاءَ وَإِنَّهُ لَيَمْسَحُ الْخَبَطَ عَنْ يَدَيْهِ، فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ: كُلْهُ، فَقَالَ، يَعْنِي عَلِيًّا: أَنْشُدُ اللَّهَ رَجُلًا شَهِدَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ جَاءَ الْأَعْرَابِيُّ بِرِجْلِ حِمَارِ وَحْشٍ، فَرَدَّهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: اذْهَبْ إِلَى أَهْلِ الْحِلِّ فَإِنَّا حُرُمٌ. أَوْ كَمَا قَالَ، فَقَامَ نَاسٌ وَشَهِدُوا، ثُمَّ قَالَ: أَنْشُدُ اللَّهَ، أَوْ قَالَ: أُذَكِّرُ اللَّهَ، رَجُلًا شَهِدَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ جَاءَهُ الْأَعْرَابِيُّ بِبَيْضَاتِ نَعَامٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ بِهِ إِلَى أَهْلِ الْحِلِّ فَإِنَّا قَوْمٌ مُحْرِمُونَ، فَقَامَ قَوْمٌ شَهِدُوا، فَقَلَبَ عُثْمَانُ وَرِكَهُ فَدَخَلَ مَنْزِلَهُ، وَقَامَ الْقَوْمُ عَنِ الطَّعَامِ، فَجَاءَ أَهْلُ الْحِلِّ فَأَكَلُوهُ

گوشت تھا' قوم سے کہا کھاؤ۔ انہوں نے میرے لیے تیار کیا ہے۔ قوم نے کہا ہم کو حضرت علی نے کھانے سے منع کیا ہے حضرت عثمان نے حضرت علی کی طرف بھیجا آپ تشریف لائے اس حالت میں کہ آپ اپنے ہاتھوں سے مٹی جھاڑ رہے تھے۔ حضرت عثمان نے آپ سے کہا کھائیں یعنی حضرت علی کو کہا' حضرت علی نے فرمایا: میں اللہ کی قسم دیتا ہوں ایسے آدمی کے متعلق جو حضور ﷺ کے پاس موجود تھا کہ ایک دیہاتی وحشی گدھا لے کر آیا حضور ﷺ نے اس کو واپس کر دیا اور فرمایا اس کو اہل حل کی طرف لے جاؤ میں حالت احرام میں ہوں یا جیسے فرمایا لوگ اٹھے اور انہوں نے گواہی دی پھر فرمایا میں اللہ کی قسم دیتا ہوں یا فرمایا میں تم کو یاد کرواتا ہوں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس شتر کے انڈے لے کر حاضر ہوا' فرمایا: اہل حل کی طرف لے جاؤ ہم حالت احرام میں ہیں قوم کھڑی ہوئی انہوں نے گواہی دی حضرت عثمان نے دستر خوان لپیٹا اور اپنے گھر چلے گئے لوگ بھی کھانے سے اٹھے اہل حل آئے انہوں نے کھایا۔

352 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، أَخْبَرَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ أَكْلِ كُلِّ ذِي نَابٍ، وَكُلِّ ذِي

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ہر پھاڑنے والے درندے اور ہر پنجے سے شکار کرنے والے پرندے سے اور مردار کے پیسوں سے اور شراب اور پالتو گدھوں کے گوشت اور زانیہ کی کمائی سے منع فرمایا ہے۔

352- أخرجه الحاكم فى علوم الحديث صفحه 109 . والرازى فى المراسيل صفحه 46 . والهيثمى فى مجمع الزوائد جلد4صفحه87 . وعزاه الى عبد الله بن أحمد فى زوائد المسند جلد1صفحه147 .

مِـخْـلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ، وَعَنْ ثَمَنِ الْمَيْتَةِ، وَعَنِ الْخَمْرِ وَالْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ، وَكَسْبِ الْبَغِيِّ، وَعَنْ عَسَبِ كُلِّ ذِي فَحْلٍ

353 - حَـدَّثَـنَـا أَبُـو خَيْـثَـمَةَ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَـدَّثَـنِـي نُعَيْمُ بْنُ حَكِيمٍ، حَدَّثَنِي أَبُو مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا عَـلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ قَـالَ: إِنَّ قَـوْمًـا يَـمْرُقُونَ مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَـمْـرُقُ السَّهْـمُ مِـنَ الـرَّمِيَّةِ، يَـقْـرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُـجَـاوِزُ تَـرَاقِيَهُـمْ، طُـوبَـى لِـمَـنْ قَتَلَهُمْ وَقَتَلُوهُ، عَلَامَتُهُمْ رَجُلٌ مُخْدَجُ الْيَدِ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک قوم اسلام سے اس طرح نکل جائے گی کہ جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔ قرآن پڑھیں گے ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ خوشخبری اس کے لیے جو ان کو مارے اور وہ اس کو ماریں۔ ان کی نشانی یہ ہے کہ ایک آدمی ہوگا اس کا ہاتھ ناقص ہوگا۔

354 - حَـدَّثَـنَـا أَبُـو خَيْـثَـمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الـصَّمَدِ بْنُ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا فُضَيْلٌ، عَنْ أَبِي حَرِيزٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى الـلَّـهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّمَ حِينَ رَجَعْتُ مِنْ جِنَازَةٍ قَوْلًا مَا أُحِبُّ أَنَّ لِي بِهِ الدُّنْيَا جَمِيعًا

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس وقت میں ایک جنازہ سے واپس آ رہا تھا، وہ بات مجھے دنیا مافیہا سے زیادہ پسند ہے۔

355 - حَـدَّثَـنَـا أَبُـو خَيْـثَـمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

353- أخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد 1 صفحه 151 . وأبو داؤد في السنة رقم الحديث: 4770' باب: في قتال الخوارج .

354- أخرجه أبو نعيم في حلية الأولية جلد 4 صفحه 329 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 123, 122 الى المؤلف .

355- اخرجه أحمد جلد 1 صفحه 77-78 . والبزار رقم الحديث: 1434' باب: لا تنكح المرأة على عمتها ولا على خالتها . ومالك في الموطأ صفحه 329 في النكاح (20) باب: ما لا يجمع بينه من النساء . والبخاري في النكاح رقم الحديث: 5110,5109' باب: لا تنكح المرأة على عمتها . ومسلم في النكاح رقم الحديث: 1408' باب: تحريم الجمع بين المرأة وعمتها أو خالتها في النكاح . وأبي داؤد رقم الحديث: 2065 و 2066 . والترمذي رقم الحديث: 1126 . والنسائي جلد 6 صفحه 98,96 .

بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زُرَيْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ تُنْكَحَ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، أَوْ عَلَى خَالَتِهَا

حضور ﷺ نے منع فرمایا، عورت اور اس کی پھوپھی یا اس کی خالہ کو ایک نکاح میں جمع کیا جائے۔

356 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ زُهَيْرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَرِثُ الرَّجُلُ أَخَاهُ لِأَبِيهِ وَأُمِّهِ دُونَ إِخْوَتِهِ لِأَبِيهِ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اپنے سگے بھائی کا وارث ہوتا ہے، سوتیلے بھائی کا نہیں ہوتا ہے۔

357 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا حَسَنٌ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ صَفْوَانَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ غُلَامًا مَذَّاءً، فَلَمَّا رَأَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَاءَ قَدْ آذَانِي قَالَ: إِنَّمَا الْغُسْلُ مِنَ الْمَاءِ الدَّافِقِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایسا نوجوان تھا کہ مجھے مذی بہت آتی تھی جب حضور ﷺ نے پانی دیکھا تو مجھے آپ نے بلوایا' فرمایا: غسل صرف ٹپکتے ہوئے پانی سے ہوتا ہے۔

358 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، أَخْبَرَنَا شُرَحْبِيلُ بْنُ مُدْرِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُجَيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَارَ مَعَ عَلِيٍّ، وَكَانَ صَاحِبَ مِطْهَرَتِهِ، فَلَمَّا حَاذَى نِينَوَى وَهُوَ مُنْطَلِقٌ إِلَى صِفِّينَ، فَنَادَى عَلِيٌّ: اصْبِرْ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ، اصْبِرْ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ بِشَطِّ الْفُرَاتِ، قُلْتُ: وَمَاذَا يَا أَبَا عَبْدِ

حضرت شرجیل بن مسدوک رحمہ اللہ حضرت عبداللہ بن رُحی رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے باپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ چل رہے تھے، آپ رضی اللہ عنہ کی مسواک اٹھاتے تھے، جب وادی نینویٰ کے قریب پہنچے وہ صفین کی طرف جا رہا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو بلوایا اور فرمایا: اے ابوعبداللہ رک، فرات کے کنارہ پر

356- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 55 . والترمذي في الفرائض رقم الحديث: 2095' باب: ما جاء في ميراث الأخوة من الأم والأب . والبيهقي في السنن جلد6صفحه232 .

357- مرّ تخريج الحديث رقم: 314 .

358- أخرجه أحمد جلد1صفحه85 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9صفحه187 الى المصنف وأحمد والبزار والطبراني .

اللّٰهِ؟ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَعَيْنَاهُ تَفِيضَانِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَغْضَبَكَ أَحَدٌ؟ مَا شَأْنُ عَيْنَيْكَ تَفِيضَانِ؟ قَالَ: بَلْ قَامَ مِنْ عِنْدِي جِبْرِيلُ قَبْلُ، فَحَدَّثَنِي أَنَّ الْحُسَيْنَ يُقْتَلُ بِشَطِّ الْفُرَاتِ ۔ قَالَ: فَقَالَ: هَلْ لَكَ أَنْ أُشِمَّكَ مِنْ تُرْبَتِهِ ۔ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ ۔ قَالَ: فَمَدَّ يَدَهُ فَقَبَضَ قَبْضَةً مِنْ تُرَابٍ فَأَعْطَانِيهَا، فَلَمْ أَمْلِكْ عَيْنَيَّ أَنْ فَاضَتَا

میں نے عرض کی: اے ابوعبداللہ! کون ہے؟ فرمایا: میں حضور ﷺ کے پاس آیا، ایک دن آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی ﷺ! آپ ﷺ کو کس نے غصہ دلایا ہے؟ آپ ﷺ کی آنکھوں میں آنسو کیوں جاری ہیں؟ فرمایا: ابھی میرے پاس سے جبرئیل اٹھے ہیں تھوڑی دیر پہلے اس سے پہلے مجھے بتایا کہ فرات کے پاس آپ ﷺ کے لخت جگر حسین رضی اللہ عنہ کو قتل کیا جائے گا۔ عرض کی: اس جگہ کی مٹی کی خوشبو دکھاؤں؟ میں نے فرمایا: جی ہاں! حضرت جبریل نے اپنا ہاتھ بلند کیا، اس کی ایک مٹھی مٹی لی، مجھے دی میں اپنی آنکھوں پر قابو نہ پا سکا ان دونوں آنکھوں سے آنسو جاری ہوئے۔

359 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْبَرِيدِ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَاضِي الرَّيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: سَمِعْتُ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيًّا، يَقُولُ: اجْتَمَعْتُ أَنَا وَفَاطِمَةُ، وَالْعَبَّاسُ، وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، فَقَالَ الْعَبَّاسُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَبِرَ سِنِّي، وَرَقَّ عَظْمِي، وَكَثُرَتْ مُؤْنَتِي، فَإِنْ رَأَيْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنْ تَأْمُرَ لِي بِكَذَا وَكَذَا وَسَقًا مِنْ طَعَامٍ فَافْعَلْ ۔ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَعَلْتُ ۔ فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سنا' آپ نے فرمایا کہ میں اور فاطمہ رضی اللہ عنہا و عباس رضی اللہ عنہ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ جمع ہوئے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! میری عمر زیادہ ہوگئی ہے، میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور میری ذمہ داریاں زیادہ ہوگئی ہیں' اگر آپ یا رسول اللہ دیکھیں میرے لیے اتنے اتنے کھانے کے وسق کا حکم دیں' تو کر دیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں کروں گا۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! اگر آپ مناسب سمجھیں تو میرے لیے حکم دیں جس طرح

359- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 85,84 . وأبو داؤد في الخراج والامارة رقم الحديث: 2984' باب: في بيان مواضع قسم الخمس وسهم ذي القربى .

رَأَيْتَ أَنْ تَأْمُرَ لِي بِمَا أَمَرْتَ فَافْعَلْ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَعَلْتُ ذَلِكَ. فَقَالَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كُنْتَ أَعْطَيْتَنِي أَرْضًا كَانَتْ مَعِيشَتِي مِنْهَا، ثُمَّ قَبَضْتَهَا مِنِّي، فَإِنْ رَأَيْتَ أَنْ تَرُدَّهَا عَلَيَّ فَافْعَلْ. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَعَلْتُ ذَلِكَ. فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنْ رَأَيْتَ أَنْ تُوَلِّيَنِي هَذَا الْحَقَّ الَّذِي جَعَلَ اللَّهُ لَنَا فِي كِتَابِهِ فِي هَذَا الْخُمُسِ فَأَقْسِمَهُ فِي حَيَاتِكَ فَلَا يُنَازِعُنِيهِ أَحَدٌ بَعْدَكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَعَلْتُ ذَلِكَ. فَوَلَّانِيهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَسَمْتُهُ فِي حَيَاتِهِ، ثُمَّ وَلَّانِيهِ أَبُو بَكْرٍ فَقَسَمْتُهُ فِي حَيَاتِهِ، ثُمَّ وَلَّانِيهِ عُمَرُ فَقَسَمْتُهُ فِي حَيَاتِهِ، حَتَّى كَانَ آخِرَ سَنَةٍ مِنْ سِنِيِّ عُمَرَ، وَإِنَّهُ أَتَاهُ مَالٌ كَثِيرٌ فَعَزَلَ خُمُسًا، ثُمَّ أَرْسَلَ فَقَالَ: يَا عَلِيُّ، هَذَا حَقُّكُمْ، فَخُذْ، فَقُلْتُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، بِنَا الْعَامَ عَنْهُ غِنًى، وَبِالْمُسْلِمِينَ إِلَيْهِ حَاجَةٌ فَارْدُدْهُ إِلَيْهِمْ، فَرَدَّهُ عُمَرُ تِلْكَ السَّنَةَ، ثُمَّ لَمْ يَدْعُنِي إِلَيْهِ أَحَدٌ بَعْدَ عُمَرَ، حَتَّى قُمْتُ مَقَامِي هَذَا فَلَقِيَنِي الْعَبَّاسُ فَقَالَ: يَا عَلِيُّ، لَقَدْ نَزَعْتَ مِنَّا الْيَوْمَ شَيْئًا لَا يُرَدُّ عَلَيْنَا أَبَدًا

آپ ﷺ نے ان کو حکم دیا' آپ کریں گے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں کروں گا! یہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ نے مجھے زمین دی تھی، اس میں میری زندگی اچھی طرح گزر رہی تھی۔ پھر آپ نے مجھ سے لے لی تھی۔ اگر آپ مجھے واپس کردیں آپ کریں گے۔ مناسب سمجھیں حضور ﷺ نے فرمایا: میں ایسا کروں گا۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ اگر آپ مناسب سمجھیں اگر مجھے آپ ولی بنا دیں اس حق کا جس کا اللہ نے ہمارے لیے اس کتاب میں خمس بنا ہے۔ اس کہ آپ اپنی زندگی میں تقسیم کردیں تاکہ آپ کے بعد کوئی جھگڑا نہ کرے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے اس کو اس زندگی میں تقسیم کیا پھر ابوبکر نے مجھے وہی بتایا میں نے اس کو تقسیم کیا آپ کی زندگی میں یہاں تک حضرت عمر کی حکومت کے آخری موقع پر آپ کے پاس بہت زیادہ مال آیا۔ آپ نے خمس کو علیحدہ کیا۔ پھر وہ میری طرف بھیجی فرمایا: اے علی! یہ تمہارا حق ہے اس کو لے لو، میں نے کہا: اے امیر المومنین! اس سال اس سے آپ نے غنی کو دیا ہے' مسلمانوں کو اس کی ضرورت ہے' آپ ان کو واپس کردیں۔ حضرت عمر نے اس سال واپس کردیا پھر مجھے اس کی طرف کسی نے نہیں بلوایا یعنی حضرت عمر کے بعد' یہاں تک کہ میں اپنی جگہ سے اٹھا۔ مجھے حضرت عباس ملے' فرمایا: اے علی! آپ ہم سے اس دن جھگڑ رہے تھے۔ ایک شے کے متعلق ہم پر وہ ہمیشہ واپس نہیں کی جائے گی۔

360 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَائِذُ بْنُ حَبِيبٍ، حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ السِّمْطِ، عَنْ أَبِي الْغَرِيفِ، قَالَ: أُتِيَ عَلِيٌّ، بِالْوَضُوءِ، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا، ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَغَسَلَ يَدَيْهِ وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهِ، وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: هَكَذَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ، ثُمَّ قَرَأَ شَيْئًا مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ قَالَ: هَكَذَا لِمَنْ لَيْسَ بِجُنُبٍ، فَأَمَّا الْجُنُبُ فَلَا وَاللهِ

حضرت ابوغریف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی کے پاس وضو کے لیے پانی لایا گیا۔ آپ نے کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا، تین مرتبہ پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا۔ پھر اپنے ہاتھ اور بازوؤں کو تین تین مرتبہ دھویا پھر اپنے سر کا مسح کیا اور اپنے دونوں پاؤں دھوئے' پھر فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے ہی وضو کرتے ہوئے دیکھا تھا پھر آپ قرآن سے کوئی شی پڑھتے تھے پھر حضرت علی نے فرمایا: یہ وہ کرے گا جو حالت جنابت میں نہ ہو بہرحال جنبی ایسے نہیں کرے گا۔

361 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي حَكِيمُ بْنُ حَكِيمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَى فَاطِمَةَ مِنَ اللَّيْلِ فَأَيْقَظَنَا لِلصَّلَاةِ، قَالَ: ثُمَّ رَجَعَ إِلَى بَيْتِهِ فَصَلَّى هَوْنًا مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمْ نَسْمَعْ لَهُ حِسًّا، قَالَ: فَرَجَعَ إِلَيْنَا فَأَيْقَظَنَا، فَقَالَ: قُومَا فَصَلِّيَا، قَالَ: فَجَلَسْتُ وَأَنَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے اور فاطمہ کے پاس رات کو آئے ہم کو نماز کے لیے جگایا پھر آپ اپنے گھر چلے گئے آپ نے رات کو مختصر نماز پڑھی۔ ہم نے سنا نہیں پھر آپ ہمارے پاس واپس تشریف لائے ہم اٹھے' فرمایا: دونوں اٹھو اور نماز پڑھو۔ میں بیٹھ گیا۔ میں اپنی آنکھیں ملنے لگا۔ میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! ہم نے نماز نہیں پڑھی مگر وہی جو ہم پر فرض ہے ہماری جانیں اللہ کے قبضہ میں ہیں۔ جب چاہے گا ہم کو اٹھائے گا حضور صلی اللہ علیہ وسلم واپس چلے اور فرما

360- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 110 . والبيهقى جلد 1 صفحه 79 .

361- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 112,91 . وعبد الله بن أحمد فى زوائد المسند جلد 1 صفحه 77 . والبخارى فى التهجد رقم الحديث: 1127' باب: تحريض النبى صلى الله عليه وسلم على صلاة الليل والنوافل من غير ايجاب' وفى التفسير رقم الحديث: 4724 باب: وكان الانسان أكثر شىء جدلًا' وفى الاعتصام رقم الحديث: 7347 باب: وكان الأنسان أكثر شىء جدلًا' وفى التوحيد رقم الحديث: 7465 باب: فى المشيئة والارادة . ومسلم فى المسافرين رقم الحديث: 775' باب: ما روى فيمن نام الليل أجمع أصبح . والنسائى فى قيام الليل جلد 3 صفحه 205' باب: الترغيب فى قيام الليل .

أَعْرُكُ عَيْنِي، وَأَنَا أَقُولُ: وَاللّٰهِ مَا نُصَلِّي إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا، إِنَّمَا أَنْفُسُنَا بِيَدِ اللّٰهِ، فَإِذَا شَاءَ أَنْ يَبْعَثَنَا بَعَثَنَا، قَالَ: فَوَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ، وَيَضْرِبُ عَلَى فَخِذِهِ: مَا نُصَلِّي إِلَّا مَا كُتِبَ لَنَا، مَا نُصَلِّي إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا، قَالَهَا مَرَّتَيْنِ (وَكَانَ الْإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا) (الكهف: 54)

رہے تھے اور اپنی ران پر ہاتھ مارا اور فرمایا کہ ہم نے نماز وہی پڑھی ہے جو ہم پر فرض ہے یہ کلمہ دو مرتبہ پڑھا کہ انسان اکثر چیزوں میں جھگڑالو ہے۔

362 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، وَذَكَرَ مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَعْوَرِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " أَتَانِي جِبْرِيلُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّ أُمَّتَكَ مُخْتَلِفَةٌ بَعْدَكَ، فَقُلْتُ: فَأَيْنَ الْمَخْرَجُ يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: كِتَابُ اللّٰهِ، يَقْصِمُ اللّٰهُ كُلَّ جَبَّارٍ، وَمَنِ اعْتَصَمَ بِهِ نَجَا، وَمَنْ تَرَكَهُ هَلَكَ، قَوْلٌ فَصْلٌ وَلَيْسَ بِالْهَزْلِ، لَا تَخْتَلِقُهُ الْأَلْسُنُ، وَلَا يَنْفَدُ عَنْ طُولِ الرَّدِّ، وَلَا تَفْنَى عَجَائِبُهُ، فِيهِ نَبَأُ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، وَخَبَرُ مَا هُوَ كَائِنٌ بَعْدَكُمْ"

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے' عرض کی: اے محمد! آپ کی امت آپ کے بعد اختلاف کرے گی میں نے فرمایا: اے جبرئیل! نکلنے کی صورت کہاں؟ حضرت جبرئیل نے عرض کی: اللہ کی کتاب اللہ ہر جبار پر آفت نازل کرے گا جس نے کتاب اللہ کو پکڑا وہ نجات پا گیا۔ جس نے اس کو چھوڑا وہ ہلاک ہو گیا قرآن فیصلہ کن بات ہے ہنسی کی بات نہیں ہے۔ ان کی زبانیں قرآن کو جھوٹا نہیں کہیں گی اور لمبے چوڑے ردّ سے بھی قرآن محفوظ ہو گا' اس کے عجائبات بھی فنا نہیں ہوں گے اس میں خبر ہے جو تم سے پہلے گزرے ہیں اور ان کی خبر ہے جو تمہارے بعد ہیں۔

363 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ عَلِيٍّ الظُّهْرَ، ثُمَّ انْطَلَقَ إِلَى مَجْلِسٍ

حضرت نزال بن سبرہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھی پھر آپ مجلس کی طرف چلے آپ شہر میں مجلس لگاتے تھے۔ آپ

362- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 91 . والترمذي في ثواب القرآن رقم الحديث: 2908' باب: ما جاء في فضل القرآن . والدارمي في فضائل القرآن جلد 2 صفحه 425' باب: فضل من قرأ القرآن .

كَانَ يَجْلِسُهُ فِي الْمَدِينَةِ، فَقَعَدَ وَقَعَدْنَا حَوْلَهُ حَتَّى حَضَرَتِ الْعَصْرُ، فَأُتِيَ بِإِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ، فَأَخَذَ مِنْهُ كَفًّا فَتَمَضْمَضَ، ثُمَّ اسْتَنْشَقَ وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ، وَمَسَحَ بِرِجْلَيْهِ، ثُمَّ قَامَ فَشَرِبَ فَضْلَ إِنَائِهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي حُدِّثْتُ أَنَّ رِجَالًا يَكْرَهُونَ أَنْ يَشْرَبَ أَحَدُهُمْ وَهُوَ قَائِمٌ، وَإِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ ذَلِكَ، وَهَذَا وُضُوءُ مَنْ لَمْ يُحْدِثْ

تشریف فرما ہوئے ہم آپ کے اردگرد بیٹھے۔ یہاں تک عصر کا وقت ہو گیا آپ کے پاس ایک برتن لایا گیا اس میں پانی تھا آپ نے ہتھیلی میں پانی لیا آپ نے کلی کی پھر ناک میں پانی ڈالا اپنے چہرے اور کہنیوں کو دھویا اور اپنے سر کا مسح کیا اور اپنے دونوں پاؤں دھوئے، پھر آپ کھڑے ہوئے آپ نے کھڑے ہو کر بچا ہوا پانی نوش کیا پھر فرمایا مجھے بتایا گیا ہے کہ لوگ کھڑا ہو کر پانی پینے کو ناپسند کرتے ہیں۔ میں نے حضور ﷺ کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا' یہ وضو کسی کو نہیں بتایا گیا۔

364 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّهُ وَصَفَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَانَ عَظِيمَ الْهَامَةِ، أَبْيَضَ مُشْرَبًا حُمْرَةً، عَظِيمَ اللِّحْيَةِ، ضَخْمَ الْكَرَادِيسِ، شَثْنَ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ، لَمْ أَرَ قَبْلَهُ مِثْلَهُ وَلَا بَعْدَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيمًا

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کا حلیہ بیان کیا کہ آپ ﷺ کا سر بڑا تھا' چہرہ مبارک سرخ و سفید تھا' داڑھی گھنی تھی' کندھے بھرے ہوئے تھے، دونوں ہتھیلیاں اور پاؤں موٹے اور کھردرے تھے۔ میں نے آپ کی طرح آپ سے پہلے اور آپ کے بعد نہیں دیکھا۔

365 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، أَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ، عَنْ سَالِمٍ الْمَكِّيِّ، عَنِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ صِفَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَانَ لَا قَصِيرًا وَلَا طَوِيلًا، حَسَنَ الشَّعْرِ رَجِلَهُ، مُشْرَبًا فِي وَجْهِهِ حُمْرَةٌ، ضَخْمَ الْكَرَادِيسِ، شَثْنَ الْكَفَّيْنِ

حضرت ابن حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا حضور ﷺ کے حلیہ کے متعلق' تو حضرت علی نے فرمایا: آپ درمیانہ قد کے تھے نہ زیادہ لمبے نہ چھوٹے قد کے تھے' بال بہت زیادہ خوبصورت تھے' چہرہ مبارک سرخ تھا' کندھے مبارک جڑے ہوئے تھے' دونوں ہتھیلیوں اور قدموں میں گوشت بھرا ہوا تھا' سر

364- أخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد 1صفحه116 . وأحمد جلد 1صفحه 134,127,117, 96 . والترمذي في المناقب رقم الحديث: 3641' باب: من صفاته صلى الله عليه وسلم لجسمية .

365- أخرجه أحمد جلد1صفحه101,89 .

وَالْقَدَمَيْنِ، عَظِيمَ الرَّأْسِ، طَوِيلَ الْمَسْرُبَةِ، لَمْ أَرَ قَبْلَهُ وَلَا بَعْدَهُ مِثْلَهُ، إِذَا مَشَى كَانَ كَأَنَّمَا يَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ

مبارک بڑا تھا' سینہ مبارک سے لے کر ناف مبارک تک باریک لمبے بال تھے' میں نے آپ کی مثل میں آپ سے پہلے اور آپ کے بعد نہیں دیکھا' جب آپ چلتے تو آپ سے آگے کی طرف آپ کا جھکاؤ ہوتا تھا۔

366 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ .

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

367 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ حَنَشٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ إِلَى قَوْمٍ ذَوِي أَسْنَانٍ وَأَنَا حَدِيثُ السِّنِّ، فَقَالَ: إِذَا جَاءَكَ الْخَصْمَانِ فَلَا تَسْمَعْ مِنْ أَحَدِهِمَا حَتَّى تَسْمَعَ مِنَ الْآخَرِ، فَإِنَّهُ سَيُبِيرُ لَكَ الْقَضَاءَ، قَالَ: فَتَعَلَّمْتُ فَمَا زِلْتُ قَاضِيًا

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی قوم کی طرف بھیجا' میں ابھی نوجوان تھا آپ نے فرمایا: جب تیرے پاس دو آدمی جھگڑا لے کر آئیں تو ایک ہی کی نہ سننا جب تک دوسرے کی نہ سن لے' تیرے لیے فیصلہ کرنا آسان ہو جائے گا۔ حضرت علی فرماتے ہیں کہ میں نے سیکھا' میں مسلسل فیصلہ کرتا رہا۔

368 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَسُفْيَانُ، وَإِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوقِظُ أَهْلَهُ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرے میں اپنے گھر والوں کو جگاتے تھے۔

369 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رمضان

366- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 150,149,111,96,90 . وأبو داؤد في الأقضية رقم الحديث: 3582' باب: كيف القضاء . والترمذي في الأحكام رقم الحديث: 1331' باب: ما جاء في القاضي لا يقضي بين الخصمين حتى يسمع كلامهما . والبيهقي في السنن جلد 10 صفحه 137 .

367- مرّ تخريج الحديث رقم: 282 .

الـرَّحْـمَـنِ بْـنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، وَإِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِـي إِسْـحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّـٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ كَـانَ يُـوقِـظُ أَهْلَهُ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ

کے آخری عشرے میں اپنے گھر والوں کو جگاتے تھے۔

370 - حَـدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَـدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْـرَةَ بْـنِ مَرْيَمَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّـى الـلّـٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ يُوقِظُ أَهْلَهُ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ وَيَرْفَعُ السُّتُورَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرے میں اپنے گھر والوں کو جگاتے تھے۔

371 - حَـدَّثَـنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْـوَصِ، عَـنْ مَـنْصُورٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جِنَازَةٍ، فَلَمَّا انْتَهَيْنَا إِلَى بَقِيعِ الْغَرْقَدِ قَعَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور کے ساتھ نکلے ایک جنازہ میں جب ہم جنت البقیع کی طرف پہنچے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے ہم آپ کے اردگرد بیٹھ گئے۔ آپ نے چھڑی لی اس کے ساتھ زمین کھودنا شروع کی۔ پھر آپ نے اپنا سر اٹھایا' آپ نے فرمایا:

370- أخرجه مسلم في القدر رقم الحديث: 2647' باب: كيفية الخلق الآدمي في بطن أمه ۔ وعبد الرزاق رقم الحديث: 20074 ۔ وأحمد جلد1صفحه140,132,129,82 ۔ والبخاري في الجنائز' باب: موعظة المحدث عند القبر' وفي التفسير رقم الحديث: 4945 باب: (فأما من أعطى واتقى)' و رقم الحديث: 4946 باب: (فسنيسره لليسرى)' و رقم الحديث: 4947 باب: (وأما من بخل واستغنى)' و رقم الحديث: 4948 باب: (وكذب بالحسنى)' وفي الأدب رقم الحديث: 6217 باب: الرجل ينكت الشيء بيده في الأرض' وفي القدر رقم الحديث: 6605 باب: (وكان أمر الله قدرًا مقدورًا)' وفي التوحيد رقم الحديث: 7552 باب: قول اللّٰه تعالى: (ولقد يسرنا القرآن للذكر فهل من مذكر) ۔ وأبو داؤد في السنة رقم الحديث: 4694' باب: في القدر ۔ والترمذي في القدر رقم الحديث: 2137' باب: ما جاء في الشقاء والسعادة' وفي التفسير رقم الحديث: 3341 باب: ومن سورة (والليل اذا يغشى) ۔ وابن ماجه في المقدمة رقم الحديث: 78' باب: في القدر ۔

371- أخرجه أحمد جلد1صفحه33 ۔ والطيالسي في مسنده برقم: 106 ۔

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَعَدْنَا مَعَهُ، فَأَخَذَ عُودًا فَنَكَتَ بِهِ الْأَرْضَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ: مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ مَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوسَةٍ إِلَّا عَلِمَ اللّٰهُ مَكَانَهَا مِنَ الْجَنَّةِ وَمَكَانَهَا مِنَ النَّارِ، وَشَقِيَّةً أَوْ سَعِيدَةً ، قَالَ: فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ قَالَ: أَفَلَا نَدَعُ الْعَمَلَ، وَنُقْبِلُ عَلَى كِتَابِنَا، فَمَنْ كَانَ مِنَّا مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ يُسِّرَ لِعَمَلِهَا، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشِّقْوَةِ صَارَ إِلَى الشِّقْوَةِ؟ قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلِ اعْمَلُوا، فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ، فَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ يُسِّرَ لِعَمَلِهَا، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشِّقْوَةِ يُسِّرَ لِعَمَلِهَا

کوئی جان ایسی نہیں ہے جو دنیا میں سانس لے گی مگر اللہ کو معلوم ہے اس کی جنت اور دوزخ کی جگہ۔ بد بخت یا نیک بخت ہونے کے متعلق' قوم میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا عرض کی کیا ہم عمل چھوڑ دیں جو ہمارے متعلق لکھا جارہا ہے ہم اس کو قبول کریں' آپ نے فرمایا: جو نیک ہو گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے نیک عمل آسان کر دے گا۔ جو بد بخت ہو گا اس کے لیے بدبختی والے کام آسان کر دیے جائیں گے۔ حضور ﷺ نے فرمایا ہے: بلکہ عمل کرو ہر ایک کے لیے عمل آسان کر دیئے جائیں گے جو نیک بخت ہو گا اس کے لیے نیک بختی والے کام آسان کردیئے جائیں گے جو بد بخت ہو گا اس کے لیے بدبختی والے کام آسان کر دیئے جائیں گے۔

372 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي أَسَدٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَرْبَعٌ لَنْ يَجِدَ رَجُلٌ طَعْمَ الْإِيمَانِ حَتَّى يُؤْمِنَ بِهِنَّ: أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ بَعَثَنِي بِالْحَقِّ، وَأَنَّهُ مَيِّتٌ وَمَبْعُوثٌ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ، وَيُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ كُلِّهِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چار چیزوں کے بغیر کوئی بھی ایمان کا ذائقہ نہیں پا سکتا ہے یہاں تک کہ اس پر ایمان لے آئے ① لا الہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہٗ وانی رسول اللہ! مجھے اس نے حق کے ساتھ بھیجا ہے ② مرنے پر ③ مرنے کے بعد دوبارہ اٹھنے پر ④ مکمل تقدیر پر۔

373 - قَالَ: وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت جائز نہیں ہے۔

372- مرّ تخريج الحديث رقم: 279 .

وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا طَاعَةَ لِأَحَدٍ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ

374 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالُوا: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً، وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَسْمَعُوا وَيُطِيعُوا، فَأَغْضَبُوهُ فِي شَيْءٍ، فَقَالَ: اجْمَعُوا لِي حَطَبًا، ثُمَّ قَالَ: أَوْقِدُوا، فَأَوْقَدُوا، ثُمَّ قَالَ: أَلَمْ يَأْمُرْكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَسْمَعُوا وَتُطِيعُوا؟ قَالَ: فَادْخُلُوهَا، فَنَظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ، وَقَالُوا: إِنَّمَا فَرَرْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النَّارِ، فَكَانُوا كَذَلِكَ، فَسَكَنَ غَضَبُهُ وَطُفِئَتِ النَّارُ. فَلَمَّا رَجَعُوا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرُوا ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَوْ دَخَلُوهَا مَا خَرَجُوا مِنْهَا أَبَدًا، إِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوفِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ بھیجا ان پر امیر انصار کا ایک آدمی مقرر کیا آپ نے ان کو حکم دیا امیر کی بات سننے اور اطاعت کرنے کی۔ وہ کسی شے میں ناراض ہوئے۔ اس امیر نے کہا: میرے لیے لکڑیاں اکٹھی کرو، پھر ان کو آگ لگاؤ، انہوں نے لگائی پھر فرمایا: کیا تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم نہیں دیا سننے اور اطاعت کرنے کا؟ اُن کو داخل کیا' ان میں بعض نے بعض کی طرف دیکھا انہوں نے کہا: ہم بھاگے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آگ سے بچنے کے لیے۔ وہ اس حالت میں تھے اس کا غصہ ٹھنڈا ہوگیا اور آگ بجھا دی گئی اس بات کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا گیا آپ نے فرمایا: اگر ان کو داخل کیا جاتا وہ ہمیشہ اس سے نہ نکلتے اطاعت طرف نیکی میں ہے۔

375 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَالَكَ تَتَوَّقُ فِي قُرَيْشٍ وَتَدَعُنَا؟ قَالَ: هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ؟ ، قُلْتُ: نَعَمْ، ابْنَةُ حَمْزَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِي، إِنَّمَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کو قریش میں دلچسپی ہے ہم کو آپ چھوڑ دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی شے ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! وہ حمزہ کی بیٹی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ میرے لیے حلال نہیں ہے۔ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہیں۔

هِيَ ابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ

376 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الطَّالْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا لَكَ تَتَوَّقُ فِي نِسَاءِ قُرَيْشٍ وَتَدَعُنَا؟ فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، ابْنَةُ حَمْزَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا هِيَ ابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کو قریش میں دلچسپی ہے ہم کو آپ چھوڑ دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی شے ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! وہ حضرت حمزہ کی بیٹی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ میرے لیے حلال نہیں ہے۔ وہ تو میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہیں۔

377 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى أَجْمَلِ فَتَاةٍ فِي قُرَيْشٍ؟ قَالَ: وَأَيْنَ هِيَ؟ قُلْتُ: ابْنَةُ حَمْزَةَ، قَالَ: وَمَا عَلِمْتَ أَنَّهَا ابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ؟ وَإِنَّ اللَّهَ حَرَّمَ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا حَرَّمَ مِنَ النَّسَبِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کو قریش کے قبیلے میں دلچسپی ہے ہم کو آپ چھوڑ دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی شے ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! وہ حمزہ کی بیٹی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ میرے لیے حلال نہیں ہے۔ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہیں۔

378 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الطَّالْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ الْحَنَفِيِّ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَسَأَلَهُ ابْنُ الْكَوَّاءِ، عَنِ ابْنَةِ الْأَخِ مِنَ الرَّضَاعَةِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: ذَكَرْتُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَةَ حَمْزَةَ، فَقَالَ: وَمَا عَلِمْتَ أَنَّهَا ابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ؟

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ کو قریش کی سب سے زیادہ خوبصورت بیٹی کے متعلق نہ بتاؤں؟ آپ نے فرمایا: وہ کون ہے؟ میں نے عرض کی: حضرت حمزہ کی بیٹی، آپ نے فرمایا: کیا آپ کو معلوم نہیں وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے، بے شک اللہ عزوجل نے جو نسب سے حرام کیا ہے وہی رضاعت سے حرام کیا ہے۔

376- أخرجه أحمد جلد1صفحه132 . والترمذى فى الرضاع رقم الحديث:1146، باب: ما جاء يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب .

377- أخرجه أحمد جلد1صفحه138 .

379 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَبِي عَوْنٍ، سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ، يَقُولُ: خَرَجَ عَلِيٌّ، فَقَالَ: سَلُونِي. فَسَأَلَهُ ابْنُ الْكَوَّاءِ عَنْ بِنْتِ الْأَخِ مِنَ الرَّضَاعَةِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: ذَكَرْتُ ابْنَةَ حَمْزَةَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هِيَ ابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ

حضرت ابو صالح الحنفی فرماتے ہیں کہ حضرت علی منبر پر جلوہ افروز تھے ابن الکواء نے آپ سے رضاعی بھائی کی بیٹی سے نکاح کے متعلق پوچھا' حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں حضرت حمزہ کی بیٹی کا ذکر کیا تھا' آپ نے فرمایا: کیا آپ کو معلوم نہیں وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہیں۔

380 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي حَسَّانَ الْأَعْرَجِ، عَنْ عُبَيْدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَبَسَهُ الْمُشْرِكُونَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ عَنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ حَتَّى كَادَتِ الشَّمْسُ أَنْ تَغْرُبَ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ امْلَأْ قُبُورَهُمْ وَبُيُوتَهُمْ نَارًا كَمَا شَغَلُونَا عَنْ صَلَاةِ الْوُسْطَى، حَتَّى كَادَتِ الشَّمْسُ أَنْ تَغْرُبَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مشرکین مکہ جنگ احزاب میں نماز عصر سے روکے رکھا۔ یہاں تک کہ قریب تھا سورج غروب ہو جاتا۔ آپ نے فرمایا: اے اللہ! ان کی قبروں اور گھروں کو آگ سے بھر دے جس طرح انہوں نے نماز عصر سے مشغول رکھا ہے یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا ہے۔

381 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو

379- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 79,135,137,152,153,154 . ومسلم فى المساجد (627) (203) باب: الدليل لمن قال: الصلاة الوسطى هى صلاة العصر . والترمذى فى التفسير رقم الحديث: 2987' باب: ومن سورة البقرة . والنسائى فى الصلاة رقم الحديث: 474' باب: المحافظة على صلاة العصر .

688 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ لِسَعْدٍ: " قَدْ شَكَوْكَ فِي كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى فِي الصَّلَاةِ، قَالَ: أَمَّا أَنَا، فَإِنِّي أَمُدُّ فِي الْأُولَيَيْنِ وَأَحْذِفُ فِي الْأُخْرَيَيْنِ، وَمَا آلُو مَا اقْتَدَيْتُ بِهِ مِنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ذَاكَ الظَّنُّ بِكَ- أَوْ كَذَلِكَ ظَنِّي بِكَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد سے کہا: آپ کی ہر شی میں شکایت آتی ہے یہاں تک کہ نماز کے متعلق بھی۔ حضرت سعد نے عرض کیا: پہلی دو رکعتوں میں قرأت کو لمبا کرتا ہوں اور آخری دو رکعتوں میں نہیں پڑھتا ہوں۔ میں نے کسی نماز میں سنی نہیں کہ جب سے میں نے حضور ﷺ کی نماز میں اقتداء کی ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا: مجھے آپ کے متعلق یہی گمان تھا۔

689 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: شَكَا أَهْلُ الْكُوفَةِ سَعْدًا إِلَى عُمَرَ فَقَالُوا: إِنَّهُ لَا يُحْسِنُ أَنْ يُصَلِّيَ، فَقَالَ سَعْدٌ: أَمَّا أَنَا، فَإِنِّي كُنْتُ أُصَلِّي بِهِمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَاتَيِ الْعِشَاءِ لَا أَخْرِمُ مِنْهَا، أَرْكُدُ فِي الْأُولَيَيْنِ وَأَحْذِفُ فِي الْأُخْرَيَيْنِ، فَقَالَ عُمَرُ: ذَاكَ الظَّنُّ بِكَ يَا أَبَا إِسْحَاقَ، وَبَعَثَ رِجَالًا يَسْأَلُونَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو بھیجا اہل کوفہ سے پوچھنے کے لیے وہ کوفے کی مسجد میں بھی آئے وہ بہتری کے الفاظ کو کہتے، ان کی تصدیق کرتے۔ یہاں تک کہ بنی عبس کی مساجد میں سے کسی مسجد کے پاس آیا اس ایک آدمی تھا اس کو ابوسعدہ کہا جاتا تھا۔ اس نے کہا: ہم اللہ کی قسم اٹھاتے ہیں کہ وہ فیصلہ میں عدل نہیں کرتا ہے اور برابر برابر تقسیم نہیں کرتا ہے، کسی سریہ میں نہیں جاتا ہے، حضرت سعد نے عرض کی: اے اللہ! اگر وہ جھوٹا ہے

688- أخرجه البخاري في الأذان' باب: وجوب قرأة الامام والماموم في الصلوات كلها . ومسلم في الصلاة' باب: القرأة في الظهر والعصر . وأحمد جلد 1 صفحه 180,179,176 . والنسائي في الافتتاح' باب: الركوع في الركعتين الأوليين . والبيهقي في السنن . والطبراني في الكبير برقم: 308 . والحميدي برقم . والفسوي في المعرفة والتاريخ . والطيالسي .

689- أخرجه النسائي في الأشربة' باب: تحريم كل شراب أسكر قليله . والدارمي في الأشربة' باب: ما قبل في المسكر . والطحاوي في شرح معاني الآثار . والبيهقي في السنن . وصححه ابن حبان كما في موارد الظمآن' باب في قليل ما اسكر كثيره .

عَنْهُ بِالْكُوفَةِ فَكَانُوا لَا يَأْتُونَ مَسْجِدًا مِنْ مَسَاجِدِ أَهْلِ الْكُوفَةِ إِلَّا قَالُوا خَيْرًا أَوْ أَثْنَوْا خَيْرًا، حَتَّى أَتَى مَسْجِدًا مِنْ مَسَاجِدِ بَنِي عَبْسٍ، فَقَالَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ أَبُو سَعْدَةَ: أَمَّا إِذْ نَشَدْتُمُونَا بِاللَّهِ فَإِنَّهُ كَانَ لَا يَعْدِلُ فِي الْقَضِيَّةِ، وَلَا يَقْسِمُ بِالسَّوِيَّةِ، وَلَا يَسِيرُ بِالسَّرِيَّةِ، فَقَالَ سَعْدٌ: اللَّهُمَّ إِنْ كَانَ كَاذِبًا فَأَعْمِ بَصَرَهُ، وَأَطِلْ عُمْرَهُ، وَعَرِّضْهُ لِلْفِتَنِ " ، قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ: فَأَنَا رَأَيْتُهُ بَعْدُ يَتَعَرَّضُ لِلْإِمَاءِ فِي السِّكَكِ، فَإِذَا سُئِلَ: كَيْفَ أَنْتَ؟ يَقُولُ: كَبِيرٌ فَقِيرٌ مَفْتُونٌ، أَصَابَتْنِي دَعْوَةُ سَعْدٍ

تو اس کو اندھا کر دے، اس کی عمر لمبی کر دے اس کو آزمائش میں ڈال دے۔ حضرت عبدالملک فرماتے ہیں: میں نے اس کے بعد اس کو دیکھا وہ بازار میں لڑکیوں کے پیچھے بھاگتا تھا۔ جب اس سے پوچھا گیا کہ آپ کیسے ہیں؟ وہ کہتا تھا: بوڑھا محتاج فتنہ میں مبتلا ہوں مجھے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی بددعا لگی ہے۔

690 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ كَثِيرٍ الْمَدَنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنْهَاكُمْ عَنْ قَلِيلِ مَا أَسْكَرَ كَثِيرُهُ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو منع کرتا ہوں اس تھوڑی سے جو زیادہ ہو تو نشہ دے۔

691 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْهُذَلِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْهَاكُمْ عَنْ قَلِيلِ مَا أَسْكَرَ كَثِيرُهُ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو منع کرتا ہوں اس تھوڑی سے جو زیادہ ہو تو نشہ دے۔

691- أخرجه مسلم في الجهاد' باب: الأنفال' وفي فضائل الصحابة باب: فضل سعد . وأحمد جلد **1** صفحه **185,** **181,180,178** . والترمذي في التفسير' باب: ومن سورة الأنفال . وأبو داؤد في الجهاد' باب: في النفل . والطحاوي في شرح معاني الآثار .

692 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَخَذَ أَبِي مِنَ الْخُمُسِ سَيْفًا، فَأَتَى بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَبْ هَذَا لِي، فَأَبَى، فَأَنْزَلَ اللَّهُ (يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ قُلِ الْأَنْفَالُ لِلَّهِ وَالرَّسُولِ) (الأنفال: 1)

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میرے والد نے خمس سے تلوار لی۔ اس کو حضور ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا، آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے یہ ہبہ کر دو، میں نے انکار کر دیا، اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔ آپ ﷺ مالِ غنیمت کے متعلق پوچھتے ہیں۔ آپ فرما دیجیے! مالِ غنیمت اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے لیے ہیں۔

693 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ عَائِذٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى الصَّلَاةِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، فَقَالَ حِينَ انْتَهَى إِلَى الصَّفِّ: اللَّهُمَّ آتِنِي أَفْضَلَ مَا تُؤْتِي عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ، قَالَ: فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ قَالَ: مَنِ الْمُتَكَلِّمُ آنِفًا؟ قَالَ الرَّجُلُ: أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: إِذًا يُعْقَرُ جَوَادُكَ، وَتُسْتَشْهَدُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نماز کے لیے آیا، اس حالت میں کہ رسول اللہ ﷺ نماز پڑھا رہے تھے، جس وقت سے وہ صف تک پہنچا۔ اس نے کہا: اے اللہ مجھے اس سے بہتر عطا کر جو تو نے اپنے نیک بندوں کو دیا ہے۔ جب حضور ﷺ نماز سے فارغ ہوئے، فرمایا: آپ ﷺ نے فرمایا: کسی نے ابھی کلام کیا ہے۔ اس آدمی نے عرض کی: میں نے! یا رسول اللہ ﷺ! آپ نے فرمایا: اس وقت اپنے گھوڑوں کی کونچیں کاٹی جائیں گی اور تو اللہ کی راہ میں شہید ہوگا۔

694 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سعد بن مالک سے عرض کی: میں چاہتا ہوں کہ میں

-692 أخرجه البخاری فی التاريخ الكبير جلد1صفحه222 .

-693 أخرجه البخاری فی فضائل الصحابة' باب: مناقب علی' وفی المغازی باب: غزوة تبوك . ومسلم فی فضائل الصحابة' باب: من فضائل علی بن أبی طالب . والترمذی فی المناقب' باب: أنا دار الحكمة وعلی بابها' باب: من أول المسلمين علی . وابن ماجه فی المقدمة' باب: فضل علی بن أبی طالب .

-694 أخرجه مسلم فی الحج باب: فضل المدينة . والبيهقی فی السنن .

الْمُسَيَّبِ، قَالَ: قُلْتُ لِسَعْدِ بْنِ مَالِكٍ: إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَكَ عَنْ حَدِيثٍ وَأَنَا أَهَابُكَ أَنْ أَسْأَلَكَ عَنْهُ، فَقَالَ: لَا تَفْعَلْ يَا ابْنَ أَخِي، إِذَا عَلِمْتَ أَنَّ عِنْدِي عِلْمًا فَاسْأَلْنِي عَنْهُ وَلَا تَهَبْنِي، قَالَ: قُلْتُ: قَوْلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ حِينَ خَلَّفَهُ بِالْمَدِينَةِ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ تُخَلِّفُنِي فِي الْخَالِفَةِ فِي النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ؟ قَالَ: أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى قَالَ: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: فَأَدْبَرَ عَلِيٌّ مُسْرِعًا، فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى غُبَارِ قَدَمَيْهِ يَسْطَعُ، وَقَدْ قَالَ حَمَّادٌ: رَجَعَ عَلِيٌّ مُسْرِعًا

آپ سے ایک حدیث کے متعلق پوچھوں، میں آپ کو کچھ ہیبہ کروں گا۔ حضرت سعد نے کہا: اے میرے بھائی کے بیٹے! ایسے نہ کرنا، جبکہ آپ کو معلوم ہے کہ میرے پاس علم ہے، مجھ سے اس کے متعلق پوچھ لو اور مجھے ہیبہ نہ کرو۔ میں کہتا ہوں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی ﷺ سے فرمایا: جس وقت آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو غزوہ تبوک میں مدینہ میں ہی پیچھے چھوڑ گئے، تو حضرت علی نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ مجھے عورتوں اور بچوں میں پیچھے چھوڑ کر جا رہے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا علی تو اس بات کو پسند نہیں کرتا، تو میرے ہاں بمثل ہارون علیہ السلام کے ہے جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت ہارون علیہ السلام کو پیچھے چھوڑا تھا، اس طرح میرے ساتھ تیرا مقام ہارون علیہ السلام کی طرح ہے (لیکن فرق ہے) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد نبوت برقرار تھی اور میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیوں نہیں! یا رسول اللہ! راویٔ حدیث فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ تیزی سے پلٹے گویا میں اب بھی وہ منظر دیکھ رہا ہوں کہ آپ کے قدموں پر غبار تھا۔ حضرت حماد فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ جلدی واپس آئے۔

695 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے

695- أخرجه البخاري في الفرائض، باب: من ادعى الى غير أبيه، وفي المغازي باب: غزوة الطائف . ومسلم في الايمان، باب: بيان حال ايمان من رغب عن أبيه وهو يعلم . وأحمد جلد **1** صفحه **179,174,169** . وأبو داؤد في الأدب، باب: الرجل ينتمي الى غير مواليه . وابن ماجه في الحدود، باب: من ادعى الى غير أبيه أو تولى غير مواليه .

حَكِيمٍ، أَخْبَرَنِي عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّی أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ كَمَا حَرَّمَ اِبْرَاهِيمُ حَرَمَهُ، لَا يُقْطَعُ عِضَاهُهَا، وَلَا يُقْتَلُ صَيْدُهَا، وَلَا يَخْرُجُ عَنْهَا أَحَدٌ رَغْبَةً عَنْهَا اِلَّا أَبْدَلَهَا اللّٰهُ خَيْرًا مِنْهُ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، وَلَا يُرِيدُهُمْ أَحَدٌ بِسُوءٍ اِلَّا أَذَابَهُ اللّٰهُ تَعَالَى ذَوْبَ الرَّصَاصِ فِي النَّارِ وَذَوْبَ الْمِلْحِ فِي الْمَاءِ

فرمایا: میں مدینہ منورہ کے دونوں کناروں کے درمیان کی جگہ کو حرم قرار دیتا ہوں جس طرح کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے حرم کو یعنی حرم قرار دیا ہے اس کی گھاس نہ کاٹی جائے، اس کے شکار کو نہ مارا جائے، جو کوئی اس سے بے رغبتی کرتے ہوئے نکلے گا اللہ عزوجل اس کے بدلے بہتر شخص دے گا، مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے جو کوئی اس میں برائی کا ارادکرتا ہے۔

696 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، قَالَ: حَدَّثْتُ أَبَا بَكْرَةَ، قُلْتُ: سَمِعْتُ سَعْدًا، يَقُولُ: سَمِعَتْ أُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ ادَّعَى اِلَى غَيْرِ أَبِيهِ فِي الْاِسْلَامِ، وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّهُ غَيْرُ أَبِيهِ، فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ قَالَ: وَأَنَا سَمِعْتُهُ أُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوعثمان النہدی فرماتے ہیں کہ مجھے ابوبکرہ نے بیان کیا' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: میں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے اپنے کانوں سے سنا، میں نے اپنے دل سے یاد کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے، جو اپنے باپ کے علاوہ مسلمان ہونے کی حالت میں کسی کی طرف دعوی کرے، وہ جانتا ہے اس کا باپ کوئی اور ہے، جنت اس پر حرام ہے۔ میں نے اپنے دل سے سنا اور اپنے دل سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کیا۔

697 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَطَاءِ بْنِ مَقْدَّمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ

حضرت اسماعیل بن محمد اپنے باپ اور اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کی سعادت یہ ہے کہ وہ اپنے رب سے مشورہ کرے، اس کی

696- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **168** . والترمذی فی القدر' باب: ما جاء فی الرضٰی بالقضاء . والحاكم فی المستدرك جلد **1** صفحه **518** .

697- أخرجه البخاری فی الأذان' باب: السجود علٰی سبعة أعظم . ومسلم فی الصلاة' باب: أعضاء السجود . والترمذی فی الصلاة' باب: ما جاء فی السجود علٰی سبعة أعضاء . والنسائی فی الافتتاح' باب: علٰی كم السجود . وأبی داؤد فی الصلاة' باب: أعضاء السجود .

اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مِنْ سَعَادَةِ الْمَرْءِ اسْتِخَارَتَهُ لِرَبِّهِ، وَرِضَاهُ بِمَا قَضَى، وَإِنَّ شَقَاوَةَ الْعَبْدِ تَرْكُهُ الِاسْتِخَارَةَ، وَسَخَطُهُ بِمَا قَضَى

رضا پر راضی ہو جائے۔ آدمی کی بدبختی کی نشانی یہ ہے کہ مشورہ کو چھوڑ دیتا ہے اس پر ناراض ہونا جو اللہ نے فیصلہ کیا ہے اس کے لیے۔

698 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي الْوَزِيرِ أَبُو الْمُطَرِّفِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: " أُمِرَ الْعَبْدُ أَنْ يَسْجُدَ، عَلَى سَبْعَةِ آرَابٍ مِنْهُ: وَجْهِهِ، وَكَفَّيْهِ، وَرُكْبَتَيْهِ، وَقَدَمَيْهِ، أَيُّهَا لَمْ يَضَعْ فَقَدِ انْتَقَصَ "

حضرت عامر بن سعد اپنے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ بندہ کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ سات اعضاء پر سجدہ کرے (۱) چہرے پر (۲) ہتھیلیوں پر (۳) گھٹنوں پر (۴) دونوں قدموں پر، جو کوئی نہیں کرے گا اس نے کم کیا۔

699 - حَدَّثَنَا مُوسَى، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ الطَّحَّانِ، حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ بِشْرٍ الْكَاهِلِيُّ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَدَّ أَبْوَابَ النَّاسِ فِي الْمَسْجِدِ وَفُتِحَ بَابَ عَلِيٍّ، فَقَالَ النَّاسُ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ: مَا أَنَا فَتَحْتُهُ، وَلَكِنَّ اللّٰهَ فَتَحَهُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کے مسجد میں آنے والے دروازے بند کیے جائیں، علی کا دروازہ کھول دیا جائے۔ لوگوں نے اس کے متعلق گفتگو کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے نہیں کھولا بلکہ اللہ نے اس کا دروازہ کھولا ہے۔

700 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي: يَا أَبَتَاهُ، أَرَأَيْتَ قَوْلَهُ (الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ) (الماعون:5) أَيُّنَا لَا يَسْهُو؟ أَيُّنَا لَا

حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ سے عرض کی: اے ابوجان! آپ بتائیں کہ اللہ کے اس ارشاد کے متعلق "وہ لوگ جو نمازوں میں سستی کرتے ہیں"، ہم میں کون سستی کرتا ہے جو سستی نہ

698- أخرجه البخاري في الصلاة' باب: الخوخة والممر في المسجد. وأحمد جلد 1 صفحه 175 وجلد 2 صفحه 26' وجلد 4 صفحه 369. والترمذي في المناقب' باب: سد الأبواب الا باب علي. والنسائي في خصائص علي. والحاكم في المستدرك جلد 3 صفحه 125,117,116.

699- أخرجه الطبري في التفسير. والبيهقي في السنن. والبزار برقم. والدر المنثور.

يُحَدِّثُ نَفْسَهُ؟ قَالَ: لَيْسَ ذَاكَ، اِنَّمَا هُوَ اِضَاعَةُ الْوَقْتِ، يَلْهُو حَتّٰى يَضِيعَ الْوَقْتُ

کرتا ہو؟ ہم میں کون بے وضو نہیں ہوتا ہے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ مراد نہیں ہے بلکہ مراد وقت ضائع کرنا ہے، سستی کرتے رہنے سے یہاں تک کہ وقت گزر جائے۔

701 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ مُصْعَبٍ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبِي سَعْدًا فَقُلْتُ: يَا أَبَهْ (الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ) (الماعون:5) أَسَهْوُ أَحَدِنَا فِي صَلَاتِهِ حَدِيثُ نَفْسِهِ؟ قَالَ سَعْدٌ: أَوَلَيْسَ كُلُّنَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ؟ وَلٰكِنَّ السَّاهِيَ عَنْ صَلَاتِهِ الَّذِي يُصَلِّيهَا لِغَيْرِ وَقْتِهَا، فَذٰلِكَ السَّاهِي عَنْهَا، قَالَ مُصْعَبٌ مَرَّةً أُخْرَى: تَرْكُهُ الصَّلَاةَ فِي مَوَاقِيتِهَا

حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ سے عرض کی: اے ابو جان! آپ بتائیں کہ اللہ کے اس ارشاد کے متعلق ''وہ لوگ جو نمازوں میں سستی کرتے ہیں'' کیا ہم میں سے کوئی اپنی نماز میں سستی کرتا ہے' کوئی بے وضو ہوتا ہے؟ حضرت سعد نے فرمایا: کیا ہم سب یہ کرتے ہیں؟ لیکن مراد یہ ہے کہ نماز میں سستی کرنا اور اس کے وقت کے علاوہ ادا کرنا' یہ سستی ہے۔ حضرت مصعب نے دوسری مرتبہ فرمایا کہ انہوں نے نماز وقت کے علاوہ پڑھی۔

702 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثْتُ أَبَا بَكْرَةَ، قُلْتُ: سَمِعْتُ سَعْدًا، يَقُولُ: سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ ادَّعَى اِلَى غَيْرِ أَبِيهِ فِي الْاِسْلَامِ وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّهُ غَيْرُ أَبِيهِ، فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ قَالَ: وَأَنَا سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابی عثمان فرماتے ہیں کہ مجھے ابوبکر نے بیان کیا' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے سنا' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے کانوں سے سنا، میں اپنے سے یاد کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، جو اپنے باپ کے علاوہ سلام کسی کی طرف دعوی کرے، وہ جانتا ہے اس کا باپ کوئی اور ہے، جنت اس پر حرام ہے۔ میں نے اپنے دل سے سنا اور اپنے دل سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کیا۔

703 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

702- أخرجه أحمد جلد1صفحه170 . والترمذى فى الدعوات'باب: دعوة ذى النون فى بطن الحوت . والحاكم جلد1صفحه505 وجلد2صفحه383,382 .

703- أخرجه البزار .

أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دَعَا بِدُعَاءِ يُونُسَ اسْتُجِيبَ لَهُ

حضور ﷺ نے فرمایا: جو یونس علیہ السلام والی دعا مانگے گا اس کی دعا قبول کی جائے گی (یعنی لا الـــه الا انــت سبحانك انی كنت من الظالمين)۔

704 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ لِرَجُلٍ: لَا جُمُعَةَ لَكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِمَ يَا سَعْدُ؟ قَالَ: لِأَنَّهُ كَانَ يَتَكَلَّمُ وَأَنْتَ تَخْطُبُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ سَعْدٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو فرمایا: تیرا جمعہ نہیں ہوا ہے۔ حضور رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے سعد! کیوں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یہ گفتگو کرتا تھا جب آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے، حضور ﷺ نے فرمایا: سعد رضی اللہ عنہ نے سچ کہا۔

705 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ - قَالَ شُعْبَةُ: قَبْلَ أَنْ يَخْتَلِطَ - قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: خَلَّفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا فَقَالَ: أَتُخَلِّفُنِي؟ فَقَالَ: أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى غَيْرَ أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي قَالَ: رَضِيتُ رَضِيتُ

حضرت سعید بن مسیّب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے سنا' آپ نے فرمایا کہ رسول پاک ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو غزوہ تبوک میں پیچھے چھوڑا، عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ مجھے عورتوں اور بچوں میں پیچھے چھوڑ کر جا رہے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا علی رضی اللہ عنہ تو اس بات کو پسند نہیں کرتا، تو میرے ہاں بمثل ہارون علیہ السلام کے ہے جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت ہارون علیہ السلام کو پیچھے چھوڑا تھا، اس طرح میرے ساتھ تیرا مقام ہارون علیہ السلام کی طرح ہے (لیکن فرق ہے) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد نبوت برقرار تھی اور میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ حضرت علی نے عرض کی، میں راضی ہو گیا میں راضی ہو گیا۔

705- أخرجه الترمذی فی الدعوات' باب: فی دعاء النبی وتعوذه فی دبر كل صلاة ۔ و أبو داؤد فی الصلاة' باب: التسبيح بالحصی ۔ وصححه ابن حبان كما فی موارد الظمآن باب: فضل التسبيح و التحليل و التحميد ۔ والحاكم فی المستدرك جلد 1 صفحه 548 ۔

706 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ أَبِي هِلَالٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيهَا، أَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ، وَبَيْنَ يَدَيْهَا نَوًى وَحَصًى تُسَبِّحُ، فَقَالَ: " أُخْبِرُكِ بِمَا هُوَ أَيْسَرُ عَلَيْكِ مِنْ هَذَا، أَوْ أَفْضَلُ؟ قُولُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي السَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي الْأَرْضِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا بَيْنَ ذَلِكَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ مِثْلُ ذَلِكَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلُ ذَلِكَ، وَلَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ مِثْلُ ذَلِكَ، وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِثْلُ ذَلِكَ"

حضرت عائشہ بنت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ روایت کرتی ہیں اپنے باپ کے حوالہ سے کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک عورت کے پاس آئے، اس عورت کے آگے گٹھلیاں پڑی ہوئی تھیں۔ جس پر تسبیحات پڑھ رہی تھی۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو اس سے آسان نہ بتاؤں یا اس سے افضل نہ بتاؤں، وہ: سبحان اللّٰہ عدد ما خلق فی السماء الٰی اخرہ۔

707 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْأَعْمَشَ، يَذْكُرُهُ، عَنْ أَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " كُلُّ خُلَّةٍ يُطْبَعُ - أَوْ قَالَ: يُطْوَى - عَلَيْهَا الْمُؤْمِنُ " - شَكَّ عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ - اِلَّا الْخِيَانَةَ وَالْكَذِبَ

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی ہر عادت اچھی ہے۔مگر خیانت اور جھوٹ۔

706- أخرجه البزار برقم: 102' باب: ما جاء في الخيانة والكذب . والبيهقى فى السنن جلد10صفحه197 .

707- أخرجه أحمد جلد 1صفحه179,175 . والترمذى فى البيوع رقم الحديث: 1225' باب: ما جاء فى النهى عن المحاقلة والزابنة . والنسائى فى البيوع جلد 7صفحه268-269' باب: اشتراء التمر بالرطب . وأبو داؤد فى البيوع رقم الحديث: 3359' باب: فى التمر بالتمر' و رقم الحديث: 3360 . وابن ماجه فى التجارات رقم الحديث: 2264 باب: بيع الرطب بالتمر . ومالك فى البيوع رقم الحديث: 22' باب: ما يكره من بيع التمر . والحميدى رقم الحديث: 75 . والحاكم فى المستدرك جلد2صفحه38-39 .

708 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، مَوْلَى الْأَسْوَدِ، أَنَّ زَيْدًا أَبَا عَيَّاشٍ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ، سَأَلَ سَعْدًا عَنِ الْبَيْضَاءِ - يَعْنِي بِالسُّلْتِ - فَقَالَ سَعْدٌ: أَيَّتُهُمَا أَفْضَلُ؟ فَقَالَ: الْبَيْضَاءُ، فَنَهَاهُ عَنْ ذَلِكَ، وَقَالَ سَعْدٌ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ شِرَاءِ التَّمْرِ بِالرُّطَبِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيَنْقُصُ الرُّطَبُ إِذَا يَبِسَ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَنَهَى عَنْ ذَلِكَ

حضرت ابو عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے پوچھا بیضاء کے متعلق۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے پوچھا: ان میں سے افضل کون ہے؟ اس نے کہا: بیضاء، آپ نے اس سے منع کر دیا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا خشک کھجور کو خشک کھجور کے بدلے فروخت کرنے کا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تر کھجوریں جب خشک ہو جاتی ہیں وہ کم نہیں ہو جاتی ہیں؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کیا۔

709 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ، عَنْ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَحْوَهُ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

710 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَى رَهْطًا وَسَعْدٌ جَالِسٌ فِيهِمْ، قَالَ سَعْدٌ: فَتَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يُعْطِهِ وَهُوَ أَعْجَبُهُمْ إِلَيَّ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لَكَ عَنْ فُلَانٍ، فَوَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرَاهُ مُؤْمِنًا؟، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی ایک گروہ کو دیا، اس حالت میں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ ان میں بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر کسی کو نہیں دیا حالانکہ وہ مجھے زیادہ پسند تھے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! فلاں کے لیے کیوں نہیں؟ اللہ کی قسم! میں ان کو مومن خیال کرتا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا مسلمان ہے، میں تھوڑی دیر

709- أخرجه البخاري في الايمان باب: اذا لم يكن الاسلام على الحقيقة' وفي الزكاة باب: لا يسألون الناس الحافًا. ومسلم في الايمان باب: تألف قلب من يخاف على ايمانهٔ لضعفه. وأحمد جلد1صفحه182,176. والنسائي في الايمان' باب: تأول قوله تعالى: (قالت الاعراب آمنا......). وأبو داؤد في السنة' باب: الدليل على زيادة الايمان ونقصانه. والحميدي برقم.

710- أخرجه أحمد جلد1صفحه182,172. وأبو داؤد في الصلاة' باب: الدعاء.

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْ مُسْلِمًا قَالَ: فَسَكَتُّ قَلِيلًا، ثُمَّ غَلَبَنِي مَا أَعْلَمُ مِنْهُ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لَكَ عَنْ فُلَانٍ، فَوَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرَاهُ مُؤْمِنًا؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْ مُسْلِمًا قَالَ: فَسَكَتُّ قَلِيلًا، ثُمَّ غَلَبَنِي مَا عَلِمْتُ مِنْهُ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لَكَ عَنْ فُلَانٍ، فَوَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرَاهُ مُؤْمِنًا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْ مُسْلِمًا، إِنِّي لَأُعْطِي الرَّجُلَ، وَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ خَشْيَةَ أَنْ يُكَبَّ فِي النَّارِ عَلَى وَجْهِهِ

خاموش رہا۔ مجھے مغلوب کر دیا، میں اس کو نہیں جانتا تھا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے فلاں کو کیوں نہیں دیا؟ اللہ کی قسم! میں اس کو مومن خیال کرتا ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا وہ مسلمان ہے؟ میں تھوڑی دیر خاموش رہا، پھر میں مغلوب ہو گیا۔ میں اس کو نہیں جانتا تھا، میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے فلاں کو کیوں نہیں دیا؟ اللہ کی قسم! میں اس کو مومن خیال کرتا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا وہ مسلمان ہے۔ میں اس آدمی کو دیتا ہوں۔ اس کے علاوہ دوسرا مجھے اس سے زیادہ محبوب ہوتا ہے۔ اس خوف کی وجہ (سے دیتا ہوں) کہ وہ اوندھے منہ جہنم میں نہ گرے۔

711 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ مِخْرَاقٍ، عَنِ ابْنِ عَبَايَةَ، عَنْ مَوْلًى لِسَعْدٍ، أَنَّ سَعْدًا، رَأَى ابْنًا لَهُ يُصَلِّي وَهُوَ يَدْعُو يَقُولُ: أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ، وَمِنْ ثِمَارِهَا وَنَعِيمِهَا وَأَزْوَاجِهَا، وَنَحْوَ هَذَا فَأَكْثَرَ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ، وَسَلَاسِلِهَا وَأَغْلَالِهَا وَسَعِيرِهَا، وَنَحْوِ هَذَا، وَسَعْدٌ يُسْمَعُ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ قَالَ لَهُ سَعْدٌ: لَقَدْ سَأَلْتَ نَعِيمًا طَوِيلًا، وَتَعَوَّذْتَ مِنْ شَرٍّ طَوِيلٍ، وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے غلام فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اپنے لخت جگر کو نماز پڑھتے دیکھا وہ دعا کر رہے تھے: ''اسالك الجنة الى آخره''۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے سن رہے تھے جب نماز سے فارغ ہوئے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اس کو کہا: تو نے بڑی لمبی نعمتوں کے متعلق سوال کیا اور بڑی لمبی شر سے پناہ مانگی ہے۔ میں نے آقا دو عالم ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: عنقریب ایک قوم آئے گی وہ دعاؤں میں تجاوز کرے گی، پھر حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی۔ اپنے

711- أخرجه البخاري باب: ما يتعوذ من الجبن' وفي الدعوت باب: التعوذ من عذاب القبر' باب: التعوذ من البخل' باب: الاستعاذة من أرذل العمر' باب: التعوذ من فتنة الدنيا ـ وأحمد جلد **1** صفحه **186,180** ـ والترمذي في الدعوات' باب: في دعاء النبي صلى الله عليه وسلم وتعوذه في دبر كل صلاة ـ والنسائي في الاستعاذة ـ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّهُ سَيَكُونُ قَوْمٌ يَعْتَدُونَ فِى الدُّعَاءِ وَقَرَأَ سَعْدٌ (ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً اِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ) (الأعراف: 55) قَالَ: فَلَا أَدْرِى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَهُ أَمْ مِنْ قَوْلِ سَعْدٍ " - وَاِنَّهُ بِحَسْبِكَ أَنْ تَقُولَ: أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ"

رب کو پکارو عاجزی و انکساری و آہستہ۔ بے شک وہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا ہے (سورۃ الاعراف: ۵۵) راویٔ حدیث بیان کرتے ہیں میں نہیں جانتا کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ اس کو مرفوعاً نقل کرتے ہیں یا ان کا اپنا قول ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیرے لیے اتنا ہی کافی تھا: اسألك الجنة الٰى اخرہ۔

712 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِى بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ سَعْدٌ، يُعَلِّمُنَا خَمْسًا يَذْكُرُهُنَّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اِنِّى أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أُرَدَّ اِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ قَالَ شُعْبَةُ: فَسَأَلْتُ ابْنَ عُمَيْرٍ عَنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا فَقَالَ: الدَّجَّالُ

حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ ہمیں پانچ (چیزوں سے پناہ مانگنے کا طریقہ) سکھاتے تھے۔ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کی تھیں: ''اے اللہ! میں تجھ سے بخل سے پناہ مانگتا ہوں' اے اللہ! میں سستی سے پناہ مانگتا ہوں اور میں پناہ مانگتا ہوں کہ میں لوٹا دیا جاؤں گھٹتی عمر کی طرف اور میں دنیا کے عذاب سے پناہ مانگتا ہوں اور میں پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابن عمیر سے دنیا کے فتنے کے متعلق پوچھا تو فرمایا: اس سے مراد دجال ہے۔

713 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی صبح کے وقت نہار منہ سات

712- أخرجه البخارى فى الأطعمة' باب: العجوة' وفى الطب' باب: الدواء بالعجوة للسحر' باب: شرب السم والدواء به . ومسلم فى الأشربة' باب: فضل تمر المدينة . وأحمد جلد1صفحه181,177,168 . وأبو داؤد فى الطب' باب: فى تمر العجوة' والحميدى برقم .

713- أخرجه البخارى فى فضائل الصحابة' باب: مناقب على . ومسلم فى فضائل الصحابة' باب: فى فضائل على بن أبى طالب . وابن ماجه فى المقدمة' باب: فضل على بن أبى طالب' وأحمد جلد1صفحه175 .

بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اصْطَبَحَ سَبْعَ تَمَرَاتٍ عَجْوَةً، لَمْ يَضُرُّهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ سُمٌّ وَلَا سِحْرٌ قَالَ هَاشِمٌ: لَا أَعْلَمُ أَنَّ عَامِرًا ذَكَرَهُ إِلَّا مِنَ الْعَجْوَةِ الْعَالِيَةِ

عجوہ کھجور کھائے اس کو اس کوئی زہر اور جادو نقصان نہیں دے گا۔ ہاشم فرماتے ہیں میں نہیں جانتا ہوں کہ حضرت عامر رضی اللہ عنہ نے عجوہ عالیہ کا ذکر کیا ہوگا۔

714 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنِي سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى

حضرت ابراہیم بن سعد بن مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تُو راضی نہیں ہے اس پر کہ تیرا مقام میرے ہاں وہی ہے جو حضرت ہارون کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا۔

715 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: حَلَفْتُ بِاللَّاتِ وَالْعُزَّى، فَقَالَ لِي أَصْحَابِي: قَدْ قُلْتَ هُجْرًا، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي حَدِيثُ الْعَهْدِ، وَإِنِّي حَلَفْتُ بِاللَّاتِ وَالْعُزَّى؟ فَقَالَ: " قُلْ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ثَلَاثًا، وَانْفُثْ عَنْ يَسَارِكَ ثَلَاثًا، وَتَعَوَّذْ مِنَ الشَّيْطَانِ، وَلَا تَعُدْ"

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں لات اور عزی کی قسم اٹھائی، میرے ساتھی نے مجھے کہا: تُو نے بے شک ناشکری کی ہے، میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں ابھی نیا نیا اسلام لایا ہوں، میں نے لات وعزی کی قسم اٹھائی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو تین مرتبہ "لا الٰہ الا اللّٰہ" کہو، اور اپنے بائیں طرف تین مرتبہ تھوکو، اور شیطان سے پناہ مانگو آئندہ نہ کرنا۔

714- أخرجه البخاري في التفسير' باب: (افرايتم اللات والعزى) . ومسلم في الأيمان' باب: من حلف باللات والعزى فليقل: لا اله الا الله . وأحمد جلد 1صفحه186,183 . والترمذي في الأيمان والنذور . والنسائي في الايمان جلد7صفحه7-8' باب: الحلف باللات . وأبي داؤد في الأيمان والنذور' باب: الحلف بالأنداد . وابن ماجه في الكفارات' باب: النهي أن يحلف بغير الله .

715- أخرجه أحمد (183,176)؟ . والبزار رقم الحديث: 12051' باب: ما جاء في الهجر بين المسلمين . والطبراني في الكبير .

716 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، يَرْفَعُ الْحَدِيثَ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِأَحَدٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے حلال نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی کو تین دن تک چھوڑے رکھے (یعنی اس سے بول چال ختم کردے یہ کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے)۔

717 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا أَبَانُ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: دَفَعْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ فَضْلَةٌ مِنْ طَعَامٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَطْلَعَنَّ عَلَيْكُمْ مِنْ هٰذَا الْفَجِّ رَجُلٌ يَأْكُلُ هٰذِهِ الْفَضْلَةَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ قَالَ: فَمَرَرْتُ بِعُمَيْرِ بْنِ مَالِكٍ وَهُوَ يَتَوَضَّأُ فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: هُوَ صَاحِبُهَا، فَجَعَلْنَا نَتَشَرَّفُ شُخُوصَ مَنْ يَطْلَعُ عَلَيْنَا، فَطَلَعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا لَهُ بِالْفَضْلَةِ فَأَكَلَهَا

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا، اس حالت میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بچا ہوا کھانا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ضرور بضرور تمہارے پاس ایک آدمی آئے گا اس راستہ سے وہ بچے ہوئے کھائے گا وہ جنتی ہوگا۔ میں عمیر بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا وہ وضو کر رہے تھے، میں نے اپنے دل میں کہا یہی ہو سکتا ہے کہ ہم آنکھیں اٹھا کر دیکھنے لگے کہ کون ہم پر آتا ہے، حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ آئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچا ہوا لنگر منگایا، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس لنگر کو تناول فرمایا۔

718 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

716- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 183,169 . والحاكم في المستدرك جلد 3 صفحه 416 . وقارن ابن حبان رقم الحديث: 2254 كما في موارد الظمآن' باب: فضل عبد الله بن سلام .

717- أخرجه مسلم في الصلاة' باب: استحباب القول مثل قول المؤذن لمن سمعه . وأحمد جلد 1 صفحه 181 . والترمذي في الصلاة' باب: ما جاء ما يقول الرجل اذا أذن المؤذن في الدعاء . والنسائي في الأذان' باب: الدعاء في الأذان . وأبو داؤد في الصلاة' باب: ما يقول اذا سمع المؤذن . وابن ماجه في الأذان' باب: ما يقال اذا أذن المؤذن . والبيهقي في السنن . والحاكم في المستدرك جلد 1 صفحه 203 . وابن خزيمة .

718- أخرجه مسلم في الذكر والدعاء' باب: فضل التهليل والتسبيح والدعاء . وأحمد جلد 1 صفحه 175,180, 174 . والترمذي في الدعوات' باب: غراس الجنة: سبحان الله .

مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ أَبُو خَيْثَمَةَ: - وَبَعْضُهُمْ يَقُولُ: حَكِيمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ - ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: "مَنْ قَالَ حِينَ يَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ: وَأَنَا أَشْهَدُ أَنَّ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا، وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا، غُفِرَ لَهُ ذَنْبُهُ"

حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اذان سننے کے وقت یہ کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اس کا کوئی شریک نہیں بے شک محمد (ﷺ) اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ میں اللہ کے رب اور محمد (ﷺ) کے رسول ہونے اور اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوں اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔

719 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ مُوسَى الْجُهَنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُصْعَبُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَكْسِبَ كُلَّ يَوْمٍ أَلْفَ حَسَنَةٍ؟ قَالَ فَسَأَلَهُ اِنْسَانٌ مِنْ جُلَسَائِهِ: كَيْفَ يَكْسِبُ أَحَدُنَا أَلْفَ حَسَنَةٍ؟ قَالَ: يُسَبِّحُ مِائَةَ تَسْبِيحَةٍ، فَيَكْسِبُ أَلْفَ حَسَنَةٍ، وَيَحُطُّ عَنْهُ أَلْفَ سَيِّئَةٍ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں کوئی اس بات سے عاجز ہے کہ وہ ہر روز ایک ہزار نیکیاں کمائے؟ اُن بیٹھنے والوں میں سے ایک نے کہا: ہم میں سے کوئی کیسے ایک ہزار نیکیاں کما سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک سو مرتبہ سبحان اللہ کہنے سے ایک ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی، ایک ہزار گناہ مٹا دیئے جائیں گے۔

720 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ، سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ: لَبَّيْكَ ذَا الْمَعَارِجِ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ ذُو الْمَعَارِجِ، وَلَكِنْ لَمْ نَكُنْ نَقُولُ ذَلِكَ مَعَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے ایک آدمی کو سنا، وہ کہہ رہا تھا: لبیک ذاالمعارج! اور کہا: بے شک اللہ ذوالمعارج ہے لیکن ہم یہ حضور ﷺ کے ساتھ نہیں کہتے تھے۔

719- أخرجه أحمد جلد1صفحه172 . والبزار باب: التلبية .

720- أخرجه البخاري في الجهاد' باب: كيف يعرض الاسلام على الصبى . ومسلم في الفتن' باب: ذكر الدجال وصفته وما معه .

721 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ إِلَّا وَقَدْ وَصَفَ الدَّجَّالَ لِأُمَّتِهِ، وَلَأَصِفَنَّهُ صِفَةً لَمْ يَصِفْهَا أَحَدٌ قَبْلِي، إِنَّهُ أَعْوَرُ، وَإِنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی نے اپنی امت کو دجال کے متعلق بتایا ہے کہ وہ (کیسا بدصورت ہوگا) میں اپنی امت کو ضرور اس کے متعلق ایسے بتاؤں گا کہ مجھ سے پہلے اس کے متعلق ایسا کسی نے نہیں بتایا ہوگا وہ کانا ہوگا، بے شک اللہ عزوجل عیب سے پاک ہے۔

722 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ أَرْطَاةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ الْبَهْرَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: وَكَانَ يَتَوَضَّأُ بِرَاوِيَةٍ مِنْ مَاءٍ، قَالَ: فَخَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ، قَالَ: فَتَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، فَتَعَجَّبْنَا مِنْ ذَلِكَ، فَقُلْنَا لَهُ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، أَنَّهُ رَأَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ مِثْلَ هَذَا

حضرت یحییٰ بن عبید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ محمد بن سعد رضی اللہ عنہ سے کہ آپ پانی کی مشک سے وضو کرتے تھے، آپ بیت الخلاء سے نکلے، وضو کیا اور دونوں موزوں پر مسح کیا۔ ہم نے اس پر تعجب کیا۔ ہم نے آپ سے اس کے متعلق عرض کی؟ آپ نے مجھے فرمایا: مجھے میرے باپ نے بیان کیا کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے ہی کرتے دیکھا تھا۔

723 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَبِيرٌ، أَوْ كَثِيرٌ، فِي الْوَصِيَّةِ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تہائی بہت زیادہ ہے یا وصیت میں زیادہ ہے۔

721- أخرجه البخاري في الطهارة' باب: المسح على الخفين . وأحمد جلد 1 صفحه 186,180,169 . والنسائي في الطهارة' باب: المسح على الخفين . ومالك في الطهارة' باب: ما جاء في المسح على الخفين .

722- أخرجه البخاري في الجنائز' باب: رثاء النبي صلى الله عليه وسلم سعيد بن خولة' وفي مناقب الأنصار رقم الحديث: 3936 باب: قول النبي صلى الله عليه وسلم: اللهم امض لأصحابي هجرتهم' وفي الدعوات باب: الدعاء برفع الوباء' وفي الفرائض باب: ميراث البنات . ومسلم في الوصية' باب: الوصية بالثلث . والترمذي في الوصايا' باب: ما جاء في الوصية بالثلث . وابو داؤد في الوصايا' باب: ما لا يجوز للوصي في ماله . وابن ماجه في الوصايا' باب: الوصية بالثلث .

723- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 182 . والبيهقي في السنن .

724 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ، وَأُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، وَخُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، قَالُوا: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الطَّاعُونُ رِجْزٌ وَبَقِيَّةُ عَذَابٍ عُذِّبَ بِهِ قَوْمٌ قَبْلَكُمْ، فَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ، وَإِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلَا تَدْخُلُوا عَلَيْهِ

حضرت سعد بن مالک اور اسامہ بن زید اور خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طاعون ایک بیماری ہے' تم سے پہلی اُمتوں کو جو عذاب دیا گیا تھا' اس سے بچا ہوا ہے' جب کسی ملک میں آئے اور تم وہاں موجود ہو تو وہاں سے نہ بھاگو اور جب تم سنو کہ کسی ملک میں آیا ہے اور تم وہاں موجود نہیں ہو تو وہاں نہ جاؤ۔

725 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: " أَصَبْتُ سَيْفًا يَوْمَ بَدْرٍ فَأَعْجَبَنِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ هَبْهُ لِي، فَنَزَلَتْ (يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ قُلِ الْأَنْفَالُ لِلَّهِ وَالرَّسُولِ) (الأنفال: 1)

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ مجھے بدر کے دن ایک تلوار ملی' مجھے پسند آئی تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ہبہ کر دیں! اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مال غنیمت کے متعلق پوچھتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فرما دیجیے! مال غنیمت اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہیں۔

726 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّكَ مَهْمَا أَنْفَقْتَ عَلَى أَهْلِكَ مِنْ نَفَقَةٍ فَإِنَّكَ تُؤْجَرُ، حَتَّى اللُّقْمَةَ تَرْفَعُهَا إِلَى فِي امْرَأَتِكَ

حضرت عامر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تُو اپنے گھر والوں پر خرچ کرے گا تو اس کا ثواب ملے گا یہاں تک کہ وہ لقمہ جو تُو اپنی بیوی کے منہ میں رکھے۔

727 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ،

حضرت سعد بن ابی مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

725- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 172 .

726- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 180,172 .

727- أخرجه البخاري في فضائل الصحابة' باب: مناقب سعد' وفي الأطعمة باب: ما كان النبي صلى الله عليه وسلم

حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَبِيبَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ الرِّزْقِ مَا يَكْفِي، وَخَيْرُ الذِّكْرِ الْخَفِيُّ

حضور ﷺ نے فرمایا: بہتر رزق وہ ہے جو کفایت کرتا ہے بہترین ذکر ذکرِ خفی ہے۔

728 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا، يَقُولُ: إِنِّي لَأَوَّلُ رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا السَّمُرُ وَوَرَقُ الْحُبْلَةِ، حَتَّى إِنْ كَانَ أَحَدُنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الْعَنْزُ، مَا لَهُ خِلْطٌ

حضرت ابو حازم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عرب میں مَیں پہلا شخص ہوں جس نے اللہ کی راہ میں تیر مارا تھا۔ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ہوتے تھے کہ ہمارے پاس کھانے کے لیے کوئی شے نہیں ہوتی تھی۔ سوائے ببول کے درخت اور لوبیا جیسی سبزی کے پتوں کے یہاں تک کہ ہم میں کوئی بول و براز کرتا تو اس طرح کرتا جس طرح بکری بول و براز کرتی ہے۔

729 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ نَفَرًا أَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلُوهُ، فَأَعْطَاهُمْ، إِلَّا رَجُلًا مِنْهُمْ، قَالَ سَعْدٌ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَعْطَيْتَهُمْ وَتَرَكْتَ فُلَانًا، وَاللَّهِ إِنِّي لَأَرَاهُ مُؤْمِنًا؟ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْ مُسْلِمًا قَالَ سَعْدٌ: قَالَ ذَلِكَ ثَلَاثًا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک گروہ نے آ کر مانگا' حضور سرورِ کونین ﷺ نے ان کو دیا، حضور ﷺ نے ایک کو نہیں دیا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! فلاں کے لیے کیوں نہیں؟ اللہ کی قسم! میں اس کو مومن خیال کرتا ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا مسلمان ہے، حضرت سعد کہتے ہیں: آپ ﷺ نے یہ بات تین بار فرمائی'

وأصحابه يأكلون' وفي الرقاق باب: كيف كان عيش النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه . ومسلم في الزهد . وأحمد جلد 1 صفحه 186,181,174 . والترمذي في الزهد' باب: ما جاء في معيشة أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم . وابن ماجه في المقدمة' باب: فضل سعد . وأبو نعيم في حلية الأولياء . والحميدي برقم .

728- انظر تخريج الحديث رقم: 714' ورقم: 778 .

729- أخرجه مسلم في الفتن وأشراط الساعة . وأحمد جلد 1 صفحه 182,175 .

وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأُعْطِي الرَّجُلَ الْعَطَاءَ، لَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ، وَمَا أَفْعَلُ ذٰلِكَ إِلَّا مَخَافَةَ أَنْ يَكُبَّهُ اللّٰهُ فِي نَارِ جَهَنَّمَ عَلَى وَجْهِهِ

حضور ﷺ نے فرمایا: میں اس آدمی کو دیتا ہوں۔ اس کے علاوہ دُوسرا مجھے اس سے زیادہ محبوب ہوتا ہے۔ اس خوف کی وجہ (سے دیتا ہوں) کہ وہ اوندھے منہ جہنم میں نہ گرے۔

730 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، أَخْبَرَنَا عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَّ بِمَسْجِدِ بَنِي مُعَاوِيَةَ، فَدَخَلَ فَرَكَعَ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قَامَ فَنَاجَى رَبَّهُ وَانْصَرَفَ، فَقَالَ: سَأَلْتُ رَبِّي ثَلَاثًا فَأَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَأَلْتُهُ أَنْ لَا يُهْلِكَ أُمَّتِي بِالْغَرَقِ، وَلَا بِالسَّنَةِ- يَعْنِي بِالْجُوعِ- فَأَعْطَانِيهِمَا، وَسَأَلْتُهُ أَنْ لَا يَجْعَلَ بَأْسَهُمْ بَيْنَهُمْ فَمَنَعَنِيهَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ تھے، آپ ﷺ بنی معاویہ کی مسجد کے پاس سے گزرے، اس مسجد میں آپ ﷺ داخل ہوئے، اس میں دو رکعتیں ادا کی۔ پھر کھڑے ہوئے اپنے رب سے گفتگو کی اور چلے۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے تین چیزیں مانگیں: دو مجھے عطا کی گئیں اور ایک کے بارے سوال کرنے سے روک دیا گیا۔ میں نے مانگا کہ میری امت غرق اور بھوک سے ہلاک نہ ہو مجھے دونوں دی گئیں، میں نے مانگا کہ آپس میں لڑیں نہ، مجھے اس سے منع کیا گیا۔

731 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ جِئْتُ بِسَيْفٍ مَعِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ هٰذَا السَّيْفَ قَدْ شَفَى صَدْرِي فَهَبْهُ لِي، فَقَالَ: إِنَّ هٰذَا السَّيْفَ لَيْسَ هُوَ لَكَ وَلَا لِي فَخَرَجْتُ وَأَنَا أَقُولُ: عَسَى أَنْ يُعْطِيَهُ مَنْ لَيْسَ بَلَاؤُهُ مِثْلَ بَلَائِي، فَجَاءَنِي رَسُولُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَجِبْ،

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب بدر کا دن تھا تو میں ایک تلوار لے کر آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ تلوار مجھے ہبہ کر دیں! میرا سینہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔ آپ نے فرمایا: یہ نہ تیری ہے نہ میری ہے۔ میں نکلا تو میں کہہ رہا تھا کہ مجھے ایسی آزمائش دی جائے جو کسی کو نہ دی جائے۔ حضور ﷺ میرے پاس آئے اور آپ نے فرمایا: جواب دو! میں نے گمان کیا کہ میرے متعلق کوئی آیت نازل

730- مرّ تخريج الحديث برقم: 696 و 729 .

731- مرّ تخريج الحديث برقم: 719 .

فَظَنَنْتُ أَنَّهُ قَدْ نَزَلَ فِيَّ شَيْءٌ بِكَلَامِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكَ سَأَلْتَنِيهِ وَلَيْسَ هُوَ لِي، وَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ جَعَلَهُ لِي، فَهُوَ لَكَ

ہوئی ہے جو میں نے گفتگو کی تھی، حضور ﷺ نے فرمایا: جس وقت تُو نے مانگی تھی وہ میری نہیں تھی، بے شک اللہ نے مجھے دی ہے (میں) تجھے دیتا ہوں۔

732 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَلَفْتُ بِاللَّاتِ وَالْعُزَّى، وَالْعَهْدُ حَدِيثٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " قُلْتَ هُجْرًا، قُلْ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ ثَلَاثًا، وَاتْفِلْ عَنْ يَسَارِكَ ثَلَاثًا، وَتَعَوَّذْ مِنَ الشَّيْطَانِ وَلَا تَعُدْ"

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں ابھی نیا نیا اسلام لایا ہوں، میں نے لات وعزی کی قسم اٹھائی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو تین مرتبہ ''لا اله الا الله'' کہو، اور اپنے بائیں طرف تین مرتبہ تھوکو، اور شیطان سے پناہ مانگو آئندہ نہ کرنا۔

733 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ مِسْمَارٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ أَبَاهُ سَعْدًا كَانَ فِي إِبِلٍ لَهُ وَغَنَمٍ، فَجَاءَهُ ابْنُهُ عُمَرُ، فَلَمَّا رَآهُ قَالَ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ هَذَا الرَّاكِبِ، فَلَمَّا انْتَهَى إِلَيْهِ قَالَ: أَرَضِيتَ أَنْ تَكُونَ أَعْرَابِيًّا فِي إِبِلِكَ وَغَنَمِكَ، وَالنَّاسُ بِالْمَدِينَةِ يَتَنَازَعُونَ الْمُلْكَ؟ قَالَ: فَضَرَبَ صَدْرَهُ بِيَدِهِ وَقَالَ: يَا بُنَيَّ اسْكُتْ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ الْخَفِيَّ

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے باپ سعد رضی اللہ عنہ کے پاس بکریاں اور اونٹ تھے۔ ان کے پاس ان کے بیٹے حضرت عمر آئے۔ جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کو دیکھا، کہا میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اس سوار کے شر سے۔ جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے، عرض کی: کیا آپ خوش ہیں اس پر کہ اپنے اونٹوں اور بکریوں کے پاس دیہات میں رہیں، لوگ مدینہ میں جھگڑ رہے ہیں حکومت کے متعلق؟ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ان کے سینہ پر ہاتھ مارا اور فرمایا: اے بیٹے! خاموش رہو! میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل اس بندہ کو پسند کرتا ہے جو ڈرنے والا اور بے واہ اور چھپا ہوا ہو۔

732- أخرجه مسلم في الزهد . وأحمد جلد 1 صفحه 177,168 . وأبو نعيم في حلية الأولياء .

733- مرّ تخريج الحديث برقم: 698، وانظر رقم: 709 و 718 .

734 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: لَمَّا غَزَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوكَ خَلَّفَ عَلِيًّا بِالْمَدِينَةِ، فَقَالَ النَّاسُ: مَلَّهُ وَكَرِهَ صُحْبَتَهُ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ عَلِيًّا فَخَرَجَ حَتَّى لَحِقَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، خَلَّفْتَنِي بِالْمَدِينَةِ مَعَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ وَالذَّرَارِيِّ، حَتَّى قَالَ النَّاسُ: مَلَّهُ وَكَرِهَ صُحْبَتَهُ؟ فَقَالَ: يَا عَلِيُّ، إِنَّمَا خَلَّفْتُكَ عَلَى أَهْلِي، أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى، غَيْرَ أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک کے لیے گئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ شریف میں چھوڑ گئے۔ لوگوں نے کہا: اُکتا گیا ہے اور اس نے ساتھ جانے کو ناپسند کیا ہے۔ یہ بات حضرت علی رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ نکلے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ملے' عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے مدینہ میں عورتوں اور بچوں کے ساتھ چھوڑ گئے یہاں تک کہ لوگوں نے کہا: تھک گیا ہے اور اس نے ساتھ جانے کو ناپسند کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اے علی! میں نے تجھے اپنے گھروں میں پیچھے چھوڑا تھا' کیا تُو راضی نہیں کہ میرے ہاں تیرا مقام وہی ہو جو حضرت ہارون کا حضرت موسیٰ کے ہاں تھا' فرق یہ ہے کہ میرے بعد نبی نہیں ہے۔

830 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِنْ وَجَعٍ اشْتَدَّ بِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ بَلَغَ بِي مِنَ الْوَجَعِ مَا تَرَى، وَأَنَا ذُو مَالٍ وَلَا يَرِثُنِي اِلَّا ابْنَةٌ لِي، أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِي؟ قَالَ: لَا قُلْتُ: فَشَطْرُهُ، قَالَ: لَا ثُمَّ قَالَ: الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَبِيرٌ - أَوْ كَثِيرٌ - اِنَّكَ اِنْ تَذَرْ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ، وَاِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا أُجِرْتَ فِيهَا، حَتَّى مَا تَجْعَلُ فِي فِي امْرَأَتِكَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِي؟ فَقَالَ: اِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلًا صَالِحًا تَبْتَغِي بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا ازْدَدْتَ بِهِ دَرَجَةً وَرِفْعَةً، وَلَعَلَّكَ أَنْ تُخَلَّفَ حَتَّى يَنْفَعَ بِكَ أَقْوَامًا وَيُضَرَّ بِكَ آخَرِينَ، اللّٰهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِي هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلَى أَعْقَابِهِمْ، لٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ يَرْثِي لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اُن کی عیادت کے لیے مکہ میں آئے' وہ اس جگہ موت ناپسند کرتے تھے جہاں سے ہجرت کی گئی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل سعد بن عفراء پر رحم کرے! اس کی صرف ایک ہی بیٹی ہے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں کل مال کی وصیت کر دوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: آدھے مال کی کردوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: ایک تہائی کی؟ آپ نے فرمایا: تہائی بھی زیادہ ہے' اگر تُو اپنے وارثوں کو مال دار چھوڑے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھریں' جو تُو اس مال میں سے اُن پر خرچ کرے گا وہ بھی صدقہ ہے یہاں تک کہ وہ لقمہ جو تُو اپنی بیوی کے منہ میں ڈالے وہ بھی صدقہ ہے' یقیناً اللہ تجھے صحت دے گا' کچھ لوگ تجھ سے نفع لیں گے اور کچھ نقصان اُٹھائیں گے' اے اللہ! میرے صحابہ کی ہجرت پوری کر' اُن کو ایڑیوں کے بل نہ لوٹانا لیکن بے چارہ سعد بن خولہ' رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی موت پر اظہارِ افسوس کیا' جس سال وہ مکہ میں

829- مرّ تخريجه' انظر رقم: 803 .

830- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 193 . والترمذی فی المناقب' باب: مناقب عبد الرحمٰن بن عوف .

وَسَلَّمَ عَامَ مَاتَ بِمَكَّةَ

فوت ہوئے۔

مُسْنَدِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ

831 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " عَشَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ: أَبُو بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ، وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعِيدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرٍو فِي الْجَنَّةِ، وَأَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِي الْجَنَّةِ"

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس افراد جنتی ہیں (دنیا میں خوشخبری دے رہا ہوں جنت کی) ابوبکر رضی اللہ عنہ جنتی ہے، عمر رضی اللہ عنہ جنتی ہے، عثمان رضی اللہ عنہ جنتی ہے، علی رضی اللہ عنہ جنتی ہے، طلحہ رضی اللہ عنہ جنتی ہے، زبیر رضی اللہ عنہ جنتی ہے، عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ جنتی ہے، سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جنتی ہے، سعید بن عمر رضی اللہ عنہ جنتی ہے ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ جنتی ہے۔

832 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي عَوْنٍ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ: أَيْ خَالِ أَخْبِرْنِي عَنْ قِصَّتِكُمْ يَوْمَ بَدْرٍ، قَالَ: اقْرَأْ بَعْدَ الْعِشْرِينَ وَالْمِئَةِ مِنْ آلِ عِمْرَانَ تَجِدْ قِصَّتَنَا : (وَإِذْ غَدَوْتَ مِنْ

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے عرض کی: اے میرے خالو! مجھے آپ رضی اللہ عنہ بدر کا قصہ بیان کریں؟ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سورہ آل عمران ۱۲۰ویں آیت کے بعد پڑھ لو تم ہمارے بدر کا قصہ پاؤ گے "اور یاد فرمائیں اے پیارے نبی! جب آپ اپنے گھر والوں

831- أخرجه الواحدي في أسباب النزول ۔ وعزاه السيوطي في الدر المنثور الى ابن المنذر' وابن أبي حاتم ۔

832- أخرجه البخاري في الطب' باب: ما يذكر في الطاعون' وفي الحيل باب: ما يكره في الاحتيال في الفرار من الطاعون ۔ ومسلم في السلام' باب: الطاعون والطيرة والكهانة ۔ وأحمد جلد 1 صفحه 194,192 ۔ ومالك في الجامع و رقم الحديث: 24' باب: ما جاء في الطاعون ۔

أَهْلِكَ تَبَوِّءُ الْمُؤْمِنِينَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ) (آل عمران: 121) إِلَى قَوْلِهِ (إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلَا) (آل عمران: 122) قَالَ: هُمُ الَّذِينَ طَلَبُوا الْأَمَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، إِلَى قَوْلِهِ (وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَلْقَوْهُ فَقَدْ رَأَيْتُمُوهُ وَأَنْتُمْ تَنْظُرُونَ) (آل عمران: 143) قَالَ: فَهُوَ تَمَنِّي لِقَاءِ الْمُؤْمِنِينَ، إِلَى قَوْلِهِ (إِذْ تَحُسُّونَهُمْ بِإِذْنِهِ) (آل عمران: 152)

کے پاس سے باہر نکلے تاکہ آپ مؤمنوں کو جہاد کے لیے مورچوں پر مقرر فرما دیں' اللہ سننے والا جاننے والا ہے' جب تم میں سے دو گروہوں نے ارادہ کیا کہ بزدلی دکھائیں اور اللہ اُن کا مددگار ہے' وہ لوگ جنہوں نے مشرکین سے امن طلب کیا' بے شک تم موت کی تمنا کرتے ہو اس سے ملنے سے پہلے' بے شک تم اس کو دیکھ رہے تھے' وہ ملاقات کی تمنا ایمان والے کر رہے تھے''۔

833 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، خَرَجَ إِلَى الشَّامِ حَتَّى إِذَا كَانَ بِسَرْغٍ لَقِيَهُ أُمَرَاءُ الْأَجْنَادِ: أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ وَأَصْحَابُهُ، فَأَخْبَرُوهُ أَنَّ الْوَبَاءَ قَدْ وَقَعَ بِالشَّامِ، فَقَالَ عُمَرُ: ادْعُوا لِي الْمُهَاجِرِينَ الْأَوَّلِينَ، فَدَعُوا لَهُ، فَاسْتَشَارَهُمْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: خَرَجْتَ لِأَمْرٍ وَلَا نَرَى أَنْ تَرْجِعَ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: مَعَكَ بَقِيَّةُ النَّاسِ وَأَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا نَرَى أَنْ تُقْدِمَهُمْ عَلَى هَذَا الْوَبَاءِ، فَقَالَ لَهُمْ: ارْتَفِعُوا عَنِّي، ثُمَّ قَالَ: ادْعُوا لِيَ الْأَنْصَارَ، فَدَعُوا لَهُ، فَاسْتَشَارَهُمْ، فَسَلَكُوا سَبِيلَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ملک شام کی طرف تشریف لے چلے' جب مقام سرغ پر پہنچے۔ لشکر کے امراء حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملاقات کے لیے آئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بتایا کہ ملک شام میں ایک وبا پھیل گئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے پاس مہاجرین اول کو بلاؤ۔ ان کو آپ رضی اللہ عنہ کے پاس بلوایا گیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے ان سے مشورہ لیا، بعض کہنے لگے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم جس اہم کام کیلئے نکلے ہیں' ہماری رائے یہ ہے کہ آپ واپس نہ لوٹیں۔ بعض کہنے لگے: آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ بقیہ لوگ ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب رضی اللہ عنہم ہیں ہم خیال نہیں کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ ان کو لے کر آگے اس وباء پر جائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو فرمایا: میرے پاس سے اٹھ جاؤ۔ پھر

833- أخرجه البخاري في الخمس'باب: فرض الخمس . ومسلم في الجهاد' باب: حكم الفيء . وأحمد جلد 1 صفحه 191,179,164 . والترمذي في السير'باب: ما جاء في تركة رسول الله صلى الله عليه وسلم . وأبو داؤد في الخراج والامارة' باب: في تدوين العطاء . والبيهقي في السنن .

الْمُهَاجِرِينَ وَاخْتَلَفُوا كَاخْتِلَافِهِمْ، قَالَ: قُومُوا عَنِّي، ثُمَّ قَالَ: ادْعُوا لِي مَنْ كَانَ هَاهُنَا مِنْ مَشْيَخَةِ قُرَيْشٍ، مِنْ مُهَاجِرَةِ الْفَتْحِ، فَدَعُوا لَهُ، فَاسْتَشَارَهُمْ فَلَمْ يَخْتَلِفْ عَلَيْهِ رَجُلَانِ، فَقَالُوا: نَرَى أَنْ تَرْجِعَ بِالنَّاسِ وَلَا تُقْدِمَهُمْ عَلَى هَذَا الْوَبَاءِ، فَنَادَى عُمَرُ: إِنِّي مُصْبِحٌ عَلَى ظَهْرٍ، فَاجْتَمَعُوا عَلَيْهِ، فَقَالَ أَبُو عُبَيْدَةَ: أَفِرَارًا مِنْ قَدَرِ اللَّهِ؟ قَالَ: لَوْ غَيْرُكَ قَالَهَا يَا أَبَا عُبَيْدَةَ، نَعَمْ فِرَارًا مِنْ قَدَرِ اللَّهِ إِلَى قَدَرِ اللَّهِ، أَرَأَيْتَ لَوْ كَانَتْ لَكَ إِبِلٌ فَهَبَطْتَ وَادِيًا ذَا عُدْوَتَيْنِ إِحْدَاهُمَا خَصِبَةٌ وَالْأُخْرَى جَدْبَةٌ، أَلَيْسَ إِذَا رَعَيْتَ الْخَصْبَةَ رَعَيْتَهَا بِقَدَرِ اللَّهِ، وَإِنْ رَعَيْتَ الْجَدْبَةَ رَعَيْتَهَا بِقَدَرِ اللَّهِ؟ فَجَاءَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ وَكَانَ مُتَغَيِّبًا فِي بَعْضِ حَاجَتِهِ فَقَالَ: إِنَّ عِنْدِي مِنْ هَذَا عِلْمًا، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ فَحَمِدَ اللَّهَ عُمَرُ ثُمَّ انْصَرَفَ

فرمایا: انصار کو بلواؤ، ان کو بلوایا گیا۔ ان سے مشورہ لیا‘ انہوں نے مہاجرین والا طریقہ اختیار کیا۔ انہیں کی طرح اختلاف کیا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم بھی اٹھ جاؤ، میرے پاس سے۔ پھر فرمایا: میرے پاس بلا کر لاؤ جو یہاں پر قریش کا کوئی بزرگ ہو۔ مہاجرین فتح مکہ سے ان کو بلوایا گیا۔ ان سے مشورہ لیا۔ ان دو آدمیوں نے اختلاف نہیں کیا۔ کہا کہ ہماری رائے یہ ہے کہ لوگوں کو واپس لے جائیں اور اس وبا والے علاقے میں نہ جائیں۔ حضرت عمر نے آواز دی: بے شک میں صبح کرنے والا ہوں اپنی سواری پر۔ میرے پاس جمع ہو جاؤ‘ حضرت ابوعبیدہ نے فرمایا: کیا آپ اللہ کی تقدیر سے بھاگنا چاہتے ہیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کاش آپ کے علاوہ کسی نے یہ بات کی ہوتی‘ اے ابوعبیدہ! جی ہاں! میں اللہ کی تقدیر سے بھاگ کر اللہ کی تقدیر کی طرف جا رہا ہوں‘ آپ بتائیں! اگر آپ کے لیے اونٹ ہوں اور آپ ایک ایسی وادی میں اُتریں کہ وہاں آپ کے دو دشمن ہوں‘ ایک خصبہ دوسرا جدبہ‘ کیا آپ خصبہ کی رعایت کریں گے تو اللہ کی تقدیر کی رعایت نہیں کریں گے‘ اگر آپ جدبہ کی رعایت کریں گے تو اللہ کی تقدیر کی رعایت نہیں کریں گے؟ حضرت عبدالرحمٰن تشریف لائے‘ آپ کسی کام کی وجہ سے اس وقت غائب تھے‘ عرض کی: میرے پاس علم ہے! میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب سنو کہ کسی ملک میں وباء آئی ہے تو وہاں نہ جاؤ‘ جب سنو کہ وہاں وباء موجود ہے اور تم وہاں ہو تو

وہاں سے نہ بھاگو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ کی تعریف کی (شکرادا کیا) پھر واپس چلے گئے۔

834 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، نَشَدَ رَهْطًا وَفِيهِمْ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ: أَنْشُدُكُمْ بِاللَّهِ الَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ، هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ

حضرت مالک بن اوس بن حدثان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک گروہ سے قسم لی، ان میں عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ بھی تھے، فرمایا: میں تم سے اللہ کی قسم لیتا ہوں جس کے حکم سے زمین و آسمان قائم ہیں، کیا تم جانتے ہو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہم اپنے مال کا کسی کو وارث نہیں بناتے ہیں، جو ہم چھوڑ جائیں وہ صدقہ ہوتا ہے؟ ان سب نے عرض کی: جی ہاں! سنا ہے۔

835 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي مَكْحُولٌ، عَنْ كُرَيْبٍ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَلَسْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ لِي: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، هَلْ سَمِعْتَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا أَمَرَ بِهِ الْمُسْلِمَ إِذَا سَهَا فِي صَلَاتِهِ، كَيْفَ يَصْنَعُ؟ قَالَ: فَقُلْتُ: لَا وَاللَّهِ، أَوَمَا سَمِعْتَ أَنْتَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَلِكَ شَيْئًا؟ قَالَ: فَقَالَ: لَا وَاللَّهِ، فَبَيْنَمَا نَحْنُ فِي ذَلِكَ أَتَى عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا، مجھے فرمایا: اے ابن عباس! کیا آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ کوئی مسئلہ اس کے متعلق کہ جب کوئی مسلمان نماز میں بھول جائے تو وہ کیا کرے؟ میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! نہیں۔ کیا امیر المومنین آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق کچھ سنا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! نہیں۔ ہم اسی حالت میں تھے کہ حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ حضرت عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ نے عرض کی دونوں کس مسئلہ میں گفتگو کر رہے ہیں؟ حضرت

-834 أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 190 . والترمذى فى الصلاة' باب: ما جاء فى الرجل يصلى فيشك فى الزيادة والنقص . وابن ماجه فى الاقامة' باب: ما جاء فيمن شك فى صلاته فرجع الى اليقين . وعبد الله بن أحمد فى زوائده على المسند . وصححه الحاكم فى المستدرك جلد 1 صفحه 324-325 .

-835 أخرجه البخارى فى الأدب المفرد . وأحمد جلد 1 صفحه 194 . وأبو داؤد فى الزكاة' باب: فى صلة الرحم' و رقم الحديث: 1695 . والحميدى برقم . والحاكم فى المستدرك جلد 4 صفحه 157' وجلد 4 صفحه 158 .

عَوْفٍ فَقَالَ: فِيمَ أَنْتُمَا؟ قَالَ: فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: سَأَلْتُهُ، فَأَخْبَرَهُ عَمَّا سَأَلَهُ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: لَكِنِّي قَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: فَأَنْتَ عِنْدَنَا عَدْلٌ، فَمَاذَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا سَهَا أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ حَتَّى لَا يَدْرِي أَزَادَ أَمْ نَقَصَ، فَإِنْ كَانَ شَكَّ فِي الْوَاحِدَةِ وَالثِّنْتَيْنِ فَلْيَجْعَلْهَا وَاحِدَةً، وَإِذَا شَكَّ فِي الثِّنْتَيْنِ أَوِ الثَّلَاثَةِ فَلْيَجْعَلْهَا ثِنْتَيْنِ، وَإِذَا شَكَّ فِي الثَّلَاثَةِ وَالْأَرْبَعِ فَلْيَجْعَلْهَا ثَلَاثًا حَتَّى يَكُونَ الْوَهْمُ فِي الزِّيَادَةِ، ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ قَبْلَ أَنْ يُسَلِّمَ، ثُمَّ يُسَلِّمُ

عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ان سے پوچھیں اور مجھے بتائیں جو یہ کہیں۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا حکم دیتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ ہمارے نزدیک عادل ہیں، آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا سنا ہے؟ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں کوئی نماز میں بھول جائے وہ نہیں جانتا ہے کہ زیادہ ہوگئی یا کم، اگر ایک اور دو میں شک ہوگیا ہے وہ ایک پر بنا کرے۔ جب دو یا تین میں شک ہوا وہ دو پر بنا کرے جب تین اور چار میں شک ہوا تو تین پر بنا کرے یہاں تک کہ وہم زیادہ ہو جائے پھر دو سجدے کرے بیٹھنے کی حالت میں سلام سے پہلے پھر اس کے بعد سلام پھیرے۔

836 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا الرَّدَّادِ اشْتَكَى، فَعَادَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، فَقَالَ: خَيْرُهُمْ وَأَوْصَلُهُمْ أَبُو مُحَمَّدٍ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " قَالَ اللَّهُ: أَنَا اللَّهُ وَأَنَا الرَّحْمَنُ، وَهِيَ الرَّحِمُ، خَلَقْتُ الرَّحِمَ وَاشْتَقَقْتُ لَهَا مِنِ اسْمِي، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا قَطَعْتُهُ، أَوْ بَتَتُّهُ"

حضرت ابو مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابو الدرداء رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ ان کی عیادت کے لیے گئے، فرمایا: ان میں بہتر اور سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والا ابو محمد ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اللہ ہوں، میں رحمٰن ہوں، یہ رحم ہے، میں نے رحم کو پیدا کیا ہے میں نے اپنے نام سے اس کو مشتق کیا ہے، جو اس کو جوڑے گا میں اس کو جوڑوں گا جو اس کو توڑے گا میں اس کو توڑوں

836- أخرجه أحمد جلد1صفحه 194,191 . وصححه الحاكم في المستدرك جلد4صفحه157 .

گا۔

837 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَارِظٍ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ يَعُودُهُ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: وَصَلَتْكَ رَحِمٌ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَالَ اللَّهُ: أَنَا الرَّحْمَنُ وَهِيَ الرَّحِمُ، شَقَقْتُ لَهَا مِنَ اسْمِي، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا قَطَعْتُهُ" ، أَوْ قَالَ: بَتَّهَا أَبُتَّهُ

حضرت ابراہیم بن عبداللہ بن قارظ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لیے گئے، فرمایا: ان سے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ سے صلہ رحمی ہوئی' میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں رحمٰن ہوں، یہ رحم ہے، میں نے رحم کو پیدا کیا ہے میں نے اپنے نام سے اس کو مشتق کیا ہے، جو اس کو جوڑے گا میں اس کو جوڑوں گا جو اس کو توڑے گا میں اس کو توڑوں گا۔

838 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ قَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ وَهُوَ يَحْدُو عَلَيْهِ خُفَّانِ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: مَا أَدْرِي أَيُّهُمَا أَعْجَبُ: حُدَاؤُكَ حَوْلَ الْبَيْتِ أَوْ طَوَافُكَ فِي خُفَّيْكَ؟ قَالَ: قَدْ فَعَلْتُ هَذَا عَلَى عَهْدِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ: رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَعِبْ ذَلِكَ عَلَيَّ

حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیع رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو دیکھا خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے۔ آپ رضی اللہ عنہ گنگنا رہے تھے' پاؤں پر موزوں تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: میں نہیں جانتا ہوں، کون سا پسند ہے؟ بیت اللہ کے اردگرد آپ کا حدی گانا یا یہ کہ آپ رضی اللہ عنہ طواف کے دوران موزے پہنے ہوئے ہیں۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے یہ آپ سے بہتر کے زمانہ میں پہنا یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ پر کوئی عیب نہیں لگایا تھا۔

839 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ مَرَّ عَلَى عَبْدِ

حضرت عبد اللہ بن عامر بن ربیعہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو دیکھا خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے۔

839- أخرجه أحمد جلد1صفحه190 . وعزاه الهيثمي أيضًا في مجمع الزوائد'باب: ما جاء في الحلف الى البزار .

الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ وَهُوَ يَحْذُو وَعَلَيْهِ خُفَّانِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِي أَطْوَافُكَ فِي خُفَّيْكَ أَعْجَبُ أَمْ حُذَاؤُكَ حَوْلَ الْبَيْتِ؟ قَالَ: " قَدْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ عَلَى عَهْدِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ: رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "

آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے پاؤں کو موزوں سے گھیرے ہوئے تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان کو میں نہیں جانتا ہوں، کون سا پسند ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ طواف کے دوران موزے پہنے ہوئے ہیں۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے یہ آپ سے بہتر کے زمانہ میں پہنا یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں۔

840 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَهِدْتُ وَأَنَا غُلَامٌ حِلْفًا مَعَ عُمُومَتِي الْمُطَيَّبِينَ، فَمَا أُحِبُّ أَنَّ لِي حُمْرَ النَّعَمِ وَأَنِّي أَنْكُثُهُ

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور ایک غلام حاضر تھے، مطیبین کی دو پھوپھیوں کے ساتھ۔ مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ پسند تھا کہ میں اس کو توڑو۔

841 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَهِدْتُ غُلَامًا مَعَ عُمُومَتِي حَلَفَ الْمُطَيَّبِينَ، فَمَا أُحِبُّ أَنَّ لِي حُمْرَ النَّعَمِ وَأَنِّي أَنْكُثُهُ ،

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور ایک غلام حاضر تھے، عمومتی کے ساتھ۔ مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ پسند تھا کہ میں اس کو توڑوں۔

842 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ،

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور ایک غلام حاضر تھے، عمومتی المطین کے ساتھ۔ پس اس کے بعد اس جیسی حدیث

840- أخرجه أحمد جلد1صفحه190 . وعزاه الهيثمي أيضًا في مجمع الزوائد'باب: ما جاء في الحلف الى البزار .

841- أخرجه أحمد جلد1صفحه193 .

842- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد الى المصنف . وقارن بالحديث رقم: 858 .

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَهِدْتُ مَعَ عُمُومَتِي، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

بیان کی۔

843 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي سَنْدَرٍ الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ مَوْلًى لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: كُنْتُ قَائِمًا فِي رَحَبَةِ الْمَسْجِدِ، فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَارِجًا مِنَ الْبَابِ الَّذِي يَلِي الْمَقْبُرَةَ، فَلَبِثْتُ شَيْئًا ثُمَّ خَرَجْتُ عَلَى إِثْرِهِ، فَوَجَدْتُهُ قَدْ دَخَلَ حَائِطًا مِنَ الْأَسْوَافِ، فَتَوَضَّأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، فَسَجَدَ سَجْدَةً فَأَطَالَ السُّجُودَ فِيهَا، فَلَمَّا تَشَهَّدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَادَأْتُ لَهُ، فَقُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، سَجَدْتَ سَجْدَةً أَشْفَقْتُ أَنْ يَكُونَ اللّٰهُ قَدْ تَوَفَّاكَ مِنْ طُولِهَا؟ قَالَ: إِنَّ جِبْرِيلَ بَشَّرَنِي أَنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَمَنْ سَلَّمَ عَلَيَّ سَلَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد کے ایک چبوترے میں کھڑا تھا میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس دروازہ سے باہر نکلے جو جنت البقیع کے قریب تھا۔ میں کچھ دیر ٹھہرا پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نکلا، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسواف کے باغ میں داخل ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا پھر دو رکعتیں پڑھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا بہت لمبا سجدہ کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے التحیات پڑھ کر سلام پھیرا میں جلدی سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں مجھے خوف ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لمبا سجدہ کرنے کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم وصال فرما گئے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جبرائیل علیہ السلام مجھے خوشخبری دے گئے ہیں جو مجھ پر دُرود شریف پڑھتا ہے اللہ عزوجل اس پر اپنی رحمت اور سلامتی بھیجتا ہے۔

844 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن اپنے والد عبدالرحمٰن بن عوف سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ملک شام کی طرف نکلے آپ نے طاعون

843- مرّ تخريجه' انظر رقم: **837** .

844- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **193** وجلد **4** صفحه **230-231** . ومسلم في البر' باب: استحباب العفو والتواضع . والترمذي في البر' باب: ما جاء في التواضع' وفي الزهد . وابن ماجه في الزهد' باب: النية . والبزار باب: ما نقص مال من صدقة .

الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حِينَ خَرَجَ إِلَى الشَّامِ فَسَمِعَ بِالطَّاعُونِ، فَتَكَرْكَرَ عَنْ ذَلِكَ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ قَدْ وَقَعَ بِأَرْضٍ فَلَا تَدْخُلُوا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ وَأَنْتُمْ بِأَرْضٍ فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ، فَرَجَعَ عُمَرُ، عَنْ حَدِيثِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ

کے متعلق سنا کہ وہاں طاعون آیا ہوا ہے' آپ نے اس کے متعلق تردّد کیا' آپ سے عبدالرحمٰن نے عرض کی: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم ایسے شہر کے متعلق سنو کہ وہاں طاعون آیا ہے تو وہاں داخل نہ ہوں' جب وہاں واقع ہو جہاں تم ہو تو وہاں سے نہ بھاگو۔ حضرت عمر ﷺ حضرت عبدالرحمٰن سے مروی حدیث سن کر واپس چلے گئے۔

845 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، وَمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: حَدَّثَنِي قَاضِي أَهْلِ فِلَسْطِينَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " ثَلَاثٌ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ إِنْ كُنْتُ لَحَالِفًا عَلَيْهِنَّ: لَا يَنْقُصُ مَالٌ مِنْ صَدَقَةٍ فَتَصَدَّقُوا، وَلَا يَعْفُو رَجُلٌ عَنْ مَظْلِمَةٍ يُرِيدُ بِهَا وَجْهَ اللَّهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللَّهُ بِهَا عِزًّا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يَفْتَحُ رَجُلٌ عَلَى نَفْسِهِ بَابَ مَسْأَلَةٍ إِلَّا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین (کام کرنے سے ہر چیز میں اضافہ ہوتا ہے) اس کی ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ میں ان پر قسم اُٹھا سکتا ہوں (۱) صدقہ دینے سے مال کم نہیں ہوتا ہے، پس صدقہ دیا کرو۔ (۲) مظلوم آدمی کو معاف کرنا اللہ کی رضا کے لیے، اس کے ساتھ اللہ قیامت کے دن اس کی عزت میں اضافہ کرے گا۔ (۳) جو بندہ اپنے اوپر مانگنے کا دروازہ کھولتا ہے اللہ اس کے لیے محتاجی کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

846 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ قَاضِي أَهْلِ فِلَسْطِينَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا' اس کے بعد حسبِ سابق حدیث ہے۔

846- أخرجه أبو داؤد في اللباس'باب: في العمائم .

847 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُثْمَانَ الْغَطَفَانِيُّ، حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ خَرَّبُوذَ، عَنْ شَيْخٍ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: عَمَّمَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرْسَلَهَا مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عمامہ شریف باندھا اس کا ایک حصہ میرے آگے اور پیچھے چھوڑا۔

848 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ زَيْدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ نُفَيْلٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُرْفَعُ زِينَةُ الدُّنْيَا سَنَةَ خَمْسٍ وَعِشْرِينَ وَمِائَةٍ

حضرت ابی سلمہ بن عبد الرحمٰن عوف رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا کی زینت ایک سو پچیس سال تک بلند ہوگی۔

849 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّهُ شَهِدَ ذَلِكَ حِينَ أَعْطَى عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا جَهَّزَ بِهِ جَيْشَ الْعُسْرَةِ، وَجَاءَ بِسَبْعِ مِائَةِ أُوقِيَّةِ ذَهَبٍ

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ اس بات کے گواہ ہیں جس وقت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے غزوہ تبوک کے لیے سامان تیار کیا رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو دینے کے لیے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سات اوقیہ سونا لے کر آئے تھے۔

847- عزاه الهيثمي أيضًا في مجمع الزوائد الى البزار .

848- عزاه الهيثمي أيضًا في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 85 الى الطبراني في الأوسط .

849- أخرجه البخاري في الوضوء' باب: الرجل يوضيء صاحبه . ومسلم في الطهارة' باب: المسح على الناصية والعمامة . وأحمد جلد 1 صفحه 192 . وأحمد جلد 1 صفحه 192 . والترمذي في الطهارة . والنسائي في الطهارة . وأبو داؤد في الطهارة' باب: المسح على الخفين . وابن ماجه .

850 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ أَبُو سَعِيدٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ،" أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا انْتَهَى إِلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ وَهُوَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ أَرَادَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ أَنْ يَتَأَخَّرَ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ مَكَانَكَ، فَصَلَّى، وَصَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَلَاةِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ"

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اس حالت میں کہ حضرت عبدالرحمٰن لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے۔ حضرت عبدالرحمٰن نے پیچھے ہونے کا ارادہ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اپنی جگہ ٹھہرے رہیں نماز پڑھیں۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔

851 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:" رَأَيْتُهُ يَسْجُدُ فِي (إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ) (الانشقاق: 1) عَشْرَ مِرَارٍ"

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے دیکھا اذا السماء انشقت میں سجدہ کرتے ہوئے دس مرتبہ۔

852 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقِ بْنِ أَسْمَاءَ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: تَذَاكَرَ هُوَ وَعُمَرُ الصَّلَاةَ، قَالَ: فَمَرَّ بِنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فَقَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكُمْ بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھا نماز کے بارے مذاکرہ کر رہا تھا، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا میں تمہیں حدیث نہ بیان کروں جو میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، فرمانے لگے: اللہ کی گواہی کے ساتھ ملا کر میں گواہی دیتا ہوں،

-850 أخرجه البخارى فى الأذان، باب: الجهر بالعشاء ۔ ومسلم فى المساجد، باب: سجود التلاوة ۔ والترمذى فى الصلاة، باب: فى السجدة فى (اقرأ باسم ربك الذى خلق) و (اذا السماء انشقت) ۔ والنسائى فى الافتتاح، باب: السجود فى (اذا السماء انشقت) ۔ وابن ماجه فى الاقامة، باب: عدد سجود القرآن ۔

-851 أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 195 ۔

-852 عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد الى المصنف ۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ يَقُولُ: فَأَشْهَدُ بِشَهَادَةِ اللّٰهِ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ فَكَانَ فِي الشَّكِّ مِنَ النُّقْصَانِ فِي صَلَاتِهِ فَلْيُصَلِّ حَتَّى يَكُونَ فِي الشَّكِّ مِنَ الزِّيَادَةِ

ضرور میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم میں سے کوئی ایک نماز پڑھے پس وہ اپنی نماز میں کمی کے لحاظ سے شک میں ہوتو اسے چاہیے کہ وہ نماز ادا کرے یہاں تک کہ اسے یہ شک گزرنے لگے کہ اس سے زیادہ نماز پڑھ لی ہے۔

853 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرُّومِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْخَلِيلَ بْنَ مُرَّةَ يُحَدِّثُ، عَنْ مُبَشِّرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ سَبْعِينَ دَرَجَةً، مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عالم کی فضیلت عابد پر ستائیس درجہ زیادہ ہے، ہر دو درجوں کے درمیان فاصلہ زمین اور آسمان کے درمیان جتنا ہے۔

854 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: انْطَلَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَلَبِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَدَعَاهُ فَخَرَجَ الْأَنْصَارِيُّ مِنْ بَيْتِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَأْسُهُ يَقْطُرُ مَاءً، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِرَأْسِكَ؟، قَالَ: دَعَوْتَنِي وَأَنَا مَعَ أَهْلِي فَخِفْتُ أَنْ أَحْتَبِسَ عَلَيْكَ فَعَجِلْتُ، فَقُمْتُ فَصَبَبْتُ عَلَيَّ الْمَاءَ، ثُمَّ خَرَجْتُ

حضرت ابی سلمہ بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ انصار کے ایک آدمی کی تلاش میں چلے، آپ ﷺ نے اس کو بلوایا، انصاری نکلا' اپنے گھر سے رسول اللہ ﷺ کی طرف آیا' اس کے سر سے پانی کے قطرے گر رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے سر سے کیا ٹپک رہا ہے؟ اس نے عرض کی: آپ ﷺ سے مجھے بلوایا تو میں اپنی بیوی کے پاس تھا، میں نے خوف کیا اگر اس کے پاس رکا رہا' میں نے جلدی کی، میں کھڑا ہوا اپنے اوپر پانی ڈالا پھر میں نکلا۔

853- أخرجه البخاري في الوضوء' باب: من لم ير الوضوء الامن المخرجين . ومسلم في الحيض . وأحمد جلد 3 صفحه 36,21 . وابن ماجه في الطهارة' باب: الماء من الماء . والبيهقي في السنن . والبزار باب: الماء من الماء . والطحاوي في شرح معاني الآثار جلد 1 صفحه 54 . وصححه ابن خزيمة .

854- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 191 .

فَقَالَ: هَلْ كُنْتَ أَنْزَلْتَ؟، قَالَ: لَا، قَالَ: إِذَا فَعَلْتَ ذَلِكَ فَلَا تَغْتَسِلَنَّ، اغْسِلْ مَا مَسَّ الْمَرْأَةَ مِنْكَ وَتَوَضَّأْ وُضُوءَكَ لِلصَّلَاةِ، فَإِنَّ الْمَاءَ مِنَ الْمَاءِ

حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تجھے انزال ہوا تھا؟ اس نے عرض کی: نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تو ایسے کرے تو غسل نہ کیا کرو، جو عورت کے ساتھ مَس ہوا اس کو دھو لیا کر اور نماز جیسا وضو کر لیا کر بے شک پانی پانی سے ہے۔

855 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: كَانَ لَا يُفَارِقُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَّا خَمْسَةٌ أَوْ أَرْبَعَةٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَا يَنُوبُهُ مِنْ حَوَائِجِهِ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، قَالَ: فَجِئْتُهُ وَقَدْ خَرَجَ، فَاتَّبَعْتُهُ فَدَخَلَ حَائِطًا مِنْ حِيطَانِ الْأَسْوَافِ، فَصَلَّى فَسَجَدَ فَأَطَالَ السُّجُودَ، وَقُلْتُ: قَبَضَ اللّٰهُ رُوحَهُ، قَالَ: فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَدَعَانِي، فَقَالَ: مَا لَكَ؟، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَطَلْتَ السُّجُودَ قُلْتُ: قَبَضَ اللّٰهُ رَوْحَ رَسُولِهِ لَا أَرَاهُ أَبَدًا، قَالَ: سَجَدْتُ شُكْرًا لِرَبِّي فِيمَا أَبْلَانِي فِي أُمَّتِي، مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً مِنْ أُمَّتِي كُتِبَ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَمُحِيَ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ

حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ ہم میں سے پانچ یا چار حضور ﷺ کے اصحاب آپ سے جدا نہیں ہوتے تھے جب آپ رات یا دن کو کسی ضرورت کے لیے جاتے' کہتے ہیں: ایک بار میں آیا تو آپ نکل گئے تھے آپ اسواف کے باغ میں داخل ہوئے' آپ نے نماز پڑھی اور سجدہ کیا' آپ نے لمبا سجدہ کیا' میں نے دل میں خیال کیا کہ اللہ نے آپ کی روح لے لی ہے' آپ نے سجدہ سے سر اُٹھایا' مجھے بلوایا' آپ نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے لمبا سجدہ کیا' میں نے دل میں خیال کیا کہ اللہ نے اپنے رسول کی روح لے لی ہے' میں آپ کو ہمیشہ نہیں دیکھ سکوں گا۔ آپ نے فرمایا: میں نے اپنے رب کے لیے سجدۂ شکر کیا اُس میں جو اللہ نے مجھے انعام دیا میری اُمت کے حوالہ سے کہ جو میری اُمت سے مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا تو اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دی جائیں گی اور دس گناہ معاف کیے جائیں گے۔

856 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

855- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد الى المصنف .

856- أخرجه أحمد جلد 1صفحه194,191,190 . والترمذي في السير' باب: ما جاء أخذ الجزية من المجوس . وأبو داؤد في الامارة والخراج والفيء' باب: من أخذ الجزية من المجوس . والبيهقي في السنن . والشافعي في

عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ طَلْحَةَ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: لَمَّا افْتَتَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ انْصَرَفَ إِلَى الطَّائِفِ، فَحَاصَرَهَا تِسْعَ عَشْرَةَ، أَوْ ثَمَانَ عَشْرَةَ لَمْ يَفْتَتِحْهَا، ثُمَّ أَوْغَلَ رَوْحَةً أَوْ غُدْوَةً، ثُمَّ نَزَلَ، ثُمَّ هَجَرَ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ، وَأُوصِيكُمْ بِعِتْرَتِي خَيْرًا، وَإِنَّ مَوْعِدَكُمُ الْحَوْضُ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ أَوْ لَأَبْعَثَنَّ إِلَيْهِمْ رَجُلًا مِنِّي - أَوْ كَنَفْسِي - فَلَيَضْرِبَنَّ أَعْنَاقَ مُقَاتِلَتِهِمْ وَلَيَسْبِيَنَّ ذَرَارِيهِمْ، قَالَ: فَرَأَى النَّاسُ أَنَّهُ أَبُو بَكْرٍ أَوْ عُمَرُ فَأَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ فَقَالَ: هَذَا هُوَ

جب مکہ فتح ہوا۔ طائف کی طرف چلے گئے، اس کا محاصرہ سترہ یا اٹھارہ دن کیا' فتح نہ ہو سکا' پھر صبح یا شام' پھر اتر آئے پھر اس کو چھوڑ دیا۔ فرمایا: اے لوگو! میں تمہارا حوضِ کوثر پر انتظار کروں گا' میں تمہیں اپنی اولاد کے متعلق اچھی وصیت کرتا ہوں' بے شک تم سے حوض کا وعدہ کرتا ہوں' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تم نماز قائم کرو' زکوٰۃ ادا کرو' اُن کی طرف سے اپنی طرف سے ایک آدمی یا میری طرف سے بھیجوں گا وہ اُن کی گردنیں اُڑا دے گا' ان کے بچوں کو قیدی کرے گا' لوگوں نے خیال کیا کہ حضرت ابوبکر یا عمر ہوں گے' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کا ہاتھ پکڑا' فرمایا: یہ وہ ہے۔

857 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ بَجَالَةَ قَالَ: " كُنْتُ كَاتِبًا لِجَزْءِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَمِّ الْأَحْنَفِ، فَأَتَانَا كِتَابُ عُمَرَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِسَنَةٍ يَقُولُ: اقْتُلُوا كُلَّ سَاحِرٍ، وَفَرِّقُوا بَيْنَ كُلِّ ذِي مَحْرَمٍ مِنَ الْمَجُوسِ، وَانْهَوْهُمْ عَنِ الزَّمْزَمَةِ، فَقَتَلْنَا ثَلَاثَ سَوَاحِرَ، وَجَعَلْنَا نُفَرِّقُ بَيْنَ الرَّجُلِ وَحَرِيمَتِهِ فِي كِتَابِ اللّٰهِ، وَصَنَعَ طَعَامًا كَثِيرًا، وَدَعَا الْمَجُوسَ وَعَرَضَ السَّيْفَ عَلَى فَخِذِهِ، وَأَلْقَوْا وِقْرَ بَغْلٍ أَوْ بَغْلَيْنِ مِنْ وَرِقٍ، وَأَكَلُوا

حضرت بجالہ فرماتے ہیں کہ احنف کے چچا جزء بن معاویہ کا کاتب تھا۔ ہمارے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ایک خط آیا ان کے وصال سے ایک سال پہلے۔ اس میں لکھا ہوا تھا ہر جادوگر کو قتل کرو۔ الگ کر دو ہر ذی محرم کو مجوسی سے' ان کو زمزمہ سے نکال دو۔ ہم نے تین جادوگر قتل کیے' اللہ کتاب کی روشنی میں محرم بیوی اور مرد کے درمیان تفریق کا عمل شروع کر دیا۔ بہت زیادہ کھانا تیار کیا گیا۔ مجوسیوں کو بلوایا گیا۔ تلوار اپنی ران پر رکھی ایک یا دو خچروں کے برابر وزن چاندی لا کر ڈھیر کر دی۔

الرسالة ۔ وأبو داؤد الطيالسي ۔

857- أخرجه البخاري في الجزية والموادعة رقم الحديث: **3156**' باب: الجزية والموادعة مع أهل الذمة والحرب ۔ وأبو داؤد في الخراج والامارة والفيء' باب: في أخذ الجزية من المجوس ۔

بِغَيْرِ زَمْزَمَةٍ، وَلَمْ يَكُنْ عُمَرُ أَخَذَ الْجِزْيَةَ مِنَ الْمَجُوسِ حَتَّى أَخْبَرَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَهَا مِنْ مَجُوسِ هَجَرَ"

اُنہوں نے کھایا بغیر چمچے کے' مجوسی سے چاندی حضرت عمر رضی اللہ عنہ جزیہ نہیں لیتے تھے۔ یہاں تک کہ حضرت عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجوسی سے جزیہ لیا تھا سختی کے لحاظ سے۔

858 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ بَجَالَةَ يُحَدِّثُ، أَبَا الشَّعْثَاءِ، وَعَمْرَو بْنَ أَوْسٍ، عَامَ حَجَّ مُصْعَبُ بْنُ الزُّبَيْرِ وَهُوَ إِلَى جَنْبِ دَرَجِ زَمْزَمَ: " كُنْتُ كَاتِبًا لِجَزْءِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَمِّ الْأَحْنَفِ، فَأَتَاهُ عُمَرُ قَبْلَ مَوْتِهِ بِسَنَةٍ: اقْتُلُوا كُلَّ سَاحِرٍ، وَفَرِّقُوا بَيْنَ كُلِّ ذِي مَحْرَمٍ مِنَ الْمَجُوسِ، وَانْهَوْهُمْ عَنِ الزَّمْزَمَةِ، قَالَ: فَقَتَلْنَا ثَلَاثَ سَوَاحِرَ، وَجَعَلْنَا نُفَرِّقُ بَيْنَ الْمَرْأَةِ وَحَرِيمِهَا فِي كِتَابِ اللَّهِ، وَصَنَعَ طَعَامًا كَثِيرًا فَدَعَا الْمَجُوسَ وَعَرَضَ السَّيْفَ عَلَى فَخِذِهِ، فَأَلْقَوْا وَقْرَ بَغْلٍ أَوْ بَغْلَيْنِ مِنْ وَرِقٍ، وَأَكَلُوا بِغَيْرِ زَمْزَمَةٍ، قَالَ: وَلَمْ يَكُنْ عُمَرُ أَخَذَ الْجِزْيَةَ مِنَ الْمَجُوسِ حَتَّى أَخْبَرَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَهَا مِنْ مَجُوسِ هَجَرَ"

حضرت بجالہ فرماتے ہیں کہ جزء بن معاویہ احنف کے چچا کا کاتب تھا۔ ہمارے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ایک خط آیا ان کے وصال سے ایک سال پہلے۔ اس میں لکھا ہوا تھا ہر جادوگر کو قتل کرو۔ جدائی کر دو ہر ذی محرم اور مجوسی کے درمیان' ان کو زمزمہ استعمال کرنے سے روک دو۔ ہم نے تین جادوگر قتل کر دیئے۔ اللہ کی کتاب کی روشنی میں محرم بیوی اور مرد کے درمیان جدائی کا عمل شروع کر دیا۔ بہت زیادہ کھانا تیار کیا گیا تو مجوسیوں کو بلوایا گیا۔ تلوار اپنی ران پر رکھی ایک یا دو خچروں کے برابر وزن چاندی لا کر ڈھیر کر دی۔ اُنہوں نے بغیر چمچ کے کھایا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجوسی سے جزیہ نہیں لیتے تھے یہاں تک کہ حضرت عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجوسی سے جزیہ لیا تھا۔

859 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: كَيْفَ أَصْنَعُ فِي الْمَجُوسِ؟

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں مجوسیوں کے معاملہ میں کیا کروں؟ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، فرمایا میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سنا،

858- أخرجه مالك في الزكاة' باب: جزية أهل الكتاب والمجوس .

859- أخرجه النسائي في الصيام' باب: ذكر اختلاف يحيى بن أبي كثير' والنضر بن شيبان فيه وأنظر أيضًا الحديث رقم: 3425 .

قَالَ: فَقَامَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ قَائِمًا فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُئِلَ عَنْهُمْ فَقَالَ: سُنَّتُهُمْ سُنَّةُ أَهْلِ الْكِتَابِ

آپ ﷺ سے ان کے متعلق پوچھا گیا، آپ ﷺ نے فرمایا: ان کے ساتھ اہل کتاب والا طریقہ کرو۔

860 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شَيْبَانَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا خَرَجَ مِنْ ذُنُوبِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ

حضرت ابی سلمہ بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کے روزے رکھے ایمان اور ثواب کی نیت سے تو وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جائے گا جس طرح آج ہی اُس کی ماں نے اُس کو پیدا کیا ہے۔

861 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شَيْبَانَ، قَالَ: كُنْتُ بِعَرَفَاتٍ فَلَقِيتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ فَقُلْتُ: حَدِّثْنِي بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ أَبِيكَ لَيْسَ بَيْنَ أَبِيكَ وَبَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ فَرَضَ صِيَامَ رَمَضَانَ وَسَنَنْتُ قِيَامَهُ

حضرت نضر بن شیبان فرماتے ہیں کہ میں عرفات میں تھا کہ میں ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے ملا' میں نے عرض کی: مجھے ایسی شی کے متعلق بتائیں جو آپ نے اپنے والد سے سنی ہے جس میں آپ کے والد اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان کوئی واسطہ نہ ہو۔ فرمایا: مجھے میرے والد نے بیان کیا حضور ﷺ کے حوالہ سے کہ اللہ عزوجل نے رمضان کے روزے فرض کیے ہیں' میں نے اس کا قیام سنت قرار دیا ہے (یعنی نمازِ تراویح)۔

862 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أَخْبَرَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ النَّضْرِ بْنِ شَيْبَانَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ: أَلَا تُحَدِّثُنَا حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ أَبِيكَ، سَمِعَهُ أَبُوكَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ: إِنَّ

حضرت نضر بن شیبان فرماتے ہیں کہ میں عرفات میں ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے ملا' میں نے عرض کی: مجھے ایسی شی کے متعلق بتائیں جو آپ نے اپنے والد سے سنی ہے جس میں آپ کے والد اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان کوئی واسطہ نہ ہو۔ فرمایا: حضور ﷺ نے بیان کیا

862- أخرجه البخاري في فرض الخمس' باب: من لم يخمس الأسلاب' وفي المغازي باب: قتل أبي جهل . ومسلم في الجهاد' باب: استحقاق القاتل سلب القتيل .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ رَمَضَانَ فَقَالَ: اِنَّ رَمَضَانَ شَهْرٌ افْتَرَضَ اللّٰهُ صِيَامَهُ، وَاِنِّي سَنَنْتُ لِلْمُسْلِمِينَ قِيَامَهُ، فَمَنْ صَامَهُ وَقَامَهُ خَرَجَ مِنَ الذَّنْبِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ

رمضان کے حوالہ سے کہ یہ ایسا مہینہ ہے جس میں اللہ عزوجل نے روزے فرض کیے ہیں' اس کا قیام مسلمانوں کے لیے سنت میں نے بنایا ہے (یعنی نمازِ تراویح)' جس نے اس کے روزے رکھے اور قیام کیا تو وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جائے گا جس طرح آج ہی اُس کی ماں نے اُسے پیدا کیا ہے۔

863 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، وَسُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، قَالُوا: أَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْمَاجِشُونُ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: اِنِّي لَوَاقِفٌ يَوْمَ بَدْرٍ فِي الصَّفِّ نَظَرْتُ عَنْ يَمِينِي وَشِمَالِي، فَاِذَا أَنَا بَيْنَ غُلَامَيْنِ حَدِيثَةٍ أَسْنَانُهُمَا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَتَمَنَّيْتُ أَنْ أَكُونَ بَيْنَ أَضْلَعَ مِنْهُمَا، فَغَمَزَنِي أَحَدُهُمَا فَقَالَ: يَا عَمِّ، هَلْ تَعْرِفُ أَبَا جَهْلٍ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، وَمَا حَاجَتُكَ اِلَيْهِ يَا ابْنَ أَخِي؟ قَالَ: اِنِّي خُبِّرْتُ أَنَّهُ يَسُبُّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ رَأَيْتُهُ لَا يُفَارِقُ سَوَادِي سَوَادَهُ حَتَّى يَمُوتَ الْأَعْجَلُ، قَالَ: فَتَعَجَّبْتُ مِنْ ذَلِكَ، فَغَمَزَنِي الْآخَرُ فَقَالَ لِي مِثْلَهَا، فَلَمْ أَنْشَبْ أَنْ نَظَرْتُ اِلَى أَبِي جَهْلٍ يَزُولُ فِي النَّاسِ، فَقُلْتُ لَهُمَا: أَلَا تَرَيَانِ؟ هَذَا صَاحِبُكُمَا الَّذِي تَسْأَلَانِ عَنْهُ، فَابْتَدَرَاهُ فَضَرَبَاهُ بِسَيْفَيْهِمَا

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بدر کے دن صف میں کھڑا تھا، میں نے اپنے بائیں دائیں جانباز دو نوجوان انصار کے دیکھے۔ میں نے خواہش کی کہ میں ان کے درمیان ہوں، ان دونوں میں سے ایک نے مجھے جھنجھوڑا، عرض کی: اے چچا! کیا آپ ابوجہل کو جانتے ہیں؟ میں نے کہا: جی ہاں! اے میرے بھائی کے بیٹو! تمہیں اس سے کیا کام ہے؟ اُن دونوں میں سے ایک نے کہا: مجھے خبر پہنچائی گئی کہ وہ ساری کائنات کے سردار حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیتا ہے۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اگر میں نے اس گستاخ کو دیکھ لیا، میں اس وقت تک اس سے جدا نہیں ہوں گا یہاں تک کہ ہم میں سے کسی کو موت آ جائے۔ میں نے اس کی اس بات پر تعجب کیا دوسرے نے مجھے جھنجھوڑا، اس نے مجھے پہلے کی طرح کہا، میں نے دیکھا گستاخ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ابوجہل لوگوں میں گھوم رہا تھا، میں نے ان دونوں سے

863- أخرجه البخاری فی المناقب' باب: ذكر أسلم' وغفار' ومزينة' وجهينة' وأشجع . ومسلم فی فضائل الصحابة' باب: من فضائل غفار وأسلم وجهينة وأشجع' ومزينة .

حَتّٰى قَتَلَاهُ، ثُمَّ انْصَرَفَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَاهُ، فَقَالَ: أَيُّكُمَا قَتَلَهُ؟، قَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا: أَنَا قَتَلْتُهُ، قَالَ: مَسَحْتُمَا سَيْفَيْكُمَا؟، قَالَا: لَا، فَنَظَرَ فِي السَّيْفَيْنِ قَالَ: كِلَاكُمَا قَتَلَهُ، فَقَضَى بِسَلَبِهِ لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ، وَاسْمُ الْآخَرِ مُعَاذُ بْنُ عَفْرَاءَ

کہا، کیا تم دونوں اس کو دیکھ رہے ہو؟ یہ تمہارا شکار ہے، جس کے متعلق مجھ سے پوچھ رہے ہو؟ دونوں نے جلدی کی یہ سنتے ہی دونوں نے اس کو اپنی تلوار ماری یہاں تک کہ وہ واصل جہنم کر دیا گیا۔ پھر دونوں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے۔ آپ ﷺ کو دونوں نے خوشخبری دی، آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کس نے قتل کیا ہے؟ دونوں میں سے ہر ایک نے کہا: میں نے اس کو قتل کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے اپنی تلواریں صاف کر لی ہیں؟ انہوں نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے دونوں کی تلواریں دیکھیں، آپ ﷺ نے فرمایا: تم دونوں نے قتل کیا ہے۔ آپ ﷺ نے ابو جہل کے سامان کا فیصلہ حضرت معاذ بن عمرو جموح رضی اللہ عنہ دونوں کے لیے کر دیا، دوسرے کا نام معاذ بن عفراء تھا۔

864 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ اِبْرَاهِيمَ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُرَيْشٌ وَالْأَنْصَارُ وَجُهَيْنَةُ وَمُزَيْنَةُ وَأَسْلَمُ وَغِفَارُ وَأَشْجَعُ وَسُلَيْمٌ أَوْلِيَائِي، لَيْسَ لَهُمْ وَلِيٌّ دُونَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، قَالَ عَمْرُو بْنُ يَحْيَى: فَلَقِيتُ اِسْحَاقَ بْنَ سَعْدٍ فِي الْمَسْجِدِ فَقُلْتُ لَهُ: اِنَّ

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے قریش اور انصار اور جہینہ اور مزینہ اور اسلم اور غفار اور اشجع اور سلیم قبیلوں والے میرے مددگار ہیں' ان کے لیے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے علاوہ کوئی مددگار نہیں ہے۔ حضرت عمرو بن یحییٰ نے کہا: میں مسجد میں اسحاق بن سعد سے ملا' میں نے کہا: میرے والد مجھے بیان کرتے ہیں آپ کے والد سے کہ میں نے حدیث بیان کی' فرمایا: وہ سات تھے' میں نہیں جانتا ہوں کہ کم کون ہوا تھا؟ حضرت عمرو فرماتے ہیں: میرے والد

864- أخرجه مسلم في المساجد' باب: في وقت العشاء . والنسائي في المواقيت' باب: الكراهية في أن يقال للعشاء: العتمة . وأبي داؤد في الأدب' باب: في صلاة العتمة . والبزار باب: في اسم صلاة العشاء .

أَبِى حَدَّثَنِى، عَنْ أَبِيكَ، فَحَدَّثْتُهُ الْحَدِيثَ فَقَالَ: إِنَّمَا هُمْ سَبْعَةٌ، لَا أَدْرِى الَّذِى نَقَصَ مَنْ هُوَ، قَالَ عَمْرٌو: وَقَدْ ذَكَرَ أَبِى عَنْ غَيْرِهِ أَنَّ الَّذِى نَقَصَ مِنْهُمْ سُلَيْمٌ

نے ذکر کیا ان کے علاوہ جو اُن میں کم ہوا وہ سُلیم ہے۔

865 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِى رَوَّادٍ، حَدَّثَنَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الطَّائِفِ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ شُرَحْبِيلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " لَا تَغْلِبَنَّكُمُ الْأَعْرَابُ عَلَى اسْمِ صَلَاتِكُمْ، فَإِنَّ اللّٰهَ قَالَ: (وَمِنْ بَعْدِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ ثَلَاثُ عَوْرَاتٍ لَكُمْ) (النور: 58)، وَالْأَعْرَابُ تُسَمِّيهَا الْعَتَمَةَ، وَإِنَّ الْعَتَمَةَ الْإِبِلُ لِلْحِلَابِ"

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دیکھو تم بھی کہیں گنواروں کی طرح عشاء کی نماز کو عتمہ نہ کہنا کیونکہ اللہ نے فرمایا: ''وَمِنْ بَعْدِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ ثَلَاثُ عَوْرَاتٍ لَكُمْ'' اللہ کی کتاب قرآن میں اس نماز کا نام عشاء کی نماز ہے۔ گنوار لوگ عشاء کی نماز کو عتمہ اس لیے کہتے ہیں کہ عتمہ رات کی تاریکی کو کہتے ہیں وہ اس وقت اپنی اونٹنیوں کا دودھ دوہتے تھے۔

866 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُوَيْرِثٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَارِجًا مِنَ الْمَسْجِدِ، فَاتَّبَعْتُهُ أَمْشِى وَرَاءَهُ وَلَا يَشْعُرُ بِى، حَتَّى دَخَلَ نَخْلًا فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَسَجَدَ فَأَطَالَ السُّجُودَ، وَأَنَا وَرَاءَهُ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ تَوَفَّاهُ، فَأَقْبَلْتُ أَمْشِى حَتَّى جِئْتُهُ، فَطَأْطَأْتُ رَأْسِى أَنْظُرُ فِى وَجْهِهِ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ:

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد کے ایک چبوترے میں کھڑا تھا میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس دروازہ سے باہر نکلے جو جنت البقیع کے قریب تھا۔ میں کچھ دیر ٹھہرا پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نکلا، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسواف کے باغ میں داخل ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا پھر دو رکعتیں پڑھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا بہت لمبا سجدہ کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے التحیات پڑھ کر سلام پھیرا میں جلدی سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ماں باپ آپ پر فدا

865- أخرجه أحمد جلد1صفحه191 .

866- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 5صفحه241 . الى المصنف' والبزار . وعزاه الحافظ ابن حجر فى المطالب العالية . الى أحمد بن منيع' والحارث' والمصنف . وأخرجه البزار .

مَا لَكَ يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ؟ ، فَقُلْتُ: لَمَّا أَطَلْتَ السُّجُودَ حَسِبْتُ أَنْ يَكُونَ اللّٰهُ تَوَفَّى نَفْسَكَ، فَجِئْتُ أَنْظُرُ، فَقَالَ: " إِنِّي لَمَّا رَأَيْتَنِي دَخَلْتُ النَّخْلَ لَقِيتُ جِبْرِيلَ فَقَالَ: إِنِّي أُبَشِّرُكَ أَنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: مَنْ سَلَّمَ عَلَيْكَ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ، وَمَنْ صَلَّى عَلَيْكَ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ"

ہوں مجھے خوف ہوا کہ آپ ﷺ کے لمبا سجدہ کرنے کی وجہ سے آپ ﷺ وصال فرما گئے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جبرائیل علیہ السلام مجھے خوشخبری دے گئے ہیں جو مجھ پر درود شریف پڑھتا ہے اللہ عزوجل اس پر اپنی رحمت اور سلامتی بھیجتا ہے۔

مُسْنَدُ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ

مسند حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

867 - حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ الْغَازِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزَالُ هَذَا الْأَمْرُ قَائِمًا بِالْقِسْطِ حَتَّى يَثْلِمَهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي أُمَيَّةَ

حضرت ابو عبید بن الجراح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ حکم مسلسل انصاف کے ساتھ قائم رہے گا یہاں تک کہ بنی امیہ کا ایک آدمی ختم کرے گا۔

868 - حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَا يَزَالُ أَمْرُ أُمَّتِي قَائِمًا بِالْقِسْطِ حَتَّى يَكُونَ أَوَّلَ مَنْ يَثْلِمُهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي أُمَيَّةَ يُقَالُ لَهُ: يَزِيدُ"

حضرت ابو عبید بن الجراح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ حکم مسلسل انصاف کے ساتھ قائم رہے گا یہاں تک کہ بنی امیہ کا ایک آدمی ختم کرے گا' اس کو یزید کہا جاتا ہے۔

869 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنِي

حضرت ابو عبید بن الجراح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے آخری کلام جو فرمایا وہ یہ تھا کہ حجاز کے

867- أخرجه أحمد جلد1صفحه195 .

868- أخرجه البزار .

سَعْدُ بْنُ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ: آخِرُ مَا تَكَلَّمَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَخْرِجُوا يَهُودَ الْحِجَازِ وَأَهْلَ نَجْرَانَ مِنْ جَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَاعْلَمُوا أَنَّ شَرَّ النَّاسِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا قُبُورَهُمْ مَسَاجِدَ

یہودیوں اور اہل نجران کو جزیرہ عرب سے نکال دو، جان لو بدترین وہ لوگ ہیں جنہوں نے انبیاء علیہم السلام کی قبروں کو مسجد بنا لیا ہے۔(مراد اس سے یہ ہے کہ وہ سجدہ کرتے تھے نہ کے انبیاء علیہم السلام کے مزار مسجد میں ہونے کی وجہ سے بلکہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مزارِ مبارک مسجد شریف کے ساتھ ہے۔غلام دستگیر سیالکوٹی غفرلہ)۔

870 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ: كَانَ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يَتَنَاجَيَانِ بَيْنَهُمَا بِحَدِيثٍ، فَقُلْتُ لَهُمَا: مَا حَفِظْتُمَا وَصِيَّةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِي؟ قَالَ: وَكَانَ أَوْصَاهُمَا بِي، قَالَا: مَا أَرَدْنَا أَنْ نَنْتَجِيَ بِشَيْءٍ دُونَكَ، إِنَّمَا ذَكَرْنَا حَدِيثًا حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَا يَتَذَاكَرَانِهِ قَالَا: إِنَّهُ بَدَأَ هَذَا الْأَمْرُ نُبُوَّةً وَرَحْمَةً، ثُمَّ كَائِنٌ خِلَافَةً وَرَحْمَةً، ثُمَّ كَائِنٌ مُلْكًا عَضُوضًا، ثُمَّ كَائِنٌ عُتُوًّا وَجَبْرِيَّةً وَفَسَادًا فِي الْأُمَّةِ، يَسْتَحِلُّونَ الْحَرِيرَ وَالْخُمُورَ وَالْفُرُوجَ وَالْفَسَادَ فِي الْأُمَّةِ، يُنْصَرُونَ عَلَى ذَلِكَ، وَيُرْزَقُونَ أَبَدًا حَتَّى يَلْقَوا اللَّهَ،

حضرت ابو ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ دونوں سرگوشی کرنے لگے پس میں نے ان دونوں سے کہا آپ دونوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت یاد نہیں ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے حوالے سے ان دونوں کو وصیت فرمائی تھی' ان دونوں نے کہا: ہم نے سرگوشی اس شے کے علاوہ کسی اور کے لیے نہیں کی۔ہم دونوں ایک حدیث یاد کر رہے تھے۔ہم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ہم اس کا آپس میں مذاکرہ کر رہے تھے۔دونوں نے کہا: یہ کام نبوت اور رحمت سے شروع ہوا ہے، پھر خلافت اور رحمت رہے گی، پھر زیادتی اور جبر ہوگا اس امت میں فساد ہوگا' ریشم اور شراب اور زنا کو حلال جانیں گے، امت میں فساد کریں گے، اس پر بھی ان کی مدد کی جائے گی، ان کو ہمیشہ رزق دیا جائے گا یہاں تک کہ اللہ سے جاملیں گے۔

871 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، أَخُو حَجَّاجٍ الْأَنْمَاطِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ

حضرت لیث نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مانند حدیث ذکر کی۔

871- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **195** . والترمذى فى الفتن' باب: ما جاء فى الدجال . وأبو داؤد فى السنة' باب: فى الدجال .

لَيْثٍ، بِإِسْنَادِهِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

872 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سُرَاقَةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ بَعْدَ نُوحٍ إِلَّا قَدْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ الدَّجَّالَ، وَإِنِّي أُنْذِرُكُمُوهُ، فَوَصَفَهُ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: لَعَلَّهُ سَيُدْرِكُهُ بَعْضُ مَنْ رَآنِي أَوْ سَمِعَ كَلَامِي، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ قُلُوبُنَا يَوْمَئِذٍ، أَمِثْلُهَا الْيَوْمَ؟ قَالَ: أَوْ أَخْيَرُ

حضرت ابوعبید بن الجراح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نوح علیہ السلام کے بعد ہر نبی نے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا ہے، میں بھی تم کو اس سے ڈراتا ہوں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے سامنے اس کا حلیہ بیان کر رہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہوسکتا ہے وہ دیکھ لے جس نے مجھے دیکھا یا جس نے میرا کلام سنا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہمارے دل اس دن کیسے ہوں گے، ہم مثل یا اس سے بہتر؟

873 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ أَبِي مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَسْلَمَةَ، أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ أَجَارَ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَعَمْرٌو: لَا تُجِيرُ، قَالَ أَبُو عُبَيْدَةَ: " تُجِيرُهُ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يُجِيرُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ بَعْضُهُمْ

حضرت عبدالرحمٰن بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے مسلمانوں میں سے ایک مشرکین کے آدمی کو پناہ دے دی، خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اور عمرو نے کہا تم اس کو پناہ نہ دو۔ ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اس کو پناہ دو گے، میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں میں سے ادنیٰ آدمی بھی پناہ دے سکتا ہے۔

874 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنِ الْوَلِيدِ أَبِي مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَسْلَمَةَ قَالَ: أَجَارَ رَجُلٌ قَوْمًا وَهُوَ مَعَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، وَأَبِي عُبَيْدَةَ،

حضرت عبدالرحمٰن بن مسلمہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے ایک قوم کو پناہ دی' اُس آدمی کے ساتھ حضرت خالد بن ولید' حضرت ابوعبیدہ اور حضرت عمرو بن العاص بھی تھے' حضرت ابوعبیدہ اور عمرو نے فرمایا: ہم پناہ نہیں

872- أخرجه أحمد جلد1صفحه195 . والبزار .

874- أخرجه أحمد جلد1صفحه196,195 . والحاكم في المستدرك جلد3صفحه265 .

وَعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، فَقَالَ خَالِدٌ وَعَمْرٌو: لَا نُجِيرُ مَنْ أَجَارَ، فَقَالَ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ: فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يُجِيرُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ بَعْضُهُمْ

دیں گے جو پناہ دیا گیا۔ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے: مسلمان ایک دوسرے کو پناہ دے سکتے ہیں۔

875 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ ابْنِ أَخِي جُوَيْرِيَةَ، حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا وَاصِلٌ، مَوْلَى أَبِي عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي سَيْفٍ الْجَرْمِيِّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ رَجُلٌ مِنْ فُقَهَاءِ أَهْلِ الشَّامِ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ غُطَيْفٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ فِي مَرَضِهِ وَامْرَأَتُهُ تُحَيْفَةُ جَالِسَةٌ عِنْدَ رَأْسِهِ وَهُوَ مُقْبِلٌ بِوَجْهِهِ عَلَى الْجِدَارِ، فَقُلْتُ: كَيْفَ بَاتَ أَبُو عُبَيْدَةَ؟ فَقَالَتْ: بَاتَ بِأَجْرٍ، فَقَالَ: إِنِّي وَاللّٰهِ مَا بِتُّ بِأَجْرٍ، قَالَ: فَكَأَنَّ الْقَوْمَ سَاءَهُمْ، فَقَالَ: أَلَا تَسْأَلُونِي عَمَّا قُلْتُ؟ قَالُوا: إِنَّا لَمْ يُعْجِبْنَا مَا قُلْتَ، فَكَيْفَ نَسْأَلُكَ؟ فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَنْفَقَ نَفَقَةً فَاضِلَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَبِسَبْعِ مِائَةٍ، وَمَنْ أَنْفَقَ عَلَى عِيَالِهِ، أَوْ عَادَ مَرِيضًا، أَوْ مَازَ أَذًى، فَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ مَا لَمْ يَخْرِقْهَا، وَمَنِ ابْتَلَاهُ اللّٰهُ بِبَلَاءٍ فِي جَسَدِهِ فَهُوَ لَهُ حِطَّةٌ

حضرت عیاض بن غطیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، حالت مرض میں۔ ان کی بیوی تحیفہ نامی ان کے سر کے پاس بیٹھی ہوئی تھی، انہوں نے اپنا چہرہ دیوار کی طرف کیا ہوا تھا۔ میں نے کہا: ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی رات کیسے گزری ہے؟ اس عورت نے کہا: ثواب کے ساتھ گزاری ہے۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے ثواب کے ساتھ نہیں گزاری ہے۔ گویا قوم کو اُنہوں نے تکلیف دی۔ فرمایا: مجھ سے نہیں پوچھا جو میں نے کہا ہے؟ انہوں نے کہا: ہم کو تعجب نہیں ہے جو آپ نے کہا ہے۔ کیسے آپ سے سوال کریں؟ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے زیادہ مال اللہ کی راہ میں خرچ کیا ایک نفقہ پر بھی اس کو سات سو نیکیاں ملیں گی، جس نے اپنے خاندان پر خرچ کیا یا مریض کی عیادت کی یا کسی کی تکلیف دور کی' دس نیکیاں اور زیادہ ملیں گی، روزہ ڈھال ہے جب تک بُرا کام نہ کرے' جس کو اللہ آزمائے اس کے جسم میں آزمائش ڈال کر وہ اس کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔

875- أخرجه البخاری فی المناقب رقم الحديث: **2544**' باب: صفة النبی صلی الله عليه وسلم ۔ والترمذی فی الأدب رقم الحديث: **2828**' باب: ما جاء فی العدة .

مِنْ مُسْنَدِ أَبِي جُحَيْفَةَ

876 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، وَمَحْمُودُ بْنُ خِدَاشٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مَسْعُودٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ يَقُولُ: أَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ لَنَا بِثَلَاثَ عَشْرَةَ قَلُوصًا، وَكُنَّا فِي اسْتِخْرَاجِهَا، فَجَاءَتْ وَفَاتُهُ فَمَنَعْنَاهَا النَّاسُ حَتَّى اجْتَمَعُوا، قَالَ: فَقُلْتُ لِأَبِي جُحَيْفَةَ: حَدِّثْنِي عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَانَ رَجُلًا أَبْيَضَ قَدْ شَمِطَ عَارِضَاهُ

877 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ شِبْتَ. قَالَ: شَيَّبَتْنِي هُودٌ وَأَخَوَاتُهَا

878 - حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابی جحیفہ رضی اللہ عنہ کی مسند

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس آئے اور ہم کو حکم دیا کہ بارہ اونٹنیوں کا، ہم تلاش کر کے ان کو نکالنے میں لگے ہوئے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کا وقت آگیا ہم کو لوگوں نے منع کر دیا یہاں تک کہ جمع ہو گئے۔ راوی حدیث کہتے ہیں میں نے ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے بیان کریں۔ حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سفید تھے' آپ کے سرانور کے بال سفید تھے۔

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ بزرگ ہو گئے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے سورۂ ہود اور اس جیسی سورتوں نے بوڑھا کر دیا ہے۔

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا گویا اس نے مجھے جاگتے ہوئے دیکھا، بے شک شیطان میری صورت

876- أخرجه الترمذی فی الشمائل برقم' وفی التفسير باب: ومن سورة الواقعة .

877- أخرجه البخاری فی التعبير' باب: من رأى النبی صلی الله عليه وسلم فی المنام' وابن ماجه فی تعبير الرؤية' باب: رؤية النبی صلی الله عليه وسلم فی المنام .

878- أخرجه البخاری فی الأذان' باب: الذكر بعد الصلاة . ومسلم فی الصلاة' باب: ما يقول اذا رفع رأسه من الركوع . والنسائی فی الافتتاح' باب: ما يقول فی قيامه ذلك . وابن ماجه فی الاقامة' باب: ما يقول اذا رفع رأسه من الركوع .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَآنِي فِي الْمَنَامِ فَكَأَنَّمَا رَآنِي مُسْتَيْقِظًا، إِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَتَمَثَّلَ بِي

اختیار کرنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے۔

879 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ قَالَ: ذُكِرَتِ الْجُدُودُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ رَجُلٌ: جَدُّ فُلَانٍ فِي الْخَيْلِ، وَقَالَ آخَرُ: جَدُّ فُلَانٍ فِي الْإِبِلِ، وَقَالَ آخَرُ: جَدُّ فُلَانٍ فِي الْغَنَمِ، وَقَالَ آخَرُ: جَدُّ فُلَانٍ فِي الرَّقِيقِ، قَالَ: فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ رَأْسَهُ مِنْ آخِرِ رَكْعَةٍ فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَاءِ وَمِلْءَ الْأَرْضِ وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، حَتَّى بَلَغَ: وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ" ، قَالَ: فَطَوَّلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَهُ بِالْجَدِّ، لِيَعْلَمُوا أَنَّهُ لَيْسَ كَمَا يَقُولُونَ

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جدود کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کیا گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کی حالت میں تھے۔ ایک آدمی نے کہا: فلاں کی بزرگی گھوڑے میں ہے، دوسرے نے کہا: فلان قبیلے کی بزرگی اونٹ میں ہے۔ تیسرے نے کہا: فلاں کی بزرگی بکری میں ہے۔ چوتھے نے کہا: فلاں کی عزت غلام میں ہے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری رکعت سے سر اٹھایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا: ''اللّٰهم ربنا لك الحمد الٰى آخره'' جب ''ولا ينفع ذا الجد منك الجد'' پر پہنچے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آواز کو لمبا کیا جد کے لفظ کو پڑھتے ہوئے تاکہ معلوم کرلیں کہ اس طرح نہیں ہے جس طرح وہ کہہ رہے ہیں۔

880 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: صِفْهُ لِي، فَقَالَ: أَبْيَضُ قَدْ شَمِطَ

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، راوی حدیث کہتے ہیں کہ میں نے کہا: میرے لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ بیان کریں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آپ رضی اللہ عنہ سفید تھے' آپ کے بال سفید تھے داڑھی یا سر انور کے۔

881 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم

879- مرّ تخريجه' أنظر رقم: 875 .

880- أخرجه البخاري وفي الأطعمة' باب: الأكل متكئًا . وأحمد . والترمذي في الأطعمة' باب: ماجاء في كراهة الأكل متكئًا . وأبو داؤد في الأطعمة' باب: ما جاء في الأكل متكئًا . وابن ماجه في الأطعمة باب: الأكل متكئًا .

881- أخرجه البخاري في المناقب رقم الحديث: 3543' باب: صفة النبي صلى الله عليه وسلم . ومسلم في الفضائل'

مَنْصُورٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِرَجُلٍ عِنْدَهُ: لَا آكُلُ مُتَّكِئًا

کے پاس بیٹھا تھا آپ ﷺ نے ایک آدمی سے کہا جو آپ ﷺ کے پاس تھا، فرمایا: میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا ہوں۔

882 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ أَشْبَهَ النَّاسِ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا، آپ ﷺ کے سب سے زیادہ مشابہ مولا امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما تھے۔

883 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ الْحَجَّاجَ أَخَّرَ الصَّلَاةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ لَهُ شَيْخٌ: وَاللّٰهِ لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، فَمَا رَأَيْتُهُ صَنَعَ كَمَا تَصْنَعُ أَنْتَ، قَالَ: فَلَمَّا سَمِعْتُهُ يَذْكُرُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ: كَيْفَ رَأَيْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: رَأَيْتُهُ خَرَجَ حِينَ زَالَتِ الشَّمْسُ، وَإِذَا الشَّيْخُ أَبُو جُحَيْفَةَ

حضرت حکم بن عتبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حجاج نے جمعہ کے دن نماز کو مؤخر کیا۔ اس کو ایک بزرگ نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے حضور ﷺ کو دیکھا، نماز پڑھتے ہوئے۔ میں نے آپ ﷺ کو اس طرح کرتے ہوئے نہیں دیکھا جس طرح تُو کر رہا ہے۔ جو میں نے آپ سے سنا ہے حضور ﷺ کے حوالہ سے ذکر کرتے ہوئے۔ میں نے کہا: (راوی حدیث کہتے ہیں:) آپ نے کیسے دیکھا ہے رسول اللہ ﷺ کو۔ آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے آپ ﷺ نکلے جس وقت

باب: شيبه صلى الله عليه وسلم . وأحمد جلد4صفحه307 . والترمذي في الأدب' باب: ما جاء في العدة .

-882 عزاه ابن حجر في المطالب العالية الى المصنف .

-883 أخرجه البخاري في الوضوء' باب: استعمال فضل وضوء الناس' وفي الصلاة باب: الصلاة' في الثوب الأحمر باب: سترة الامام سترة من خلفه'باب: الصلاة الى العنزة' باب: السترة بمكة وغيرها' وفي الأذان باب: الأذان للمسافرين اذا كانوا جماعة' باب: هل يتبع المؤذن فاه ها هنا وها هنا' وفي اللباس باب: التشمر في الثياب' باب: القبة الحمراء في أدم' وفي المناقب' وفي باب: ما يستر المصلي . ومسلم في الصلاة' باب: سترة المصلي . وأحمد جلد4صفحه309,308,307 . والنسائي في القبلة' باب: الصلاة في الثياب الحمر . وأبو داؤد في الصلاة' باب: ما يستر المصلي . والحميدي .

سورج ڈھل رہا تھا وہ بزرگ ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ تھے۔

884 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا عَوْنُ بْنُ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: " أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ وَهُوَ بِالْأَبْطَحِ فِي قُبَّةٍ لَهُ حَمْرَاءَ مِنْ أَدَمٍ، قَالَ: فَخَرَجَ بِلَالٌ بِوَضُوئِهِ فَبَيْنَ نَائِلٍ وَنَاضِحٍ، قَالَ: فَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِ سَاقَيْهِ، قَالَ: فَتَوَضَّأَ وَأَذَّنَ بِلَالٌ، قَالَ: فَجَعَلْتُ أَتَتَبَّعُ هَاهُنَا وَهَاهُنَا، يَقُولُ: يَمِينًا وَشِمَالًا، يَقُولُ: حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، ثُمَّ رُكِزَتْ لَهُ عَنَزَةٌ فَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ الْحِمَارُ وَالْكَلْبُ لَا يُمْنَعُ، ثُمَّ لَمْ يَزَلْ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ حَتَّى رَجَعَ إِلَى الْمَدِينَةِ"

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں مقام ابطح میں موجود تھے ایک میں قبہ جو سرخ رنگ کے چمڑے کا تھا، حضرت بلال باہر نکلے، نائل اور ناضح کے درمیان سے وضو کا پانی لینے کے لیے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم باہر آئے، سرخ حلہ میں گویا کہ میں اب بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پنڈلیوں کی سفیدی کو دیکھ رہا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو فرمایا۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی۔ ادھر اُدھر سر گھما کر سننے لگے دائیں و بائیں جانب حی علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح کے وقت' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے نیزہ گاڑا گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے، عصر کی دو رکعتیں پڑھیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے گدھے اور کتے گزرتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو روکتے نہیں تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل دو ہی رکعتیں ادا کرتے رہے، یہاں تک کہ مدینہ شریف لوٹ آئے۔

885 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا آكُلُ مُتَّكِئًا

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا ہوں۔

886 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ،

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے ایک غلام خریدا پچھنا لگوانے کے لیے، اس کو پچھنے لگانے

885- أخرجه أحمد جلد4صفحه309 .

886- أخرجه البخاري في اللباس' باب: الواشمة' باب: من لعن المصورين' وفي البيوع باب: موكل الربا' باب: ثمن الكلب' وفي الطلاق باب: مهر البغي ونكاح القاصر . وأحمد جلد 4صفحه309 . وأبو داؤد في البيوع' باب: في أثمان الكلاب .

عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ اشْتَرَى غُلَامًا حَجَّامًا، فَأَمَرَ بِمَحَاجِمِهِ فَكُسِرَتْ، فَقُلْتُ لَهُ: تَكْسِرُهَا؟ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ ثَمَنِ الدَّمِ، وَثَمَنِ الْكَلْبِ، وَكَسْبِ الْبَغِيِّ، وَلَعَنَ الْوَاشِمَةَ وَالْمُوتَشِمَةَ، وَآكِلَ الرِّبَا وَمُوكِلَهُ، وَلَعَنَ الْمُصَوِّرَ

کا حکم دیا۔ اس نے اس کو توڑ دیا، میں نے اس کو کہا کہ آپ نے اس کو توڑ دیا ہے؟ اس نے کہا: بے شک حضور ﷺ نے خون، کتے کی قیمت اور زانیہ کی کمائی سے منع کیا ہے، زانیہ کی کمائی سے منع کیا ہے، بال نوچنے اور نوچوانے والی پر لعنت فرمائی، سود کھانے اور کھلوانے والے اور تصویر بنانے والے پر بھی لعنت فرمائی۔

887 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ أَنَّهُ، سَمِعَ أَبَا جُحَيْفَةَ يُحَدِّثُ، أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ بِالْهَاجِرَةِ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَأْخُذُونَ مِنْ فَضْلِ وَضُوئِهِ، ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ، وَبَيْنَ يَدَيْهِ عَنَزَةٌ ،

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ کو مقام ہاجرہ پر وضو کرتے ہوئے دیکھا، لوگ آپ ﷺ کے جسم پر لگے ہوئے پانی کو لینے لگے پھر آپ ﷺ نے ظہر اور عصر کی دو دو رکعتیں پڑھائیں اس حالت میں کہ آپ ﷺ کے آگے نیزہ تھا۔

888 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، وَزَادَ فِيهِ: يَمُرُّ مِنْ وَرَائِهِ الْحِمَارُ وَالْمَرْأَةُ

حضرت عون بن ابی جحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ سے اسی کی مانند حدیث روایت کرتے ہیں جس میں یہ اضافہ ہے کہ آپ کے آگے سے گدھے اور عورتیں گزر رہی تھیں۔

889 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى إِلَى عَنَزَةٍ

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے گاڑے ہوئے نیزہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی۔

890 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ،

حضرت عون بن ابی جحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے، بنی عامر بن

887- أخرجه أحمد جلد4صفحه 309,308,307 .

890- قارن بالذى قبله .

عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَفَرٍ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ بِالْأَبْطَحِ، فَقَالَ: مَرْحَبًا، أَنْتُمْ مِنِّي، فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ خَرَجَ بِلَالٌ فَأَذَّنَ، وَجَعَلَ أُصْبُعَيْهِ فِي أُذُنَيْهِ، وَجَعَلَ يَسْتَدِيرُ فِي أَذَانِهِ، فَلَمَّا أَقَامَ غَرَزَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنَزَةً فَصَلَّى إِلَيْهَا

صعصعہ کے گروہ میں مقامِ ابطح کے مقام سے، تو آپ نے فرمایا: خوش آمدید! تم مجھ سے ہو۔ جب نماز کا وقت ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نکلے اور اذان دی اور اپنی دونوں انگلیاں دونوں کانوں میں رکھیں اور اذان کے دوران دائیں بائیں طرف منہ کرتے تھے، میں نے اقامت پڑھی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نیزہ گاڑا اور اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی۔

891 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرِهِ الَّذِي نَامُوا فِيهِ حَتَّى طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ كُنْتُمْ أَمْوَاتًا فَرَدَّ اللّٰهُ إِلَيْكُمْ أَرْوَاحَكُمْ، فَمَنْ نَامَ عَنْ صَلَاةٍ فَلْيُصَلِّهَا إِذَا اسْتَيْقَظَ، وَمَنْ نَسِيَ صَلَاةً فَلْيُصَلِّ إِذَا ذَكَرَ

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس سفر میں تھے، جس میں صحابہ کرام سو گئے یہاں تک کہ سورج طلوع ہوا، فرمایا: تم مر گئے تھے تمہاری روحوں کو لوٹا دیا گیا دوبارہ واپس جو نماز کے وقت سویا رہے اس کو چاہیے کہ وہ پڑھ لے جب وہ جاگے جو بھول جائے اس کو چاہیے کہ وہ نماز پڑھے جب اس یاد آئے۔

892 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ الْعَبَّاسِ قَالَ: حَدَّثَنِي عَوْنُ بْنُ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَثَمَنِ الدَّمِ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ

حضرت عون بن ابی جحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے اور خون کی قیمت اور زانیہ کی کمائی سے منع کیا۔

893 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی عید

891- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد .

892- أخرجه البخاري في الأضاحي باب: قول النبي صلى الله عليه وسلم لأبي بردة: ضح بالجذع من المعز، ولن تجزى عن أحد بعدك . أخرجه مسلم في الأضاحي .

893- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد الى المصنف، والطبراني في الكبير بنحوه .

بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَجُلًا ذَبَحَ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُجْزِءُ عَنْكَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ عِنْدِي جَذَعَةً؟ قَالَ: تَجزِي عَنْكَ وَلَا تَجزِي بَعْدَكَ

کی نماز سے پہلے قربانی کر لی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تیری قربانی نہیں ہوئی' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے پاس ایک چھ ماہ کا دنبے کا بچہ ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے جائز ہے' تیرے بعد کسی کے لیے جائز نہیں ہے۔

894 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عُمَيْسٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ سَلْمَانَ، وَبَيْنَ أَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: فَجَاءَ سَلْمَانُ يَزُورُ أَبَا الدَّرْدَاءِ، فَرَأَى أُمَّ الدَّرْدَاءِ مُتَبَذِّلَةً، قَالَ: مَا شَأْنُكِ؟ قَالَتْ: إِنَّ أَخَاكَ لَيْسَ لَهُ حَاجَةٌ فِي الدُّنْيَا، فَلَمَّا جَاءَ أَبُو الدَّرْدَاءِ رَحَّبَ بِهِ سَلْمَانُ وَقَرَّبَ إِلَيْهِ طَعَامًا، فَقَالَ لَهُ سَلْمَانُ: اطْعَمْ، قَالَ: إِنِّي صَائِمٌ، ثُمَّ قَالَ: أَقْسَمْتُ عَلَيْكَ إِلَّا مَا طَعِمْتَ، مَا أَنَا بِآكِلٍ حَتَّى تَأْكُلَ، قَالَ: فَأَكَلَ مَعَهُ وَبَاتَ عِنْدَهُ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ اللَّيْلِ قَامَ أَبُو الدَّرْدَاءِ، فَأَجْلَسَهُ سَلْمَانُ ثُمَّ قَالَ: يَا أَبَا الدَّرْدَاءِ، إِنَّ لِرَبِّكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِأَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، أَعْطِ كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ، صُمْ وَأَفْطِرْ، وَقُمْ وَنَمْ، وَائْتِ أَهْلَكَ، فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الصُّبْحِ قَالَ: قُمِ الْآنَ، فَقَامَا فَصَلَّيَا ثُمَّ خَرَجَا إِلَى الصَّلَاةِ،

حضرت عون بن ابی جحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سلمان رضی اللہ عنہ اور ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی زیارت کے لیے آئے۔ انہوں نے اُم درداء کو خستہ حالت میں دیکھا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ کیا حالت ہے؟ اس نے کہا: آپ کے بھائی کو دنیا سے کوئی حاجت نہیں ہے۔ جب ابوالدرداء رضی اللہ عنہ آئے۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کو خوش آمدید کہا! ان کے قریب کھانا کھایا، ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کو حضرت سلمان نے کہا: آپ بھی کھانا کھائیں! ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے کہا: میں روزہ کی حالت میں ہوں' پھر حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا: میں آپ کو قسم دیتا ہوں کہ میں بھی نہیں کھاؤں گا یہاں تک کہ آپ کھائیں۔ انہوں نے ان کے ساتھ کھایا' انہیں کے پاس رات گزاری' جب رات ہوئی تو ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے ان کو بٹھایا پھر فرمایا: اے

894- أخرجه البخاري في الصوم' باب: من أقسم على أخيه ليفطر في التطوع' وفي الأدب باب: صنع الطعام والتكلف للضيف . والترمذي في الزهد'باب: أعط كل ذي حق حقه .

فَلَمَّا صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ إِلَيْهِ أَبُو الدَّرْدَاءِ فَأَخْبَرَهُ بِمَا قَالَ سَلْمَانُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ مَا قَالَ لَهُ سَلْمَانُ

ابوالدرداء! تیرے رب کا بھی تجھ پر حق ہے اور تیری بیوی کا تجھ پر حق ہے، تیرے جسم کا بھی تجھ پر حق ہے ہر حق والے کو اس کا حق دو روزہ رکھو اور افطار بھی کرو، قیام کرو اور آرام بھی کرو' اپنے اہل خانہ کے پاس جاؤ۔ جب صبح ہوئی تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اٹھو! اب دونوں اٹھے، دونوں نے نماز پڑھی۔ پھر نماز کے لیے نکلے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، اور وہ ساری بات بتائی جو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے کی تھی۔

895 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، وَالْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: " رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذِهِ مِنْهُ بَيْضَاءُ - يَعْنِي عَنْفَقَتَهُ - فَقِيلَ لَهُ: مِثْلُ مَنْ أَنْتَ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: أَبْرِي النَّبْلَ وَأَرِيشُهَا"

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ کے ہونٹوں کے نیچے سفید بال تھے۔ حضرت ابوجحیفہ سے عرض کی گئی: آپ اس وقت کس کے برابر تھے؟ یعنی عمر کیا تھی؟ فرمایا: میں تیر چھیل لیتا تھا اور تیر پر پھل لگاتا تھا۔

مُسْنَدُ أَبِي الطُّفَيْلِ

حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ

896 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ ثَوْبَانَ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ ثَوْبَانَ، أَنَّ أَبَا الطُّفَيْلِ أَخْبَرَهُ، " أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ بِالْجِعْرَانَةِ يُقَسِّمُ لَحْمًا، وَأَنَا يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ أَحْمِلُ عُضْوَ الْبَعِيرِ، قَالَ: فَأَقْبَلَتِ

حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جعرانہ کے مقام پر گوشت تقسیم کر رہے تھے، میں اس دن بچہ تھا۔ میں نے اونٹ کا ایک عضو اُٹھایا ہوا تھا' جب ایک دیہاتی عورت آئی۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب ہوئی تو آپ نے اس کے لیے چادر بچھا دی وہ اس چادر پر

895- أخرجه البخاري في المناقب' باب: صفة النبي صلى الله عليه وسلم ـ ومسلم في الفضائل' باب: شيبه صلى الله عليه وسلم ـ وأحمد جلد4صفحه309 ـ

896- أخرجه أبو داؤد في الأدب' باب: في بر الوالدين ـ

امْـرَأَـةٌ بَدَوِيَّةٌ، فَلَمَّا دَنَتْ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَسَطَ لَهَا رِدَاءَهُ فَجَلَسَتْ عَلَيْهِ، فَسَأَلْتُ: مَنْ هٰذِهِ؟ قَالُوا: أُمُّهُ الَّتِي أَرْضَعَتْهُ"

تشریف فرما ہوئیں۔ میں نے اس مائی صاحبہ کے متعلق پوچھا: یہ کون ہے؟ صحابہ کرام نے فرمایا: یہ آپ کی رضاعی ماں ہے۔

897 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَلَ مِنَ الْحَجَرِ إِلَى الْحَجَرِ

حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پتھر سے دوسرے پتھر تک رمل کیا۔

898 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ جُمَيْعٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ: لَمَّا فَتَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ بَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ إِلَى نَخْلَةٍ، وَكَانَتْ بِهَا الْعُزَّى، فَأَتَاهَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَكَانَتْ عَلَى تِلَالِ السَّمُرَاتِ، فَقَطَعَ السَّمُرَاتِ وَهَدَمَ الْبَيْتَ الَّذِي كَانَ عَلَيْهَا، ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ: ارْجِعْ فَإِنَّكَ لَمْ تَصْنَعْ شَيْئًا، فَرَجَعَ خَالِدٌ، فَلَمَّا نَظَرَتْ إِلَيْهِ السَّدَنَةُ - وَهُمْ حُجَّابُهَا - أَمْعَنُوا فِي الْجَبَلِ وَهُمْ يَقُولُونَ: يَا عُزَّى خَبِّلِيهِ، يَا عُزَّى عَوِّرِيهِ، وَإِلَّا فَمُوتِي بِرَغْمٍ، قَالَ: فَأَتَاهَا خَالِدٌ، فَإِذَا امْرَأَةٌ عُرْيَانَةٌ نَاشِرَةٌ شَعْرَهَا تَحْثُوا التُّرَابَ عَلَى رَأْسِهَا، فَعَمَّمَهَا بِالسَّيْفِ حَتَّى قَتَلَهَا، ثُمَّ رَجَعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ، قَالَ: تِلْكَ الْعُزَّى

حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ فتح کیا، خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو کھجور کے باغ کی طرف بھیجا' وہاں عزیٰ نام کا بت تھا۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اس کے پاس آئے' وہ عزیٰ بت کیکر کے درختوں کے اوپر تھا' آپ نے وہ درخت کاٹ دیا وہ گھر گرا دیا جس پر وہ تھا۔ پھر حضرت خالد رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے اور آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: واپس جاؤ! تم نے کوئی کام نہیں کیا۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ واپس گئے' پس جب دربانوں نے آپ کی طرف دیکھا وہی اس کے چوکیدار تھے' وہ پہاڑ میں چلے گئے جبکہ وہ کہہ رہے تھے: اے عزیٰ! اس آنے والے کو دیوانہ بنا' اے عزیٰ! اسے کانا کر دو ورنہ مرجاؤ ذلت سے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ اس کے پاس آئے' دیکھا کہ ایک عورت برہنہ بیٹھی ہوئی ہے اور اس کے بال کھلے ہوئے ہیں' مٹی اپنے سر پر ڈالے جا رہی ہے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ

897- أخرجه مسلم في الحج . وأحمد جلد 5صفحه456,455 . وأبي داؤد في المناسك' باب: في الرمل . والطحاوي في شرح معاني الآثار .

898- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد الى الطبراني .

نے تلوار پکڑی اور اس کو قتل کر دیا' پھر حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: یہ عزیٰ تھا۔

899 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ مَعْرُوفِ بْنِ خَرَّبُوذَ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ بْنِ وَاثِلَةَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ عَلَى نَاقَتِهِ يَسْتَلِمُ الْحَجَرَ بِمِحْجَنٍ مَعَهُ

حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا اونٹنی پر طواف کرتے ہوئے۔ حجرہ اسود کو استلام کیا چھڑی کے ساتھ۔

900 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَنْ حَبِيبٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا أَنْزِعُ اللَّيْلَةَ إِذْ وَرَدَتْ عَلَيَّ غَنَمٌ سُودٌ وَغَنَمٌ عُفْرٌ، فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ فَنَزَعَ ذَنُوبًا أَوْ ذَنُوبَيْنِ فِيهِمَا ضَعْفٌ، وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا فَمَلَأَ الْحِيَاضَ وَأَرْوَى الْوَارِدَةَ، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ أَحْسَنَ نَزْعًا مِنْهُ، فَأَوَّلْتُ أَنَّ الْغَنَمَ السُّودَ الْعَرَبُ، وَالْعُفْرَ الْعَجَمُ

حضرت امام حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آج رات میں کھینچ رہا تھا کہ اچانک مجھ پر کالی اور سرخ و سفید بکریاں پیش کی گئیں' اس کے بعد ابوبکر آئے اور انہوں نے ایک یا دو ڈول کھینچے ان دونوں کے کھینچنے میں کمزوری تھی' اللہ نے اس کی معافی دیدی' اس کے بعد عمر آئے تو انہوں نے کئی ڈول کھینچے حوض اور برتن بھر دیئے' لوگوں میں آپ سے زیادہ اچھا کھینچنے والا میں نے نہیں دیکھا' میں نے کالی بکریوں سے مراد عرب لیے ہیں اور سفید و سرخ سے مراد عجمی لیے ہیں۔

899- أخرجه مسلم في الحج' باب: جواز الطواف على بعير وغيره' واستلام الحجر بمحجن ونحوه للراكب . وأحمد جلد5صفحه454 . وأبو داؤد في المناسك' باب: الطواف الواجب . وابن ماجه في المناسك رقم الحديث: 2949' باب: من استلم الركن بمحجنة .

900- أخرجه البخاري في المناقب' باب: علامات النبوة في الاسلام . وأحمد جلد5صفحه455 .

بَقِيَّةٌ مِنْ مُسْنَدِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ

901 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: دَعَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّ ابْنَ سُفْيَانَ بْنِ نُبَيْحٍ الْهُذَلِيَّ جَمَعَ لِيَ النَّاسَ لِيَغْزُوَنِي، وَهُوَ بِنَخْلَةَ أَوْ بِعُرَنَةَ، فَأْتِهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، انْعَتْهُ لِي حَتَّى أَعْرِفَهُ، فَقَالَ: آيَةُ مَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ أَنَّكَ إِذَا رَأَيْتَهُ وَجَدْتَ لَهُ قُشَعْرِيرَةً ، قَالَ: فَخَرَجْتُ مُتَوَشِّحًا بِسَيْفِي حَتَّى وَقَعْتُ عَلَيْهِ فِي ظُعُنٍ يَرْتَادُ لَهُنَّ مَنْزِلًا، حِينَ كَانَ وَقْتُ الْعَصْرِ، فَلَمَّا رَأَيْتُهُ وَجَدْتُ مَا وَصَفَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْقُشَعْرِيرَةِ، فَأَخَذْتُ نَحْوَهُ وَخَشِيتُ أَنْ يَكُونَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ مُحَاوَلَةٌ تَشْغَلُنِي عَنِ الصَّلَاةِ، فَصَلَّيْتُ وَأَنَا أَمْشِي نَحْوَهُ أُومِءُ بِرَأْسِي، فَلَمَّا انْتَهَيْتُ إِلَيْهِ قَالَ: مِمَّنِ الرَّجُلُ؟ قُلْتُ: رَجُلٌ مِنَ الْعَرَبِ سَمِعَ بِكَ وَبِجَمْعِكَ لِهَذَا الرَّجُلِ، فَجَاءَ لِذَلِكَ، قَالَ: أَجَلْ، إِنِّي أَنَا فِي ذَلِكَ، قَالَ: فَمَشَيْتُ مَعَهُ شَيْئًا حَتَّى إِذَا أَمْكَنَنِي حَمَلْتُ عَلَيْهِ السَّيْفَ حَتَّى قَتَلْتُهُ، ثُمَّ خَرَجْتُ وَتَرَكْتُ ظَعَائِنَهُ مُنْكَبَّاتٌ عَلَيْهِ، فَلَمَّا

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کی باقی مسند

حضرت عبداللہ بن انیس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بلوایا اور فرمایا: مجھے خبر ملی ہے کہ ابن سفیان بن نبیح الہذلی میرے لیے لوگوں کو جمع کر رہا ہے تاکہ مجھ سے جہاد کرے' وہ نخلہ یا عرنہ کے مقام پر ہے' تُو اس کے پاس جا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اس کا حلیہ بتائیں تاکہ میں اس کو پہچان لوں۔ آپ نے فرمایا: جب تُو اس کو دیکھے گا تو تیرے اور اس کے درمیان نشانی یہ ہے کہ جب تُو اس کو دیکھے تو اس کو پائے گا کہ وہ کپکپی کی حالت میں اپنی تلوار کو لپٹا کر نکلا ہے یہاں تک کہ میں اس کے گھر کے قریب چلا گیا' اس وقت عصر کا وقت تھا' جب میں نے اس کو دیکھا تو اسی طرح پایا جو مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی حالت بتائی تھی' کپکپی اس پر طاری تھی' میں نے اس کو پکڑا' مجھے خوف ہوا کہ میرے اور اس کے درمیان حائل ہونے کی وجہ سے نمازِ عصر نہ رہ جائے اور مجھے نماز سے مشغول رکھے' میں نے نماز اس حال میں پڑھ لی کہ میں اس کے ساتھ چل رہا تھا' میں نے اپنے سر کے ساتھ اشارہ کر کے نماز پڑھ لی' جب میں اس کے پاس پہنچا تو اس نے کہا: کون آدمی ہے؟ میں نے کہا: عرب سے ایک آدمی ہوں' آپ کے اور آپ کے لشکر کے متعلق سنا ہے' اس آدمی کے متعلق

901- أخرجه أحمد جلد3صفحه496 . وأبو داؤد في الصلاة' باب: صلاة الطالب . والبيهقي في السنن .

قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَآنِي قَالَ: قَدْ أَفْلَحَ الْوَجْهُ، قَالَ: قُلْتُ: قَتَلْتُهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: صَدَقْتَ، قَالَ: ثُمَّ قَامَ مَعِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَدْخَلَنِي بَيْتَهُ فَأَعْطَانِي عَصًا فَقَالَ: أَمْسِكْ هَذِهِ الْعَصَا عِنْدَكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُنَيْسٍ، قَالَ: فَخَرَجْتُ بِهَا عَلَى النَّاسِ فَقَالُوا: مَا هَذِهِ الْعَصَا؟ قُلْتُ: أَعْطَانِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَرَنِي أَنْ أَمْسِكَهَا، قَالُوا: أَفَلَا تَرْجِعُ فَتَسْأَلُهُ: لِمَ ذَلِكَ؟ قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لِمَ أَعْطَيْتَنِي هَذِهِ الْعَصَا؟ قَالَ: آيَةٌ بَيْنِي وَبَيْنَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِنَّ أَقَلَّ النَّاسِ الْمُخْتَصِرُونَ - أَوِ الْمُتَخَصِّرُونَ - يَوْمَئِذٍ، فَقَرَنَهَا عَبْدُ اللّٰهِ بِسَيْفِهِ، فَلَمْ تَزَلْ مَعَهُ حَتَّى إِذَا مَاتَ أَمَرَ بِهَا فَضُمَّتْ مَعَهُ فِي كَفَنِهِ ثُمَّ دُفِنَا جَمِيعًا، رَحِمَهُ اللَّهُ

(یعنی حضور ﷺ سے) اس سے آیا ہوں' اس نے کہا: ٹھیک ہے! میں بھی اسی نیت سے ہوں' میں اس کے ساتھ تھوڑی دیر چلا' جب میرے قابو میں آ گیا تو میں نے اس پر تلوار کا حملہ کر دیا یہاں تک کہ میں نے اس کو قتل کر دیا۔ پھر میں نکلا اور میں اپنی تلوار اسی پر لگی چھوڑ گیا' جب میں حضور ﷺ کے پاس آیا تو آپ نے مجھے دیکھا تو آپ نے فرمایا: اس کا چہرہ کامیاب ہو گیا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اس کو مار کر آیا ہوں۔ آپ نے فرمایا: تُو نے سچ کہا! پھر حضور ﷺ میرے ساتھ کھڑے ہوئے اور مجھے اپنے گھر لے گئے مجھے عصا مبارک عطا کیا اور فرمایا: اس عصا کو اپنے پاس سنبھال کر رکھنا' اے عبداللہ بن انیس! میں وہ لے کر صحابہ کرام کے پاس آیا' صحابہ کرام نے کہا: یہ عصاء کیا ہے؟ میں نے کہا: مجھے حضور ﷺ نے عطا کیا ہے اور مجھے حکم دیا کہ میں اسے اپنے پاس سنبھال کر رکھوں۔ صحابہ کرام نے فرمایا: کیا تُو واپس نہیں جاتا ہے یہ پوچھنے کہ اسے کس لیے سنبھال کر رکھوں؟ میں واپس گیا اور آپ کی بارگاہ میں عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے یہ عصا مجھے کیوں دیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میرے اور تیرے درمیان قیامت کے دن نشانی کے طور پر' اگرچہ لوگ اس دن مختصر ہوں گے۔ حضرت عبداللہ نے تلوار کے ساتھ ملا کر اُسے رکھ دیا اور ہمیشہ اپنے پاس رکھتے یہاں تک کہ اُن کا وصال ہو گیا' اُنہوں نے اس عصاء کے متعلق حکم دیا کہ اسے میرے کفن میں رکھنا' پھر دونوں

کو ملا کر دفن کیا گیا' اللہ اُن پر رحم کرے!

902 - حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ، حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ يَزِيدَ عَمِّي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ سَرِيَّةً وَحْدَهُ

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ان کو اکیلے ایک سریہ میں بھیجا۔

903 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي أَبِي أُمِّي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا قَتَادَةَ، وَحَلِيفًا لَهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَتِيكٍ، إِلَى ابْنِ أَبِي الْحُقَيْقِ لِنَقْتُلَهُ، فَخَرَجْنَا فَجِئْنَا خَيْبَرَ لَيْلًا، فَتَتَبَّعْنَا أَبْوَابَهُمْ، فَغَلَّقْنَا عَلَيْهِمْ مِنْ خَارِجٍ ثُمَّ جَمَعْنَا الْمَفَاتِيحَ، فَأَرْقَيْنَاهَا، فَصَعِدَ الْقَوْمُ فِي النَّخْلِ، وَدَخَلْتُ أَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَتِيكٍ فِي دَرَجَةِ أَبِي الْحُقَيْقِ، فَتَكَلَّمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَتِيكٍ فَقَالَ ابْنُ أَبِي الْحُقَيْقِ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ عَبْدَ اللّٰهِ أَنَّى لَكَ بِهَذِهِ الْبَلْدَةِ، قُومِي فَافْتَحِي، فَإِنَّ الْكَرِيمَ لَا يُرَدُّ عَنْ بَابِهِ هَذِهِ السَّاعَةَ، فَقَامَتْ، فَقُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَتِيكٍ: دُونَكَ، فَأَشْهَرَ عَلَيْهِمُ السَّيْفَ، فَذَهَبَتِ امْرَأَتُهُ لِتَصِيحَ، فَأُشْهِرُ عَلَيْهَا، وَأَذْكُرُ قَوْلَ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اور ابوقتادہ اور انصار کے ایک گروہ اور عبداللہ بن عتیک کو ابن ابی حقیق کی طرف بھیجا تاکہ ہم اس کو قتل کریں۔ ہم نکلے' ہم رات کو خیبر آئے' ہم نے ان کے دروازوں کو تلاش کیا' ہم نے باہر سے اُن کو بند کر دیا' پھر ہم نے چابیاں جمع کیں' ہم نے چابیاں لگا کر بند کر دیئے' قوم کھجور کے باغ میں چلی گئی' میں اور عبداللہ بن عتیک' ابی حقیق کے درجہ میں داخل ہوئے اور عبداللہ بن عتیک نے گفتگو کی۔ ابن ابی حقیق نے کہا: عبداللہ تیری ماں تجھ پر روئے! تُو اس شہر میں کیسے آ گیا؟ تو اُٹھ! میرے لیے دروازہ کھول! کیونکہ ہم اس دروازے سے اس گھڑی در نہیں کیا جا سکتا۔ وہ اُٹھی' میں نے عبداللہ بن عتیک سے کہا: اس پر تلوار کا اشارہ کر' اس کی عورت گئی تاکہ آواز دے' میں اس پر اشارہ کرنے لگا تو مجھے حضور ﷺ کی بات یاد آ گئی کہ آپ نے عورتوں کے قتل کرنے سے منع کیا ہے اور بچوں کے قتل سے۔ حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس

903- قارن في المغازي' باب: قتل أبي رافع عبد الله بن أبي الحقيق ـ وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد الى المصنف ـ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ، نَهَى عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ ، فَأَكُفُّ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُنَيْسٍ: فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فِي مَشْرَبَةٍ لَهُ، فَوَقَفْتُ أَنْظُرُ إِلَى شِدَّةِ بَيَاضِهِ فِي ظُلْمَةِ الْبَيْتِ، فَلَمَّا رَآنِي أَخَذَ وِسَادَةً فَاسْتَتَرَ بِهَا، فَذَهَبْتُ أَرْفَعُ السَّيْفَ لِأَضْرِبَهُ فَلَمْ أَسْتَطِعْ مِنْ قِصَرِ الْبَيْتِ، فَوَخَزْتُهُ وَخْزًا، ثُمَّ خَرَجْتُ، فَقَالَ صَاحِبِي: فَعَلْتَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَدَخَلَ فَوَقَفَ عَلَيْهِ، ثُمَّ خَرَجْنَا فَانْحَدَرْنَا مِنَ الدَّرَجَةِ، فَسَقَطَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَتِيكٍ فِي الدَّرَجَةِ فَقَالَ: وَارِجْلَاهُ كُسِرَتْ رِجْلِي، فَقُلْتُ لَهُ: لَيْسَ بِرِجْلِكَ بَأْسٌ، وَوَضَعْتُ قَوْسِي وَاحْتَمَلْتُهُ، وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ قَصِيرًا ضَئِيلًا، فَأَنْزَلْتُهُ فَإِذَا رِجْلُهُ لَا بَأْسَ بِهَا، فَانْطَلَقْنَا حَتَّى لَحِقْنَا أَصْحَابَنَا، وَصَاحَتِ الْمَرْأَةُ: يَا بَيَاتَاهُ، فَيَثُورُ أَهْلُ خَيْبَرَ، ثُمَّ ذَكَرْتُ مَوْضِعَ قَوْسِي فِي الدَّرَجَةِ فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَأَرْجِعَنَّ فَلَآخُذَنَّ قَوْسِي، فَقَالَ أَصْحَابِي: قَدْ تَثَوَّرَ أَهْلُ خَيْبَرَ، تُقْتَلُ؟ فَقُلْتُ: لَا أَرْجِعُ أَنَا حَتَّى آخُذَ قَوْسِي، فَرَجَعْتُ فَإِذَا أَهْلُ خَيْبَرَ قَدْ تَثَوَّرُوا، وَإِذَا مَا لَهُمْ كَلَامٌ إِلَّا: مَنْ قَتَلَ ابْنَ أَبِي الْحُقَيْقِ؟ فَجَعَلْتُ لَا أَنْظُرُ فِي وَجْهِ إِنْسَانٍ وَلَا يَنْظُرُ فِي وَجْهِي إِلَّا قُلْتُ كَمَا يَقُولُ: مَنْ قَتَلَ ابْنَ أَبِي الْحُقَيْقِ؟ حَتَّى جِئْتُ الدَّرَجَةَ فَصَعِدْتُ مَعَ النَّاسِ، فَأَخَذْتُ قَوْسِي ثُمَّ لَحِقْتُ أَصْحَابِي، فَكُنَّا نَسِيرُ اللَّيْلَ وَنَكْمُنُ النَّهَارَ، فَإِذَا كَمِنَّا النَّهَارَ أَقْعَدْنَا نَاطُورًا يَنْظُرُنَا، حَتَّى إِذَا اقْتَرَبْنَا مِنَ الْمَدِينَةِ، فَكُنَّا

کے پاس اس کے کمرے میں داخل ہوا تو میں رُک گیا' گھر میں اندھیرے کے باوجود اتنی روشنی دیکھ کر کہ جب اس نے مجھے دیکھا تو اسنے تکیہ لیا اور اس سے اپنے آپ کو چھپالیا' میں آگے بڑھا اور میں نے اس کو مارنے کے لیے تلوار اُٹھائی لیکن میں گھر کی مضبوطی کی وجہ سے طاقت نہیں رکھتا تھا' میں نے اس کو مارا' یا میں نے اس پر تیر کو ٹھونسا' پھر میں نکلا' میرے ساتھی نے کہا: تُو نے کام کر لیا ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں! وہ داخل ہوا اور اس پر رُکا' پھر ہم نکلے اور ہم نے اوپر سے چھلانگ لگائی' حضرت عبداللہ بن عتیک گرے اور کہنے لگے: ہائے میرا پاؤں ٹوٹ گیا! میں نے کہا: آپ کے پاؤں کو کوئی تکلیف نہیں ہے! میں نے اپنی کمان کو رکھا اور میں نے ان کو اُٹھایا' حضرت عبداللہ کمزور آدمی تھے' میں نے اتارا تو اُن کے پاؤں پر کوئی تکلیف نہیں تھی۔ پھر ہم چلے یہاں تک کہ ہم اپنے ساتھیوں کو ملے۔ ایک عورت نے چیخ ماری' اس سے خیبر والوں کو جوش دلایا' پھر مجھے میری کمان وہاں سیڑھی یاد آئی' میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں اپنی کمان ضرور لوں گا' میرے ساتھی نے کہا: اہل خیبر جوش میں ہیں' آپ کو قتل کر دیں گے؟ میں نے کہا: میں واپس نہیں جاؤں گا یہاں تک کہ میں اپنی کمان نہ لے آؤں۔ میں واپس گیا تو اہلِ خیبر جوش میں تھے' ان کی زبان پر یہ بات تھی کہ ابن ابی حقیق کو کس نے قتل کیا ہے؟ میں نے دل میں کہا کہ میں بھی ایسے ہی کہتا ہوں کہ ابن ابی حقیق کو کس نے قتل کیا ہے تاکہ میرے چہرے کو کوئی نہ دیکھے

بِالْبَيْدَاءِ كُنْتُ أَنَا نَاظِرُهُمْ، ثُمَّ إِنِّي أَلْحَتُ لَهُمْ بِثَوْبِي فَانْحَدَرُوا فَخَرَجُوا جَمْزًا، وَانْحَدَرْتُ فِي آثَارِهِمْ فَأَدْرَكْتُهُمْ حَتَّى بَلَغْنَا الْمَدِينَةَ، فَقَالَ لِي أَصْحَابِي: هَلْ رَأَيْتَ شَيْئًا؟ فَقُلْتُ: لَا، وَلَكِنْ رَأَيْتُ مَا أَدْرَكَكُمْ مِنَ الْعَنَاءِ فَأَحْبَبْتُ أَنْ يَحْمِلَكُمُ الْفَزَعُ، وَأَتَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَقَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْلَحَتِ الْوُجُوهُ فَقُلْنَا: أَفْلَحَ وَجْهُكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: فَقَتَلْتُمُوهُ؟ قُلْنَا" نَعَمْ، فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالسَّيْفِ الَّذِي قُتِلَ بِهِ فَقَالَ: هَذَا طَعَامُهُ فِي ذُبَابِ السَّيْفِ

یہاں تک کہ میں دوسری منزل پر آیا' میں لوگوں کے ساتھ چڑھ رہا تھا' میں نے اپنی کمان لی اور پھر اپنے ساتھی سے جا ملا۔ ہم رات کو چلتے اور دن کو رُک جاتے' جب ہم دن کو چھپتے تو ہم ناطور میں بیٹھتے تھے' ہم دیکھتے رہتے تھے پھر جب ہم مدینہ کے قریب ہوئے تو ہم مقام بیداء پر پہنچے' میں دیکھنے لگا پھر میں نے اپنے آپ کو کپڑے میں چھپالیا۔ مجھے میرے ساتھی نے کہا: کیا کوئی شی دیکھ رہے ہیں؟ میں نے کہا: نہیں! میں پسند کرتا ہوں کہ گھبراہٹ چلی جائے۔ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے تو آپ صحابہ کو خطبہ دے رہے تھے' ہم نے عرض کی: اللہ عزوجل آپ کے چہرے کو عزت دے! آپ نے فرمایا: اس کو قتل کر دیا ہے؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے وہ تلوار منگوائی جس سے اس گستاخِ رسول کو قتل کیا گیا تھا' آپ نے فرمایا: یہ تلوار کا کھانا تھا۔

مُسْنَدُ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءَ الْغِفَارِيِّ

حضرت خفاف بن ایماء الغفاری رضی اللہ عنہ کی مسند

904 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا بِهِ ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ، عَنْ أَبِي الْقَاسِمِ مِقْسَمٍ مَوْلَى بَنِي رَبِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ قَالَ: صَلَّيْتُ فِي مَسْجِدِ بَنِي غِفَارٍ، فَلَمَّا جَلَسْتُ جَعَلْتُ أَدْعُو وَأُشِيرُ بِأُصْبُعٍ وَاحِدَةٍ، فَدَخَلَ عَلَيَّ خُفَافُ بْنُ إِيمَاءَ

حضرت حارث فرماتے ہیں کہ میں نے بنی غفار کی مسجد میں نماز پڑھی' جب میں بیٹھا تو میں دعا کرنے لگا' میں نے اپنی ایک انگلی کے ساتھ اشارہ کیا' میرے پاس خفاف بن ایماء غفاری داخل ہوئے' میں اسی طرح کر رہا تھا تو آپ نے فرمایا: جس وقت تُو انگلی سے اشارہ کر رہا تھا تو تیرا اس سے کیا مطلب تھا؟ میں نے عرض کی: میں

904- أخرجه أحمد جلد4صفحه57 . والبيهقي في السنن .

الْغِفَارِيُّ وَأَنَا كَذَلِكَ فَقَالَ: مَا تُرِيدُ بِهَذَا حِينَ تُشِيرُ بِأُصْبُعٍ وَاحِدَةٍ؟ قَالَ: قُلْتُ: أَدْعُوا اللّٰهَ وَأَسْأَلُهُ، قَالَ: نِعْمَ مَا صَنَعْتَ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ، فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ: اِنَّمَا يَسْحَرُ بِهَا، كَذَبَ الْمُشْرِكُونَ، اِنَّمَا ذٰلِكَ الْاِخْلَاصُ

اللہ سے دعا کر رہا تھا اور مانگ رہا تھا' آپ نے فرمایا: جو تُو کر رہا تھا بہت اچھا کر رہا تھا کیونکہ حضور ﷺ بھی ایسا ہی کرتے تھے' مشرکین کہتے: آپ اس کے ساتھ جادو کرتے ہیں' مشرک جھوٹ بولتے تھے کیونکہ یہ اخلاص ہے۔

905 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِي مُحَمَّدٌ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ خُفَافٍ أَنَّهُ قَالَ: قَالَ خُفَافُ بْنُ اِيمَاءَ: رَكَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَقَالَ: غِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا، وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَعُصَيَّةُ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، اللّٰهُمَّ الْعَنْ بَنِي لَحْيَانَ، وَالْعَنْ رِعْلًا وَذَكْوَانَ، ثُمَّ وَقَعَ سَاجِدًا، قَالَ خُفَافٌ: فَجُعِلَتْ لَعْنَةُ الْكُفَّارِ مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ

حضرت خفاف بن ایماء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے رکوع کیا، پھر اپنا سر انور اٹھایا اور فرمایا: قبیلہ غفار کی اللہ بخشش کرے اور قبیلہ اسلم کو سلامت رکھے اور قبیلہ عصیہ نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔ بے شک اللہ قبیلہ بنی لحیان اور رعل و ذکوان کو اپنی رحمت سے دور کر پھر آپ نے سجدہ کیا۔ حضرت خفاف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کفار پر لعنت اسی وجہ سے کی گئی۔

مُسْنَدُ عُقْبَةَ مَوْلَى جَبْرِ بْنِ عَتِيكٍ

حضرت عقبہ مولیٰ جبر بن عتیک رضی اللہ عنہ کی مسند

906 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ

حضرت عقبہ مولی جبر بن عتیک الانصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے آقا کے ساتھ اُحد کی جنگ میں

905- أخرجه مسلم في المساجد' باب: استحباب القنوت في جميع الصلوات اذا نزلت بالمسلمين نازلة . وأحمد جلد4صفحه57 .

906- أخرجه أحمد جلد5صفحه295 . وأبو داؤد في الأدب' باب: في العصبية . وابن ماجه في الجهاد رقم الحديث:2784' باب: النية في القتال .

قَالَ: حَدَّثَنِي دَاوُدُ بْنُ الْحُصَيْنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ أَبِيهِ عُقْبَةَ مَوْلَى جَبْرِ بْنِ عَتِيكٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: شَهِدْتُ أُحُدًا مَعَ مَوْلَايَ، فَضَرَبْتُ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَلَمَّا قَتَلْتُهُ قُلْتُ: خُذْهَا مِنِّي وَأَنَا الرَّجُلُ الْفَارِسِيُّ، فَبَلَغَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: " أَلَا قَالَ: خُذْهَا وَأَنَا الرَّجُلُ الْأَنْصَارِيُّ؟ فَإِنَّ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ"

حاضر تھا۔ میں نے مشرکین کے ایک آدمی کو مارا، جب میں نے اس کو قتل کیا میں نے اس کو کہا: مجھ سے اس کو پکڑو، میں فارسی آدمی ہوں۔ یہ بات رسول پاک ﷺ تک پہنچی آپ ﷺ نے فرمایا: تو نے یہ کیوں نہیں کہا کہ اس کو پکڑو میں انصاری آدمی ہوں؟ بے شک قوم کا غلام اسی میں شمار ہوتا ہے۔

مُسْنَدُ يَزِيدَ بْنِ أَسَدٍ

حضرت یزید بن اسود رضی اللہ عنہ

907 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ، حَدَّثَنَا سَيَّارٌ، قَالَ: سَمِعْتُ خَالِدًا الْقَسْرِيَّ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا يَزِيدُ بْنَ أَسَدٍ، حِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ

حضرت سیار فرماتے ہیں کہ میں نے خالد قری کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا، فرما رہے تھے کہ مجھے میرے باپ نے انہوں نے اپنے دادا کے حوالہ سے بیان کیا کہ رسول ﷺ نے فرمایا: اے یزید بن اسد! جو اپنی ذات کے لیے پسند کرے وہی لوگوں کے لیے پسند کرے۔

سَلَمَةُ الْهَمْدَانِيُّ

حضرت سلمہ الہمدانی رضی اللہ عنہ کی مسند

908 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى بْنِ عَمْرِو بْنِ

حضرت یحییٰ بن سلمہ الھمدانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے قیس بن مالک الارحبی کی طرف خط

907- أخرجه ابن حجر في الاصابة جلد10صفحه338' وصححه الحاكم في المستدرك جلد4صفحه168 .

908- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد . ابن حجر في المطالب العالية الى المصنف . وأخرجه ابن منده فيما ذكره ابن حجر في الاصابة .

سَلَمَةَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَى قَيْسِ بْنِ مَالِكٍ الْأَرْحَبِيِّ: " بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ، مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَى قَيْسِ بْنِ مَالِكٍ، سَلَامٌ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ وَمَغْفِرَتُهُ، أَمَّا بَعْدُ، فَذَاكُمْ أَنِّي اسْتَعْمَلْتُكَ عَلَى قَوْمِكَ: عُرْبِهِمْ وَخُمُورِهِمْ وَمَوَالِيهِمْ وَحَاشِيَتِهِمْ، وَأَقْطَعْتُكَ مِنْ ذُرَةِ يَسَارٍ مِئَتَيْ صَاعٍ، وَمِنْ زَبِيبِ خَيْوَانَ مِئَتَيْ صَاعٍ، جَارٍ ذَلِكَ لَكَ وَلِعَقِبِكَ مِنْ بَعْدِكَ أَبَدًا أَبَدًا" ، قَالَ قَيْسٌ: وَقَوْلُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبَدًا أَبَدًا ، أَحَبُّ اِلَيَّ، اِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَبْقَى لِي عَقِبِي أَبَدًا، قَالَ يَحْيَى: عُرْبُهُمْ: أَهْلُ الْبَادِيَةِ، وَخُمُورُهُمْ: أَهْلُ الْقُرَى

لکھا اللہ کے نام سے محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے قیس بن مالک کی طرف۔ تم پر اللہ کی سلامتی اور رحمت اور برکت اور بخشش ہو اس کے بعد میں تیری قوم پر جنگل و دیہات والوں اور اُن کے غلاموں اور جانوروں پر امیر مقرر کر رہا ہوں‘ میں تیرے لیے دوسو صاع یسار کے ذرّہ سے کاٹ کر دے رہا ہوں‘ یہ تیرے بعد ہمیشہ تیرے پاس ہی رہے گا۔ حضرت قیس فرماتے ہیں: حضور ﷺ کا یہ ارشاد: ’’ابدًا ابدًا‘‘ مجھے زیادہ محبوب ہے‘ میں اُمید کرتا ہوں کہ میرے لیے میرے بعد بھی ہمیشہ رہے گا۔ حضرت یحییٰ فرماتے ہیں: ’’عُرْبُهُمْ‘‘ سے مراد جنگل والے اور ’’خُمُوْرُهُمْ‘‘ سے مراد دیہات والے ہیں۔

مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُحَيْنَةَ

مسند حضرت عبداللہ بن بحینہ رضی اللہ عنہ

909 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنِي أَخِي الْمِسْوَرُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ ابْنِ بَحِينَةَ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ أَصْحَابِهِ اِذْ قَالَ: صَلَّى اللّٰهُ عَلَى تِلْكَ الْمَقْبَرَةِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَ: فَلَمْ نَدْرِ أَيَّ مَقْبَرَةٍ، وَلَمْ يُسَمِّ لَهُمْ شَيْئًا، قَالَ: فَدَخَلَ بَعْضُ

حضرت علی بن عبداللہ بن مالک بن بحینہ اپنے والد عبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کے درمیان تشریف فرما تھے‘ اچانک آپ نے اس قبرستان والوں کے لیے تین مرتبہ دعا کی‘ ہم کو علم نہیں تھا کہ یہ کون سا قبرستان ہے‘ اس کا کوئی نام بھی نہیں لیا گیا۔ حضور ﷺ کے بعض اصحاب حضور ﷺ کی بعض ازواج کے پاس آئے۔ حضرت عطاف فرماتے ہیں:

909- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد الى المصنف' والبزار .

أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَعْضِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ عَطَّافٌ: فَحُدِّثْتُ أَنَّهَا عَائِشَةَ - فَقَالَ لَهَا: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ أَهْلَ مَقْبَرَةٍ فَصَلَّى عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُخْبِرْنَا أَيَّ مَقْبَرَةٍ هِيَ؟ فَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهَا فَسَأَلَتْهُ عَنْهَا فَقَالَ لَهَا: أَهْلُ مَقْبَرَةٍ بِعَسْقَلَانَ

مجھے بیان کیا گیا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اُن کو فرمایا کہ حضور ﷺ نے قبرستان والوں کا ذکر کیا اور اُن کے لیے دعا کی۔ ہم کو بتایا نہیں کہ یہ کون سا قبرستان ہے؟ حضور ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس داخل ہوئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ سے پوچھا' تو آپ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: وہ عسقلان والوں کا قبرستان تھا۔

910 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ بُحَيْنَةَ قَالَ: أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَمَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ، فَكَلَّمَهُ بِشَيْءٍ لَا نَدْرِي مَا هُوَ، فَلَمَّا انْصَرَفْنَا أَحَطْنَا بِهِ نَسْأَلُهُ مَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قَالَ لِي: يُوشِكُ أَحَدُكُمْ أَنْ يُصَلِّيَ الصُّبْحَ أَرْبَعًا

حضرت ابن بُحینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نماز کے لیے اقامت پڑھی گئی' حضور ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے' وہ صبح سے پہلے دو رکعتیں ادا کر رہا تھا' آپ نے کوئی گفتگو فرمائی جو ہم نہیں جانتے کہ وہ کیا تھی؟ جب ہم فارغ ہوئے تو ہم نے اس کو گھیرا' ہم نے پوچھا کہ حضور ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟ اُس نے کہا: مجھے آپ نے فرمایا: قریب ہے کہ تم میں سے کوئی چار رکعت پڑھنے لگے۔

911 - حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ بْنُ السَّبَّاكِ، حَدَّثَنَا مَخْلَدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ ابْنِ بُحَيْنَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ وَرَجُلٌ يُصَلِّي، فَضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْكِبَهُ وَقَالَ: تُرِيدُ أَنْ تُصَلِّيَ أَرْبَعًا أَوْ

حضرت عبداللہ بن مالک ابن بُحینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صبح کی نماز کے لیے نکلے اس حالت میں کہ ایک آدمی نماز پڑھ رہا تھا' حضور ﷺ نے اس کے کندھے پر ہاتھ مارا اور فرمایا: تم چاہتے ہو کہ چار رکعت پڑھیں یا دو مرتبہ؟

910- أخرجه البخاري في الأذان'باب: اذا أقيمت الصلاة فلا صلاة الا المكتوبة . ومسلم في المسافرين باب: كراهة الشروع في نافلة بعد شروع المؤذن . وأحمد جلد 5 صفحه 345 . والنسائي في الامامة باب: ما يكره من الصلاة عند الاقامة .

911- أخرجه عبد الله بن أحمد وِجَادَة عن أبيه .

مَرَّتَيْنِ؟

مَا أَسْنَدَ جَهْجَاهُ الْغِفَارِیُّ

وہ احادیث جو حضرت جہجاہ الغفاری رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہیں

912 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَأَبُو كُرَيْبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ سَلْمَانَ الْقُرَشِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ جَهْجَاهٍ الْغِفَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ ،

حضرت جہجاء الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر ساتھ آنتوں میں کھاتا ہے۔

913 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

مَا أَسْنَدَ جَارُودُ الْعَبْدِیُّ

جارود العبدی کی مسند

914 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ هَاشِمٍ، عَنْ أَشْعَثَ،

حضرت جارود العبدی فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آپ کی بیعت کرنے کے لیے

912,913- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد الى المصنف' والطبراني' والبزار . أخرجه مسلم في الأشربة' باب: المؤمن يأكل في معى واحد' والكافر يأكل في سبعة أمعاء . وابن ماجه في الأطعمة رقم الحديث: 3258' باب: المؤمن يأكل في معى واحد .

914- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد الى المصنف .

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنِ الْجَارُودِ الْعَبْدِيِّ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُبَايِعُهُ، فَقُلْتُ لَهُ: عَلَى أَنِّي إِنْ تَرَكْتُ دِينِي وَدَخَلْتُ فِي دِينِكَ لَا يُعَذِّبُنِي اللّٰهُ فِي الْآخِرَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ

آیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں بیعت اس چیز پر کرنے آیا ہوں کہ میں اپنے دین کو چھوڑ دوں اور آپ ﷺ کے دین میں داخل ہو جاؤں (اور اس پر) کہ آخرت میں اللہ مجھے عذاب نہ دے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: قبول ہے۔

915 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا أَبَانُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ مسلمانوں کا گم شدہ جانور اپنی حفاظت کرسکتا ہے' اس کو پکڑنا جہنم میں جانے کا ذریعہ ہے۔

رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اصحاب النبی ﷺ میں ایک آدمی کی مسند

916 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَلَّامِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِخْوَانُكُمْ أَحْسِنُوا إِلَيْهِمْ، أَوْ قَالَ: فَأَصْلِحُوا إِلَيْهِمْ، اسْتَعِينُوهُمْ عَلَى مَا غَلَبَكُمْ وَأَعِينُوهُمْ عَلَى مَا غَلَبَهُمْ

حضرت سلام ابن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں حضور ﷺ کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے بھائی ہیں' تم اپنے بھائیوں سے اچھا سلوک کرو۔ یا یہ فرمایا: ان کی اصلاح کرو' ان کی مدد کرو' اس پر جو تم میں مغلوب ہوں اور ان کی مدد کرو جو مغلوب ہوں۔

915- أخرجه أحمد جلد 5صفحه80 . والترمذی فی الأشربة' باب: فی النهی عن الشرب قائمًا . وابن ماجه فی اللقطة' باب: ضالة الابل والبقر والغنم . والدارمی فی البيوع'باب: فی الضالة .

916- أخرجه البخاری فی الايمان' باب: المعاصی فی أمر الجاهلية . ومسلم فی"الايمان' باب: اطعام المملوك مما يأكل . وأبی داؤد فی الأدب' باب: فی حق المملوك .

سَلَمَةُ بْنُ قَيْصَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

917 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَائِدٍ، أَنَّ لَهِيعَةَ بْنَ عُقْبَةَ حَدَّثَهُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْصَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللَّهِ بَاعَدَهُ اللَّهُ مِنْ جَهَنَّمَ كَبُعْدِ غُرَابٍ طَارَ وَهُوَ فَرْخٌ حَتَّى مَاتَ هَرَمًا

سلمہ بن قیصر' حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سلمہ بن قیصر سے روایت ہے کہ حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جس نے ایک روزہ اللہ کی رضا کے لیے رکھا، اس کو اللہ جہنم سے اتنا دور کر دے گا جس طرح کوّا ہوتا' وہ اُڑتا ہے اور وہ چھوٹا بچہ ہو یہاں تک کہ وہ بوڑھا ہو کر مرجاتا ہے۔

أَبُو أَبِي عَمْرَةَ

918 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي عَمْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَتَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعَةَ نَفَرٍ وَمَعَنَا فَرَسٌ، فَأَعْطَى كُلَّ إِنْسَانٍ مِنَّا سَهْمًا، وَأَعْطَى الْفَرَسَ سَهْمَيْنِ

مسند حضرت ابو عمرہ رضی اللہ عنہ

حضرت ابو عمرہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ ہم حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی بارگاہ میں آئے ہم چار افراد تھے اور ہمارے ساتھ ایک گھوڑا بھی تھا، آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے ہر آدمی کو اس کا حصہ دیا اور گھوڑے کو دو حصے دیئے۔

جَدُّ خَالِدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

919 - حَدَّثَنَا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ

خالد کے دادا' حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سے روایت کرتے ہیں

محمد بن خالد اپنے باپ اور دادا سے روایت کرتے

-917 أخرجه البزار .

-918 أخرجه أحمد جلد4صفحه138 . وأبو داؤد في الجهاد' باب: في سهمان الخيل .

-919 أخرجه أحمد جلد5صفحه272 .

عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْمَلِيحِ الرَّقِّيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، كَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ أَنَّهُ خَرَجَ زَائِرًا لِبَعْضِ إِخْوَانِهِ فَلَمْ يَنْتَهِ إِلَيْهِ حَتَّى بَلَغَهُ أَنَّهُ مَرِيضٌ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ قَالَ: أَتَيْتُكَ زَائِرًا أَوْ أَتَيْتُكَ عَائِدًا أَوْ مُبَشِّرًا، قَالَ: وَكَيْفَ جَمَعْتَ هَذَا كُلَّهُ؟ قَالَ: خَرَجْتُ وَأَنَا أُرِيدُ زِيَارَتَكَ فَلَمْ أَصِلْ إِلَيْكَ حَتَّى بَلَغَنِي شَكَاتُكَ فَكَانَتْ عِيَادَةً، وَأُبَشِّرُكَ بِشَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا سَبَقَتْ لِلْعَبْدِ مِنَ اللَّهِ مَنْزِلَةٌ لَمْ يَبْلُغْهَا عَمَلًا ابْتَلَاهُ فِي جَسَدِهِ أَوْ فِي مَالِهِ أَوْ فِي وَلَدِهِ، ثُمَّ صَبَّرَهُ حَتَّى يَنَالَ الْمَنْزِلَةَ الَّتِي سَبَقَتْ لَهُ مِنَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

ہیں ان کو صحابی رضی اللہ عنہ ہونے کا شرف حاصل ہے۔ یہ اپنے کسی بھائی کی زیارت کے لیے نکلے۔ وہاں تک نہیں پہنچے، یہاں تک کہ ان کو خبر پہنچی کہ وہ بیمار ہیں۔ انہوں نے فرمایا: میں آپ کی زیارت کے لیے آیا ہوں۔ یا آپ کی عیادت کرنے کے لیے آیا ہوں یا آپ کو خوشخبری دینے کے لیے، تو اس نے کہا: تُو نے یہ ساری کیسے جمع کر لی ہیں؟ میں آپ کی زیارت کے ارادہ سے آیا ہوں میں آپ تک نہیں پہنچا۔ یہاں تک کہ مجھے آپ کے بیمار ہونے کی خبر ملی۔ یہ آپ کی عیادت ہوئی اور آپ کو خوشخبری دینے کے لیے آیا ہوں ایک شی کی جو میں نے حضور ﷺ نے سنی ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی طرف سے بندہ کے لیے ایک مقام لکھ دیا ہوتا ہے وہ اس مقام کو عمل کے ذریعے نہیں پا سکتا ہے۔ اللہ اس کو آزمائش میں ڈالتا ہے۔ اس کے جسم یا اس کے مال یا اس کی اولاد کے لحاظ سے پھر اس کو صبر عطا کرتا ہے اس پر یہاں تک کہ اس مقام کو پالیتا ہے جو اس کے لیے اللہ عزوجل کی طرف سے لکھا ہوتا ہے۔

مَا أَسْنَدَ خَرَشَةُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وہ مسند جو حضرت خرشہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

920 - حَدَّثَنَا أَبُو طَالِبٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ

حضرت خرشہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ

920- أخرجه أحمد جلد4صفحه110 .

بْـنُ عَيَّاشٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عَجْلَانَ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّ أَبَا كَثِيرٍ الْمُحَارِبِيَّ حَدَّثَهُ، أَنَّ خَرَشَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُ قَالَ: اِنَّهُ سَتَكُونُ بَعْدِى فِتَنٌ، النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْيَقْظَانِ، وَالْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِى، فَمَنْ أَتَتْ عَلَيْهِ فَلْيَأْخُذْ سَيْفَهُ ثُمَّ لِيَمْشِ اِلَى صَفَاةٍ فَيَضْرِبْهَا حَتَّى تَتَكَسَّرَ، ثُمَّ لِيَضْطَجِعَ لَهَا حَتَّى تَنْجَلِيَ عَلَى مَا انْجَلَتْ عَلَيْهِ

نے فرمایا: عنقریب فتنے ہوں گے، میرے بعد اس فتنوں میں سونے والا جاگنے والے سے بہتر ہوگا اور بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، کھڑا ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا جو اس کے پاس آئے وہ اس تلوار کو پکڑ لے پھر وہ لے چلے، چٹان کی طرف اس تلوار کو مارے یہاں تک کہ وہ ٹوٹ جائے پھر اس پر لیٹ جائے یہاں تک کہ ختم ہو جائے جو ختم ہوتا ہے اس پر۔

خَالِدُ بْنُ عَدِيٍّ الْجُهَنِيُّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(وہ حدیث جو) خالد بن عدی رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

921 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنِى أَبُو الْأَسْوَدِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَدِيٍّ الْجُهَنِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ بَلَغَهُ مَعْرُوفٌ مِنْ أَخِيهِ مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ وَلَا اِشْرَافِ نَفْسٍ فَلْيَقْبَلْهُ وَلَا يَرُدَّهُ، فَاِنَّمَا هُوَ رِزْقٌ سَاقَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ

حضرت خالد بن عدی الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو بھلائی پہنچے اپنے بھائی کی طرف سے بغیر مانگے بغیر لالچ کے وہ قبول کر لے۔ اس کو واپس نہ کرے یہ وہ رزق ہے جو اللہ نے اس کے لیے بھیجا ہے۔

أَبُو مَالِكٍ أَوِ ابْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

(وہ حدیث جو) ابو مالک یا ابن مالک حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے

921- أخرجه أحمد جلد4صفحه320-321 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

922 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ أَوْفَى يُحَدِّثُ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهِ يُقَالُ لَهُ: أَبُو مَالِكٍ أَوِ ابْنُ مَالِكٍ، سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ ضَمَّ يَتِيمًا بَيْنَ مُسْلِمِينَ فِي طَعَامِهِ وَشَرَابِهِ حَتَّى يَسْتَغْنِيَ عَنْهُ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ الْبَتَّةَ، وَمَنْ أَدْرَكَ وَالِدَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا ثُمَّ لَمْ يَبَرَّهُمَا ثُمَّ دَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللَّهُ، وَأَيُّمَا مُسْلِمٍ أَعْتَقَ رَقَبَةً مُسْلِمَةً كَانَتْ فَكَاكَهُ مِنَ النَّارِ

روایت کرتے ہیں

حضرت ابو مالک یا ابن مالک رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوکوئی مسلمان یتیم بچے کی کفالت کرے اس کے کھانے اور پینے کے لحاظ سے یہاں تک کہ وہ سمجھ دار ہوگیا۔ اس کے لیے یقیناً جنت واجب ہوگئی۔ جس نے والدین میں کسی ایک کو یا دونوں کو پایا۔ پھران کی خدمت نہ کرسکا وہ جہنم میں داخل ہو گیا۔ اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کر دے گا۔ جو مسلمان کسی مسلمان غلام کو آزاد کر دے یہ اس کے جہنم کا کفارہ ہو جائے گا۔

أَبُو عَزَّةَ

(وہ حدیث جو حضرت ابو عزہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں)

923 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي مَلِيحٍ، عَنْ أَبِي عِزَّةَ - رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَرَادَ اللَّهُ قَبْضَ عَبْدٍ بِأَرْضٍ جَعَلَ لَهُ فِيهَا حَاجَةً

حضرت ابو عزہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ) میں سے کسی سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ عزوجل کسی بندہ کی کسی ملک میں روح نکالنا چاہتا ہے تو اس کا اس ملک میں کوئی کام رکھ دیتا ہے۔

922- أخرجه أحمد جلد4صفحه344 و جلد5صفحه29 .

923- أخرجه أحمد جلد 3صفحه429 . والترمذی فی القدر' باب: ما جاء فی أن النفس تموت حيث ما كتب لها . وأبو نعيم فی حلية الأولياء . والحاكم فی المستدرك .

قُدَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

(وہ حدیث جو) قدامہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

924 - حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا قِرَانُ بْنُ تَمَّامٍ، عَنْ أَيْمَنَ بْنِ نَابِلٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَتِهِ يَسْتَلِمُ الْحَجَرَ بِمِحْجَنِهِ

حضرت قدامہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اونٹنی پر سوار تھے (طواف کر رہے تھے)۔ آپ نے اپنی چھڑی کے ساتھ حجرہ اسود کا بوسہ لیا۔

أَبُو لَيْلَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(وہ حدیث جو) ابو لیلیٰ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

925 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَنْصَارِيُّ، عَنِ ابْنِ سِنَانٍ يَعْنِي بُرْدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ أَبِي لَيْلَى قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَرَجْنَا مَعَهُ، فَمَرَّ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِي عَدِيٍّ كَاشِفٍ عَنْ فَخِذِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَطِّ فَخِذَكَ يَا مُعَمَّرُ، فَإِنَّ الْفَخِذَ مِنَ الْعَوْرَةِ

حضرت ابو لیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور ساتھ ہم بھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر بنی عدی کے ایک آدمی کے پاس سے ہوا اس کی ران ننگی تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر رسیدہ! اپنی ران کو ڈھانپ، بے شک ران شرم گاہ میں داخل ہے۔

924- اخرجه أحمد جلد3صفحه413 . وعزاه الهيثمي أيضًا فى مجمع الزوائد الى الطبراني فى الكبير والأوسط .

925- عزاه الهيثمي فى مجمع الزوائد . الى أحمد، والطبراني فى الكبير .

926 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى، أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَّمَ غَنَمًا، فَجَعَلَ لِكُلِّ عَشَرَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ شَاةً

حضرت ابو لیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بکریاں تقسیم فرمائیں ہر دس صحابہ رضی اللہ عنہم کو ایک بکری دی۔

مَا أَسْنَدَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَسَنَةَ الْجُهَنِيُّ

عبدالرحمٰن بن حسنہ الجہنی رضی اللہ عنہ (کی مسند)

927 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَسَنَةَ الْجُهَنِيِّ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلْنَا أَرْضًا كَثِيرَةَ الضِّبَابِ فَأَصَبْنَاهَا، فَكَانَتِ الْقُدُورُ تَغْلِي بِهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هَذِهِ؟، فَقُلْنَا: ضِبَابٌ أَصَبْنَاهَا، فَقَالَ: إِنَّ أُمَّةً مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مُسِخَتْ، وَأَنَا أَخْشَى أَنْ تَكُونَ هَذِهِ، فَأَمَرَنَا فَأَكْفَأْنَاهَا وَإِنَّا لَجِيَاعٌ

حضرت عبدالرحمٰن بن حسنہ الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا ہم ایسے ملک میں اترے کہ وہاں گوہ بہت زیادہ تھی۔ ہم نے ان کو پکڑ لیا۔ ہنڈیاں اس کے ساتھ ابل رہی تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ ہم نے عرض کی: گوہ ہے جو ہم نے پکڑی تھیں' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بنی اسرائیل کی ایک امت تھی جس کو مسخ کیا گیا تھا' میں خوف کرتا ہوں یہ وہ نہ ہو، آپ نے ہم کو حکم دیا کہ ہم نے ہنڈیاں انڈیل دی ہیں حالانکہ ہم بھوکے تھے۔

928 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عبدالرحمٰن بن حسنہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم

926- أخرجه أحمد جلد 4صفحه348 . وعزاه الهيثمي أيضًا في مجمع الزوائد الى المصنف' والطبراني في الكبير والأوسط .

927- قارن بالبخاري في الذبائح'باب: الضب . وأخرجه أحمد جلد4صفحه196' والبزار .

928- أخرجه أحمد جلد 4صفحه196 . والنسائي في الطهارة' باب: البول الى السترة يستتر بها . وأبو داؤد في الطهارة' باب: الاستبراء من البول . وابن ماجه في الطهارة' باب: التشديد في البول .

خَـازِمٍ، حَـدَّثَـنَـا الْأَعْـمَشُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْـدِ الـرَّحْـمَنِ بْنِ حَسَنَةَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي يَدِهِ كَهَيْئَةِ الدَّرَقَةِ، فَوَضَعَهَا ثُمَّ بَالَ إِلَيْهَا، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: انْظُرُوا إِلَيْهِ يَبُولُ كَمَا تَبُولُ الْمَرْأَةُ، قَالَ: فَسَمِعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَيْحَكَ، أَمَا عَلِمْتَ مَا أَصَابَ صَاحِبَ بَنِي إِسْرَائِيلَ؟ كَانُوا إِذَا أَصَابَهُمْ شَيْءٌ مِنَ الْبَوْلِ قَرَضُوا بِالْمَقَارِيضِ فَنَهَاهُمْ فَعُذِّبَ فِي قَبْرِهِ

پر حضور ﷺ نکلے، اس حالت میں کہ میرے ہاتھ میں درقہ کی طرح کوئی شے تھی اس کو رکھا اس کی طرف منہ کر کے پیشاب کیا، بعض لوگ کہنے لگے اس کی طرف دیکھو ایسے پیشاب کرتے ہیں کہ جس طرح عورت کرتی ہے۔ حضور ﷺ نے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے لیے ہلاکت، کیا آپ نہیں جانتے کہ بنی اسرائیل میں سے کسی کو پیشاب کا قطرہ لگ جاتا تھا اس کو وہ قینچی کے ساتھ کاٹ دیتے تھے۔ ان کو منع کر دیا گیا ان کو اس وجہ سے قبر میں عذاب دیا گیا۔

قَيْسُ بْنُ أَبِي غَرَزَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قیس بن غرزہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

929 - حَـدَّثَـنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْـنُ مَيْسَرَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ، عَنْ قَيْسِ بْـنِ أَبِي غَرَزَةَ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَاحِبِ طَعَامٍ يَبِيعُ طَعَامَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا صَاحِبَ الطَّعَامِ، أَسْفَلُ الطَّعَامِ مِثْلُ أَعْلَاهُ؟ ، فَقَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَشَّ الْمُسْلِمِينَ فَلَيْسَ مِنْهُمْ

حضرت ابو غرزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک گندم کے مالک کے پاس سے گزرے، وہ گندم فروخت کر رہا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے اس گندم کے مالک نیچے بھی گندم اس طرح ہے؟ اس نے کہا، جی ہاں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مسلمانوں سے دھوکہ کرے اس کا تعلق مسلمانوں سے نہیں ہے۔

929- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد . الى الطبراني في الكبير والأوسط ولم ينسبه الى المصنف . وعزاه ابن حجر في المطالب العالية برقم الى المصنف .

بَشِيرٌ السَّلَمِيُّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

930 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ بِشْرٍ السَّلَمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "يُوشِكُ نَارٌ تَخْرُجُ مِنْ حُبْسٍ تَسِيرُ سَيْرَ بَطِيئَةِ الْإِبِلِ، تَسِيرُ بِالنَّهَارِ، وَتَكْمُنُ بِاللَّيْلِ، تَغْدُوا وَتَرُوحُ، يُقَالُ: غَدَتِ النَّارُ أَيُّهَا النَّاسُ فَاغْدُوا، قَالَتِ النَّارُ: أَيُّهَا النَّاسُ فَقِيلُوا، رَاحَتِ النَّارُ أَيُّهَا النَّاسُ فَرُوحُوا، مَنْ أَدْرَكَتْهُ أَكَلَتْهُ"

بشیر السلمی رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

حضرت بشیر السلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے کہ ایک آگ نکلے حُبس سے وہ اونٹ کی طرح آہستہ چلے گی' دن کو چلے گی اور رات کو چھپ جائے گی' تم صبح وشام کرو گے' کہا جائے گا: اے لوگو! آگ نے صبح کی' تم بھی صبح کرو' آگ کہے گی: اے لوگو! قیلولہ کرو! اے لوگو! آگ نے آرام کیا تم بھی آرام کرو' جس کو وہ پائے گی' اس کو کھا لے گی۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُثْمَانَ التَّيْمِيُّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

931 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ الدَّوْرَقِيِّ، حَدَّثَنَا الطَّالَقَانِيُّ إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُنْكَدِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عِيدٍ قَائِمًا فِي السُّوقِ

عبدالرحمٰن بن عثمان تیمی رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

حضرت عبدالرحمٰن بن عثمان التیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جمعہ کے دن بازار میں کھڑے ہوئے دیکھا۔ لوگوں کی طرف دیکھ رہے تھے جو گزر رہے تھے۔

930- أخرجه أحمد جلد3صفحه443 . والحاكم في المستدرك جلد4صفحه443,442 .

931- أخرجه أحمد جلد3صفحه499 . وعزاه الهيثمي أيضًا في مجمع الزوائد الى الطبراني في الكبير والأوسط .

يَنْظُرُ اِلَى النَّاسِ يَمُرُّونَ

أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُهَنِيُّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابوعبدالرحمٰن الجہنی رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

932 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُهَنِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " اِنِّي رَاكِبٌ غَدًا اِلَى يَهُودَ فَلَا تَبْدَءُوهُمْ بِالسَّلَامِ، وَاِذَا سَلَّمُوا عَلَيْكُمْ فَقُولُوا: وَعَلَيْكُمْ "

حضرت عبد الرحمٰن الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا: کل صبح یہودیوں کی طرف سوار ہو کر جاؤں گا تم نے ان کے ساتھ سلام سے ابتداء نہیں کرنی ہے جب وہ تم کو سلام کریں تو تم کہنا: وعلیکم۔

يَزِيدُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

933 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ، حَدَّثَنَا خَارِجَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمِّهِ يَزِيدَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْبَقِيعِ فَرَأَى قَبْرًا حَدِيثًا فَقَالَ: مَا هَذَا

حضرت یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنت البقیع کی طرف نکلے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نئی قبر دیکھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کس کی قبر ہے؟ عرض کی: یہ فلانی کی جو فلاں کی لونڈی تھی۔ یہ دوپہر کے وقت فوت ہوئی تھی آپ قیلولہ کر

932- أخرجه أحمد جلد4صفحه233 . وابن ماجه في الأدب' باب: رد السلام علٰى أهل الذمة .

933- أخرجه أحمد جلد4صفحه388 . والنسائي في الجنائز' باب: الصلاة على القبر . وابن ماجه في الجنائز' باب: ما جاء في الصلاة على القبر . والبيهقي في السنن .

الْقَبْرُ؟ ، قَالُوا: فُلَانَةُ مَوْلَاةُ فُلَانٍ مَاتَتْ ظُهْرًا وَأَنْتَ قَائِلٌ، فَكَرِهْنَا أَنْ نُوقِظَكَ، قَالَ: فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَفَّنَا خَلْفَهُ، فَكَبَّرَ عَلَيْهَا أَرْبَعًا ثُمَّ قَالَ: لَا يَمُوتَنَّ أَحَدٌ مَا دُمْتُ بَيْنَ ظَهْرَانَيْكُمْ إِلَّا آذَنْتُمُونِي ، قَالَ: وَأَظُنُّهُ قَالَ: فَإِنَّ صَلَاتِي لَهُ رَحْمَةٌ

رہے تھے۔ ہم نے ناپسند کیا کہ ہم آپ کو جگائیں۔ حضور ﷺ کھڑے ہوئے، ہم نے آپ ﷺ کے پیچھے صفیں بنائیں، آپ ﷺ نے اس کے جنازہ کی چار تکبیریں کہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تک تم میں میں موجود ہوں جب کوئی مر جائے مجھے بتا دیا کرو اس کے متعلق۔ میں یقیناً کہتا ہوں کہ میری نماز اُن کے لیے برکت کا باعث ہوگی۔

سَبْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ الْجُهَنِيُّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سبرہ بن معبد الجہنی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

934 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نکاح متعہ سے منع کیا۔

935 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: اسْتَمْتِعُوا مِنْ هَذِهِ النِّسَاءِ ، قَالَ:

حضرت سبرہ بن معبد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر ارشاد فرمایا: عورتوں سے فائدہ اٹھاؤ، فائدہ اٹھانا ہمارے نزدیک نکاح کے ذریعے ہے' ہم نے یہ معاملہ عورتوں پر پیش کیا تو اُنہوں نے انکار کر دیا مگر یہ کہ اُن کے اور ہمارے

934- أخرجه مسلم في النكاح' باب: نكاح المتعة وبيان أنه أبيح ثم نسخ واستقر تحريمه الٰى يوم القيامة . وأحمد جلد3صفحه405,404 . وأبو داؤد في النكاح' باب: في نكاح المتعة .

935- أخرجه مسلم في النكاح' باب: نكاح المتعة وبيان أنه أبيح ثم نسخ واستقر تحريمه الٰى يوم القيامة . وأحمد جلد3صفحه405,404 . والنسائي في النكاح' باب: تحريم المتعة .

وَالِاسْتِمْتَاعُ عِنْدَنَا: التَّزْوِيجُ، قَالَ: فَعَرَضْنَا ذَلِكَ عَلَى النِّسَاءِ فَأَبَيْنَ إِلَّا أَنْ يَضْرِبْنَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُنَّ أَجَلًا، فَذَكَرْنَا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: افْعَلُوا، فَخَرَجْتُ أَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِي مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنَّا بُرْدَةٌ، قَالَ: فَمَرَرْنَا بِامْرَأَةٍ فَأَعْجَبَهَا شَبَابِي وَبُرْدَةَ ابْنِ عَمِّي فَقَالَتْ: بُرْدٌ كَبُرْدٍ، فَتَزَوَّجْتُهَا، فَنِمْتُ مَعَهَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ، ثُمَّ غَدَوْتُ فَإِذَا أَنَا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْبَابِ وَالرُّكْنِ يَقُولُ: إِنِّي كُنْتُ أَذِنْتُ لَكُمْ فِي الْمُتْعَةِ، فَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ مِنْهُنَّ شَيْءٌ فَلْيُفَارِقْهُ، فَإِنَّ اللَّهَ حَرَّمَهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

درمیان مدت مقرر ہو۔ ہم نے یہ بات حضور ﷺ کے ہاں ذکر کی تو آپ نے نے فرمایا: ایسے کرلیا کرو۔ میں اور میرا چچازاد نکلے ہم دونوں کے پاس ایک چادر تھی ہم ایک عورت کے پاس سے گزرے تو اس کو میری جوانی اور میرے چچازاد کی چادر پسند آئی اس نے کہا: اس کی چادر اس کی چادر کی طرح ہے ہم نے حضور ﷺ کو دروازے اور رکن کے درمیان پایا آپ نے فرمایا: میں نے تمہارے لیے متعہ کی اجازت دی تھی پس جس کے پاس عورتوں میں سے کوئی چیز ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اس سے جدا ہو جاؤ بے شک اللہ نے قیامت تک متعہ حرام کر دیا ہے۔

936 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُصَلَّى فِي أَعْطَانِ الْإِبِلِ، وَرَخَّصَ أَنْ يُصَلَّى فِي مُرَاحِ الْغَنَمِ

حضرت سبرہ بن معبد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اونٹوں کے باڑے میں نماز پڑھنے سے منع کیا اور بکریوں کے باڑے میں نماز پڑھنے کی رخصت دی۔

937 - وَعَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَسْتُرُ الرَّجُلَ فِي الصَّلَاةِ السَّهْمُ، وَإِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ فَلْيَسْتَتِرْ وَلَوْ بِسَهْمٍ

حضرت سبرہ بن معبد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی نماز کے دوران سترہ رکھ لے، جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو اس کو چاہیے کہ وہ سترہ رکھ لے اگرچہ تیر ہی کا ہو۔

الْأَسْوَدُ بْنُ سَرِيعٍ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ

936- أخرجه أحمد جلد3صفحه404 . والبيهقي في السنن . والبغوى في شرح السنة .

937- أخرجه أحمد جلد3صفحه404 . وعزاه الهيثمي أيضًا في مجمع الزوائد الى الطبراني في الكبير .

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

938 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا أَبُو حَمْزَةَ الْعَطَّارُ إِسْحَاقُ بْنُ الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يُعْرِبَ عَنْهُ لِسَانُهُ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ

حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

حضرت اسور بن سریع رضی اللہ عنہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ زبان سے بولتا ہے اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا عیسائی بنا دیتے ہیں۔

أَبُو لَبِيبَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

939 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَبِيبَةَ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَحَلَّ بِدِرْهَمٍ فِي النِّكَاحِ فَقَدِ اسْتَحَلَّ

حضرت ابولبیبہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

حضرت لبیبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک درہم کے بدلے نکاح کیا اس نے نکاح کرلیا۔

رَجُلٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

940 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا

ایک آدمی حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سلیمان بن موسیٰ فرماتے ہیں کہ مالک بن

938- أخرجه البخارى فى الجنائز' باب: أسلم الصبى فمات هل يصلى عليه' باب: ما قيل فى أولاد المشركين . ومسلم فى القدر'باب: ذرارى المشركين . وأحمد جلد3صفحه435' وجلد4صفحه24 . والترمذى فى القدر' باب: كل مولود يولد على الملة .

939- أخرجه البيهقى فى السنن' باب: ما يجوز أن يكون مهرًا .

940- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد الى المصنف .

ضَـمْـرَةُ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُـوسَـى قَالَ: مَرَّ مَالِكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَثْعَمِيُّ وَهُوَ عَـلَـى الـنَّـاسِ بِالصَّائِفَةِ بِأَرْضِ الرُّومِ قَالَ: وَرَجُلٌ يَـقُـودُ دَابَّتَـهُ، فَـقَـالَ لَـهُ: ارْكَبْ فَإِنِّي أَرَى دَابَّتَكَ ظَهِـيـرَةً، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا اغْبَرَّتْ قَدَمَا عَبْدٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ إِلَّا حَـرَّمَ الـلّٰـهُ عَـلَيْهِمَا النَّارَ، قَالَ: فَنَزَلَ مَالِكٌ وَنَزَلَ النَّاسُ يَمْشُونَ، فَمَا رُئِيَ يَوْمٌ أَكْثَرُ مَاشِيًا مِنْهُ

عبداللہ خثعمی گزرے اس حالت میں کہ لوگ روم کے ملک میں صائفہ کے مقام پر تھے' ایک آدمی اپنی سواری کی مہار پکڑ کے چل رہا تھا' اس کو مالک بن عبداللہ نے کہا: تُو سوار ہو جا! میں تیری سواری کو طاقتور دیکھتا ہوں، اس نے کہا: میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کے دونوں قدم اللہ کی راہ میں غبار آلود ہوئے ان دونوں پر جہنم کی آگ اللہ حرام کر دے گا۔ مالک بھی اترے' سارے لوگ بھی اپنی سواریوں سے اترے اور پیدل چلنے لگے۔ اس دن سے زیادہ لوگ پیدل چلتے نہیں دیکھے گئے۔

أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اسد بن حضیر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

941 - حَـدَّثَـنَـا زَحْمَوِيْهِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْـنِ أَبِـي زَائِدَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنِ ابْنِ شَفِيعٍ قَالَ: وَكَانَ طَبِيبًا - قَالَ: دَعَانِي أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْـرٍ فَـقَـطَـعْـتُ لَـهُ عِرْقَ النَّسَا، فَحَدَّثَنِي بِـحَـدِيثَيْـنِ قَـالَ: أَتَـانِي أَهْلُ بَيْتَيْنِ مِنْ قَوْمِي: أَهْلُ بَيْـتٍ مِـنْ بَـنِـي ظَـفَـرٍ، وَأَهْلُ بَيْتٍ مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ فَـقَـالُـوا: كَـلِّـمْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَـقْـسِـمُ لَـنَـا - أَوْ يُعْطِينَا أَوْ نَحْوًا مِنْ هَذَا - فَكَلَّمْتُهُ، فَـقَـالَ: نَعَمْ، أَقْسِمُ لِكُلِّ أَهْلِ بَيْتٍ مِنْهُمْ شَطْرًا، فَإِنْ

حضرت ابن شفیع فرماتے ہیں کہ وہ طبیب تھے مجھے اسد بن حضیر رضی اللہ عنہ نے بلوایا۔ میں نے ان کے لیے عورتوں کی رگ کاٹ دی۔ مجھے انہوں نے دو حدیثیں سنائیں۔ فرمایا: میرے پاس میری قوم کے دو گھر والے آئے' بنی ظفر کے گھر والے، بنی معاویہ کے گھر والے۔ انہوں نے کہا حضور ﷺ سے بات کرو کہ ہم کو مال دیں۔ میں نے آپ ﷺ سے گفتگو کی، فرمایا: ہاں اچھا ہے۔ میں ان میں سے ہر ایک کے لیے حصہ تقسیم کروں گا۔ اگر اللہ نے ہم پر دوبارہ لوٹایا ہم ان پر لوٹائیں گے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کو اللہ بہتر جزا دے۔

941- أخرجه البخاري في مناقب الأنصار' كما في موارد الظمآن باب فضل الأنصار .

عَادَ اللّٰهُ عَلَيْنَا عُدْنَا عَلَيْهِمْ ، قَالَ: قُلْتُ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: وَأَنْتُمْ فَجَزَاكُمُ اللّٰهُ خَيْرًا، فَإِنَّكُمْ - مَا عَلِمْتُكُمْ أَعِفَّةٌ صُبُرٌ قَالَ: وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ أَثَرَةً بَعْدِي ، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، قَسَمَ حُلَلًا بَيْنَ النَّاسِ، فَبَعَثَ إِلَيَّ مِنْهَا بِحُلَّةٍ فَاسْتَصْغَرْتُهَا، فَأَعْطَيْتُهَا ابْنَتِي، فَبَيْنَمَا أَنَا أُصَلِّي إِذْ مَرَّ بِي شَابٌّ مِنْ قُرَيْشٍ عَلَيْهِ حُلَّةٌ مِنْ تِلْكَ الْحُلَلِ يَجُرُّهَا، فَذَكَرْتُ قَوْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ أَثَرَةً بَعْدِي ، فَقُلْتُ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، فَانْطَلَقَ رَجُلٌ إِلَى عُمَرَ فَأَخْبَرَهُ، فَجَاءَ وَأَنَا أُصَلِّي، فَقَالَ: صَلِّ يَا أُسَيْدُ، فَلَمَّا قَضَيْتُ صَلَاتِي قَالَ: كَيْفَ قُلْتَ؟ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: تِلْكَ حُلَّةٌ بَعَثْتُ بِهَا إِلَى فُلَانٍ وَهُوَ بَدْرِيٌّ أُحُدِيٌّ عَقَبِيٌّ، فَأَتَاهُ هَذَا الْفَتَى فَابْتَاعَهَا مِنْهُ فَلَبِسَهَا، فَظَنَنْتَ أَنَّ ذَاكَ يَكُونُ فِي زَمَانِي، قُلْتُ: قَدْ وَاللّٰهِ - يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ - ظَنَنْتُ أَنَّ ذَاكَ لَا يَكُونُ فِي زَمَانِكَ

آپ ﷺ نے فرمایا: تم کو اللہ بہتر جزا دے میں تم کو بتاتا ہوں کہ میں نہیں جانتا تھا تمہارے صبر کو۔ فرمایا: میں نے حضور ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے بعد تم ترجیحات دیکھو گے۔ جب حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے لوگوں کے درمیان لباس تقسیم کیے' ان میں سے ایک میری طرف حلہ بھیجا' میں چھوٹا تھا۔ میں نے اپنی بیٹی کو دے دیا۔ میں نماز پڑھ رہا تھا۔ اچانک ایک قریش کا نوجوان گزرا اس پر ان حلوں میں سے ایک حلہ تھا جسے وہ گھسیٹ کر لے جا رہا تھا۔ مجھے حضور ﷺ کی بات یاد آگئی، کہ تم میرے بعد عنقریب ترجیحات دیکھو گے۔ میں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے سچ کہا۔ وہ آدمی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، آپ کو بتایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے' میں نماز پڑھ رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: اے اسد! نماز پڑھ لو۔ جب میں نماز سے فارغ ہوا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو نے کیا کہا؟ میں نے آپ رضی اللہ عنہ کو بتایا تو حضرت عمر نے فرمایا: یہ حلہ میں نے فلاں کی طرف بھیجا تھا' وہ بدری اُحدی عقبی تھا' اس کے پاس یہ نوجوان آیا تو اس نے اُس سے خرید لیا اور اس نے پہن لیا تو نے گمان کیا ہے کہ یہ میرے دور حکومت میں ہو گا؟ میں نے کہا: اللہ کی قسم! اے امیر المومنین! میں نے تو یہی گمان کیا تھا کہ یہ آپ رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں نہیں ہو گا۔

عُرْوَةُ بْنُ مُضَرِّسٍ عَنِ النَّبِيِّ

عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ حضور ﷺ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سے روایت کرتے ہیں

942 - حَدَّثَنَا زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا صَالِحٌ يَعْنِي ابْنَ عُمَرَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَنْضَيْتُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَدْرَكَ جَمْعًا فَوَقَفَ مَعَ الْإِمَامِ حَتَّى يُفِيضَ فَقَدْ أَدْرَكَ الْحَجَّ، وَمَنْ لَمْ يُدْرِكْ جَمْعًا فَلَا حَجَّ لَهُ

حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں عرفات سے آیا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مزدلفہ گیا' امام کے ساتھ ٹھہرا یہاں تک کہ امام واپس آ گیا۔ تو اس نے حج پا لیا' جو مزدلفہ میں نہیں گیا اس کا حج نہیں ہوا۔

أَيْمَنُ بْنُ خُرَيْمٍ الْأَسَدِيُّ

ایمن بن خریم اسدی رضی اللہ عنہ کی حدیث

943 - حَدَّثَنَا زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عَامِرٍ قَالَ: لَمَّا قَاتَلَ مَرْوَانُ الضَّحَّاكَ بْنَ قَيْسٍ أَرْسَلَ إِلَى أَيْمَنَ بْنِ خُرَيْمٍ الْأَسَدِيِّ فَقَالَ: إِنَّا نُحِبُّ أَنْ تُقَاتِلَ مَعَنَا، فَقَالَ: إِنَّ أَبِي، وَعَمِّي شَهِدَا بَدْرًا فَعَهِدَا إِلَيَّ أَنْ لَا أُقَاتِلَ أَحَدًا يَشْهَدُ أَنَّ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَإِنْ جِئْتَنِي بِبَرَاءَةٍ مِنَ النَّارِ قَاتَلْتُ مَعَكَ ، فَقَالَ: اذْهَبْ، وَوَقَعَ فِيهِ وَسَبَّهُ، فَأَنْشَأَ أَيْمَنُ يَقُولُ:

حضرت عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب مروان نے ضحاک بن قیس کو قتل کیا اس نے ایمن بن خریم اسدی کی طرف بھیجا' اس نے کہا: ہم پسند کرتے ہیں کہ آپ ہمارے ساتھ لڑیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے باپ و چچا بدر میں شریک تھے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ میں اس سے نہ لڑوں گا جو اللہ کی توحید اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دے۔ اگر تو مجھے جہنم سے بری کرا سکتا ہے تو میں تیرے ساتھ مل کر جہاد کروں گا۔ مروان نے کہا:

942- أخرجه أحمد جلد 4صفحه261,15 . والترمذى فى الحج' باب: فيمن أدرك الامام بجمع فقد أدرك الحج . والنسائى فى المناسك' باب: فيمن لم يدرك صلاة الصبح مع الامام بالمزدلفة . وأبو داؤد فى المناسك' باب: من لم يدرك عرفة . وابن ماجه فى المناسك' باب: من أتى عرفة قبل الفجر ليلة جمع . والدارمى فى المناسك' باب: بم يتم الحج؟ . والبيهقى فى السنن .

943- أخرجه البيهقى فى السنن . وعزاه الهيثمى أيضًا فى مجمع الزوائد الى الطبرانى .

(البحر الوافر)

وَلَسْتُ مُقَاتِلًا رَجُلًا يُصَلِّي ... عَلَى سُلْطَانِ آخَرَ مِنْ قُرَيْشٍ

لَهُ سُلْطَانُهُ وَعَلَيَّ إِثْمِي ... مُعَاذَ اللّٰهِ مِنْ جَهْلٍ وَطَيْشٍ،

أُقَاتِلُ مُسْلِمًا فِي غَيْرِ شَيْءٍ؟ ... فَلَيْسَ بِنَافِعِي مَا عِشْتُ عَيْشِي

جاؤ' اسے غصہ آیا اور اُس نے انہیں گالی دی۔ حضرت ایمن نے یہ اشعار پڑھے:

''میں نہیں لڑوں گا ایسے آدمی سے جو نماز پڑھتا ہے بادشاہ کے کہنے پر جو قریش سے ہے'

اس کے لیے بادشاہی ہے اور مجھ پر گناہ ہے' اللہ کی پناہ جہالت سے اور طیش سے'

میں مسلمان سے لڑوں بغیر کسی وجہ کے' تو میرے لیے نفع نہیں ہے جب تک میں زندہ رہوں''۔

مُسْنَدُ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ

مسند سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ

944 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: كُنَّا قُعُودًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ فِتْنَةً فَعَظَّمَهَا، قَالَ: فَقُلْنَا، أَوْ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَئِنْ أَدْرَكَنَا هَذِهِ لَتُهْلِكَنَّ؟ قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا، إِنَّ بِحَسْبِكُمُ الْقَتْلَ، قَالَ سَعِيدٌ: رَأَيْتُ إِخْوَانِي قُتِلُوا بَعْدُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، آپ ایک بہت بڑے فتنہ کا ذکر کر رہے تھے، ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! اگر ہم نے اس کو پا لیا تو ضرور ہلاک کریں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہرگز نہیں! تمہارے لیے قتل ہی کافی ہے۔ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے بھائیوں کو دیکھا ان کو اس کے بعد قتل ہی کیا گیا تھا۔

945 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ،

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

944- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 189 . وأبو داؤد في الفتن والملاحم .

945- أخرجه البخاري في المظالم' باب: اثم من ظلم شيئًا من الارض . وأحمد جلد 1 صفحه 187, 188, 189, 190 . والترمذي في الديات' باب: ما جاء فيمن قتل دون ماله فهو شهيد . والنسائي في تحريم الدم' باب: من قتل دون ماله . وأبو داؤد في السنة' باب: في قتال اللصوص . وابن ماجه في الحدود' باب: من قتل دون ماله فهو شهيد .

عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ ظَلَمَ شَيْئًا مِنَ الْأَرْضِ طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ

حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا گیا وہ شہید ہے۔ جس نے کسی کی زمین سے تھوڑی سے شے بھی ظلماً لی اس کو ستر زمینوں کا طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے گا۔

946 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: أَتَتْنَا أَرْوَى ابْنَةُ أَوْسٍ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ فِيهِمْ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ فَقَالَتْ: إِنِّي أُحِبُّ أَنْ تَأْتُوا سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ فَتُكَلِّمُوهُ وَتُذَكِّرُوهُ، فَإِنَّهُ انْتَقَصَ مِنْ أَرْضِي إِلَى أَرْضِهِ، فَقُمْنَا إِلَى سَعِيدٍ حَتَّى جِئْنَاهُ فِي أَرْضِهِ بِالْعَقِيقِ، فَخَرَجَ إِلَيْنَا فَقَالَ: قَدْ عَرَفْتُ مَا جَاءَ بِكُمْ، أَتَتْكُمْ أَرْوَى بِنْتُ أَوْسٍ فَقَالَتْ: إِنِّي أَنْتَقِصُ مِنْ أَرْضِهَا إِلَى أَرْضِي مَا لَيْسَ لِي، سَأُحَدِّثُكُمْ مَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَخَذَ مِنَ الْأَرْضِ مَا لَيْسَ لَهُ طُوِّقَهُ إِلَى السَّابِعَةِ، وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَنْ قَاتَلَ دُونَ مَالِهِ فَقُتِلَ فَهُوَ شَهِيدٌ، قَالَ: فَقُلْنَا: لَا وَاللّٰهِ لَا نُكَلِّمُكَ بَعْدَ هَذَا بِشَيْءٍ أَبَدًا، قَالَ: وَرَكِبْنَا وَانْطَلَقْنَا

حضرت طلحہ بن عبداللہ بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اروی بنت اوس قریش کے ایک گروہ میں آئیں' اُس گھر میں عبدالرحمٰن بن سہل بھی تھے' اروی نے کہا: میں سعید بن زید کے پاس تمہارے آنے کو پسند کرتی ہوں۔ تم حضرت سعید سے گفتگو کرو اور آپ کو یاد کرواؤ کہ اس نے میری زمین کم کر کے اپنی زمین سے ملا لی ہے۔ ہم سعید کی طرف اُٹھے یہاں تک کہ ہم ان کے پاس عقیق کے مقام پر اس کی زمین میں آئے' آپ ہماری طرف نکلے اور فرمایا: میں نے پہچان لیا تم کیوں آئے ہو؟ اروی بنت اوس آئیں اور عرض کرنے لگیں: میں نے اپنی زمین کے ساتھ اس کی زمین ملائی ہے جو میری نہیں ہے' میں تم کو عنقریب بیان کرتا ہوں جو میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے کسی کی زمین لی جو اس کی نہیں تھی تو قیامت کے دن سات زمینوں کا طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے گا اور میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے شہید ہو جائے وہ بھی شہید ہے' ہم نے کہا: نہیں! اللہ کی قسم! ہم آپ سے اس کے بعد ہمیشہ گفتگو نہیں کریں گے۔ ہم سوار ہوئے اور ہم چلے گئے۔

946- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 189 . والنسائي في تحريم الدم' باب: من قتل دون ماله .

947 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، أَنَّ أَرْوَى خَاصَمَتْهُ فِي أَرْضٍ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ بِغَيْرِ حَقِّهِ طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَتْ كَاذِبَةً فَأَعْمِ بَصَرَهَا، وَاجْعَلْ قَبْرَهَا فِي دَارِهَا، قَالَ: فَرَأَيْتُهَا عَمْيَاءَ تَلْتَمِسُ الْجُدُرَ تَقُولُ: أَصَابَتْنِي دَعْوَةُ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، فَبَيْنَمَا هِيَ تَمْشِي فِي الدَّارِ خَرَّتْ فِي بِئْرٍ فِي الدَّارِ فَوَقَعَتْ فِيهَا فَكَانَتْ قَبْرَهَا

حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اروی نے زمین کے متعلق جھگڑا کیا' حضرت سعید نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: جس نے کسی کی ایک بالشت زمین بغیر حق کے لی تو قیامت کے دن اس زمین کی سات زمینیں بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیئے جائیں گے۔ پھر فرمایا: اے اللہ! اگر یہ جھوٹی ہے تو اس کو اندھا کر دے اور اس کی قبر اس کے گھر میں بنا دے۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں: میں نے اس کو اندھی دیکھا' وہ گھر کی دیوار تلاش کرتی اور کہتی: مجھے سعید بن زید کی بددعا لگ گئی ہے' وہ گھر میں چل رہی تھی کہ گھر میں ہی موجود کنویں میں گری اور وہیں اس کی قبر بنی۔

948 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ظَلَمَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ بِغَيْرِ حَقِّهِ فَإِنَّهُ يُطَوَّقُهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ

حضرت سعید بن سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ناحق کسی کی زمین ایک بالشت بھی لی تو اس کے گلے میں سات زمینوں کا طوق ڈالا جائے گا۔

949 - حَدَّثَنَا عَمْرُو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي: مَنْ ظَلَمَ مِنَ الْأَرْضِ شِبْرًا طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ

حضرت سعید بن سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ناحق کسی کی زمین ایک بالشت بھی تو اس کے گلے میں سات زمینوں کا طوق ڈالا جائے گا' جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے

947- أخرجه مسلم فى المساقاة' باب: تحريم الظلم وغصب الأرض .

948- أخرجه البخارى فى بدء الخلق' باب: ما جاء فى سبع أرضين . ومسلم فى المساقاة' باب: تحريم الظلم وغصب الأرض وغيرها .

أَرَضِينَ، وَمَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ

وہ بھی شہید ہے۔

950 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا الْعُمَرِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَخَذَ مِنَ الْأَرْضِ شِبْرًا بِغَيْرِ حَقِّهِ طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت سعید بن سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ناحق کسی کی زمین ایک بالشت بھی تو اس کے گلے میں سات زمینوں کا طوق ڈالا جائے گا۔

951 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ: قَالَ لَنَا مَرْوَانُ: انْطَلِقُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَ هَذَيْنِ: سَعِيدٍ وَأَرْوَى، فَأَتَيْنَا سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ فَقَالَ: أَتُرَوْنِي انْتَقَصْتُ مِنْ حَقِّهَا شَيْئًا؟ أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ بِغَيْرِ حَقِّهِ طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ، وَمَنْ تَوَلَّى قَوْمًا بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ، وَمَنِ اقْتَطَعَ مَالَ أَخِيهِ بِيَمِينِهِ فَلَا بَارَكَ اللَّهُ لَهُ فِيهِ

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو مروان نے کہا چلو سعید رضی اللہ عنہ اور اروی رضی اللہ عنہا کے درمیان صلح کرواتے ہیں۔ وہ دونوں حضرت سعید رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا مجھے بتانے آئے ہو کہ میں نے اس کے حق سے کوئی چیز کم کی ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے ضرور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جو کسی کی ایک بالشت بھر زمین بغیر حق کے لیتا ہے اس زمین کا طوق بنا کر قیامت کے دن اس کے گلے میں لٹکا دیا جائے گا جو کسی قوم کا ولی بن جائے ان کی اجازت کے بغیر اس پر اللہ لعنت ہو۔ جو کسی مسلمان کا حق لے قسم کے ساتھ اس میں اللہ پاک برکت نہیں دے گا۔

952 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَهْلٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

حضرت سعید بن سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ناحق کسی کی زمین ایک بالشت بھی لی تو اس کے گلے میں سات زمینوں کا طوق ڈالا جائے گا۔

951- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 190,189,188 .

952- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 189 .

مَنْ ظَلَمَ مِنَ الْأَرْضِ شَيْئًا يُطَوَّقُهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ

953 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ الْبَصْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَحْيَا أَرْضًا مَيِّتَةً فَهِيَ لَهُ، وَلَيْسَ لِعِرْقٍ ظَالِمٍ حَقٌّ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی غیر آباد زمین کو آباد کرتے وہ اس کے لیے ہوگئی اس میں کسی ظالم کا حق نہیں۔

954 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ قَالَ: سَأَلْتُ سَعْدَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ عَنْ بَنِي نَاجِيَةَ، قَالَ: هُمْ مِنَّا، قَالَ سَعْدٌ: يَرْوُونَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هُمْ حَيٌّ مِنِّي، قَالَ شُعْبَةُ: وَأَحْسِبُهُ قَالَ: وَأَنَا مِنْهُمْ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ قبیلہ مجھ سے ہے۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ آپ نے فرمایا: میں اُن سے ہوں۔

955 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ، عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اقْتَطَعَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ ظُلْمًا طَوَّقَهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ

حضرت سعید بن سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ناحق کسی کی زمین ایک بالشت بھی لی تو اس کے گلے میں سات زمینوں کا طوق ڈالا جائے گا۔

1155 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: سَمِعْتُ مِنْهُ شَيْئًا أَعْجَبَنِي، فَقُلْتُ لَهُ: أَنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: أَفَأَقُولُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ أَسْمَعْ؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِي هَذَا، وَمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الْأَقْصَى قَالَ: وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: لَا تُسَافِرُ الْمَرْأَةُ يَوْمَيْنِ مِنَ الدَّهْرِ إِلَّا وَمَعَهَا زَوْجُهَا أَوْ ذُو مَحْرَمٍ مِنْهَا قَالَ: وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: لَا تَصْلُحُ الصَّلَاةُ بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَبَعْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: لَا يَصْلُحُ الصِّيَامُ فِي يَوْمَيْنِ: يَوْمِ الْفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ، وَيَوْمِ الْأَضْحَى

حضرت قزعہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے ایسی شی سنی جو مجھے پسند آئی میں نے آپ سے عرض کی: آپ نے یہ حضور ﷺ سے سنی ہے؟ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں حضور ﷺ پر ایسا بہتان باندھ سکتا ہوں جو میں نے سنا نہیں؟ کہ اپنی سواریاں نہ باندھو مگر ان تین مسجدوں کے علاوہ (۱) مسجد حرام (۲) مسجد اقصیٰ (۳) میری اس مسجد یعنی مسجد نبوی اور میں نے آپ سے سنا کہ کوئی عورت دو دن سے زیادہ سفر اپنے شوہر یا محرم رشتہ دار کے علاوہ نہ کرے اور میں نے آپ سے سنا کہ فجر کی نماز کے بعد کوئی نماز جائز نہیں یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے اور عصر کے بعد یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے اور دو دن روزہ رکھنا درست نہیں ہے: عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے دن۔

1156 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ،

حضرت قزعہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا

1155- أخرجه البخاري في فضل الصلاة في مسجد مكة' باب: فضل الصلاة في مسجد مكة والمدينة' باب: مسجد بيت المقدس' وفي جزاء الصيد باب: حج النساء' وفي الصوم باب: صوم يوم النحر . ومسلم في الحج' باب: سفر المرأة مع محرم الى الحج . والترمذي في الصلاة' با: ما جاء في أي المساجد أفضل؟' وفي الرضاع باب: ما جاء في كراهية أنتسافر المرأة وحدها . وأبو داؤد في المناسك' باب: في المرأة تحج من غير محرم .

1156- راجع الحديثين رقم: **973-1129** .

عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ قَزْعَةَ قَالَ: ذُكِرَ قَوْلُ عَائِشَةَ لِأَبِي سَعِيدٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بَعْدَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ، قَالَ: فَيَقُولُ: أَمَّا أَنَا فَأَشْهَدُ أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا صَلَاةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وَلَا بَعْدَ الْفَجْرِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

ارشاد حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کے ہاں ذکر کیا گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عصر کے بعد دو رکعت ادا کرتے تھے۔ تو حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کوفرماتے ہوئے سنا کہ عصر کے بعد نماز جائز نہیں یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے اور فجر کے بعد نماز جائز نہیں ہے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے۔

1157 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَوْ عَنِ ابْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَضَعْ يَدَهُ عَلَى فِيهِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے، اپنے منہ پر ہاتھ رکھ لے۔ بے شک جمائی کے وقت شیطان داخل ہوتا ہے۔

1158 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي نُعْمٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: بَعَثَ عَلِيٌّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْيَمَنِ بِذَهَبَةٍ فِي أَدَمٍ مَقْرُوظٍ لَمْ تُحَصَّلْ، فَقَسَمَهَا بَيْنَ أَرْبَعَةِ نَفَرٍ: زَيْدِ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف یمن سے بیری کے پتوں سے رنگے ہوئے چمڑے میں سونے کی ڈلی بھیجی' آپ نے چارلوگوں کے درمیان تقسیم کر دیئے: زید خیل' اقرع بن حابس' عیینہ بن حصن اور علقمہ بن علاثہ کو۔ مہاجرین اور

1157- أخرجه مسلم في الزهد . وأحمد جلد 3صفحه96,93,37 . وأبو داؤد في الأدب' باب: ما جاء في التثاوب . والدارمي في الصلاة جلد 1صفحه321' باب: التثاوب في الصلاة .

1158- أخرجه البخاري في المغازي' باب: بعث علي بن أبي طالب' وخالد بن الوليد رضي الله عنهما . وفي الأنبياء' باب: قوله تعالٰى: (والٰى عاد أخاهم هودًا)' وفي التفسير 4667 باب: (والمؤلفة قلوبهم)' وفي التوحيد باب: (تعرج الملائكة والروح اليه)' باب: قرأة الفاجر والمنافق' وفي المناقبباب: علامات النبوة في الاسلام' وفي فضائل القرآن باب: اثم من رأى بقرأة القرآن' وفي الأدب باب: ما جاء في قول الرجل ويلك' وفي استتابة المرتدين باب: قتال الخوارج والملحدين'باب: من ترك قتال الخوارج للتألف . كما أخرجه مسلم في الزكاة' باب: ذكر الخوارج وصفاتهم . وأبو داؤد في السنة' باب: في قتال الخوارج .

الْخَيْلِ، وَالْأَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ، وَعُيَيْنَةَ بْنِ حِصْنٍ، وَعَلْقَمَةَ بْنِ عُلَاثَةَ، فَقَالَ نَاسٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ: نَحْنُ كُنَّا أَحَقَّ بِهَذَا، فَبَلَغَهُ ذَلِكَ فَشَقَّ عَلَيْهِ، فَقَالَ: لَا تَأْمَنُونِي وَأَنَا أَمِينُ مَنْ فِي السَّمَاءِ، يَأْتِينِي خَبَرُ السَّمَاءِ صَبَاحًا وَمَسَاءً؟ فَقَامَ إِلَيْهِ نَاتِءُ الْعَيْنَيْنِ، مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ، نَاشِزُ الْجَبْهَةِ، كَثُّ اللِّحْيَةِ، مَحْلُوقُ الرَّأْسِ، مُشَمَّرُ الْإِزَارِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، اتَّقِ اللَّهَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْحَكَ، أَوَلَسْتُ أَحَقَّ أَهْلِ الْأَرْضِ بِأَنِ اتَّقِيَ اللَّهَ ؟ ثُمَّ أَدْبَرَ فَقَامَ خَالِدٌ سَيْفُ اللَّهِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَا أَضْرِبُ عُنُقَهُ؟ فَقَالَ: لَا، إِنَّهُ لَعَلَّهُ أَنْ يُصَلِّيَ ، قَالَ: إِنَّهُ إِنْ يُصَلِّي يَقُولُ بِلِسَانِهِ مَا لَيْسَ فِي قَلْبِهِ، قَالَ: إِنِّي لَمْ أُومَرْ أَنْ أَشُقَّ عَنْ قُلُوبِ النَّاسِ، وَلَا أَشُقَّ بُطُونَهُمْ ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُقَفٍّ فَقَالَ: إِنَّهُ سَيَخْرُجُ مِنْ ضِئْضِئِ هَذَا قَوْمٌ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ، يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ ، فَقَالَ عُمَارَةُ: فَحَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: لَئِنْ أَدْرَكْتُهُمْ لَأَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ ثَمُودَ

انصار میں سے کچھ لوگوں نے عرض کی: ہم اس کے زیادہ حق دار تھے' آپ ﷺ تک یہ بات پہنچی تو آپ پر دشوار گزرا' فرمایا: تم مجھے امین نہیں سمجھتے! میں تو آسمان والوں میں امین ہوں' میرے پاس صبح و شام آسمان کی خبریں آتی ہیں۔ آپ کی طرف ایک آدمی کھڑا ہوا' اس کی آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں اور رخسار اُبھرے ہوئے تھے' پیشانی پر نشان تھا اور داڑھی گھنی تھی اور سر منڈا ہوا تھا اور تہبند اوپر اُٹھا ہوا تھا' اُس نے بکواس کی: اے اللہ کے رسول! عدل کریں! حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! میں زمین میں زیادہ حق دار نہیں ہوں کہ میں اللہ سے زیادہ ڈروں! پھر وہ چلا گیا تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ اللہ کی تلوار کھڑے ہوئے اور عرض کی: یا رسول اللہ! اس کی گردن نہ اُتار دوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! ہوسکتا ہے کہ یہ نمازی ہو' کہا: اگر یہ نمازی ہے تو زبان سے وہ کلام کر رہا ہے جو اس کے دل میں نہیں ہے' آپ نے فرمایا: مجھے لوگوں کے دلوں کو چیرنے کا حکم نہیں دیا گیا نہ ان کے پیٹوں کو چیرنے کا۔ حضور ﷺ نے اس کی طرف دیکھا تو وہ پیٹھ پھیر کر چلا گیا' آپ نے فرمایا: عنقریب اس کی پشت سے ایک قوم نکلے گی جو اللہ کی کتاب کو پڑھیں گے لیکن قرآن اُن کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا' وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔ حضرت عمارہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ اگر میں اُن کو پاتا تو میں اُن کو قومِ ثمود کی طرح قتل کرتا۔

1159 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الَّذِي يُجَامِعُ ثُمَّ يُرِيدُ أَنْ يَعُودَ فَلْيَتَوَضَّأْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنی بیوی سے جماع کیا، اس کا ارادہ دوبارہ کرنے کا ہے، اس کو چاہیے کہ وہ وضو کر لے۔

1160 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنْ قَزْعَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: وَدَّعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا فَقَالَ لَهُ: أَيْنَ تُرِيدُ؟ قَالَ: أُرِيدُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي أَفْضَلُ مِنْ مِائَةٍ فِي غَيْرِهِ إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے الوداع کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کہا: کہاں کا ارادہ ہے؟ اس نے عرض کی: بیت المقدس کا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز پڑھنا دوسری مسجدوں کے علاوہ میں پڑھنے سے سو گناہ زیادہ ثواب ہے مسجد حرام اس سے مستثنٰی ہے۔

1161 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنْ قَزْعَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا صَوْمَ فِي يَوْمِ عِيدٍ، وَلَا تُسَافِرُ الْمَرْأَةُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا مَعَ ذِي مَحْرَمٍ

حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عید کے دن روزہ نہیں ہے اور کوئی عورت تین سے زیادہ سفر نہ کرے اپنے شوہر یا محرم رشتہ دار کے علاوہ۔

1162 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الْمَدِينَةِ،

حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین مسجدوں کے علاوہ کسی اور مسجد کی طرف سواری نہ باندھو: مسجد حرام، میری مسجد، مسجد

1159- أخرجه مسلم في الحيض' باب: جواز نوم الجنب . وأحمد جلد 3 صفحه 28 . والترمذي في الطهارة' باب: ما جاء في الجنب . والنسائي في الطهارة' باب: في الجنب أذا أراد أن يعود . وأبو داؤد في الطهارة' باب: الوضوء لمن أراد أن يعود . وابن ماجه في الطهارة' باب: في الجنب اذا أراد أن يعود يتوضأ .

1160- عزاه الهيثمي الى البزار والمصنف في باب الصلاة في المسجد الحرام ومسجد النبي رضي الله عليه وسلم .

1161- أخرجه مسلم في الحج' باب: سفر المرأة مع محرم الى حج وغيره .

1162- راجع الحديث: 1155 .

وَمَسْجِدِ الْأَقْصَى

الاقصیٰ، اس کے علاوہ کسی اور طرف نہیں۔

1163 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَلَدُ زِنًى، وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ، وَلَا عَاقٌّ، وَلَا مَنَّانٌ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ولدالزنا' شراب پینے والا، نافرمان اور احسان جتلانے والا داخل نہیں ہوں گے۔

1164 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي نُعْمٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَفَاطِمَةُ سَيِّدَةُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، إِلَّا مَا كَانَ مِنْ مَرْيَمَ بِنْتِ عِمْرَانَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (میرے لخت جگر) حسن و حسین رضی اللہ عنہما جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔ فاطمہ جنتی عورتوں کی سردار ہے۔ مگر مریم بنت عمران اس سے مستثنیٰ ہیں۔

1165 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ الْأَفْعَى الْأَسْوَدَ، وَالْعَقْرَبَ، وَالْحِدَأَةَ، وَالْكَلْبَ الْعَقُورَ، وَالْفُوَيْسِقَةَ، قَالَ: قُلْتُ: مَا الْفُوَيْسِقَةُ؟ قَالَ: الْفَأْرَةُ، قُلْتُ: وَمَا شَأْنُ الْفَأْرَةِ؟ قَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: محرم حالت احرام میں بچھو' چیل' پاگل کتے اور چوہے کو مار سکتا ہے۔ میں نے عرض کی: چوہے کا کیا کام (قصور) ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اُٹھتا ہے اور وہ بتی پکڑ کر اُسے لے کر دیوار پر چڑھ گیا۔

1163- أخرجه النسائى فى الأشربة' باب: الرواية فى المدمنين فى الخمر' وفى الزكاة باب: المنان بما أعطى . والدارمى فى الأشربة' باب فى مدمن الخمر . وعزاه الهيثمى الى البزار وأحمد فى مجمع الزوائد' باب: فى مدمن الخمر .

1164- أخرجه الترمذى فى المناقب' باب: مناقب الحسن والحسين . وعزاه الهيثمى الى المصنف وأحمد والترمذى فى مجمع الزوائد' باب: مناقب فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم رضى الله عنها .

1165- أخرجه البخارى فى الصيد' باب: ما يقتل المحرم من الدواب . ومسلم فى الحج'باب: ما يندب للمحرم وغيره قتله من الدواب . والترمذى فى الحج' باب: ما جاء فيما يقتل المحرم من الدواب . وأبو داؤد فى المناسك' باب: ما يقتل المحرم من الدواب . وابن ماجه فى المناسك' باب: ما يقتل المحرم . وعزاه الهيثمى الى المصنف فى مجمع الزوائد' باب: الفأرة الفقيلة فتحرق أهل البيت .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَيْقَظَ وَقَدْ أَخَذَتِ الْفَتِيلَةَ وَصَعِدَتْ بِهَا إِلَى السَّقْفِ

1166 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: كَانَ بَيْنَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ وَبَيْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ شَيْءٌ، فَسَبَّهُ خَالِدٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِي، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَوْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ مَا أَدْرَكَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے صحابی کو گالی نہ دو، اگر تم میں سے کوئی اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرے تو تم میں سے کوئی اس کے ایک مُد اور اس کے حصہ کے ثواب کو نہ پا سکے گا۔

1167 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " احْتَجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ، فَقَالَتِ النَّارُ: فِيَّ الْجَبَّارُونَ وَالْمُتَكَبِّرُونَ، وَقَالَتِ الْجَنَّةُ: فِيَّ ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَمَسَاكِينُهُمْ، قَالَ: فَقَضَى بَيْنَهُمَا: إِنَّكِ الْجَنَّةُ رَحْمَتِي أَرْحَمُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ، وَإِنَّكِ النَّارُ عَذَابِي أُعَذِّبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ، وَلِكِلَاكُمَا عَلَيَّ مِلْؤُهَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت اور دوزخ کا آپس میں مناظرہ ہوا۔ جہنم نے کہا: میرے اندر جابر اور تکبر کرنے والے ہوں گے۔ جنت نے کہا: میرے اندر کمزور لوگ اور مساکین ہوں گے۔ اللہ عزوجل نے دونوں کے درمیان فیصلہ کیا، فرمایا: جنت میری رحمت ہے کہ تیرے ذریعہ جس پر چاہوں رحم کروں اور دوزخ تو میرا عذاب ہے، تیرے ذریعے جسے چاہوں عذاب دوں لیکن میرے ذمہ تم دونوں کو بھرنا ہے۔

1168 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يُدْعَى

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نوح علیہ السلام کو بلوایا جائے گا، حضرت نوح علیہ السلام عرض کریں گے کہ لبیک وسعدیک! اے رب!

1167- أخرجه مسلم فى الجنة' باب: النار يدخلها الجبارون' والجنة يدخلها الضعفاء .

1168- أخرجه البخارى فى التفسير' باب: (وكذلك جعلناكم أمة وسطًا) وفى الأنبياء باب: قول الله عزوجل: (ولقد أرسلنا نوحًا الى قومه)' وفى الاعتصام باب: (وكذلك جعلناكم أمة وسطًا) . والترمذى فى التفسير' باب: ومن سورة القبرة . وابن ماجه فى الزهد' باب: صفة أمة محمد صلى الله عليه وسلم .

نُوحٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَقُولُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ يَا رَبِّ، فَيَقُولُ: هَلْ بَلَّغْتَ؟ فَيَقُولُ: رَبِّ نَعَمْ، فَيَقُولُ لِأُمَّتِهِ: هَلْ بَلَّغَكُمْ؟ فَيَقُولُونَ: مَا أَتَانَا مِنْ نَذِيرٍ، فَيُقَالُ: مَنْ يَشْهَدُ لَكَ؟ فَيَقُولُ: مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُمَّتُهُ، قَالَ: فَيَشْهَدُونَ أَنَّهُ قَدْ بَلَّغَ، وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ) (البقرة: 143) قَالَ: وَالْوَسَطُ: الْعَدْلُ"

اللہ پاک فرمائے گا: کیا آپ علیہ السلام نے پیغام پہنچا دیا تھا؟ حضرت نوح علیہ السلام عرض کریں گے: جی ہاں! حضرت نوح علیہ السلام کی امت سے اللہ پوچھے گا: کیا تم تک پیغام پہنچا؟ وہ کہیں گے: ہمارے پاس ڈرانے والا کوئی نہیں آیا۔ حضرت نوح علیہ السلام سے کہا جائے گا: آپ کے پیغام پہنچانے کی گواہی کون دے گا؟ حضرت نوح علیہ السلام فرمائیں گے: محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت! وہ گواہی دیں گے کہ بے شک نوح علیہ السلام نے پیغام پہنچایا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم گواہی دیں گے اُن پر اس لیے یہ اللہ کا ارشاد ہے: ''ہم نے تم کو درمیانی امت بنایا تا کہ تم لوگوں پر گواہ ہو جاؤ'' وسط کا معنی ہے: درمیان۔

1169 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: جَاءَتِ الْمَرْأَةُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ زَوْجِي صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ يَضْرِبُنِي إِذَا صَلَّيْتُ، وَيُفَطِّرُنِي إِذَا صُمْتُ، وَلَا يُصَلِّي صَلَاةَ الْفَجْرِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَصَفْوَانُ عِنْدَهُ، فَسَأَلَهُ عَمَّا قَالَتْ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَمَّا قَوْلُهَا: يَضْرِبُنِي إِذَا صَلَّيْتُ، فَإِنَّهَا تَقْرَأُ بِسُورَتِي وَقَدْ نَهَيْتُهَا عَنْهَا، فَقَالَ: لَوْ كَانَتْ سُورَةً وَاحِدَةً لَكَفَتِ النَّاسَ، قَالَ: وَأَمَّا قَوْلُهَا يُفَطِّرُنِي إِذَا صُمْتُ، فَإِنَّهَا تَنْطَلِقُ وَتَصُومُ وَأَنَا رَجُلٌ شَابٌّ فَلَا أَصْبِرُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ: لَا تَصُومَنَّ امْرَأَةٌ إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا، وَأَمَّا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت صفوان رضی اللہ عنہ کی بیوی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی، اس نے عرض کی کہ صفوان مجھے مارتا ہے۔ جب میں قرآن پڑھتی ہوں اور روزہ رکھنے سے منع کرتا ہے وہ خود بھی نماز سورج طلوع ہونے کے وقت پڑھتا ہے۔ حضرت صفوان' وہاں آپ کے پاس موجود تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے' اس کی بیوی کے قول کے بارے پوچھا' صفوان نے عرض کی: اس نے جو کہا کہ مجھے مارتا ہے جب میں نماز پڑھتی ہوں' کیونکہ یہ وہی سورت پڑھتی ہے جو میں پڑھتا ہوں جبکہ میں نے اسے اس سے منع کیا ہے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر ایک ہی سورت ہوتی تو تمام لوگوں کو کفایت کرتی' اس کا کہنا کہ مجھے روزہ رکھنے سے منع کرتا ہے

1169- راجع الحديث: **1033** .

قَوْلُهَا: إِنِّي لَا أُصَلِّي حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، فَإِنَّا أَهْلُ بَيْتٍ قَدْ عُرِفَ فِينَا ذَاكَ: أَنَّا لَا نَكَادُ نَسْتَيْقِظُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، قَالَ: فَإِذَا اسْتَيْقَظْتَ فَصَلِّ

کیونکہ یہ لگاتار روزے رکھنا شروع کر دیتی ہے' تو میں نوجوان آدمی ہوں میں صبر نہیں کر سکتا تو اس دن رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کوئی عورت اپنے خاوند کی اجازت کے بغیر نفلی روزے نہ رکھے' بہرحال اس کا کہنا نماز سورج کے طلوع کے وقت پڑھتا ہوں۔ ہم ایسے گھر والے ہیں ہماری عرف ہے کہ ہم نہیں جاگتے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جاتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بہرحال اے صفوان! جب تو جاگے تو نماز پڑھا کر۔

1170 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ، قِيلَ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، فَيَشْرَئِبُّونَ فَيَنْظُرُونَ، فَيُجَاءُ بِالْمَوْتِ كَأَنَّهُ كَبْشٌ أَمْلَحُ، فَيُقَالُ لَهُمْ: هَلْ تَعْرِفُونَ هَذَا الْمَوْتَ؟ فَيَقُولُونَ: هُوَ هَذَا، وَكُلُّهُمْ قَدْ عَرَفُوهُ، فَيُقَدَّمُ فَيُذْبَحُ، ثُمَّ يُقَالُ لَهُمْ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ خُلُودٌ لَا مَوْتَ، وَيَا أَهْلَ النَّارِ خُلُودٌ لَا مَوْتَ، قَالَ: فَذَلِكَ قَوْلُهُ" : (وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ) (مریم: **39**)

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اہل جنت' جنت میں داخل ہوں گے اور اہلِ جہنم' جہنم میں داخل ہوں گے تو کہا جائے گا: اے اہلِ جنت! رُکو! دیکھو! موت کو لایا جائے گا وہ ایسے ہوگی جس طرح کہ کالا مینڈھا ہوتا ہے' جنتی لوگوں کو کہا جائے گا: تم اس موت کو پہچانتے ہو؟ وہ عرض کریں گے: جی ہاں! وہ سارے پہچانیں گے' پھر اس کو آگے کیا جائے گا' اس کے بعد اس کو ذبح کیا جائے گا' پھر اُن کو کہا جائے گا: اے اہلِ جنت! ہمیشہ رہو' اب موت نہیں ہے' اے اہلِ نار! ہمیشہ رہو! اب موت نہیں ہے' اللہ تعالیٰ کے ارشاد کا یہی مطلب ہے: ''اور ان (کافروں) کو ڈراؤ پچھتاوے کے دن سے کہ جب (حساب و کتاب کا) کام کر دیا جائے گا اور وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں اور وہ ایمان نہیں لائیں گے''۔

1171 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1170- راجع الحديثين: **1115-1119** .

عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي أَرْطَأَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُخْلَطَ الزَّبِيبُ وَالتَّمْرُ، وَالزَّهْوُ وَالتَّمْرُ

حضور ﷺ نے کشمش اور کھجور کی نبیذ سے منع کیا ہے۔

1172 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُخْلَطَ الزَّبِيبُ وَالتَّمْرُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کشمش اور کھجور کی نبیذ بنانے سے منع فرمایا۔

1173 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى يَرَاهُمْ مَنْ تَحْتَهُمْ كَمَا تَرَوْنَ النَّجْمَ الطَّالِعَ فِي أُفُقِ السَّمَاءِ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنْهُمْ وَأَنْعَمَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک جنت کے اعلیٰ درجوں والے اپنے نیچے والوں کو دیکھیں گے، جیسے چمکتے ہوئے ستارے اُفق آسمان میں طلوع ہوتا ہوا تم دیکھتے ہو۔ بے شک ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما انہیں سے ہیں ان دونوں پر انعام کیا گیا ہے۔

1174 - وَبِهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَاتَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَتَّقِ الْوَجْهَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں کوئی کسی کو مارے تو چہرے پر مارنے سے بچے۔

1175 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ

حضرت ابو سعید خدری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما

1172- أخرجه مسلم في الأشربة' باب: كراهية انتباذ التمر والزبيب مخلوطين . والترمذي في الأشربة' باب: ما جاء في خليط البسر والتمر .

1173- راجع الحديث: **1125** .

1174- أخرجه البخاري في العتق' باب: اذا ضرب العبد فليتجنب الوجه . ومسلم في البر' باب: النهي عن ضرب الوجه . وأبي داؤد في الحدود' باب: في ضرب الوجه في الحد . وعزاه الهيثمي الى أحمد والبزار في مجمع الزوائد' باب: النهي عن الضرب على الوجه والنهي عن سبه .

1175- أخرجه البخاري في التهجد' باب: الدعاء والصلاة من آخر الليل' وفي الدعوات باب: الدعاء نصف الليل' وفي

مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ يَرْوِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ يُمْهِلُ حَتَّى اِذَا ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْأَوَّلُ نَزَلَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَيَقُولُ: هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ، هَلْ مِنْ سَائِلٍ، هَلْ مِنْ دَاعٍ؟ حَتَّى يَنْفَجِرَ الْفَجْرُ

فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب رات کا تہائی حصہ چلا جاتا ہے تو اللہ عزوجل کی رحمت آسمان سے دنیا کی طرف متوجہ ہوتی ہے' پکار رہی ہوتی ہے: ہے کوئی بخشش طلب کرنے والا؟ ہے کوئی مانگنے والا؟ ہے کوئی دعا مانگنے والا؟ یہ مسلسل آواز ہوتی ہے یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جائے۔

1176 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا أَبُو نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَصْحَابِهِ تَأَخُّرًا، فَقَالَ: تَقَدَّمُوا فَأْتَمُّوا بِي، وَلْيَأْتَمَّ بِكُمْ مَنْ بَعْدَكُمْ، لَا يَزَالُ قَوْمٌ يَتَأَخَّرُونَ عَنِّي حَتَّى يُؤَخِّرَهُمُ اللّٰهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم میں پیچھے رہنے کی عادت کو دیکھا' حضور ﷺ نے فرمایا: آگے بڑھا کرو، میرے قریب ہو کر صف پوری کیا کرو تاکہ بعد والے تمہارے پیچھے آ کر صف مکمل کر سکیں' ہمیشہ لوگ پیچھے ہوتے رہتے ہیں، اللہ ان کو بھی پیچھے کر دیتا ہے۔

1177 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سَرْحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ يَوْمَ الْعِيدِ عَلَى رَاحِلَتِهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عید کے دن سواری پر خطبہ دیا۔

التوحيد باب: قوله تعالى: (يريدون أن يبدلوا كلام الله) ـ ومسلم فى المسافرين' باب: الترغيب فى الدعاء والذكر فى آخر الليل ـ والترمذى فى الدعوات' باب: استحباب الدعاء فى الثلث الأخير من الليل' وفى الصلاة باب: ما جاء فى نزول الرب عزوجل الى السماء الدنيا كل ليلة ـ وأبو داؤد فى الصلاة' باب: أى الليل أفضل' وفى السنة باب: فى الرد على الجهمية ـ وابن ماجه فى الاقامة' باب: ما جاء فى أى ساعات الليل أفضل ـ

1176- راجع الحديث: **1060** ـ

1177- عزاه الهيثمى الى المصنف فى مجمع الزوائد' باب: الخطبة للعيد على الراحلة' وقال رجاله رجال الصحيح ـ

1178 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ جَبْرِ بْنِ نَوْفٍ أَبِي الْوَدَّاكِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: أَصَبْنَا حُمُرًا يَوْمَ خَيْبَرَ، فَكَانَتِ الْقُدُورُ تَغْلِي بِهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هَذِهِ؟ فَقُلْنَا: حُمُرًا أَصَبْنَاهَا، فَقَالَ: وَحْشِيَّةٌ أَوْ أَهْلِيَّةٌ؟ فَقُلْنَا: لَا، بَلْ أَهْلِيَّةٌ، قَالَ: فَاكْفَئُوهَا ، قَالَ فَكَفَأْنَاهَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں خیبر کے دن پالتو گدھے ملے' ہنڈیاں اس کے گوشت سے اُبل رہی تھیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ پالتو گدھوں کا گوشت ہے جو ہم کو ملا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنگلی یا پالتو؟ ہم نے عرض کی: پالتو ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہانڈیوں کو بہا دو۔ تو ہم نے بہا دیں۔

1179 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا بِأَرْضٍ مَضَبَّةٍ فَمَا تَأْمُرُنَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلَغَنِي أَنَّ أُمَّةً مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مُسِخَتْ دَوَابًّا، فَلَا أَدْرِي فِي أَيِّ الدَّوَابِّ فَلَمْ يَأْمُرْنَا وَلَمْ يَنْهَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے ملک میں گوہ ہوتی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے متعلق ہم کو کیا حکم دیتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے معلوم ہے، بنی اسرائیل میں سے ایک جانور کو مسخ کیا گیا تھا، میں نہیں جانتا ہوں کہ وہ کون سا جانور ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گوہ کھانے کا نہ ہمیں حکم دیا اور نہ منع کیا۔

1180 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الصَّهْبَاءِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَدْ رَفَعَهُ قَالَ: تُصْبِحُ الْأَعْضَاءُ تُكَفِّرُ اللِّسَانَ تَقُولُ: اتَّقِ اللّٰهَ فِينَا،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جسم کے سارے اعضاء صبح کے وقت زبان سے کہتے ہیں اللہ سے ڈرنا ہمارے متعلق اگر تو سیدھی رہی ہم سیدھے رہیں گے۔ اگر تو ٹیڑھی

1178- أخرجه البخاري في المغازي رقم الحديث: 4219' باب: غزوة خيبر . ومسلم في الصيد' باب: في أكل لحوم الخيل . والترمذي في الصيد' باب: ما جاء في كراهية كل ذي ناب ومخلب . والنسائي في الصيد' باب: الاذن في أكل لحوم الخيل . وأبي داؤد في الأطعمة رقم الحديث: 3788 و3789' باب: في أكل لحوم الخيل . وعزاه الهيثمي الى المصنف وأحمد في مجمع الزوائد' باب: في الحمر الأهلية .

1179- أخرجه مسلم في الصيد' باب: اباحة الضب . والنسائي . وأبي داؤد . وابن ماجه في الصيد' باب: الضب .

1180- أخرجه الترمذي في الزهد' باب: ما جاء في حفظ اللسان .

فَإِن اسْتَقَمْتَ اسْتَقَمْنَا، وَإِن اعْوَجَجْتَ اعْوَجَجْنَا

ہوئی تو ہم بھی ٹیڑھے ہوں گے۔

1181 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا خَلَصَ الْمُؤْمِنُونَ مِنَ النَّارِ حُبِسُوا بِقَنْطَرَةٍ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، فَيَتَقَاصُّونَ فِيهَا مَظَالِمَ كَانَتْ بَيْنَهُمْ فِي الدُّنْيَا، حَتَّى إِذَا نُقُّوا وَهُذِّبُوا أُذِنَ لَهُمْ بِدُخُولِ الْجَنَّةِ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ إِنَّ أَحَدَهُمْ بِمَنْزِلِهِ فِي الْجَنَّةِ أَدَلُّ مِنْكُمْ بِمَنْزِلِهِ يَسْكُنُهُ كَانَ فِي الدُّنْيَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب جہنم سے مومنوں کو نکالا جائے گا، ان کو جنت اور دوزخ کے درمیان روک لیا جائے گا۔ وہ اس جگہ اپنا بدلہ لیں گے جو دنیا میں اُن کا ایک دوسرے کے درمیان ظلم ہوا تھا۔ یہاں تک کہ جب پاک وصاف ہو جائیں گے اُن کو جنت میں داخل ہونے کا حکم دیا جائے گا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے! تم میں سے ہر کوئی اس مومن کے زیادہ قریب ہو گا جتنا دنیا میں اس کے قریب رہتا ہو گا۔

1182 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّهُ سَيَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ يَغْشَاهُمْ غَوَاشٍ مِنَ النَّاسِ، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَأَعَانَهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، فَأَنَا بَرِيءٌ مِنْهُ وَهُوَ بَرِيءٌ مِنِّي، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، فَهُوَ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب تم پر عیاش حکمران مسلط کیے جائیں گے، جو ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا اور ان کے ظلم پر مدد کرے گا میں اس سے بری الذمہ ہوں، وہ مجھ سے بری الذمہ ہیں' جو ان کے جھوٹ کی تصدیق نہ کریں اور ان کے ظلم پر ان کی مدد نہ کریں وہ مجھ سے ہیں، میں اُن سے ہوں۔

1183 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی

1181- أخرجه البخارى فى المظالم' باب: قصاص الظالم ـ وفى الرقاق باب: القصاص يوم القيامة ـ

1182- أخرجه أحمد جلد3صفحه92,24 ـ وعزاه الهيثمى الى أحمد وأبى يعلى فى مجمع الزوائد' باب: فيمن يصدق الأمراء بكذبهم ويعينهم على ظلمهم ـ

1183- أخرجه البخارى فى الجهاد' باب: اذا نزل العدو على حكم رجل' وفى مناقب الأنصار باب: مناقب سعدبن معاذ' وفى المغازى رقم الحديث: 4121 باب: مرجع النبى صلى الله عليه وسلم فى الأحزاب' وفى الاستئذان

بْـنُ مَهْـدِيّ، عَـنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: سَـمِـعْتُ أَبَا أُمَامَةَ بْنَ سَهْلٍ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِى سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ بَنِى قُرَيْظَةَ، نَزَلُوا عَلَى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَـاذٍ، فَـأُرْسِـلَ إِلَى سَعْدٍ فَجَاءَ عَلَى حِمَارٍ، فَقَالَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " قُومُوا إِلَى خَيْـرِكُمْ، أَوْ إِلَى سَيِّدِكُمْ، قَالَ: إِنَّ هَؤُلَاءِ قَدْ نَزَلُوا عَلَى حُكْمِكَ " ، قَـالَ: فَـإِنِّى أَحْكُمُ فِيهِمْ أَنْ يُقْتَلَ مُـقَاتِلَتُهُمْ، وَتُسْبَى ذُرِّيَّتُهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الـلّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ حَكَمْتَ بِحُكْمِ اللّٰهِ وَقَالَ مَرَّةً: لَقَدْ حَكَمْتَ بِحُكْمِ الْمَلِكِ

قریظہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے فیصلہ پر راضی ہوئے۔ آپ نے سعد رضی اللہ عنہ کو بلوانے کے لیے بھیجا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ گدھے پر سوار ہو کر آئے (کیونکہ وہ بیمار تھے)، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے سردار کی تعظیم کے لیے کھڑے ہو جاؤ، کیونکہ بے شک یہ سارے تیرے فیصلہ پر راضی ہوئے ہیں۔ مجھے ان کے متعلق حکم دیا گیا تھا، ان سے جنگ کرنے کا اوران کی اولاد کو قیدی بنانے کا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو نے فیصلہ اللہ کے حکم کے مطابق کیا ہے' اور ایک مرتبہ فرمایا: تُو نے فیصلہ بادشاہ حقیقی کے حکم کے مطابق کیا ہے۔

1184 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْـرٌ، حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَـزِيـدَ الـلَّيْثِيِّ، عَـنْ أَبِى سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَمِعْتُمُ النِّدَاءَ فَقُولُوا مِثْلَ مَا يَقُولُ الْمُؤَذِّنُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اذان سنو، اس کا جواب وہی دو جو مؤذن الفاظ کہہ رہا ہے۔

1185 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْـرٌ، حَـدَّثَـنَـا مُعَاذُ بْنُ هِشَـامٍ، حَـدَّثَـنِـى أَبِـى، عَـنْ عَـامِرٍ، قَالَ أَبُو خَيْثَمَةَ الْأَحْـوَلُ، عَـنِ الْـحَسَـنِ، عَنْ أَبِى سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نماز کو بھول جاؤ تو جب وہ یاد آئے اُسے پڑھ لو۔

بـاب: قول النبى صلى الله عليه وسلم: قوموا الى سيدكم ـ ومسلم فى الجهاد' باب: جواز قتال من نقض العهد . وأبو داؤد فى الأدب' باب: ما جاء فى القيام .

1184- أخـرجه البخارى فى الأذان' باب: ما يقول اذا سمع المنادى ـ ومسلم فى الصلاة' باب: استحباب القول مثل قول الـمـؤذن ـ والتـرمـذى فـى الاصـلاة' بـاب: مـا يـقـول الرجـل اذا سـمـع المؤذن ـ والنسائى فى الأذان رقم الحديث: **974**' بـاب: القول مثل ما يقول المؤذن ـ وأبو داؤد فى الصلاة رقم الحديث: **522**' باب: ماذا يقول اذا سمع المؤذن ـ وابن ماجه فى الأذان' باب: ما يقال اذا أذن المؤذن .

1185- عزاه الهيثمى الى المصنف والطبرانى فى الأوسط' فى مجمع الزوائد' باب: فيمن نام عن صلاة أو نسيها .

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الَّذِي يَنْسَى الصَّلَاةَ قَالَ: يُصَلِّيهَا إِذَا ذَكَرَهَا

1186 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُزَابَنَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةُ: اشْتِرَاءُ التَّمْرِ عَلَى رُءُوسِ النَّخْلِ، وَالْمُحَاقَلَةُ: كِرَاءُ الْأَرْضِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع مزابنہ اور محاقلہ سے منع کیا۔ مزابنہ یہ ہے کہ کھجوروں کو کھجور کے درختوں پر خریدا جائے اور محاقلہ زمین کو کرایہ پہ لینا۔

1187 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، حَدَّثَنِي صَيْفِيٌّ، عَنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بِالْمَدِينَةِ نَفَرًا مِنَ الْجِنِّ أَسْلَمُوا، فَمَنْ رَأَى شَيْئًا مِنْ هَذِهِ الْعَوَامِرِ فَلْيُؤْذِنْهُ ثَلَاثًا، فَإِنْ بَدَا لَهُ بَعْدُ فَلْيَقْتُلْهُ فَإِنَّهُ شَيْطَانٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مدینہ شریف میں جنوں کا ایک گروہ مسلمان ہوا ہے' جو ان سے تکلیف محسوس کرے وہ تین مرتبہ اذان دے' اگر اس کے بعد تکلیف دے تو اس کو مار دو' یہ شیطان ہے۔

1188 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَخْرُجُ نَاسٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ يَقْرَؤُونَ الْقُرْآنَ لَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مشرق کی جانب سے کچھ لوگ نکلیں گے، قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا' وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے، جس طرح تیر نکلا

1186- أخرجه البخارى فى البيوع' باب: بيع المزابنة . ومسلم فى البيوع' باب: كراء الأرض . ومالك فى البيوع' باب: ما جاء فى المزابنة والمحاقلة . والنسائى فى المزارعة' باب: النهى عن كراء الأرض بالثلث والربع .

1187- أخرجه مسلم فى السلام' باب: قتل الحيات وغيرها . والترمذى فى الأحكام باب: ما جاء فى قتل الحيات . وأبو داؤد فى الأدب' باب: فى قتل الحيات . ومالك فى الاستئذان' باب: ما جاء فى قتل الحيات' وما يقال فى ذلك .

1188- أخرجه البخارى فى التوحيد' باب: قرأة الفاجر والمنافق . وأبو داؤد فى السنة' باب: فى قتال الخوارج .

يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، وَلَا يَعُودُونَ فِيهِ حَتَّى يَعُودَ السَّهْمُ عَلَى فُوقِهِ، سِيمَاهُمُ التَّحْلِيقُ وَالتَّسْبِيتُ

ہوا واپس نہیں آتا اس طرح یہ بھی دین میں واپس نہیں آئیں گے ان کی نشانی سر منڈا ہوا ہونا ہے۔

1189 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي نَعَامَةَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَعَ نَعْلَيْهِ فِي الصَّلَاةِ فَجَعَلَهَا عَنْ يَسَارِهِ، فَخَلَعُوا نِعَالَهُمْ، فَقَالَ: مَا لَكُمْ؟، قَالُوا: رَأَيْنَاكَ خَلَعْتَهُ فَخَلَعْنَاهُ، فَقَالَ: إِنَّ جِبْرِيلَ أَتَانِي فَأَخْبَرَنِي أَنَّ فِيهِمَا قَذَرًا، فَإِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ فَلْيَنْظُرْ، فَإِنْ رَأَى فِيهِمَا قَذَرًا أَوْ أَذًى فَلْيَمْسَحْ ثُمَّ لِيُصَلِّ فِيهِمَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے نعلین مبارک نماز کے دوران اُتار دیئے اور اُن کو بائیں جانب رکھا۔ صحابہ کرام نے اپنے نعلین اُتار دیئے' آپ نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: ہم نے آپ کو نعلین اُتارتے ہوئے دیکھا تو ہم نے بھی اُتار دیئے' آپ نے فرمایا: جبریل میرے پاس آئے تھے اور مجھے بتایا کہ ان دونوں میں قذر ہے' جب تم میں سے کوئی نماز کے لیے آئے تو وہ دیکھ لے کہ اگر اس میں کوئی نجاست یا تکلیف دہ شی لگی ہے تو اس کو صاف کر لے پھر اُن دونوں میں نماز پڑھ لے۔

1190 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: لَمْ نَعْدُ أَنْ فُتِحَتْ، خَيْبَرُ فَوَقَعْنَا فِي تِلْكَ الْبَقْلَةِ- الثُّومِ وَالْبَصَلِ- فَأَكَلْنَا مِنْهَا أَكْلًا شَدِيدًا قَالَ: وَنَاسٌ جِيَاعٌ، فَرَجَعْنَا إِلَى الْمَسْجِدِ،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خیبر فتح ہونے کے بعد ہم نہیں لوٹے ہم نے وہاں پر لہسن اور پیاز پایا، ہم نے اس سے بہت زیادہ کھایا۔ صحابہ کرام بھوکے تھے، ہم مسجد کی طرف گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی بُو محسوس کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس خبیث درخت

1189- أخرجه البخاري في الصلاة' باب: الصلاة في النعال' وفي اللباس باب: النعال السبتية وغيرها . ومسلم في المساجد' باب: جواز الصلاة في النعلين . والترمذي في الصلاة' باب: ما جاء في الصلاة في النعال . والنسائي في القبلة' باب: الصلاة في النعلين . والدارمي في الصلاة' باب: الصلاة في النعلين . وأبو داؤد في الصلاة' باب: الصلاة في النعل .

1190- أخرجه مسلم في المساجد' باب: نهي من أكل ثومًا أو بصلًا أو كراثًا . وأبو داؤد في الأطعمة' باب: في أكل الثوم .

فَوَجَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرِّيحَ فَقَالَ: مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الْبَقْلَةِ الْخَبِيثَةِ شَيْئًا فَلَا يَقْرَبَنَّا فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ النَّاسُ: حُرِّمَتْ حُرِّمَتْ، فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهُ لَيْسَ لِي تَحْرِيمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ، وَلَكِنَّهَا شَجَرَةٌ أَكْرَهُ رِيحَهَا

سے جو کھائے وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے۔صحابہ کرام نے عرض کی: یہ حرام کیا گیا ہے' یہ حرام کیا گیا ہے۔ یہ بات حضور ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! میں حلال چیز کو حرام نہیں کرتا ہوں، لیکن اس درخت کی بُو کو ناپسند کرتا ہوں۔

1191 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَهْلَ الْمَدِينَةِ لَا تَأْكُلُوا لُحُومَ الْأَضَاحِي فَوْقَ ثَلَاثٍ، قَالَ: فَشَكَا إِلَيْهِ أَهْلُ الْمَدِينَةِ أَنَّ لَهُمْ عِيَالًا، قَالَ: فَكُلُوا وَأَطْعِمُوا وَاحْبِسُوا، وَقَالَ الْجُرَيْرِيُّ: فَلَا أَدْرِي فِي هَذَا الْحَدِيثِ أَمْ فِي غَيْرِهِ قَالَ: وَادَّخِرُوا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے اہل مدینہ! قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ نہ کھاؤ۔ آپ ﷺ سے شکایت کی گئی کہ ان کے بچہ اور غلام بھی ہیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: کھاؤ اور کھلاؤ اور رکھ بھی لو۔ حضرت جریری فرماتے ہیں کہ میں نہیں جانتا کہ اس حدیث میں یا اس کے علاوہ میں ''ادَّخِرُوْا'' کا لفظ ہو۔

1192 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ تُسَافِرَ سَفَرًا يَكُونُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فَصَاعِدًا إِلَّا وَمَعَهَا أَبُوهَا، أَوِ ابْنُهَا، أَوْ زَوْجُهَا، أَوْ ذُو مَحْرَمٍ مِنْهَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی عورت کے لیے جائز نہیں ہے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہو کہ وہ تین دن سے زیادہ سفر کرے مگر اپنے باپ یا بیٹے یا شوہر یا محرم کے ساتھ۔

1193 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَوْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا أَدْرَكَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے صحابی کو گالی نہ دو' اگر تم میں سے کوئی اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرے تو ان میں سے کسی ایک کے اس مُد اور اس کے حصہ کے ثواب کو نہ پا سکے گا۔

1194 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَوْ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ - شَكَّ الْأَعْمَشُ - قَالَ: لَمَّا كَانَتْ غَزَاةُ تَبُوكَ أَصَابَ النَّاسَ مَجَاعَةٌ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَوْ أَذِنْتَ لَنَا فَنَحَرْنَا نَوَاضِحَنَا فَأَكَلْنَا وَادَّهَنَّا؟ قَالَ: فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: افْعَلُوا، فَجَاءَ عُمَرُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّهُمْ إِنْ فَعَلُوا قَلَّ الظَّهْرُ، وَلَكِنِ ادْعُهُمْ بِفَضْلِ أَزْوَادِهِمْ، ثُمَّ أَدْعُ لَهُمْ عَلَيْهَا بِالْبَرَكَةِ، لَعَلَّ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَ فِي ذَلِكَ الْبَرَكَةَ، قَالَ: فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنِطَعٍ فَبَسَطَهُ، ثُمَّ دَعَا بِفَضْلِ أَزْوَادِهِمْ، قَالَ: فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيءُ بِكَفِّ الذُّرَةِ، وَالْآخَرُ بِكَفِّ التَّمْرِ، وَالْآخَرُ بِالْكِسْرَةِ، حَتَّى اجْتَمَعَ عَلَى النِّطَعِ شَيْءٌ مِنْ ذَلِكَ، قَالَ: فَدَعَا عَلَيْهِ بِالْبَرَكَةِ ثُمَّ قَالَ: خُذُوا فِي أَوْعِيَتِكُمْ، قَالَ: فَأَخَذُوا فِي أَوْعِيَتِهِمْ حَتَّى مَا تَرَكُوا فِي الْعَسْكَرِ وِعَاءً إِلَّا مَلَؤُوهُ، قَالَ: وَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، قَالَ: وَفَضَلَتْ مِنْهُمْ فَضْلَةٌ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَشْهَدُ أَنَّ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ، لَا يَلْقَى اللَّهَ بِهَا عَبْدٌ غَيْرُ شَاكٍّ فَيُحْجَبَ عَنِ الْجَنَّةِ

حضرت ابوسعید یا ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' اعمش کو شک ہے' فرمایا: جب غزوۂ تبوک تھا تو صحابہ کرام کو بھوک لگی' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر آپ ہم کو اونٹ نحر کرنے کا حکم دیں تو ہم ان کو کھائیں اور چربی بنائیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کرلو! حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور عرض کی: یارسول اللہ! اگر اُنہوں نے ایسے کیا تو سواریاں کم ہو جائیں گی' آپ ایسے کریں کہ ان کا بچا ہوا کھانا منگوالیں' پھر اس پر آپ برکت کی دعا کریں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دستر خوان منگوایا' اس کو بچھایا گیا تو آپ نے اُن کا بچا ہوا کھانا منگوایا۔ ایک آدمی ایک مٹھی چاول لے کر آیا' دوسرا ایک مٹھی کھجور لایا' تیسرا روٹی کا ٹکڑا لے کر آیا یہاں تک کہ دستر خوان پر کچھ اشیاء جمع ہوگئیں' آپ نے برکت کی دعا کی' پھر فرمایا: اپنے برتن بھرلو! صحابہ کرام نے اپنے برتن بھر لیے یہاں تک کہ لشکر میں کوئی برتن خالی نہیں رہا کہ وہ بھرا ہوا تھا۔ صحابہ کرام نے کھایا یہاں تک کہ سیر ہو گئے' ان کا کھانا ویسے ہی بچا ہوا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور میں اللہ کا رسول ہوں' کوئی بندہ بھی اللہ سے ملے بغیر شک کیے تو ایسا نہیں کہ اسے جنت سے روک دیا جائے۔

1195 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ الْأَوْدِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانچ سے کم وسق میں زکوٰۃ نہیں

1194- أخرجه مسلم فى الايمان' باب: الدليل على أن مات على التوحيد دخل الجنة قطعًا .

1195- أخرجه النسائى فى الزكاة' باب: القدر الذى تجب فيه الصدقة . وأبو داؤد فى الزكاة . وابن ماجه فى الزكاة .

الْبَخْتَرِيّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسَاقٍ صَدَقَةٌ

ہے۔

1196 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسَاقٍ مِنْ تَمْرٍ وَلَا حَبٍّ صَدَقَةٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ سے کم وسق کھجور اور گندم کے دانوں میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

1197 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ إِلَّا لِثَلَاثَةٍ: غَازٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَابْنِ السَّبِيلِ، أَوْ رَجُلٍ كَانَ لَهُ جَارٌ فَتُصُدِّقَ عَلَيْهِ، فَأَهْدَى لَهُ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مال دار کے لیے زکوٰۃ حلال نہیں ہے۔مگر تین آدمیوں کے لیے مال دار ہونے کے باوجود جائز ہے(۱)اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کے لیے (۲) مسافر کے لیے اور اللہ کی راہ میں نکلنے والے کے لیے' یا ایسا آدمی جو اس کا پڑوسی ہو اس کو صدقہ دیا گیا تو اس کے لیے ہدیہ ہو جائے گا۔

1198 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، وَعَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ،، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، كِلَاهُمَا، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ رَأَى مُنْكَرًا فَاسْتَطَاعَ أَنْ يُغَيِّرَهُ بِيَدِهِ فَلْيَفْعَلْ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ بِيَدِهِ فَبِلِسَانِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ بِلِسَانِهِ فَبِقَلْبِهِ،

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ نے فرمایا: جو تم میں بُرائی دیکھے اس کو ہاتھ سے روکے، اگر ہاتھ سے روکنے کی طاقت نہ رکھے تو زبان سے روکے' اگر زبان سے روکنے کی بھی طاقت نہیں رکھتا ہے تو دل سے بُرا جانے' یہ ایمان کا سب سے کمزورترین درجہ ہے۔

1196- أخرجه مسلم في الزكاة .

1198- أخرجه أبو داؤد في الزكاة' باب: من يجوز له أخذ الصدقة وهو غني . وابن ماجه في الزكاة' باب: من تحل له الصدقة . ومالك في الزكاة' باب: أخذ الصدقة' ومن يجوز له أخذها وعبد الرزاق .

وَذَلِكَ أَضْعَفُ الْإِيمَانِ

1199 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: احْتَجَّ آدَمُ وَمُوسَى، فَقَالَ مُوسَى: يَا آدَمُ، خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَنَفَخَ فِيكَ مِنْ رُوحِهِ، وَأَمَرَ الْمَلَائِكَةَ فَسَجَدُوا لَكَ، وَأَسْكَنَكَ جَنَّتَهُ، فَأَغْوَيْتَ النَّاسَ، وَأَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ؟ فَقَالَ آدَمُ: يَا مُوسَى، اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِكَلِمَتِهِ، وَأَنْزَلَ عَلَيْكَ التَّوْرَاةَ، وَفَعَلَ بِكَ وَفَعَلَ، تَلُومُنِي عَلَى أَمْرٍ قَدْ قَدَرَهُ اللّٰهُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِي؟ قَالَ: فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت آدم وموسیٰ علیہما السلام دونوں کا مکالمہ ہوا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اے آدم! آپ کو اللہ عزوجل نے اپنے دست قدرت سے پیدا کیا، آپ میں اپنی روح پھونکی، فرشتوں کو آپ کو سجدہ کرنے کا حکم دیا' آپ کو جنت میں ٹھہرایا، آپ نے لوگوں کو اغوا کیا۔ ان کو جنت سے نکلوایا؟ حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: اے موسیٰ! آپ کو اللہ عزوجل نے اپنے ساتھ گفتگو کرنے کے لیے چنا، آپ پر تورات نازل فرمائی، آپ نے یہ کیا کیا کہ مجھے اس پر ملامت کرتے ہیں' جو اللہ نے تقدیر میں لکھ دیا تھا میرے پیدا ہونے سے پہلے۔ حضرت آدم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غالب آ گئے۔

1200 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ أَبِي الصِّدِّيقِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِرَجُلٍ - قَالَ: أَظُنُّهُ فِي شَرَابٍ - فَضَرَبَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَعْلَيْنِ أَرْبَعِينَ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی لایا گیا میرا گمان ہے کہ اس نے شراب پی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو چالیس جوتے مارے۔

1201 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَكَاةُ الْجَنِينِ ذَكَاةُ أُمِّهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بچے کی ماں کو ذبح کرنا' بچہ کا ذبح کرنا ہے۔

1199- عزاه الهیثمی الی المصنف والبزار فی مجمع الزوائد' باب: تحاج ادم وموسٰی صلوات اللّٰه علیهما وغیرهما .

1200- أخرجه الترمذی فی الحدود' باب: ما جاء فی حد السكران .

1202 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ: (وَكَذَلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا) (البقرة: 143) قَالَ: عَدْلًا

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ عزوجل کے اس ارشاد کے متعلق روایت کرتے ہیں کہ "ہم نے تم کو درمیانی اُمت بنایا"۔ وسطاً سے مراد درمیانی اُمت ہے۔

1203 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوِتْرُ بِلَيْلٍ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وتر رات کی نماز ہیں۔

1204 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَدِّثُوا عَنِّي وَلَا حَرَجَ، حَدِّثُوا عَنِّي وَلَا تَكْذِبُوا عَلَيَّ، وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَقَدْ تَبَوَّأَ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ، وَحَدِّثُوا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَا حَرَجَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری حدیث بیان کرو، کوئی حرج نہیں میری حدیث بیان کرو لیکن مجھ پر جھوٹ نہ بولو، جس نے مجھے پر جان بوجھ کر جھوٹ بولا، اس کا ٹھکانہ بے شک جہنم میں ہے، بنی اسرائیل کی روایات بیان کرو، اس میں کوئی حرج نہیں۔

1205 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: أَمَرَنَا نَبِيُّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حکم دیا سورۃ فاتحہ پڑھنے اور جو آسان لگے اس کے ساتھ پڑھنے کا۔

1203- أخرجه مسلم فى صلاة المسافرين' باب: صلاة الليل مثنى مثنى والوتر ركعة من آخر الليل ـ الترمذى فى الصلاة' باب: ما جاء فى مبادرة الصبح بالوتر ـ والنسائى فى قيام الليل' باب: الأمر بالوتر قبل الصبح ـ وابن ماجه فى الاقامة' باب: من نام عن وتر أو نسيه ـ

1204- أخرجه البخارى فى أحاديث الأنبياء' باب: ما ذكر عن بنى اسرائيل ـ ومسلم فى الزهد' باب: التثبيت فى الحديث وحكم كتابة العلم ـ

1205- أخرجه أبو داؤد فى الصلاة' باب: من ترك القرأة فى صلاته بفاتحة الكتاب ـ

نَقْرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَمَا تَيَسَّرَ

1206 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، حَدَّثَنِي أَرْبَعَةُ رِجَالٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، وَخَمْسُ نِسْوَةٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ

1301 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَخِيهِ مَعْبَدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: قُلْنَا لِأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَزْلِ شَيْئًا؟ قَالَ: سَأَلْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ قَالَ: وَمَا الْعَزْلُ؟ قَالَ: قُلْنَا: الرَّجُلُ تَكُونُ لَهُ الْمَرْأَةُ تُرْضِعُ، فَيُصِيبُ مِنْهَا وَيَكْرَهُ أَنْ تَحْبَلَ فَيَعْزِلُ عَنْهَا، وَتَكُونُ لَهُ الْجَارِيَةُ فَيُصِيبُ مِنْهَا وَيَكْرَهُ أَنْ تَحْبَلَ فَيَعْزِلُ عَنْهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَلَيْكُمْ أَلَّا تَفْعَلُوا ذٰلِكَ، فَإِنَّمَا هُوَ الْقَدَرُ

حضرت معبد بن سیرین فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ نے حضور ﷺ سے عزل کے متعلق پوچھا ہے؟ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عزل کیا ہے؟ اس نے عرض کی: ہم میں سے کوئی آدمی دودھ پلانے والی عورت سے وطی کرنا چاہتا ہے' وہ حاملہ ہونے کو ناپسند کرتی ہے' تو اس سے عزل کرنا چاہیے اور اس کی ایک لونڈی ہے وہ اس سے وطی کرنا چاہتا ہے وہ حاملہ ہونے کو ناپسند کرتی ہے تو اس سے عزل کرنا چاہیے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: عزل کرنے میں تم پر کوئی گناہ نہیں ہے' یہ تقدیر ہے (جس نے آنا ہے وہ آ کر ہی رہے گا)۔

1302 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي الْعَلَانِيَةِ قَالَ: سَأَلْنَا أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ، قَالَ: قُلْنَا: فَالْجُفُّ؟ قَالَ: ذَاكَ شَرٌّ

حضرت ابی العلانیہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مٹکے کی نبیذ کے متعلق پوچھا' حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے مٹکے کی نبیذ سے منع کیا ہے' ہم نے عرض کی: چمڑے کے ڈول میں بنانے کے متعلق کیا حکم ہے؟ فرمایا: وہ اس سے بھی بدتر ہے۔

1303 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

1302- أخرجه أحمد جلد3صفحه66 .

1303- أخرجه مسلم فى الصلاة' باب: الصلاة فى ثوب واحد وصفة لبسه' وفى المساجد باب: جواز صلاة الجماعة فى النافلة' والصلاة على حصير وخمرة وثوب وغيرها .

عُبَيْدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي عَلَى حَصِيرٍ وَيَسْجُدُ عَلَيْهِ

حضور ﷺ کے پاس اس حالت میں آیا کہ آپ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے چٹائی پر اور اس پر سجدہ کر رہے تھے۔

1304 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبْرِدُوا بِالظُّهْرِ فِي الْحَرِّ، فَإِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گرمیوں میں ظہر ٹھنڈی کر کے پڑھو' بے شک گرمی کی شدت جہنم کی سانس سے ہے۔

1305 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كُنْتُ أَمْشِي مَعَ ابْنِ عُمَرَ فِي الْبَلَاطِ، فَمَرَّ بِرَجُلٍ يَجُرُّ إِزَارَهُ، فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ جَرَّ ثِيَابَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَقُلْتُ: إِنِّي سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَأَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بلاط میں چل رہا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس سے ایک آدمی گزرا وہ اپنی تہبند لٹکائے ہوئے تھا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنے آقا رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو تکبر سے اپنی چادر لٹکاتا ہے اللہ عزوجل قیامت کے دن اس پر نظر رحمت نہیں کرے گا۔ فرمایا: میں نے کہا کہ میں نے ابوسعید سے یہ حدیث حضور ﷺ کے حوالہ سے بیان کرتے ہوئے سنی ہے۔ حضرت

1304- أخرجه البخارى فى بدء الخلق' باب: صفة النار' وفى المواقيت باب: الابراد بالظهر فى شدة الحر . وابن ماجه فى الصلاة' باب: الابراد بالظهر فى شدة الحر .

1305- أخرجه البخارى فى فضائل الصحابة' باب: قول النبى صلى الله عليه وسلم: لو كنت متخذًا خليلًا . وفى اللباس' باب: قول الله تعالىٰ: (قل من حرم زينة الله التى أخرج لعباده)' باب: من جر ازاره من خيلاء . باب: من جر ثوبة خيلاء . ومسلم فى اللباس' باب: تحريم جر الثوب خيلاء . والترمذى فى اللباس' باب: ما جاء فى كراهية جر الازار . والنسائى فى اللباس جلد 8 صفحه 206' باب: التغليظ فى جر الازار . وأبو داؤد فى اللباس' باب: ما جاء فى اسبال الازار . وابن ماجه فى اللباس' باب: من جر ثوبة من الخيلاء .

ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنی ہے۔

1306 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ أَسْوَأَ النَّاسِ سَرِقَةً- قَالَ: - الَّذِي يَسْرِقُ صَلَاتَهُ" ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ يَسْرِقُهَا؟ قَالَ: لَا يُتِمُّ رُكُوعَهَا وَلَا سُجُودَهَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں سے سب سے بڑا چور وہ ہے جو اپنی نماز میں چوری کرتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے عرض کی: یارسول اللہ! نماز میں کیسے چوری کرتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. وہ رکوع وسجود مکمل نہیں کرتا ہے۔

1307 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ عَتَّابٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " لَوْ حَبَسَ اللَّهُ الْقَطْرَ عَنْ أُمَّتِي عَشْرَ سِنِينَ، ثُمَّ أُنْزِلَتْ لَأَصْبَحَتْ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي بِهَا كَافِرِينَ، يَقُولُونَ: هُوَ بِنَوْءِ الْمِجْدَحِ

حضرت ابوسعیدالخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ میری اُمت سے بارش کا قطرہ دس سال بھی روک لے پھر اس کے بعد نازل کرے تو میری اُمت کا ایک گروہ اس کے ساتھ کافر ہو جائے گا' وہ کہیں گے: وہ بنومجدح ہے۔

1308 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت اور دوزخ کا آپس میں مناظرہ ہوا' جہنم نے کہا: میرے اندر تکبر کرنے والے ہوں گے' عظمت والے مال دار ہوں گے۔ جنت نے

1306- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 56 وجلد 5 صفحه 310 . ومالك في قصر الصلاة' باب: العمل في جامع الصلاة . والدارمي في الصلاة جلد 1 صفحه 305,304' باب: في الذي لا يتم الركوع والسجود . والبزار وعزاه الهيثمي الى أحمد والبز ار والمصنف في مجمع الزوائد' باب: ما جاء في الركوع والسجود .

1307- أخرجه النسائي في صلاة الاستسقاء' باب: كراهية الاستمطار بالكوكب . والدارمي في الرقاق' باب: النهي أن يقول: مطرنا بنوء كذا وكذا .

1308- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 78,13 .

قَالَ: افْتَخَرَتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ، فَقَالَتِ النَّارُ: أَىْ رَبِّ، يَدْخُلُنِي الْجَبَابِرَةُ وَالْمُلُوكُ وَالْعُظَمَاءُ وَالْأَشْرَافُ، وَقَالَتِ الْجَنَّةُ: يَا رَبِّ، يَدْخُلُنِي الْفُقَرَاءُ وَالضُّعَفَاءُ وَالْمَسَاكِينُ، فَقَالَ اللَّهُ لِلنَّارِ: أَنْتِ عَذَابِي أُصِيبُ بِهِ مَنْ أَشَاءُ، وَقَالَ لِلْجَنَّةِ: أَنْتِ رَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ، وَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْكُمَا مِلْؤُهَا، فَأَمَّا النَّارُ فَيُلْقَى فِيهَا أَهْلُهَا وَتَقُولُ: هَلْ مِنْ مَزِيدٍ، حَتَّى يَأْتِيَهَا تَبَارَكَ وَتَعَالَى فَتَزْوَى وَتَقُولُ: قَدْنِي قَدْنِي، وَأَمَّا الْجَنَّةُ فَيَبْقَى فِيهَا مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَبْقَى، ثُمَّ يُنْشِءُ اللَّهُ لَهَا خَلْقًا مِمَّا يَشَاءُ

کہا: میرے اندر فقیر کمزور و مساکین ہوں گے۔ اللہ عزوجل نے دونوں کے درمیان فیصلہ کیا، فرمایا: جنت میری رحمت ہے' تیرے اندر داخل کر کے جس پر چاہوں رحم کروں۔ دوزخ میرا عذاب ہے، تیرے ذریعے جسے چاہوں عذاب دوں لیکن میرے لیے دونوں کو بھرنا ہے' بہرحال جہنم میں اس کے رہنے والے ڈالے جائیں گے' وہ کہے گی: اور زیادہ! یہاں تک کہ اللہ عزوجل آئے گا تو وہ خاموش ہو جائے گی اور کہے گی: میرے قریب ہو! میرے قریب ہو! بہرحال جنت تو اس میں باقی رہے گا' جب تک اللہ چاہے گا باقی رکھنا' پھر اللہ عزوجل اس کے لیے ایک اور مخلوق پیدا کرے گا۔

1309 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَاشِدٍ مَوْلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ الرَّحْمَنِ لَلَوْحًا فِيهِ ثَلَاثُمِائَةٍ وَخَمْسَ عَشْرَةَ شَرِيعَةً، يَقُولُ الرَّحْمَنُ: وَعِزَّتِي وَجَلَالِي لَا يَأْتِي عَبْدٌ مِنْ عِبَادِي لَا يُشْرِكُ بِي شَيْئًا فِيهِ وَاحِدَةٌ مِنْهَا إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک رحمٰن کے ہاتھ ایک تختی ہے اس میں تین سو پندرہ شریعہ ہیں' رحمٰن فرماتا ہے میری عزت وجلال کی قسم! میرا کوئی بندہ میرے ساتھ ان میں سے کسی کو شریک نہ ٹھہرائے اس کو میں جنت میں داخل کروں گا۔

1310 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، أَخْبَرَنَا سَالِمُ بْنُ غَيْلَانَ، أَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ قَيْسٍ التُّجِيبِيَّ، أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو ساتھی صرف مومن کو بنا' تیرا کھانا صرف نیک لوگ کھائیں۔

1309- عزاه الهيثمى للمصنف فى مجمع الزوائد' باب: بعد باب فى أصول الدين وبيان فرائضه .

1310- أخرجه الترمذى فى الزهد' باب: ما جاء فى صحبة المؤمن . وأبو داؤد فى الأدب' باب: من يؤمر أن يجالس . والحاكم جلد4صفحه128 .

سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَوْ عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَصْحَبْ إِلَّا مُؤْمِنًا، وَلَا يَأْكُلْ طَعَامَكَ إِلَّا تَقِيٌّ

1311 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِابْنِ صَيَّادٍ: مَا تَرَى؟ قَالَ: أَرَى عَرْشًا عَلَى الْبَحْرِ حَوْلَهُ الْحَيَّاتُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَاكَ عَرْشُ إِبْلِيسَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صیاد سے کہا: تُو نے کیا دیکھا ہے؟ اس نے کہا: میں نے ایک تخت دیکھا جو کہ سمندر پہ ہے اور اس کے اردگرد سانپ ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ابلیس کا تخت ہے۔

1312 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، أَخْبَرَنَا الْمُعَلَّى بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ - رَجُلٌ مِنْ مُزَيْنَةَ - عَنْ أَبِي الصِّدِّيقِ النَّاجِي، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُمْ كَانُوا جُلُوسًا يَقْرَؤُونَ وَيَدْعُونَ قَالَ: فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَلَمَّا رَأَيْنَاهُ سَكَتْنَا، فَقَالَ: أَلَيْسَ كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ كَذَا وَكَذَا؟، قَالَ: قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: فَاصْنَعُوا كَمَا كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ، وَجَلَسَ مَعَنَا ثُمَّ قَالَ: أَبْشِرُوا صَعَالِيكَ الْمُهَاجِرِينَ بِالْفَوْزِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى الْأَغْنِيَاءِ بِخَمْسِ مِائَةِ سَنَةٍ، حَتَّى إِنَّ الْغَنِيَّ وَدَّ أَنَّهُ كَانَ فَقِيرًا، أَوْ عَائِلًا فِي الدُّنْيَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ وہ بیٹھے قرآن کی تلاوت کر رہے تھے اور دعائیں مانگ رہے تھے۔ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے۔ راوی کہتا ہے: پس جب ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو ہم خاموش ہو گئے' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ ایسا ایسا کوئی کام نہیں کر رہے تھے' ہم نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہی کام کرو جو پہلے کر رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہاجرین کے غریب لوگوں کے گروہ، تمہارے لیے قیامت کے دن کامیابی کی خوشخبری، تم جنت میں مال دار ایمان والوں سے اور پانچ سو سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے، مال دار خواہش کریں گے کہ وہ فقیر ہوتے یا دنیا میں محتاج ہوتے۔

1313 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو

هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ أَبِي عَلْقَمَةَ الْهَاشِمِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُمْ أَصَابُوا يَوْمَ فَتَحُوا أَوْطَاسٍ نِسَاءً لَهُنَّ أَزْوَاجٌ، فَكَرِهَهُنَّ رِجَالٌ مِنْهُمْ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ هَذِهِ الْآيَةَ: (وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ) (النساء: 24)

اوطاس کے دن کچھ قیدی عورتیں ملیں، اُن کی قوموں میں ان کے شوہر تھے (تو ہم نے ان سے جماع کو ناپسند کیا)۔ حضور ﷺ کے ہاں ان کا ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ پر یہ آیت نازل ہوئی: ''وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ الٰی آخرہ''۔

1314 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اجْتَمَعَ ثَلَاثَةٌ فَلْيَؤُمَّهُمْ أَحَدُهُمْ، وَأَحَقُّهُمْ بِالْإِمَامَةِ أَقْرَؤُهُمْ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تین افراد ہوں ان میں سے ایک امامت کروائے ان میں سے زیادہ حق دار وہ جو زیادہ قاری ہے۔

1315 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَبِي عِيسَى الْأُسْوَارِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عُودُوا الْمَرْضَى، وَاتْبَعُوا الْجَنَائِزَ تُذَكِّرْكُمُ الْآخِرَةَ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بیماروں کی عیادت کرو' جنازوں کے پیچھے چلو' یہ تمہیں آخرت کی یاد دلائیں گے۔

1316 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَجَرَ عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کھڑے ہوکر پانی پینے سے ڈانٹا۔

1317 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَبِي الْوَدَّاكِ قَالَ: اخْتَلَفْتُ أَنَا وَصَاحِبٌ لِي فِي الْحَنْتَمِ، فَأَتَيْنَا أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ فَقُلْنَا لَهُ: حَدِّثْنَا بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَنْتَمِ؟ قَالَ: لَئِنْ قُلْتَ ذَاكَ لَقَدْ كُنَّا أَحْيَانًا عَلَى عَهْدِ

حضرت ابی الوداک فرماتے ہیں: میں اور میرے ساتھی نے حنتم برتن کے متعلق اختلاف کیا' ہم حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ہم نے ان سے عرض کی: ہم کو ایسی شی کے متعلق بتائیں جو آپ نے حنتم کے متعلق آپ سے سنی ہے؟ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تو نے یہ کہا کہ ہم حضور ﷺ کے زمانہ میں حاضر ہوتا تھا' وہ

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَّا مَنْ يَحْضُرُهُ يَسْمَعُ مِنْهُ، وَمِنَّا مَنْ تَشْغَلُهُ الضَّيْعَةُ فَيَجِيءُ وَقَدْ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُ: مَاذَا قَالَ؟ فَنُخْبِرُهُ مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنَّهُ أُتِيَ بِشَارِبٍ ذَاتَ يَوْمٍ، فَنُهِزَ بِالْأَيْدِي وَخُفِقَ بِالنِّعَالِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا شَرِبْتُ خَمْرًا، قَالَ: فَمَا شَرِبْتَ؟ قَالَ: إِنَّمَا أَخَذْتُ تَمَرَاتٍ وَزَبِيبَاتٍ فَجَعَلْتُهُنَّ فِي دُبَّاءٍ لِي، فَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُخْلَطَ بَيْنَ التَّمْرِ وَالزَّبِيبِ فِي الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ"

آپ سے سن لیتے، ہم سے کوئی اپنے کاروبار میں مشغول ہوتا، وہ آتا اس وقت کہ حضور ﷺ کھڑے ہو جاتے تھے آپ فرما دیتے جو آپ نے فرمانا ہوتا، ہم کو اس کی خبر دی جاتی جو حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ کے پاس ایک شرابی لایا گیا اس کو ہاتھوں اور جوتوں کے ساتھ مارا گیا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! میں نے شراب نہیں پی۔ آپ نے فرمایا: تُو نے کیا پیا ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے کچھ کھجوریں اور کشمش لی ہیں، ان کو اپنے برتن دباء میں ڈال دیا، حضور ﷺ نے کھجور اور کشمس، دباء اور مزفت میں ملا کر ڈالنے سے منع کیا۔

1318 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِي، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَرِبَ مِنْكُمُ النَّبِيذَ فَلْيَشْرَبْهُ زَبِيبًا فَرْدًا أَوْ تَمْرًا فَرْدًا أَوْ بُسْرًا فَرْدًا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو تم میں سے نبیذ پینے جائے وہ صرف کشمش کی پیے، یا صرف کھجور کی، یا صرف خشک کھجور کی۔

1319 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: اعْتَكَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَشْرَ الْأَوْسَطَ مِنْ رَمَضَانَ وَهُوَ يَلْتَمِسُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ قَبْلَ أَنْ تَبَيَّنَ، فَلَمَّا انْقَضَى أَمَرَ بِبِنَائِهِ فَنُقِضَ، ثُمَّ أُبِينَتْ لَهُ أَنَّهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، فَأَمَرَ بِالْبِنَاءِ فَأُعِيدَ وَاعْتَكَفَ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے رمضان کے درمیانی عشرہ میں لیلۃ القدر کی تلاش کے لیے اعتکاف کیا، لیلۃ القدر واضح کرنے سے پہلے، جب آپ نے بناء کا معاملہ ختم ہوا تو آپ نے اعتکاف توڑ دیا، پھر آپ ﷺ کیلئے واضح کر دی گئی کہ آخری عشرے میں ہے، آپ نے اعتکاف کی بناء کی، آپ واپس آئے تو آپ نے آخری عشرے میں

1318- أخرجه مسلم في الأشربة، باب: كراهية انتباذ التمر والزبيب مخلوطين . والنسائي في الأشربة، باب: الرخصة في انتباذ البسر وحده .

فَخَرَجَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّمَا أُبِينَتْ لِي لَيْلَةُ الْقَدْرِ فَخَرَجْتُ لِأُخْبِرَكُمْ بِهَا فَرَأَيْتُ رَجُلَيْنِ يَخْتَصِمَانِ مَعَهُمَا الشَّيْطَانُ وَنُسِّيتُهَا، فَالْتَمِسُوهَا فِي التَّاسِعَةِ وَالسَّابِعَةِ وَالْخَامِسَةِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا سَعِيدٍ، إِنَّكُمْ أَعْلَمُ بِالْعَدَدِ مِنَّا؟ قَالَ: إِنَّا أَحَقُّ بِذَلِكَ مِنْكُمْ، فَأَمَّا التَّاسِعَةُ وَالسَّابِعَةُ وَالْخَامِسَةُ، قَالَ: تَدَعُ الَّتِي تَدْعُونَ: إِحْدَى وَعِشْرِينَ، وَالَّتِي تَلِيهَا التَّاسِعَةُ، وَتَدَعُ الَّتِي تَدْعُونَ: ثَلَاثَةً وَعِشْرِينَ، وَالَّتِي تَلِيهَا السَّابِعَةُ، وَتَدَعُ الَّتِي تَدْعُونَ: خَمْسًا وَعِشْرِينَ، وَالَّتِي تَلِيهَا الْخَامِسَةُ

اعتکاف کیا' آپ لوگوں کے پاس نکلے' اس کے بعد فرمایا: اے لوگو! لیلۃ القدر کو واضح کر دیا گیا ہے' میں نکلا ہوں تا کہ میں تم کو اس کے متعلق بتاؤں! میں نے دو آدمی دیکھے کہ وہ جھگڑ رہے تھے' دونوں کے ساتھ شیطان تھے' مجھے بھلا دی گئی' تم انتیس' ستائیس اور پچیسویں رات کو تلاش کرو۔ ابونضرہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے ابوسعید! آپ مجھ سے زیادہ گنتی جانتے ہیں؟ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تم سے زیادہ حق دار ہوں' بہرحال انتیس' ستائیس اور پچیس کو تلاش کرو' فرمایا: تم اکیسویں کو چھوڑ دو جو اس کے ساتھ ملی ہوئی ہے وہ نویں اور تیئسویں کو چھوڑ دو اور جو اس کے ساتھ ملی ہوئی ہے' ستائیسویں اور پچیسوں کو چھوڑ دو جو اس کے ساتھ ملی ہوئی ہے وہ پانچویں ہے۔

1320 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي نُعْمٍ قَالَ: جَاءَ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ إِلَى رَجُلٍ فَقَالَ لَهُ: أَقَرَأْتَ مَا لَمْ نَقْرَأْ، وَصَحِبْتَ مَا لَمْ نَصْحَبْ؟ قَالَ: مَا قَرَأْتُ إِلَّا مَا قَرَأْتُمْ، وَقَدْ صَحِبْتُمْ، قَالَ: فَفِيمَ تُفْتِي النَّاسَ: الدِّرْهَمَيْنِ بِثَلَاثَةٍ، وَالدِّرْهَمَ بِدِرْهَمَيْنِ؟ فَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، مِثْلًا بِمِثْلٍ، فَمَا زَادَ فَهُوَ رِبًا، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ، مِثْلًا بِمِثْلٍ، فَمَا زَادَ فَهُوَ رِبًا، قَالَ: سَمِعْتُهُ بَعْدُ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَتُوبُ إِلَيْكَ مِمَّا كُنْتُ أُفْتِي بِهِ النَّاسَ فِي الصَّرْفِ

حضرت ابونعیم فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ ایک آدمی کے پاس آئے' اس کو کہا: کیا تُو نے قرآن کا کوئی ایسا جز پڑھا ہے جو ہم نے نہیں پڑھا' تُو صحابی ہے' ہم صحابی نہیں ہیں؟ میں نے وہی پڑھا ہے جو تم نے پڑھا ہے' تم بھی صحابی ہو' تُو لوگوں کو فتویٰ دیتا ہے کہ دو درہم کے بدلے تین درہم جائز ہیں اور ایک درہم کے بدلے دو درہم لینے جائز ہیں؟ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: سونے کے بدلے سونا برابر برابر فروخت کرو جو اضافہ کرے گا تو وہ سود ہے' چاندی چاندی کے بدلے برابر برابر فروخت کرو جو اضافہ کرے گا تو وہ سود ہے۔ راوئ حدیث

فرماتے ہیں کہ میں نے اس کے بعد اسے کہتے ہوئے سنا: اے اللہ! میں توبہ کرتا ہوں اس سے جو لوگوں کو بیع صرف کے متعلق فتویٰ دیتا تھا۔

1321 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْـثٍ، عَـنْ شَهْرٍ قَالَ: أَقْبَلْتُ أَنَا وَرِجَالٌ مِنْ عُمْرَةٍ، فَـمَرَرْنَا بِأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ فَقَالَ: أَيْـنَ تُرِيدُونَ؟ قُلْتُ: نُرِيدُ الطُّورَ، قَالَ: وَمَا الطُّورُ؟ سَـمِـعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " لَا تُشَـدُّ رِحَالُ الْمَطِيِّ إِلَى مَسْجِدٍ يُذْكَرُ اللّٰهُ فِيهِ إِلَّا إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، وَبَيْتِ الْمَقْدِسِ"

وَلَا تَـصْـلُـحُ الصَّلَاةُ فِي سَاعَتَيْنِ مِنَ النَّهَارِ: بَعْدَ الْفَجْرِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَبَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغِيبَ الشَّمْسُ

وَلَا يَـصْـلُـحُ الصَّوْمُ فِي يَوْمَيْنِ مِنَ السَّنَةِ: يَوْمِ الْفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ، وَيَوْمِ الْأَضْحَى مِنْ ذِي الْحِجَّةِ

وَلَا تُسَـافِرُ الْـمَرْأَةُ سَفَرًا فِي الْإِسْلَامِ إِلَّا مَعَ بَعْلٍ أَوْ ذِي مَحْرَمٍ

حضرت شہر فرماتے ہیں کہ میں اور کچھ لوگ عمرہ سے واپس آئے' ہم حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے' ہم آپ کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا: تم کہاں کا ارادہ رکھتے ہو؟ میں نے عرض کی: ہم طور جانا چاہتے ہیں' آپ نے فرمایا: طور کیا کرنا ہے؟ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: اپنی سواریاں نہ باندھو اس مسجد کی طرف جس میں اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے سوائے مسجد حرام' مسجد مدینہ (مراد مسجد نبوی) اور مسجد اقصیٰ' دن کے دو وقتوں میں نماز درست نہیں فجر کے بعد یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے اور عصر کے بعد یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے' سال میں دو دن روزہ درست نہیں ہے' ذی الحجہ کی عیدالاضحیٰ کے دن اور عیدالفطر کے دن' کوئی عورت تین دن سے زیادہ کا سفر نہ کرے جو مسلمان ہو مگر اپنے شوہر یا محرم رشتے دار کے ساتھ۔

1322 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: دَخَـلَ رَجُلَانِ عَـلَـى رَسُولِ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے دونوں نے اونٹ کے پیسوں کا سوال کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کی دو دو دینار کے ساتھ

1321- ذكره الهيثمي مع أختلاف في اللفظ الى أحمد في مجمع الزوائد' باب قوله: لا تشد الرحال الا الى ثلاثة مساجد .

1322- أخرجه أحمد جلد3صفحه4 . وعزاه الهيثمي للمصنف وأحمد في مجمع الزوائد' باب: ما جاء في السؤال .

وَسَلَّمَ فَسَأَلَاهُ فِي ثَمَنِ بَعِيرٍ، فَأَعَانَهُمَا بِدِينَارَيْنِ، فَخَرَجَا مِنْ عِنْدِهِ فَلَقِيَهُمَا عُمَرُ فَقَالَا وَأَثْنَيَا مَعْرُوفًا وَشَكَرَا مَا صَنَعَ بِهِمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ عُمَرُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِمَا قَالَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكِنْ فُلَانٌ أَعْطَيْتُهُ مَا بَيْنَ الْعَشَرَةِ إِلَى الْمِائَةِ فَلَمْ يَقُلْ ذٰلِكَ، إِنَّ أَحَدَهُمْ يَسْأَلُنِي فَيَنْطَلِقُ بِمَسْئَلَتِهِ مُتَأَبِّطَهَا، وَمَا هِيَ إِلَّا نَارٌ، فَقَالَ عُمَرُ: تُعْطِينَا مَا هُوَ نَارٌ؟ قَالَ: يَأْبَوْنَ إِلَّا أَنْ يَسْأَلُونِي، وَيَأْبَى اللّٰهُ لِيَ الْبُخْلَ

مدد کی، دونوں آپ ﷺ کے پاس سے نکلے۔ دونوں کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ملے، دونوں نے آپ ﷺ کی نیکی کی تعریف کی ہے اور شکریہ ادا کیا ہے جو آپ ﷺ نے ان کے ساتھ کی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ کے پاس آئے، بتایا جو ان دونوں نے کہا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: لیکن فلاں کو میں نے دس سے سو تک دیئے تھے۔ یہ انہوں نے نہیں کہا۔ ان میں ہر ایک مجھ سے مانگ رہے تھے۔ ان میں سے ایک مجھ سے مانگتا ہے وہ چلتا ہے مانگ تو اپنی بغل میں آگ لیے ہوتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، آپ ﷺ نے ان کو آگ کیوں دی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ مانگنے سے نہیں رکتے تھے، اللہ نے میرے متعلق بخل کو پسند ہی نہیں کیا۔

1323 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا صَدَقَةُ، - صَاحِبُ الدَّقِيقِ - حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَالِبٍ الْأَزْدِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "خَصْلَتَانِ لَا تَجْتَمِعَانِ فِي مُؤْمِنٍ: سُوءُ الْخُلُقِ، وَالْبُخْلُ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک مومن میں دو خصلتیں جمع نہیں ہوسکتی (۱) برا اخلاق (۲) بخل۔

1324 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ: سَمِعْتُ دَرَّاجًا أَبَا السَّمْحِ يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا الْهَيْثَمِ يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ: يُسَلَّطُ عَلَى

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کافر کی قبر پر ۹۹ سانپ مسلط کیے جاتے ہیں وہ اس کو ڈستے رہیں گے یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے گی۔ اگر ان میں سے ایک سانپ زمین میں ڈستا تو زمین میں

1323- أخرجه البخاری فی الأدب المفرد . والترمذی فی البر والصلة' باب: ما جاء فی البخل .

1324- أخرجه أحمد جلد3صفحه38 . والدارمی فی الرقاق .

الْكَافِرِ فِي قَبْرِهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ تِنِّينًا تَنْهَشُهُ وَتَلْدَغُهُ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ، فَلَوْ أَنَّ تِنِّينًا مِنْهَا نَفَخَتْ فِي الْأَرْضِ مَا نَبَتَتْ خَضْرَاءُ

سبزہ نہ اُگتا۔

1325 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ، أَخْبَرَنَا حَيْوَةُ، أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ غَيْلَانَ، أَنَّهُ سَمِعَ دَرَّاجًا أَبَا السَّمْحِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الْهَيْثَمِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الْكُفْرِ وَالدَّيْنِ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، تَعْدِلُ الدَّيْنَ بِالْكُفْرِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کر رہے تھے (تعلیم امت کے لیے) میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں قرض اور کفر سے۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! قرض کفر کے برابر ہوسکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔

1326 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللَّهَ إِذَا رَضِيَ عَنِ الْعَبْدِ أَثْنَى عَلَيْهِ تِسْعَةَ أَصْنَافٍ مِنَ الْخَيْرِ لَمْ يَعْمَلْهُ، وَإِنْ سَخِطَ عَلَى الْعَبْدِ أَثْنَى عَلَيْهِ تِسْعَةَ أَصْنَافٍ مِنَ الشَّرِّ لَمْ يَعْمَلْهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل جب بندہ سے راضی ہوتا ہے اس پر نو اقسام کی بھلائی کھول دی جاتی ہیں' جو اس نے عمل نہیں کیا، جب اللہ کسی بندہ سے ناراض ہوتا ہے، اس پر نو اقسام کی برائی کھول دی جاتی ہے جو اس نے عمل نہیں کیا۔

1327 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ وَمَثَلُ الْإِيمَانِ كَمَثَلِ الْفَرَسِ فِي آخِيَّتِهِ، يَجُولُ ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى آخِيَّتِهِ، وَإِنَّ الْمُؤْمِنَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کی مثال اور ایمان کی مثال اس بندھے ہوئے گھوڑے کی طرح ہے جو اپنے باندھنے کی جگہ گھومتا رہتا ہے' وہ گھوم کر واپس اسی جگہ آتا ہے' بے شک مؤمن بھول جاتا ہے پھر ایمان کی طرف آجاتا ہے' تم اپنا کھانا نیک لوگوں کو کھلاؤ اور نیکی ایمان والوں

1325- أخرجه أحمد جلد3صفحه38 . والنسائي في الاستعاذة' باب: الاستعاذة من الدين .

1326- أخرجه أحمد جلد3صفحه76,40,38 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد باب: فيمن رضي الله عنه .

يَسْهُو ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى الْإِيمَانِ، فَأَطْعِمُوا طَعَامَكُمُ الْأَتْقِيَاءَ، وَأَوْلُوا مَعْرُوفَكُمُ الْمُؤْمِنِينَ

کے ساتھ کرو۔

1328 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، أَخْبَرَنَا شَيْبَانُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ إِلَّا أَنْ يَكُونَ لَهُ جَارٌ فَقِيرٌ فَيَدْعُوهُ فَيَأْكُلُ مَعَهُ، أَوِ ابْنِ السَّبِيلِ، أَوْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: صدقہ مال دار کے لیے جائز نہیں ہے' ہاں ایک صورت کے ساتھ جائز ہے' وہ یہ ہے کہ اس کا پڑوسی فقیر ہو' وہ اس کو دعوت دے اور وہ اس کے ساتھ کھالے' یا مسافر ہو یا اللہ کی راہ میں (تو اس کے لیے صدقہ جائز ہے)۔

1329 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: نَارُكُمْ هَذِهِ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِينَ جُزْءًا مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ، لِكُلِّ جُزْءٍ مِنْهَا حَرُّهَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری یہ آگ جہنم کی آگ سے ۷۰ویں جزء ہے۔ ہر جزء اس سے گرم کیا جاتا ہے۔

1330 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُؤْيَا الْمُسْلِمِ الصَّالِحِ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کا خواب نبوت کے ستّرویں جزء میں سے ہے۔

1331 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: " الْمُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ مَضْمُونٌ عَلَى اللَّهِ: إِمَّا أَنْ يَكْفِتَهُ إِلَى مَغْفِرَتِهِ وَرَحْمَتِهِ، وَإِمَّا أَنْ يُرْجِعَهُ بِأَجْرٍ وَغَنِيمَةٍ، وَمَثَلُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجاہد اللہ کی راہ میں جو ہوتا ہے وہ اللہ کی پناہ میں ہوتا ہے۔ اس کو اس کی مغفرت و رحمت کافی ہوتی ہے، یا تو وہ اجر اور غنیمت سے لوٹے گا۔ مجاہد

1329- أخرجه البخاری فی بدء الخلق' باب: صفة النار' وأنها مخلوقة . ومسلم فی صفة الجنة' باب: فی شدة حر نارجهنم . والترمذی فی صفة جهنم' باب: ما جاء أن نارکم هذه جزء من سبعين جزءًا من نار جهنم .

1330- أخرجه البخاری فی التعبير' باب: الرؤيا الصالحة جزء من ستة وأربعين جزءًا من النبوة . ومسلم فی الرؤيا . وانظر لابن حجر الفتح .

1331- أخرجه الترمذی فی فضائل اجهاد'باب: ما جاء فی فضل الجهاد . والنسائی فی الجهاد' باب: ثواب السرية التی تخفق . وابن ماجه فی الجهاد' باب: فضل الجهاد فی سبيل الله تعالٰى .

الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ لَا يَفْتُرُ حَتَّى يَرْجِعَ"

کی مثال جو اللہ کی راہ میں ہوتا ہے اس پر ہمیشہ روزہ دار کی طرح ہے جو روزہ رکھنے سے تھکتا نہیں ہے۔ یہاں تک کہ واپس آجائے۔

1332 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اجْتَنِبُوا دَعَوَاتِ الْمَظْلُومِ، وَقَالَ عَطِيَّةُ: قَالَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ خُرَاسَانَ: قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: مَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مظلوم کی بددعا سے بچو۔ حضرت عطیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ خراسان کا ایک آدمی تھا اس نے کہا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ مظلوم اور اللہ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہوتا ہے۔

1333 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْآنِ إِذَا دَخَلَ الْجَنَّةَ: اقْرَأْ وَاصْعَدْ، فَيَقْرَأُ وَيَصْعَدُ بِكُلِّ آيَةٍ دَرَجَةً حَتَّى يَقْرَأَ آخِرَ شَيْءٍ مَعَهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حافظ قرآن کو کہا جائے گا جب جنت میں داخل ہوگا پڑھتا جا اور چڑھتا جا پس پڑھ اور ہر آیت پر ایک درجہ ملے گا۔

1334 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْوَصَّافِيُّ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يَأْوِي إِلَى فِرَاشِهِ: أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - وَأَتُوبُ إِلَيْهِ، كَفَّرَ اللّٰهُ ذُنُوبَهُ وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جس وقت اپنے بستر پہ آئے اور تین مرتبہ استغفر اللّٰه الذی لا الٰه الا اللّٰه الحی القیوم واتوب الیه پڑھے۔ اللہ اس کے گناہ معاف کردے گا اگرچہ اس کے گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہو۔

1332- أخرجه البخاری فی الزكاة' باب: أخذ الصدقة من الأغنياء . ومسلم فی الايمان' باب: الدعاء الٰی الشهادتين وشرائع الاسلام . والترمذی فی الزكاة' باب: ما جاء فی كراهية أخذ خيار المال فی الصدقة . والنسائی فی الزكاة' باب: وجوب الزكاة' باب: اخراج الزكاة من بلد الٰی بلد . وأبو داؤد فی الزكاة' باب: زكاة السائمة .

1334- أخرجه أحمد جلد3صفحه10 . والترمذی فی الدعوات' باب: الدعاء عند النوم .

1335 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُنْتَبَذَ فِي الْحَنْتَمِ وَالدُّبَّاءِ وَالنَّقِيرِ، وَأَنْ يُخْلَطَ الزَّهْوُ بِالتَّمْرِ، وَالزَّبِيبُ بِالتَّمْرِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حنتم اور دباء اور نقیر میں نبیذ بنانے سے منع کیا اور کھجور اور کشمش کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع کیا۔

1336 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ شَرْقِي مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ قَبْرِي وَمِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری قبر اور میرے مسجد کے درمیان جگہ جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے۔

1337 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " إِذَا أَرَادَ أَحَدُكُمْ أَمْرًا فَلْيَقُلْ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، اللَّهُمَّ إِنْ كَانَ كَذَا وَكَذَا - مِنَ الْأَمْرِ الَّذِي يُرِيدُ - لِي خَيْرًا فِي دِينِي،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی کام کا ارادہ کرے وہ استخارہ کرے اور دو رکعت نفل پڑھ کر یہ دعا کرے: "اَللّٰهُمَّ إِنِّي الٰى آخره"۔

1336- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 64 . ومالك في القبلة' باب: ما جاء في مسجد النبي صلى الله عليه وسلم . وعزاه الهيثمي لأحمد والبزار والمصنف في مجمع الزوائد' باب: ما بين القبر والمنبر .

1337- عزاه الهيثمي للطبراني في الأوسط والمصنف في مجمع الزوائد' باب: باب الاستخارة .

وَمَعِيشَتِي، وَعَاقِبَةِ أَمْرِي، وَإِلَّا فَاصْرِفْهُ عَنِّي، وَاصْرِفْنِي عَنْهُ، ثُمَّ قَدِّرْ لِيَ الْخَيْرَ أَيْنَمَا كَانَ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ"

1338 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كَانَ يَخْرُجُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْعِيدِ يَوْمَ الْفِطْرِ فَيُصَلِّي بِالنَّاسِ تَيْنِكَ الرَّكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يُسَلِّمُ وَيَقُومُ فَيَسْتَقْبِلُ النَّاسَ وَهُمْ جُلُوسٌ، فَيَقُولُ: تَصَدَّقُوا تَصَدَّقُوا ثَلَاثَ مِرَارٍ، وَكَانَ أَكْثَرَ مَنْ يَتَصَدَّقُ النِّسَاءُ بِالْقُرْطِ وَالْخَاتَمِ وَالشَّيْءِ، فَإِنْ كَانَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَةٌ، أَوْ يَضْرِبُ لِلنَّاسِ بَعْثًا ذَكَرَهُ لَهُمْ، وَإِلَّا انْصَرَفَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر کے دن نکلتے تھے۔ لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے دو رکعتیں پھر سلام پھیرتے اور کھڑے ہوتے، لوگوں کے سامنے منہ کر کے کھڑے ہوتے' لوگ بیٹھے ہوتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین مرتبہ فرماتے: صدقہ کرو! سب سے زیادہ عورتیں صدقہ کرتی تھیں' قرط سونے و چاندی کا۔ اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کام ہوتا تو صحابہ میں سے کسی کو بھیج دیتے' ورنہ چلے جاتے تھے۔

1339 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ نَهَارٍ الْعَبْدِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، يَذْكُرُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِنَّ اللَّهَ يَسْأَلُ عَنِ الْعَبْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يَقُولَ: مَا مَنَعَكَ إِذْ رَأَيْتَ الْمُنْكَرَ أَنْ تُنْكِرَهُ؟ فَإِذَا اللَّهُ لَقَّنَ عَبْدَهُ حُجَّتَهُ قَالَ: رَبِّ وَثِقْتُ بِكَ وَفَرِقْتُ النَّاسَ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل قیامت کے دن بندے سے پوچھے گا: جب تُو نے بُرائی کو دیکھا تھا تو اس کو منع کرنے سے کون سی شی تیرے لیے رکاوٹ تھی؟ اللہ عزوجل بندہ کو حجت کی تلقین کرے گا' وہ عرض کرے گا: اے اللہ! تجھ سے اُمید تھی اور میں لوگوں سے ڈرتا تھا۔

1340 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1338- أخرجه البخاري في الحيض' باب: ترك الحائض الصوم' وفي الزكاة باب: الزكاة على الأقارب' وفي الصوم باب: الحائض تترك الصوم والصلاة' وفي الشهادات باب: شهادة النساء . ومسلم في العيدين . وأحمد جلد 3 صفحه 54,42,36 . والنسائي في العيدين' باب: استقبال الامام الناس بوجهه في الخطبة .

يُوسُفَ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَفْتَرِقُ أُمَّتِي فِرْقَتَيْنِ، فَتَمْرُقُ بَيْنَهُمَا مَارِقَةٌ يَقْتُلُهَا أَوْلَى الطَّائِفَتَيْنِ بِالْحَقِّ

حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت دوگروہوں میں بٹ جائے گی' ان کے دوگروہوں کے درمیانسے کچھ نکلنے والے نکلیں گے' ان کوقتل وہ کریں گے جوحق پر دوگروہوں میں سے بہتر ہوں گے۔

1341 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِصْمَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ: أَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّايَةَ فَهَزَّهَا ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَأْخُذُهَا بِحَقِّهَا؟ ، فَجَاءَ الزُّبَيْرُ فَقَالَ: أَنَا، فَقَالَ: أَمِطْ ، ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ: أَنَا، فَقَالَ: أَمِطْ ، ثُمَّ قَامَ آخَرُ قَالَ: أَنَا، فَقَالَ: أَمِطْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي أَكْرَمَ وَجْهَ مُحَمَّدٍ لَأُعْطِيَنَّهَا رَجُلًا لَا يَفِرُّ بِهَا، هَاكَ يَا عَلِيُّ ، فَقَبَضَهَا ثُمَّ انْطَلَقَ حَتَّى فَتَحَ اللّٰهُ فَدَكَ وَخَيْبَرَ، وَجَاءَ بِعَجْوَتِهَا وَقَدِيدِهَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جھنڈا کو پکڑ کر اس کو ہلایا اور پھر فرمایا اس کو اس کے حق کے ساتھ کون پکڑے گا؟ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ تشریف لائے، حضور ﷺ نے ان کو واپس کر دیا، پھر ایک دوسرا آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: میں! آپ ﷺ نے اس کو بھی واپس کر دیا۔ پھر ایک اور کھڑا ہوا۔ اس نے عرض کی: میں! آپ ﷺ نے اسے بھی واپس کر دیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ ذات جس نے محمد ﷺ کے چہرے کو عزت دی ہے۔ میں ضرور اس آدمی کو دوں گا جو اسے اُٹھانے کے بعد بھاگے گا نہیں۔ اے علی! اسے پکڑ لو۔ حضرت علی نے پکڑا پھر چل پڑے یہاں تک کہ اللہ نے فدک وخیبر ان کے ہاتھ پر فتح کر دیا۔ آپ رضی اللہ عنہ وہاں کی عجوہ کھجور اور سوکھا گوشت لے کر آئے۔

1342 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ عید الفطر کے دن نکلنے سے پہلے کچھ کھاتے

1341- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد' باب: في شجاعته وحمله اللواء رضي الله عنه .

1342- أخرجه الترمذي في الصلاة' باب: ما جاء في الأكل يوم الفطر قبل الخروج . وابن ماجه في الاقامة' باب: ما جاء في الصلاة قبل العيد وبعدها' وفي الصيام باب: في الأكل يوم الفطر قبل أن يخرج . باب: الأكل قبل الخروج يوم العيد' والبزار . وعزاه الهيثمي للمصنف وأحمد والبزار وللطبراني في الأوسط في مجمع الزوائد' باب: الأكل يوم الفطر قبل الخروج .

مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْعَمُ يَوْمَ الْفِطْرِ قَبْلَ أَنْ يَخْرُجَ، وَلَا يُصَلِّي قَبْلَ الصَّلَاةِ، فَإِذَا انْصَرَفَ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ

تھے عید کی نماز سے پہلے کوئی نماز نہیں پڑھتے تھے۔ جب واپس جاتے تو دو رکعتیں پڑھتے تھے۔

1343 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي يَدِهِ أَكْمُؤٌ فَقَالَ: هَؤُلَاءِ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهُنَّ شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لاتے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں کھمیاں تھیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ من سے ہے' ان کا پانی آنکھوں کے لیے شفاء ہے۔

1344 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ، أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلْقَمَةَ بْنَ مُجَزِّزٍ عَلَى بَعْثٍ أَنَا فِيهِمْ، فَخَرَجْنَا حَتَّى إِذَا كُنَّا عَلَى رَأْسِ غَزَاتِنَا أَوْ فِي بَعْضِ الطَّرِيقِ، فَاسْتَأْذَنَهُ طَائِفَةٌ فَأَذِنَ لَهُمْ، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ حُذَافَةَ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ بَدْرٍ، وَكَانَتْ فِيهِ دُعَابَةٌ، فَكُنْتُ فِيمَنْ رَجَعَ مَعَهُ، فَبَيْنَمَا نَحْنُ فِي بَعْضِ الطَّرِيقِ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا وَأَوْقَدَ الْقَوْمُ نَارًا يَصْطَلُونَ بِهَا، أَوْ يَصْنَعُونَ عَلَيْهَا صَنِيعًا لَهُمْ، إِذْ قَالَ لَهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ: أَلَيْسَ لِي

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علقمہ بن مجزز کو ایک لشکر پر امیر بنا کر بھیجا' میں اُن میں شامل تھا' ہم نکلے یہاں تک کہ ہم اپنی منزل کی انتہاء پر راستے ہی میں تھے' بعض گروہ والوں نے اجازت چاہی تو اُن کو اجازت دے دی' ان پر عبداللہ بن حذافہ کو امیر مقرر کیا۔ حضرت عبداللہ بدری صحابی اور اپنے مزاج میں حساس تھا' میں بھی ان واپس آنے والوں میں شامل تھا' ابھی راستے ہی میں تھے کہ ہم ایک جگہ اُترے' قوم نے آگ جلائی' سردی دور کرنے کے لیے' یا اس پر کھانا پکانے کے لیے۔ اچانک حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ نے اُن کو فرمایا: کیا میں تم پر امیر

1343- أخرجه الترمذى فى الطب ـ وابن ماجه فى الطب' باب: الكمأة والعجوة ـ

1344- أخرجه البخارى فى التفسير' باب: (أطيعوا اللّٰه وأطيعوا الرسول وأولى الأمر منكم) ـ ومسلم فى الامارة' باب: وجوب طاعة الأمراء فى غير معصية ـ والترمذى فى الجهاد ـ والنسائى فى البيعة ـ وأبو داؤد فى الجهاد' باب: فى الطاعة ـ وابن ماجه فى الجهاد' باب: لا طاعة فى معصية اللّٰه ـ

عَلَيْكُمُ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ؟ قَالُوا: بَلَى، قَالَ: فَمَا أَنَا بِآمِرِكُمْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا فَعَلْتُمُوهُ؟ قَالُوا: بَلَى، قَالَ: فَإِنِّي أَعْزِمُ عَلَيْكُمْ بِحَقِّي وَطَاعَتِي إِلَّا تَوَاثَبْتُمْ فِي هَذِهِ النَّارِ، قَالَ: فَقَامَ نَاسٌ فَتَحَجَّزُوا، حَتَّى إِذَا ظَنَّ أَنَّهُمْ وَاثِبُونَ فِيهَا قَالَ: أَمْسِكُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ، وَإِنَّمَا كُنْتُ أَضْحَكُ مَعَكُمْ، فَلَمَّا قَدِمُوا عَلَى نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرُوا ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَمَرَكُمْ مِنْهُمْ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا تُطِيعُوهُ

نہیں ہوں! تم پر سننا اور اطاعت لازمی نہیں ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تم کو اپنے حق اور اپنی اطاعت کی قسم دیتا ہوں! کیا تم اس آگ میں چھلانگ لگا دو گے؟ لوگ اُٹھے اور تیار ہونے لگے یہاں تک کہ گمان تھا کہ وہ اس میں چھلانگ لگا دیں گے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: روکو تم اپنے آپ کو میں تم کو آزما رہا تھا یعنی مذاق کر رہا تھا' جب وہ گروہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو اس بات کا ذکر کیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تم کو گناہ کا حکم دے اس کی اطاعت نہ کرو۔

1345 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، جَمِيعًا، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، - قَالَ حَمَّادٌ فِي حَدِيثِهِ - عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، - وَلَمْ يُجَاوِزْ سُفْيَانُ أَبَاهُ - قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأَرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدٌ إِلَّا الْمَقْبُرَةَ وَالْحَمَّامَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ساری زمین مسجد ہے مگر قبرستان اور حمام سجدہ کرنے کی جگہ نہیں ہے۔

1346 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيُّ ثُمَّ الظَّفَرِيُّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، أَحَدِ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " يُفْتَحُ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یاجوج ماجوج نکلیں گے جس طرح اللہ عزوجل فرماتا ہے: ''اور وہ ہر بلندی سے تیزی کے ساتھ اترتے ہوئے آئیں گے''۔ پھر فرمایا: وہ زمین میں پھیل جائیں گے' مسلمان اُن سے بچیں گے یہاں تک کہ مسلمانوں کا بقیہ گروہ اپنے قلعوں اور شہروں میں

1345- أخرجه الترمذى فى الصلاة' باب: ما جاء أن الأرض كلها مسجد الا المقبرة والحمام . وأبو داؤد فى الصلاة' باب: فى المواضع التى لا تجوز فيها الصلاة . وابن ماجه فى المساجد' باب: المواضع التى تكره فيها الصلاة .

عَلَى النَّاسِ كَمَا قَالَ اللَّهُ: (وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ) (الأنبياء: 96)، فَيَغْشَوْنَ النَّاسَ وَيَنْحَازُ الْمُسْلِمُونَ عَنْهُمْ إِلَى مَدَائِنِهِمْ وَحُصُونِهِمْ، وَيَضُمُّونَ إِلَيْهِمْ مَوَاشِيَهُمْ، وَيَشْرَبُونَ مِيَاهَ الْأَرْضِ حَتَّى إِنَّ بَعْضَهُمْ لَيَمُرُّ بِالنَّهَرِ فَيَشْرَبُونَ مَا فِيهِ حَتَّى يَتْرُكُوا يَبَسًا، حَتَّى إِنَّ مَنْ بَعْدَهُمْ لَيَمُرُّ بِذَلِكَ النَّهَرِ فَيَقُولُ: قَدْ كَانَ هَاهُنَا مَاءٌ مَرَّةً، حَتَّى إِذَا لَمْ يَبْقَ مِنَ النَّاسِ إِلَّا أَحَدٌ فِي حِصْنٍ أَوْ مَدِينَةٍ، قَالَ قَائِلُهُمْ: هَؤُلَاءِ أَهْلُ الْأَرْضِ قَدْ فَرَغْنَا مِنْهُمْ، بَقِيَ أَهْلُ السَّمَاءِ، قَالَ: ثُمَّ يَهُزُّ أَحَدُهُمْ حَرْبَتَهُ ثُمَّ يَرْمِي بِهَا إِلَى السَّمَاءِ فَتَرْجِعُ إِلَيْهِ مُتَخَضِّبَةً دَمًا لِلْبَلَاءِ وَالْفِتْنَةِ، فَبَيْنَمَا هُمْ عَلَى ذَلِكَ بَعَثَ اللَّهُ دُودًا فِي أَعْنَاقِهِمْ كَنَغَفِ الْجَرَادِ الَّذِي يَخْرُجُ فِي أَعْنَاقِهِمْ، فَيُصْبِحُونَ مَوْتَى لَا يُسْمَعُ لَهُمْ حِسٌّ، فَيَقُولُ الْمُسْلِمُونَ: أَلَا رَجُلٌ يَشْتَرِي لَنَا نَفْسَهُ فَيَنْظُرُ مَا فَعَلَ هَؤُلَاءِ الْعَدُوُّ؟ قَالَ: فَتَجَرَّدَ رَجُلٌ مِنْهُمْ لِذَلِكَ مُحْتَسِبًا لِنَفْسِهِ قَدْ أَطَابَهَا عَلَى أَنَّهُ مَقْتُولٌ، فَيَجِدُهُمْ مَوْتَى بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَيُنَادِي: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ، أَلَا أَبْشِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ قَدْ كَفَاكُمْ عَدُوَّكُمْ، فَيَخْرُجُونَ مِنْ مَدَائِنِهِمْ وَحُصُونِهِمْ وَيُسَرِّحُونَ مَوَاشِيَهُمْ، فَلَا يَكُونُ لَهَا رَعْيٌ إِلَّا لُحُومُهُمْ، فَتَشْكُرُ كَأَحْسَنِ مَا شَكِرَتْ عَنْ شَيْءٍ مِنَ النَّبَاتِ أَصَابَتْهُ قَطُّ"

ٹھہر جائیں گے‘ وہ یاجوج ماجوج اُن لوگوں کے جانوروں کو پکڑ لیں گے یہاں تک کہ اُن کا پہلا دستہ نہر کے پاس سے گزرے گا تو وہ اس نہر سے سارا پانی پی لیں گے یہاں تک کہ اس میں کوئی شی نہیں چھوڑیں گے‘ اُن کا آخری دستہ اُن کے پیچھے سے گزرے تو ان میں سے کہنے والا کہے گا: بے شک کبھی یہاں پانی تھا‘ حتیٰ کہ جب لوگوں میں سے ایک آدمی کسی قلعہ یا شہر میں باقی رہ جائے گا۔ اُن میں سے ایک کہنے والا کہے گا: یہاں زمین والوں سے ہم فارغ ہو چکے ہیں اب ہم آسمان والوں کو اُتاریں گے یہاں تک کہ وہ اپنے نیزہ کو حرکت دے گا اور اس کو آسمان کی طرف پھینکے گا‘ وہ نیزہ اس حالت میں واپس آئے گا کہ اس کے ساتھ خون لگا ہوگا۔ وہ کہیں گے: ہم نے آسمان والوں کو بھی قتل کر دیا۔ وہ اسی کشمکش میں ہوں گے کہ اچانک اُن پر ٹڈیوں کی طرح ایک کیڑا اُن کی ہلاکت کیلئے مسلط کیا جائے گا‘ وہ اُن کو گردنوں سے پکڑے گا اور اُنہیں ہلاک کر دیں گے‘ صبح مردہ حالت میں کریں گے یہاں تک کہ ان میں حس و حرکت نہ ہوگی‘ مسلمان کہیں گے: کوئی ہے جو اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر پتا کر کے آئے کہ اُن کے ساتھ کیا ہوا ہے؟ اُن میں سے ایک کہے گا: میرا خیال ہے کہ وہ مارے گئے ہیں‘ وہ اُنہیں مردہ حالت میں ایک دوسرے کے اوپر پڑا ہوا پائے گا‘ وہ آواز دے گا: اے مسلمانوں کے گروہ! خوشخبری! بے شک اللہ نے تمہارے دشمنوں کو ہلاک کر دیا ہے‘ لوگ اپنے قلعوں اور شہروں سے نکلیں

گے اور لوگ جانوروں کو کھلا چھوڑ دیں گے' اُن جانوروں کی خوراک اُن کا گوشت ہی ہوگا' وہ اُن کا گوشت کھا کر اتنے موٹے تازہ ہوں گے کہ اتنا چر کر بھی نہیں ہوئے تھے۔

1347 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ صَالِحٍ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِي عَطَاءُ بْنُ يَزِيدَ الْجُنْدَعِيُّ، أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ نَاسًا مِنَ الْأَنْصَارِ سَأَلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَسْأَلْهُ أَحَدٌ إِلَّا أَعْطَاهُ حَتَّى نَفِدَ مَا عِنْدَهُ، فَلَمَّا أَنْفَقَ كُلَّ شَيْءٍ عِنْدَهُ قَالَ: مَا يَكُونُ عِنْدِي مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ أَدَّخِرَهُ عَنْكُمْ، وَإِنَّهُ مَنْ يَسْتَعِفَّ يُعِفَّهُ اللَّهُ، وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللَّهُ، وَمَنْ يَصْطَبِرْ يُصَبِّرْهُ اللَّهُ، وَلَمْ تُعْطَوا عَطَاءً خَيْرًا وَلَا أَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ

1400 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً الَّذِي لَهُ ثَمَانُونَ أَلْفَ خَادِمٍ، وَاثْنَانِ وَسَبْعُونَ زَوْجًا، يُنْصَبُ لَهُ قُبَّةٌ مِنْ لُؤْلُؤٍ وَيَاقُوتٍ وَزَبَرْجَدٍ، كَمَا بَيْنَ الْجَابِيَةِ وَصَنْعَاءَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں سب سے کم درجہ والے کو اسّی ہزار خادم ملیں گے، ۷۰ بیویاں ہوں گی، اس کے لیے موتیوں اور یاقوت اور زبرجد کا خیمہ اتنا بڑا ہوگا جتنا جابیہ (ایک جگہ کا نام) اور صنعاء کے درمیان فاصلہ ہے۔

1401 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - شَكَّ أَبُو خَيْثَمَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ - أَنَّهُ قَالَ: مَنْ مَاتَ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا صَغِيرًا أَوْ كَبِيرًا يُرَدُّونَ إِلَى سِتِّينَ سَنَةً فِي الْجَنَّةِ، لَا يَزِيدُونَ عَلَيْهَا أَبَدًا وَكَذَلِكَ أَهْلُ النَّارِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو دنیا میں چھوٹا یا بڑا مرے گا اس کو جنت میں ساٹھ سال تک کی عمر تک پہنچایا جائے گا، اس پر ہمیشہ اضافہ نہیں ہوگا، اسی طرح اہل جہنم کے ساتھ کیا جائے گا۔

1402 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَيَأْخُذَنَّ الرَّجُلُ بِيَدِ أَبِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَيُقْطِعَنَّهُ النَّارَ يُرِيدُ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، فَيُنَادَى: إِنَّ الْجَنَّةَ لَا يَدْخُلُهَا مُشْرِكٌ، أَلَا إِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ الْجَنَّةَ عَلَى كُلِّ مُشْرِكٍ، فَيَقُولُ: رَبِّ أَبِي، رَبِّ أَبِي، رَبِّ أَبِي، قَالَ: فَيُحَوَّلُ فِي صُورَةٍ قَبِيحَةٍ وَرِيحٍ مُنْتِنَةٍ فَيَتْرُكُهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ضرور ایک آدمی قیامت کے دن اپنے باپ کا ہاتھ پکڑے گا اس سے آگ کی زنجیریں کاٹے گا اس کو جنت میں داخل کرنے کا ارادہ کرے گا آواز آئے گی کہ جنت میں مشرک داخل نہیں ہوگا، بے شک اللہ نے جنت ہر مشرک پر حرام قرار دی ہے۔ وہ عرض کرے گا: اے رب! میرا باپ! اے رب! میرا باپ! اے رب! میرا باپ! اس کی صورت کو ایک بدشکل میں تبدیل کر دیا جائے گا، اس سے بدبو پھیل جائے گی،

1401- أخرجه الترمذي في الجنة' باب: ما جاء ما لأدنى أهل الجنة من الكرامة .

" قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: فَكَانَ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ يَرَوْنَ أَنَّ ذَاكَ الرَّجُلَ إِبْرَاهِيمُ، وَلَمْ يَزِدْهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ذَلِكَ"

اس کو وہ چھوڑ دے گا۔ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ نے خیال کیا کہ وہ ابراہیم ہوں گے، رسول اللہ ﷺ نے اس پر اضافہ نہیں کیا۔

1403 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنِ الْوِصَالِ فِي الصِّيَامِ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا لَكَ أَنْتَ تَفْعَلُهُ؟ فَقَالَ: إِنِّي لَسْتُ كَأَحَدِكُمْ، إِنِّي أُطْعَمُ وَأُسْقَى

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے لگاتار روزے رکھنے سے منع کیا۔ آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ رکھتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں تمہاری طرح نہیں ہوں، مجھے کھلایا اور پلایا جاتا ہے۔

1404 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا مَضَى أَحَدُكُمْ فِي صَلَاةٍ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى بَيْتِهِ فَلْيُصَلِّ، وَلْيَجْعَلْ لِبَيْتِهِ نَصِيبًا مِنْ صَلَاتِهِ، فَإِنَّ اللَّهَ جَاعِلٌ مِنْ صَلَاتِهِ فِي بَيْتِهِ خَيْرًا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھنے کے لیے جائے پھر اپنے گھر واپس آجائے وہ گھر میں بھی نماز پڑھے، نماز کا حصہ اپنے گھر کے لیے بھی رکھے بے شک اللہ عزوجل نماز کی برکت سے گھر میں بھلائی ڈالتا ہے۔

1405 - قَرَأْتُ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ يَزِيدَ الطَّحَّانِ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (وَآتِ ذَا الْقُرْبَى حَقَّهُ) (الاسراء: 26) دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ وَأَعْطَاهَا فَدَكَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ قریبی رشتہ داروں کو اس کا حق دو۔ حضور ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلوایا اور ان کو باغ فدک دیا۔

1404- أخرجه مسلم في صلاة المسافرين، باب: استحباب صلاة النافلة في بيته، وجوازها في المسجد . وابن ماجه في الاقامة، باب: ما جاء في التطوع في البيت .

1406 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ قَيْسِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أَبِي الْوَدَّاكِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فَيَتَوَجَّهُ قِبَلَهُ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَتَلْقَاهُ الْمَسَالِحُ: مَسَالِحُ الدَّجَّالِ، فَيَقُولُونَ لَهُ: أَيْنَ تَعْمِدُ؟ فَيَقُولُ: أَعْمِدُ إِلَى هَذَا الَّذِي خَرَجَ، فَيَقُولُونَ لَهُ: أَوَمَا تُؤْمِنُ بِرَبِّنَا؟ قَالَ: يَقُولُ: مَا أَرَى - أَحْسِبُهُ - حَقًّا، قَالَ: يَقُولُونَ: اقْتُلُوهُ، قَالَ: فَيَقُولُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: أَلَيْسَ قَدْ نَهَاكُمْ رَبُّكُمْ أَنْ تَقْتُلُوا أَحَدًا دُونَهُ؟ قَالَ: فَيَنْطَلِقُونَ بِهِ إِلَى الدَّجَّالِ، قَالَ: فَإِذَا رَآهُ الْمُؤْمِنُ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، هَذَا الدَّجَّالُ الَّذِي ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَيَأْمُرُ بِهِ الدَّجَّالُ فَيُشَبَّحُ، قَالَ: فَيَقُولُ: خُذُوهُ فَاشْبَحُوهُ، قَالَ: فَيُشَبَّحُ، قَالَ: فَيُمْصَعُ ظَهْرُهُ وَبَطْنُهُ ضَرْبًا، قَالَ: فَيَقُولُ لَهُ: أَمَا تُؤْمِنُ بِي؟ قَالَ: فَيَقُولُ: أَنْتَ الْمَسِيحُ الْكَذَّابُ، قَالَ: فَيَأْمُرُ بِهِ فَيُنْشَرُ بِالْمِنْشَارِ مِنْ مَفْرِقِهِ حَتَّى يُفَرِّقَ بَيْنَ رِجْلَيْهِ، قَالَ: ثُمَّ يَمْشِي الدَّجَّالُ بَيْنَ الْقِطْعَتَيْنِ، قَالَ: ثُمَّ يَقُولُ: قُمْ، فَيَسْتَوِي قَائِمًا، قَالَ: فَيَقُولُ لَهُ: أَمَا تُؤْمِنُ بِي؟ قَالَ: فَيَقُولُ لَهُ: مَا ازْدَدْتُ فِيكَ إِلَّا بَصِيرَةً، قَالَ: ثُمَّ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّهُ لَا يَفْعَلُ الَّذِي فَعَلَ بِي بِأَحَدٍ مِنَ النَّاسِ، قَالَ: فَيَأْخُذُهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال نکلے گا' مسلمانوں میں سے ایک آدمی اس کی جانب متوجہ ہوگا' دجال کے لوگ' اس سے ملیں گے جو ہتھیار باندھے ہوئے ہوں گے' وہ اس آدمی کو کہیں گے: تیرا کہاں کا ارادہ ہے؟ وہ کہے گا: میرا ارادہ اس کی طرف ہے جو نکلا ہے۔ وہ کہیں گے: کیا تُو ہمارے رب پر ایمان نہیں رکھتا ہے؟ وہ کہے گا کہ وہ اس کو خدا نہیں سمجھتا ہے' وہ کہیں گے: اس کو قتل کر دو! وہ ایک دوسرے سے کہیں گے: کیا تم کو تمہارے رب نے اپنی اجازت کے بغیر قتل کرنے سے منع نہیں کیا؟ وہ اس کو لے کر دجال کی طرف جائیں گے' جب ایمان والا اس کو دیکھے گا یعنی دجال کو تو وہ کہے گا: اے لوگو! یہ وہی دجال ہے جس کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے' اس کے بعد دجال اس کو زخمی کرنے کے متعلق حکم دے گا' وہ اس کو پکڑیں گے اور اس کو زخمی کریں گے اور اس کے پیٹ اور پیٹھ پر ماریں گے' دجال کہے گا: کیا تُو مجھ پر ایمان لاتا ہے؟ وہ مؤمن کہے گا: تو مسیح کذاب ہے۔ وہ دجال اس کے متعلق حکم دے گا کہ اس کے سر پر آرا چلایا جائے' وہ لوگ اس کے سر کے درمیان آرا چلائیں گے' اس کے سر سے لے کر اس کے پاؤں تک دو ٹکڑے کر دیں گے۔ پھر وہ دجال کہے گا: اُٹھ! تو وہ سیدھا کھڑا ہو جائے گا۔ وہ اس کو کہے گا: کیا تُو مجھ پر ایمان لاتا ہے؟ وہ مؤمن کہے گا: مجھے تیرے متعلق اور بصیرت حاصل ہو گئی ہے۔

1406- أخرجه مسلم فی الفتن' باب: فی صفة الدجال' وتحريم المدينة عليه وقتله المؤمن واحيائه .

الدَّجَّالُ لِيَذْبَحَهُ، فَيُجْعَلُ مَا بَيْنَ ذَقْنِهِ إِلَى تَرْقُوَتِهِ نُحَاسًا، فَلَا يَسْتَطِيعُ إِلَيْهِ سَبِيلًا، قَالَ: فَيَأْخُذُ بِيَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ فَيَقْذِفُ بِهِ، فَيَحْسِبُ النَّاسُ أَنَّهُ قَذَفَهُ فِي النَّارِ، وَإِنَّمَا أُلْقِيَ فِي الْجَنَّةِ" ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا أَعْظَمُ النَّاسِ شَهَادَةً عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِينَ

پھر وہ بندۂ مؤمن کہے گا: اے لوگو! میرے بعد اس طرح کسی اور سے نہیں کرے گا۔ اس کے بعد دجال اس کو پکڑے گا تا کہ اسکو ذبح کیا جائے تو اس مؤمن کے گلے سے لے کر اس کی آخری حد تک جسم تانبے کا بن جائے گا' وہ اس تک جانے کی طاقت نہیں رکھے گا' پھر دجال اس کے پاؤں اور ہاتھ سے پکڑے گا اور اس کو ڈالا جائے گا' لوگ سمجھیں گے کہ اس کو آگ میں ڈالا ہے' حالانکہ وہ جنت میں جا کر گرا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ آدمی تمام کائنات کو پالنے والے کے ہاں سب سے زیادہ شہادت کا درجہ رکھے گا۔

1407 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نَسِيرٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ زِيَادٍ قَالَ: لَمَّا هَزَمَ يَزِيدُ بْنُ الْمُهَلَّبِ أَهْلَ الْبَصْرَةِ قَالَ الْمُعَلَّى: فَخَشِيتُ أَنْ أَجْلِسَ فِي حَلْقَةِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ فَأُوجَدَ فِيهَا فَأُعْرَفَ، فَأَتَيْتُ الْحَسَنَ فِي مَنْزِلِهِ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَقُلْتُ: يَا أَبَا سَعِيدٍ، كَيْفَ بِهَذِهِ الْآيَةِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَيَّةُ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ؟ ، قُلْتُ: قَوْلُ اللّٰهِ فِي هَذِهِ الْآيَةِ: (وَتَرَى كَثِيرًا مِنْهُمْ يُسَارِعُونَ فِي الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (المائدة: 62) ، قَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، إِنَّ الْقَوْمَ عَرَضُوا السَّيْفَ فَحَالَ السَّيْفُ دُونَ الْكَلَامِ ، قُلْتُ: يَا أَبَا سَعِيدٍ، فَهَلْ تَعْرِفُ لِمُتَكَلِّمٍ فَضْلًا؟ قَالَ: لَا ، قَالَ الْمُعَلَّى: ثُمَّ

حضرت معلّٰی بن زیاد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب یزید بن مہلب نے اہل بصرہ کو شکست دی۔ معلّٰی فرماتے ہیں: میں حسن بن ابوالحسن کے حلقہ میں بیٹھنے سے ڈرتا تھا' میں ان کے حلقہ میں پایا جاؤں گا تو پہچان لیا جاؤں گا' میں حسن کے پاس اُن کے گھر پر آیا' میں آپ کے پاس داخل ہوا تو میں نے عرض کی: اے ابوسعید! آپ اللہ عزوجل کے اس ارشاد کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے کلام کی کون سی آیت ہے؟ میں نے عرض کی: یہ آیت ''آپ ان میں سے بہت زیادہ یہودیوں کو دیکھتے ہو کہ گناہ' زیادتی اور سود کھانے میں دوڑتے ہیں وہ ضرور ہی بہت بُرے کام کرتے رہے ہیں''۔ اُنہوں نے فرمایا: اے عبداللہ! بے شک ایک قوم نے تلوار چلائی' تلوار اُن کے کلام کے درمیان حائل ہوئی'

1407- ذكره الهيثمي للمصنف في مجمع الزوائد'باب: فيمن خاف فأنكر بقلبه ومن تكلم في مصباح الزجاج .

حَدَّثَ بِحَدِيثَيْنِ: حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَدِيثٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا لَا يَمْنَعَنَّ أَحَدَكُمْ رَهْبَةُ النَّاسِ أَنْ يَقُولَ الْحَقَّ إِذَا رَآهُ، أَنْ يَذْكُرَ تَعْظِيمَ اللّٰهِ فَإِنَّهُ لَا يُقَرِّبُ مِنْ أَجَلٍ، وَلَا يُبْعِدُ مِنْ رِزْقٍ قَالَ: ثُمَّ حَدَّثَ الْحَسَنُ بِحَدِيثٍ آخَرَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يَذِلَّ نَفْسَهُ قِيلَ: وَمَا إِذْلَالُهُ نَفْسَهُ؟ قَالَ: يَتَعَرَّضُ مِنَ الْبَلَاءِ لِمَا لَا يُطِيقُ قِيلَ: يَا أَبَا سَعِيدٍ فَيَزِيدُ الضَّبِّيُّ وَكَلَامُهُ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَخْرُجْ مِنَ السِّجْنِ حَتَّى نَدِمَ، قَالَ الْمُعَلَّى: فَقُمْتُ مِنْ مَجْلِسِ الْحَسَنِ فَأَتَيْتُ يَزِيدَ فَقُلْتُ: يَا أَبَا مَوْدُودٍ، بَيْنَمَا أَنَا وَالْحَسَنُ نَتَذَاكَرُ إِذْ نَصَبْتُ أَمْرَكَ نَصْبًا، فَقَالَ: مَهْ يَا أَبَا الْحَسَنِ، قَالَ: قُلْتُ: قَدْ فَعَلْتَ؟ قَالَ: فَمَا قَالَ الْحَسَنُ؟ قُلْتُ قَالَ: أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَخْرُجْ مِنَ السِّجْنِ حَتَّى نَدِمَ عَلَى مَقَالَتِهِ، قَالَ يَزِيدُ: مَا نَدِمْتُ عَلَى مَقَالَتِي، وَايْمُ اللّٰهِ لَقَدْ قُمْتُ مَقَامًا أُخْطِرُ فِيهِ بِنَفْسِي، قَالَ يَزِيدُ: فَأَتَيْتُ الْحَسَنَ فَقُلْتُ: يَا أَبَا سَعِيدٍ، غُلِبْنَا عَلَى كُلِّ شَيْءٍ، نُغْلَبُ عَلَى صَلَاتِنَا؟ فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، إِنَّكَ لَمْ تَصْنَعْ شَيْئًا، إِنَّكَ تَعْرِضُ نَفْسَكَ لَهُمْ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَقَالَ لِي مِثْلَ مَقَالَتِهِ، قَالَ: فَقُمْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِي الْمَسْجِدِ وَالْحَكَمُ بْنُ أَيُّوبَ يَخْطُبُ، فَقُلْتُ: رَحِمَكَ اللّٰهُ، الصَّلَاةَ، قَالَ: فَلَمَّا قُلْتُ ذَلِكَ احْتَوَشَتْنِي الرِّجَالُ

میں نے عرض کی: اے ابوسعید! کیا آپ پہچانتے ہیں گفتگو کرنے والے کیلئے کوئی فضیلت؟ اُنہوں نے فرمایا: نہیں! معلّٰی فرماتے ہیں: پھر اُنہوں نے دو حدیثیں بیان کیا کہ ہم کو ابوسعید نے حضور ﷺ کے حوالہ سے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خبردار! تم میں سے کسی کو لوگوں کا ڈر حق بات کہنے سے نہ روکے' جبکہ وہ حق جانتے بھی ہوں اور حق کو اللہ کی رضا حاصل کرنے کیلئے بیان کریں کیونکہ وہ جو ناحق پر ہے' وہ نہ تو موت پر قریب کر سکتا ہے اور نہ رزق کو دور کر سکتا ہے۔ پھر حسن نے دوسری حدیث بیان کی کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کے لیے جائز نہیں ہے کہ اپنے آپ کو ذلیل کرے۔ عرض کی گئی: ذلیل کرنے سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: اپنے آپ کو ایسی آزمائش میں ڈالے جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا ہے۔ عرض کی گئی: اے ابوسعید! یزید الضبی اور اس کا کلام نماز کے بارے میں کیا ہے؟ فرمایا: وہ قید سے نہیں نکلے گا یہاں تک کہ وہ شرمسار ہوگا۔ میں یزید کے پاس آیا' میں نے کہا: اے ابومودود! ہم اور حسن آپس میں گفتگو کر رہے تھے کہ اچانک میں نے آپ کا ذکر کیا' اُنہوں نے فرمایا: اے ابوالحسن! اس کو چھوڑیں! میں نے کہا: آپ نے کچھ کیا ہے؟ اس نے کہا: حسن نے کیا کہا ہے؟ میں نے کہا: اُنہوں نے فرمایا کہ وہ قید سے نہیں نکلے یہاں تک کہ اپنی کہی ہوئی بات پر شرمسار نہ ہو۔ یزید نے کہا: میں اپنی بات پر شرمسار نہیں ہوں گا' اللہ کی قسم! میں اس جگہ کھڑا ہوں جس میں میری جان کو خطرہ ہے۔ یزید نے

يَتَعَاوَرُونِي، فَأَخَذُوا بِلِحْيَتِي وَتَلْبِيبَتِي، وَجَعَلُوا يَجِئُونَ بَطْنِي بِنِعَالِ سُيُوفِهِمْ، قَالَ: وَمَضَوْا بِي نَحْوَ الْمَقْصُورَةِ، فَمَا وَصَلْتُ إِلَيْهِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُمْ سَيَقْتُلُونِي دُونَهُ، قَالَ: فَفُتِحَ لِي بَابُ الْمَقْصُورَةِ، قَالَ: فَدَخَلْتُ فَقُمْتُ بَيْنَ يَدَيِ الْحَكَمِ وَهُوَ سَاكِتٌ، فَقَالَ: أَمَجْنُونٌ أَنْتَ؟ قَالَ: وَمَا كُنَّا فِي صَلَاةٍ، فَقُلْتُ: أَصْلَحَ اللَّهُ الْأَمِيرَ، هَلْ مِنْ كَلَامٍ أَفْضَلَ مِنْ كِتَابِ اللَّهِ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: أَصْلَحَ اللَّهُ الْأَمِيرَ، أَرَأَيْتَ لَوْ أَنَّ رَجُلًا نَشَرَ مُصْحَفًا يَقْرَؤُهُ غُدْوَةً إِلَى اللَّيْلِ أَكَانَ ذَلِكَ قَاضِيًا عَنْهُ صَلَاتَهُ؟ قَالَ: وَاللَّهِ إِنِّي لَأَحْسِبُكَ مَجْنُونًا، قَالَ: وَأَنَسُ بْنُ مَالِكٍ جَالِسٌ تَحْتَ مِنْبَرِهِ سَاكِتٌ، فَقُلْتُ: يَا أَنَسُ، يَا أَبَا حَمْزَةَ، أَنْشُدُكَ اللَّهَ فَقَدْ خَدَمْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَحِبْتَهُ، أَبِمَعْرُوفٍ قُلْتُ أَمْ بِمُنْكَرٍ، أَبِحَقٍّ قُلْتُ أَمْ بِبَاطِلٍ؟ قَالَ: فَلَا وَاللَّهِ، مَا أَجَابَنِي بِكَلِمَةٍ، قَالَ لَهُ الْحَكَمُ بْنُ أَيُّوبَ: يَا أَنَسُ، قَالَ: يَقُولُ: لَبَّيْكَ، أَصْلَحَكَ اللَّهُ، قَالَ: وَكَانَ وَقْتُ الصَّلَاةِ قَدْ ذَهَبَ، قَالَ: كَانَ بَقِيَ مِنَ الشَّمْسِ بَقِيَّةٌ، فَقَالَ: احْبِسُوهُ، قَالَ يَزِيدُ: فَأُقْسِمُ لَكَ يَا أَبَا الْحَسَنِ - يَعْنِي لِلْمُعَلَّى - لَمَا لَقِيتُ مِنْ أَصْحَابِي كَانَ أَشَدَّ عَلَيَّ مِنْ مَقَامِي، قَالَ بَعْضُهُمْ: مُرَاءٍ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: مَجْنُونٌ، قَالَ: وَكَتَبَ الْحَكَمُ إِلَى الْحَجَّاجِ: أَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِي ضَبَّةَ قَامَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَالَ: الصَّلَاةَ، وَأَنَا أَخْطُبُ، وَقَدْ شَهِدَ

کہا: اس کے بعد میں حسن کے پاس آ ؤں گا' میں نے کہا: اے ابوسعید! ہم ہر شی میں مغلوب ہو گئے' ہماری نمازوں میں ہم پر غلبہ پا لیا جاتا ہے؟ فرمایا: اے عبداللہ! آپ کچھ نہ کریں' آپ اپنے آپ کو ان کے سامنے پیش کریں۔ پھر میں اس کے پاس آیا' مجھے پہلی بات کی طرح بات کی تو فرمایا: میں جمعہ کے دن مسجد میں کھڑا ہوا' حال یہ تھا کہ حکم بن ایوب خطبہ دے رہے تھے' میں نے کہا: اللہ آپ پر رحم کرے! نماز۔ جب میں نے یہ بات کہی تو لوگوں نے مجھے گھیر لیا اور عار دلانے لگے' اُنہوں نے میری داڑھی اور گریبان سے پکڑا اور میرے پیٹ میں اپنی تلواروں کے نچلے حصوں کے ساتھ مارنے لگے' مجھے وہ محل کے حکمران تک لے گئے' جب مجھے وہاں لے گئے تو میں نے گمان کیا کہ ہوسکتا ہے کہ مجھے قتل کیا جائے۔ میرے لیے محل کا دروازہ کھول دیا گیا' میں داخل ہوا' میں حکم کے سامنے کھڑا ہوا وہ خاموشی کی حالت میں تھا۔ اس نے کہا: آپ مجنون ہیں؟ ہم نے نماز میں کیا کیا؟ میں نے کہا: اللہ امیر کی اصلاح کرے! کیا تیری گفتگو اللہ کے کلام سے افضل ہے؟ اس نے کہا: نہیں! میں نے کہا: اللہ امیر کی اصلاح کرے! آپ بتائیں کہ اگر کوئی آدمی قرآن کھول کر صبح سے لے کر رات تک پڑھتا ہے تو کیا اس کی نماز قضاء ہوسکتی ہے؟ اس نے کہا: اللہ کی قسم! میں خیال کرتا ہوں کہ تُو پاگل ہے۔ فرمایا: انس بن مالک منبر کے نیچے خاموشی سے تشریف فرما تھے' میں نے عرض کی: اے انس! اے ابوحمزہ! میں آپ کو اللہ

الشُّهُودُ الْعُدُولُ عِنْدِي أَنَّهُ مَجْنُونٌ، فَكَتَبَ إِلَيْهِ الْحَجَّاجُ: إِنْ كَانَتْ قَامَتِ الشُّهُودُ الْعُدُولُ أَنَّهُ مَجْنُونٌ فَخَلِّ سَبِيلَهُ، وَإِلَّا فَاقْطَعْ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ، وَاسْمُرْ عَيْنَيْهِ، وَاصْلُبْهُ، قَالَ: فَشَهِدُوا عِنْدَ الْحَكَمِ أَنِّي مَجْنُونٌ فَخَلَّى عَنِّي ۔ قَالَ الْمُعَلَّى، عَنْ يَزِيدَ الضَّبِّيِّ: مَاتَ أَخٌ لَنَا فَتَبِعْنَا جَنَازَتَهُ فَصَلَّيْنَا عَلَيْهِ، فَلَمَّا دُفِنَ تَنَحَّيْتُ فِي عِصَابَةٍ، فَذَكَرْنَا اللَّهَ وَذَكَرْنَا مَعَادَنَا، فَإِنَّا كَذَلِكَ إِذْ رَأَيْنَا نَوَاصِيَ الْخَيْلِ وَالْحِرَابِ، فَلَمَّا رَآهُ أَصْحَابِي قَامُوا وَتَرَكُونِي وَحْدِي، فَجَاءَ الْحَكَمُ حَتَّى وَقَفَ عَلَيَّ فَقَالَ: مَا كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ؟ قُلْتُ: أَصْلَحَ اللَّهُ الْأَمِيرَ، مَاتَ صَاحِبٌ لَنَا فَصَلَّيْنَا عَلَيْهِ وَدُفِنَ، فَقَعَدْنَا نَذْكُرُ رَبَّنَا، وَنَذْكُرُ مَعَادَنَا، وَنَذْكُرُ مَا صَارَ إِلَيْهِ ، قَالَ: مَا مَنَعَكَ أَنْ تَفِرَّ كَمَا فَرُّوا؟ قُلْتُ: أَصْلَحَ اللَّهُ الْأَمِيرَ، أَنَا أَبْرَأُ مِنْ ذَلِكَ سَاحَةً وَآمَنُ لِلْأَمِيرِ مِنْ أَنْ أَفِرَّ ، قَالَ: فَسَكَتَ الْحَكَمُ، فَقَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْمُهَلَّبِ - وَكَانَ عَلَى شُرْطَتِهِ - تَدْرِي مَنْ هَذَا؟ قَالَ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا الْمُتَكَلِّمُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، قَالَ: فَغَضِبَ الْحَكَمُ وَقَالَ: أَمَا إِنَّكَ لَجَرِيءٌ، خُذَاهُ، قَالَ: " فَأُخِذْتُ فَضَرَبَنِي أَرْبَعَمِائَةِ سَوْطٍ، فَمَا دَرَيْتُ حِينَ تَرَكَنِي مِنْ شِدَّةِ مَا ضَرَبَنِي، قَالَ: وَبَعَثَنِي إِلَى وَاسِطٍ، فَكُنْتُ فِي دِيمَاسِ الْحَجَّاجِ حَتَّى مَاتَ الْحَجَّاجُ

کی قسم دیتا ہوں کہ آپ نے حضور ﷺ کی خدمت کی' آپ کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے' کیا اسے نیکی جانتے ہیں؟ جو میں نے عرض کی: یا بُرائی؟ کیا یہ حق ہے یا باطل؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اللہ کی قسم مجھے کسی بات کا جواب نہیں دیا۔ حکم بن ایوب نے کہا: اے انس! راوی کا بیان ہے: اُنہوں نے فرمایا کہ حاضر ہوں! اللہ آپ کی اصلاح کرے! میں نے کہا: نماز کا وقت ہے سورج کے غروب ہونے میں تھوڑا وقت باقی ہے' تو کہا: تم اسے روکو! یزید نے کہا: میں تجھے قسم دیتا ہوں' اے ابوالحسن! یعنی معلّٰی کو کہا' جب میں اپنے دوستوں میں سے کچھ کو ملا تو وہ وقت مجھ پر پہلے کھڑا ہونے کے وقت سے زیادہ سخت تھا' اُن میں سے بعض کہنے لگے: یہ دکھاوا کر رہا ہے' بعض کہنے لگے: یہ مجنون ہے۔ حکم نے حجاج کی طرف خط لکھا کہ بنی ضبہ کا ایک آدمی جمعہ کے دن کھڑا ہوا ہے' اس نے کہا: نماز کا وقت ہو گیا ہے اس حالت میں کہ میں خطبہ دے رہا تھا' اس پر میرے عادل گواہ بھی ہیں کہ یہ مجنون ہے۔ حجاج نے واپس خط لکھا کہ اگر عادل گواہ گواہی دیں کہ یہ مجنون ہے تو اس کا راستہ چھوڑ دے ورنہ اس کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دے' اس کی آنکھوں پر گرم تار ڈالو اور اس کو سولی پر چڑھا دو۔ حکم کے پاس گواہی دی کہ میں مجنون ہوں' میرا راستہ چھوڑ دیں۔ معلّٰی نے یزید ضبی سے روایت کر کے فرمایا: ہمارا بھائی فوت ہو گیا' ہم اس کے جنازہ میں شریک ہوئے اور اس کی نماز جنازہ پڑھی' جب دفن کیا گیا تو میں

ایک گروہ میں پیچھے ہٹ کر رُکا' ہم نے اللہ کا ذکر اور قیامت کا ذکر کیا' ہم اسی حالت میں تھے کہ اچانک ہم نے گھوڑے کی پیشانی اور لشکر دیکھا' گھوڑوں کی پیشانیاں جب میرے ساتھیوں نے ان کو دیکھا تو وہ کھڑے ہوئے اور مجھے اکیلا چھوڑ گئے۔ حکم آیا یہاں تک کہ میرے پاس کھڑا ہوا' اُس نے کہا: تم کیا کرتے ہو؟ میں نے کہا: اللہ امیر کی اصلاح کرے! ہمارا ساتھی فوت ہو گیا ہے' ہم نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی ہے اور دفن کیا' ہم اپنے رب اور قیامت کا ذکر کر رہے ہیں اور ہم ذکر کر رہے ہیں جو اس کے ساتھ ہوگا۔ اس نے کہا: آپ کو یہاں سے جانے کی رکاوٹ ہے جس طرح وہ چلے گئے ہیں؟ میں نے کہا: اللہ امیر کی اصلاح کرے! میں اپنے آپ کو ذلیل کرنے سے بَری ہوں' میں امیر کی طرف سے بھاگنے سے امن میں ہوں۔ حکم خاموش ہو گیا۔ عبدالملک بن مہلب نے کہا: وہ پولیس پر نگران تھا' وہ جانتا تھا کہ یہ کون ہے؟ اس نے کہا: یہ کون ہے؟ اس نے کہا: یہ وہی ہے جس نے جمعہ کے دن گفتگو کی ہے۔ حکم کو غصہ آیا اور کہا: تُو جرأت کرنے والا ہے' تم دونوں اس کو پکڑو۔ مجھے پکڑا گیا اور مجھے چار سو کوڑے مارے گئے' میں نہیں جانتا ہوں کہ جس وقت مجھے چھوڑا گیا' مجھے مار کھاتے وقت زیادہ تکلیف ہوئی یا چھوڑتے وقت زیادہ تکلیف ہوئی اور مجھے واسط کی طرف بھیجا' میں حجاج کے حمام کی جگہ میں رہا یہاں تک کہ حجاج مر گیا۔

مُسْنَدُ رُكَانَةَ

1408 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ، قَالَ: لَقِيتُ بِمَكَّةَ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ عَسْقَلَانَ يُقَالُ لَهُ: أَبُو الْحَسَنِ فَحَدَّثَنِي، عَنْ أَبِي جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ صَارَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رُكَانَةُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: فَرْقُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمُشْرِكِينَ الْعَمَائِمُ عَلَى الْقَلَانِسِ

حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ کی مسند

حضرت ابی جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے حضور ﷺ سے بیان کیا' حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضور ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: ہمارے اور مشرکین کے درمیان فرق ٹوپیوں پہ عمامہ باندھنا ہے۔

مُسْنَدُ بُرَيْدَةَ

1409 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي يُوسُفَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً أَوْ جَيْشًا أَوْصَى صَاحِبَهَا بِتَقْوَى اللّٰهِ فِي خَاصَّةِ نَفْسِهِ، وَأَوْصَاهُ بِمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ خَيْرًا ثُمَّ قَالَ: اغْزُوا بِاسْمِ اللّٰهِ قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ، لَا تَغُلُّوا، وَلَا تَغْدِرُوا، وَلَا تُمَثِّلُوا، وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا، فَإِذَا لَقِيتُمْ عَدُوَّكُمْ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَادْعُوهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، فَإِنْ أَسْلَمُوا فَاقْبَلُوا مِنْهُمْ وَكُفُّوا عَنْهُمْ،

مسند بریدہ رضی اللہ عنہ

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور ﷺ جب کسی لشکر کو بھیجتے تھے تو سپہ سالار کو وصیت کرتے کہ اللہ کے ڈر سے خاص کر اپنے متعلق اور اس کو وصیت کرتے کہ جو اس کے ساتھ مسلمان ہیں بھلائی کی' پھر فرماتے: اللہ کا نام لے کر اللہ کی راہ میں لڑو۔ اس سے لڑو جو اللہ کا انکار کرے۔ غلو اور خیانت نہ کرو اور مثلہ نہ کرو۔ بچوں کو قتل نہ کرو۔ جب تم اپنے دشمن کافروں سے آمنا سامنا کرو۔ پھر ان کو اسلام کی طرف دعوت دو۔ اگر مسلمان ہو جائیں ان کی بات مان لو۔ اور ان سے لڑائی بند کر دو۔ پھر ان کو دعوت دو کہ اپنے شہر کو چھوڑ کر مسلمانوں کے

1408- أخرجه أبو داؤد في اللباس' باب: في العمائم . والترمذي في اللباس' باب: العمائم على الفلانس .

1409- أخرجه أحمد جلد 5 صفحه 358 . ومسلم في الجهاد' باب: تأمير الامام الأمير على البعوث . والترمذي في السير' باب: ما جاء في وصيته صلى الله عليه وسلم . وأبو داؤد في الجهاد' باب: ما جاء في دعاء المشركين . وابن ماجه في الجهاد' باب: وصية الامام .

ثُمَّ ادْعُوهُمْ إِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ إِلَى دَارِ الْمُسْلِمِينَ، فَإِنْ فَعَلُوا فَاقْبَلُوا مِنْهُمْ، وَإِلَّا فَأَخْبِرُوهُمْ أَنَّهُمْ كَأَعْرَابِ الْمُسْلِمِينَ يَجْرِي عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللَّهِ الَّذِي يَجْرِي عَلَى الْمُسْلِمِينَ، وَلَيْسَ لَهُمْ فِي الْفَيْءِ، وَلَا فِي الْغَنِيمَةِ نَصِيبٌ، فَإِنْ أَبَوْا ذَلِكَ فَادْعُوهُمْ إِلَى إِعْطَاءِ الْجِزْيَةِ، فَإِنْ فَعَلُوا فَاقْبَلُوا مِنْهُمْ وَكُفُّوا عَنْهُمْ، فَإِذَا حَاصَرْتُمْ حِصْنًا أَوْ مَدِينَةً، فَإِنْ أَرَادُوكُمْ أَنْ تُنْزِلُوهُمْ عَلَى حُكْمِ اللَّهِ فَلَا تُنْزِلُوهُمْ، فَإِنَّكُمْ لَا تَدْرُونَ مَا حُكْمُ اللَّهِ، وَلَكِنْ أَنْزِلُوهُمْ عَلَى حُكْمِكُمْ، ثُمَّ احْكُمُوا فِيهِمْ مَا رَأَيْتُمْ، وَإِذَا حَاصَرْتُمْ قَصْرًا فَلَا تُعْطُوهُمْ ذِمَّةَ اللَّهِ، وَلَا ذِمَّةَ رَسُولِهِ، وَلَكِنْ أَعْطُوهُمْ ذِمَمَكُمْ وَذِمَمَ آبَائِكُمْ، فَإِنَّكُمْ أَنْ تُخْفِرُوا ذِمَمَكُمْ وَذِمَمَ آبَائِكُمْ أَهْوَنُ

شہروں کی طرف ہجرت کریں۔ اگر وہ یہ بھی کرلیں۔ ان کا عذر قبول کرلو۔ اگر وہ نہ مانیں تو ان کو بتا دو کہ مسلمان دیہاتیوں کی طرح ہوں گے ان پر وہی حکم چلے گا جو عام مسلمانوں پہ چلتا ہے۔ ان کے لیے مال فیئ اور غنیمت میں سے کچھ حصہ نہیں ہوگا اگر اس کا انکار کردیں تو ان کو جزیہ دینے کی دعوت دو۔ اگر وہ یہ مان لیں اُن کا عذر قبول کرو اور ان سے جنگ روک لو۔ جب تم کسی قلعہ یا شہر کو گھیر لو اگر تم ارادہ کرو کہ تم ان کو اللہ کے حکم پہ اتارنے کا تو اللہ کے حکم پہ نہ اتارو۔ کیونکہ تم نہیں جانتے کہ اللہ کا کیا حکم ہے۔ لیکن ان کو ان کے حکم پہ اتارو۔ پھر ان پر فیصلہ کرو جو تمہاری رائے ہو جب تم قلعہ کا محاصرہ کرو۔ ان کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ذمہ پر نہ دو لیکن تم اُن کو اپنے ذمہ پر دو۔ اور اپنے آباء کے ذمہ پر۔ اگر تم اپنے ذمہ پر اور اپنے اباء کے ذمہ پہ لو گے یہ زیادہ آسان ہے۔

مُسْنَدُ أَبِي طَلْحَةَ

مسند طلحہ رضی اللہ عنہ

1410 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے

1410- أخرجه مسلم فى اللباس' باب: تحريم صورة الحيوان . وابن ماجه فى اللباس' باب: الصور فى البيت . والنسائى فى الصيد' باب: امتناع الملائكة من دخول بيت فيه كلب . وأخرجه أحمد جلد 4 صفحه 28 و 29 . والبخارى' باب: اذا قال أحدكم: آمين' وفى بدء الخلق باب: اذا وقع الذباب فى شراب أحدكم فليغمسه' وفى اللباس باب: التصاوير' وباب: من كره القعود على الصور . ومسلم فى اللباس' باب: تحريم صورة الحيوان . والترمذى فى الأدب' باب: ما جاء أن الملائكة لا تدخل بيتًا فيه صورةٌ ولا كلب . والنسائى فى الصيد' باب: امتناع الملائكة من دخول بيت فيه كلب' وفى الزينة باب: التصاوير . وأبو داؤد فى اللباس' باب: فى الصور . وابن ماجه فى اللباس' باب: الصور فى البيت .

بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

فرمایا: فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس گھر میں کتا اور تصویر ہو۔

1411 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، وَعَبْدُ الْأَعْلَى، قَالَا: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا غَلَبَ عَلَى قَوْمٍ أَحَبَّ أَنْ يُقِيمَ بِعَرْصَتِهِمْ ثَلَاثًا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم پر غلبہ پالیتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پسند کرتے تھے کہ میدانِ جنگ میں تین دن ٹھہریں۔

1412 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، وَأَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو طَلْحَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حج اور عمرہ کو جمع کیا۔

1413 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحَّى

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسینگوں والے کالی آنکھوں والے ذبح کیے پہلے ایک کو ذبح کرتے اور فرماتے: محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے! اور دوسرے کو ذبح کرتے وقت

1411- أخرجه البخاري في الجهاد' باب: من غلب على العدو فأقام على عرضهم ثلاثًا' وفي المغازي باب: مقتل أبي جهل . وأحمد جلد4صفحه29 . وأبو داؤد في الجهاد' باب: في الامام يقيم عند الظهور على العدو بعرصتهم . والترمذي في السير' باب: في البيات والغارات .

1412- أخرجه أحمد جلد4صفحه28 . وابن ماجه في المناسك' باب: من قرن بين الحج والعمرة .

1413- عزاه الهيثمي المصنف والطبراني في الكبير والأوسط في مجمع الزوائد . وأخرجه ابن ماجه في الأضاحي' باب: أضاحي رسول الله صلى الله عليه وسلم .

بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ، فَقَالَ، عَنْدَ الذَّبْحِ الْأَوَّلُ: عَنْ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَقَالَ، عَنْدَ الذَّبْحِ الثَّانِي: عَمَّنْ آمَنَ بِي وَصَدَّقَ مِنْ أُمَّتِي

پڑھتے: اس کی طرف سے جو مجھ پر ایمان لائے اور میری تصدیق کی میری امت سے۔

1414 - حَدَّثَنَاهُ إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَكْرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحَّى بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ فَقَالَ، عَنْدَ الذَّبْحِ الْأَوَّلُ عَنْ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَقَالَ، عَنْدَ الذَّبْحِ الْآخَرُ: عَمَّنْ آمَنَ بِي وَصَدَّقَنِي مِنْ أُمَّتِي

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دو سینگوں والے کالی آنکھوں والے ذبح کیے' پہلے کو ذبح کرتے وقت فرمایا: محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے! اور دوسرے کو ذبح کرتے وقت پڑھتے: اس کی طرف سے جو مجھ پر ایمان لائے اور جو میری تصدیق کرے میری امت سے۔

1415 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَنَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حج اور عمرہ کو جمع کیا۔

1416 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجَعِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، فَقَالَ: أَقْرِءْ قَوْمَكَ السَّلَامَ فَإِنَّهُمْ - مَا عَلِمْتَ - أَعِفَّةٌ صُبُرٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے اس بیماری میں جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال فرمایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی قوم کو سلام کہنا کیونکہ وہ سوال سے بچنے والے' صبر کرنے والے ہیں۔

1417 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم راستوں میں بیٹھتے اور باتیں کرتے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' ہم پہ

1416- أخرجه الترمذي في المناقب' باب: في فضل الأنصار وقريش .

1417- أخرجه مسلم في السلام' باب: من حق الجلوس على الطريق رد السلام . وأحمد جلد4صفحه30 .

بْنُ حَكِيمٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُو طَلْحَةَ: كُنَّا قُعُودًا بِالْأَفْنِيَةِ نَتَحَدَّثُ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ عَلَيْنَا فَقَالَ: مَا لَكُمْ وَلِمَجَالِسِ الصُّعُدَاتِ؟ اجْتَنِبُوا مَجَالِسَ الصُّعُدَاتِ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا جَلَسْنَا لِغَيْرِ مَا بَأْسٍ جَلَسْنَا نَتَذَاكَرُ وَنَتَحَدَّثُ، فَقَالَ: إِمَّا لَا فَأَدُّوا حَقَّهَا قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا حَقُّهَا؟ قَالَ: غَضُّ الْبَصَرِ، وَرَدُّ السَّلَامِ، وَحُسْنُ الْكَلَامِ

کھڑے ہوئے اور آپ ﷺ نے فرمایا: تم کو کیا ہے کہ تم راستوں پر بیٹھتے ہو؟ راستوں میں بیٹھنے سے بچو۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے راستہ میں بیٹھنے کے علاوہ کوئی جگہ نہیں پاتے، ہم بیٹھتے ہیں مذاکرہ کے لیے اور ہم گفتگو کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم نے ایسا کرنا ہے تو راستہ کا حق ادا کرو۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کا حق کیا ہے؟ فرمایا: راستہ کا حق یہ ہے کہ آنکھ کا جھکنا، سلام کا جواب دینا اور اچھی بات کرنا۔

1418 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ أَبُو بَحْرٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو طَلْحَةَ: رَفَعْتُ رَأْسِي يَوْمَ أُحُدٍ فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ، فَمَا مِنْهُمْ أَحَدٌ إِلَّا وَهُوَ يَمِيدُ مِنَ النُّعَاسِ تَحْتَ حَجَفَتِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اُحد کے دن سر اٹھایا' میں دیکھنے لگا تو اُن میں سے کوئی ایسا نہیں تھا مگر وہ جھکا ہوا تھا نیند کی وجہ سے اپنی چمڑے کی ڈھال کے نیچے۔

1419 - حَدَّثَنَا أَبُو بَحْرٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الزُّبَيْرِ، مِثْلَهُ وَتَلَا (ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا يَغْشَى طَائِفَةً) (آل عمران: **154**)

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے بھی اسی طرح کی روایت کی ہے لیکن اس میں یہ اضافہ ہے: پھر یہ آیت تلاوت کی: ''پھر اس نے اس غم کے بعد تم پر چین کی نیند اُتاری' جو تم میں سے ایک گروہ پر چھائی ہوئی تھی''۔

1420 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ الْجُرْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آسمان سے برف (اَولے) برسنے لگی۔ ہم کو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے

1418- أخرجه الترمذی فی التفسیر' باب: ومن سورة آل عمران' وأحمد جلد **4** صفحه **29** . والبخاری فی المغازی' باب: (ثم انزل علیکم من بعد الغم أمنة نعاسًا)' وفی التفسیر باب: (أمنة نعاسًا) .

1419- أخرجه الترمذی فی التفسیر' باب: ومن سورة آل عمران .

1420- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **279** . وعزاه الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **171** للمصنف والبزار .

حَـدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَـالَ: مَـطَـرَتِ السَّمَـاءُ بَرَدًا، فَقَالَ لَنَا أَبُو طَلْحَةَ وَنَـحْـنُ غِـلْـمَـانٌ: نَـاوِلْنِي يَا أَنَـسُ مِنْ ذَاكَ الْبَرَدِ، فَـجَـعَـلَ يَأْكُلُ وَهُوَ صَائِمٌ، فَقُلْتُ: أَلَسْتَ صَائِمًا؟ قَـالَ: بَلَى، إِنَّ ذَا لَيْسَ بِطَعَامٍ وَلَا شَرَابٍ، وَإِنَّمَا هُوَ بَـرَكَةٌ مِـنَ السَّمَـاءِ نُـطَهِّـرُ بِهِ بُطُونَنَا، قَالَ أَنَسٌ: فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: خُذْ، عَنْ عَمِّكَ

فرمایا کہ ہم اس وقت بچے تھے۔ اے انس! اس برف کے ٹکڑے سے مجھے پکڑاؤ' وہ کھانے لگے حالانکہ وہ روزہ کی حالت میں تھے۔ میں نے کہا: کیا آپ روزہ کی حالت میں نہیں ہیں؟ انہوں نے فرمایا: ہاں روزہ کی حالت میں ہوں یہ نہ کھانا ہے اور نہ شربت ہے' یہ آسمان سے برکت ہے۔ اس کے ساتھ ہم اپنے پیٹ کو پاک کر رہے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا۔ اس کی خبر دی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے چچا کے عمل کو پکڑ۔

1421 - حَـدَّثَـنَـا أَبُـو الـرَّبِيـعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَـدَّثَنَا حَمَّادُ بْـنُ عَـمْرٍو الْجَزَرِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ رُفَيْـعٍ، عَـنِ الـزُّهْـرِيِّ، عَـنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَهَلَّلُ وَجْهُـهُ مُسْتَبْشِرًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّكَ لَعَلَى حَـالٍ مَا رَأَيْتُكَ عَلَى مِثْلِهَا، قَالَ: " وَمَـا يَمْنَعُنِي؟، أَتَـانِـي جِبْـرِيلُ، فَقَالَ: بَشِّرْ أُمَّتَكَ مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ صَلَاةً، كَتَـبَ الـلّٰـهُ لَهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ، وَكَفَّرَ عَـنْهُ بِهَا عَشْرَ سَيِّئَاتٍ، وَرَفَعَ لَهُ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ، وَرَدَّ الـلّٰـهُ عَـلَيْـهِ بِـمِـثْـلِ قَوْلِهِ، وَعُرِضَتْ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک خوشی کی وجہ سے چمک رہا تھا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ ہمیشہ اس حالت پہ رہیں جس پر میں دیکھ رہا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں خوش کیوں نہ ہوں کہ میرے پاس جبرائیل علیہ السلام آئے تھے' انہوں نے عرض کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کی امت کے لیے خوشخبری دیتے ہیں کہ آپ پر جو ایک مرتبہ درود شریف پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دے گا اور دس گناہ معاف کر دے گا۔ دس درجات بلند کرے گا۔ اس کی مثل اللہ تعالیٰ اور دے گا' اس کو یہ ثواب پیش کیا جائے گا۔

1422 - حَـدَّثَـنَـا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ،

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں

1421- أخرجه أحمد جلد **4** صفحه **29-30** . والنسائى فى السهو' باب: فضل التسليم على النبى صلى الله عليه وسلم' وباب: الفضل فى الصلاة على النبى صلى الله عليه وسلم . والدارمى فى الرقاق' باب: فى فضل الصلاة على النبى صلى الله عليه وسلم .

1422- أخرجه البخارى فى الصلاة' باب: من دعا لطعام فى المسجد ومن أجاب منه' وفى المناقب باب: علامات النبوة

حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ مُعَاوِيَةَ يَعْنِي ابْنَ أَبِي مُزَرِّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُوعَ، فَخَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ أُمَّ سُلَيْمٍ، وَهِيَ أُمُّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ كَانَتْ تَحْتَ مَالِكٍ أَبِي أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فَقُلْتُ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ، إِنِّي قَدْ عَرَفْتُ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُوعَ، فَهَلْ، عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ؟ قَالَتْ: عِنْدِي شَيْءٌ، وَأَشَارَتْ بِكَفِّهَا، فَقُلْتُ لَهَا: اصْنَعِي وَانْعَمِي، فَأَرْسَلْتُ أَنَسًا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: سَارِّهِ فِي أُذُنِهِ وَادْعُهُ، فَلَمَّا أَقْبَلَ أَنَسٌ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا رَجُلٌ قَدْ جَاءَ بِخَيْرٍ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْسَلَكَ أَبُوكَ يَدْعُونَا يَا بُنَيَّ؟ قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ: اذْهَبُوا بِسْمِ اللّٰهِ قَالَ: فَأَدْبَرَ أَنَسٌ يَشْتَدُّ حَتَّى أَتَى أَبَا طَلْحَةَ، فَقَالَ: هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَتَاكَ فِي النَّاسِ، قَالَ: فَخَرَجْتُ حَتَّى لَقِيتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عِنْدَ الْبَابِ عَلَى مُسْتَرَاحِ الدَّرَجَةِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَاذَا صَنَعْتَ بِنَا؟ إِنَّمَا عَرَفْتُ فِي وَجْهِكَ

داخل ہوا۔ میں نے حضور ﷺ کے چہرے مبارک سے بھوک پہچان لی۔ میں اُم سلیم کے پاس آیا، اُم سلیم حضرت انس کی والدہ ہیں۔ وہ حضرت مالک ابی انس بن مالک کے نکاح میں تھیں۔ میں نے کہا: اے ام سلیم! میں نے حضور ﷺ کے چہرے مبارک سے بھوک معلوم کی ہے، کیا تیرے پاس کوئی شے ہے؟ اُم سلیم نے کہا: میرے پاس کوئی شے ہے، اپنی ہتھیلی کے ساتھ اشارہ کیا۔ میں نے اس کو کہا: اس کو پکا اور تیار کر کے رکھ۔ میں نے انس کو حضور ﷺ کی طرف بھیجا۔ میں نے کہا: آپ ﷺ کے کان میں آہستہ گفتگو کرنا اور دعوت دینا۔ جب انس گیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: یہ آدمی اچھی خبر لایا ہے! حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے باپ نے بھیجا ہے ہم کو دعوت دینے کے لیے؟ اے بیٹے! حضور ﷺ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا: چلو اللہ کا نام لے کر۔ حضرت انس واپس دوڑتے ہوئے پلٹے یہاں تک کہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ عرض کی کہ حضور ﷺ خود اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ آ رہے ہیں۔ میں نکلا یہاں تک کہ میں حضور ﷺ سے دروازے کے پاس ملا۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ آپ نے ہمارے ساتھ کیا کیا؟ میں نے آپ ﷺ کے چہرے سے بھوک معلوم کی تھی تو ہم نے آپ کے لیے کھانا تیار کیا تھا تاکہ آپ کھالیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: داخل ہو

فی الاسلام' وفی الأطعمة باب: من أكل حتى شبع' وباب: من أدخل الضيفان عشرة عشرة' وفی الأیمان والنذور باب: من حلف أنا بأندم فأكل تمرًا بخبز ۔ ومسلم فی الأشربة' باب: جواز استتباعه غيره الى دار من يثق به ۔ والترمذی فی المناقب' باب: من بركة النبی صلى الله عليه وسلم تكثير الطعام ۔ وأحمد جلد3صفحه147 ۔

الْجُوعَ، فَصَنَعْنَا لَكَ شَيْئًا تَأْكُلُهُ قَالَ: ادْخُلْ وَأَبْشِرْ قَالَ: فَأَخَذَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَمَعَهَا فِي الصَّحْفَةِ بِيَدِهِ ثُمَّ أَصْلَحَهَا، فَقَالَ: هَلْ مِنْ؟ كَأَنَّهُ يَعْنِي الْأُدْمَ قَالَ: فَأَتَوْهُ بِعُكَّتِهِمْ فِيهَا شَيْءٌ أَوْ لَيْسَ فِيهَا شَيْءٌ، فَقَالَ بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ: فَاسْكُبْ مِنْهَا السَّمْنَ ثُمَّ قَالَ: أَدْخِلْ عَلَيَّ عَشَرَةً عَشَرَةً فَأَكَلُوا كُلُّهُمْ وَشَبِعُوا، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْفَضْلِ الَّذِي فَضَلَ كُلُوا أَنْتُمْ: وَعِيَالُكُمْ فَأَكَلُوا وَشَبِعُوا

اور خوشخبری دے۔ حضور ﷺ نے اس کو پکڑا' اس کو اپنے ہاتھ سے ایک پیالہ میں جمع کیا' پھر اس کو درست کیا' اس کے بعد فرمایا: کیا اور بھی ہے؟ یعنی سالن۔ وہ آٹے کے پاس لایا گیا اور کپی میں کوئی شی تھی اس میں کوئی شی نہیں تھی' حضور ﷺ نے اپنے دستِ قدرت سے اس کو جمع کیا' اس سے گھی نکلا' پھر فرمایا: میرے پاس دس دس افراد آئیں! اُن سب نے کھایا اور سیر ہو گئے' اور حضور ﷺ نے جو بچ گیا تھا اُس کے متعلق فرمایا: خود بھی کھاؤ اور اپنے بچوں کو بھی کھلاؤ۔ تو اُنہوں نے کھایا اور سیر ہو گئے۔

1423 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَنَا زَاجِرُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ شَدَّادٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا شَبَابَ قُرَيْشٍ، لَا تَزْنُوا مَنْ سَلِمَ لَهُ شَبَابُهُ فَلَهُ الْجَنَّةُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے قریش کے نوجوانو! زناء نہ کرو جس نے اپنی جوانی کی حفاظت کی اس کے لیے جنت ہے۔

1424 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ الْهُذَلِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: " لَقَدْ سَقَطَ السَّيْفُ مِنِّي يَوْمَ بَدْرٍ لِمَا غَشِيَنَا مِنَ النُّعَاسِ يَقُولُ اللّٰهُ ﴿إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِنْهُ﴾ (الأنفال: 11) "

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے ہاتھ سے تلوار گر گئی بدر کے دن اس اونگھ کی وجہ سے جو ہم پر طاری ہوگئی تھی اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: جب اللہ اپنی طرف سے (تمہارے دلوں کی) تسکین کیلئے تم پر اونگھ غالب کر رہا تھا''۔

1425 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وضو کرو اس چیز کو کھانے کے بعد جس کو آگ نے

1423- أخرجه الحاكم جلد4صفحه358 . عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه253 للمصنف .

1424- انظر تخريج الحديث رقم: 1418 .

1425- أخرجه أحمد جلد4صفحه28 . والنسائي في الطهارة' باب: الوضوء مما غيرت النار .

دِينَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ

پکایا ہو۔

1426 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس گھر میں کتا اور تصویر ہو۔

1427 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عِبَادَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: ذَكَرَ لَنَا أَنَسٌ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ بِأَرْبَعَةٍ وَعِشْرِينَ رَجُلًا مِنْ صَنَادِيدِ قُرَيْشٍ فَقُذِفُوا فِي طَوِيٍّ مِنْ أَطْوَاءِ بَدْرٍ خَبِيثٍ مُخْبِثٍ، وَكَانَ إِذَا ظَهَرَ عَلَى قَوْمٍ أَحَبَّ أَنْ يُقِيمَ بِعَرْصَتِهِمْ ثَلَاثَ لَيَالٍ، فَلَمَّا كَانَ بِبَدْرٍ يَوْمَ الثَّالِثِ أَمَرَ بِرَاحِلَتِهِ فَشَدَّ عَلَيْهَا رَحْلَهَا ثُمَّ مَشَى وَاتَّبَعَهُ أَصْحَابُهُ، وَقَالُوا: مَا نَرَاهُ يَنْطَلِقُ إِلَّا لِيَقْضِيَ حَاجَتَهُ حَتَّى قَامَ عَلَى شَفَةِ الرَّكِيِّ، فَجَعَلَ يُنَادِيهِمْ بِأَسْمَائِهِمْ وَأَسْمَاءِ آبَائِهِمْ يَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ، يَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ، أَيَسُرُّكُمْ أَنَّكُمْ أَطَعْتُمُ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ؟ فَإِنَّا قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا، فَهَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن حکم دیا چوبیس قریش کے سرداروں کے متعلق کہ ان کو بدر کے گہرے ترین کنواں میں ڈال دو۔ بس انہیں ڈال دیا گیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت تھی کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی قوم پر غالب آجاتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس جگہ تین دن ٹھہرنے کو پسند کرتے تھے۔ جب بدر کا تیسرا دن تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سواری کے متعلق حکم دیا اس پر اس کا سامان باندھا گیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم چلے، پیچھے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی چلے۔ صحابہ کرام فرماتے ہیں: ہمارا خیال تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام کے لیے چلے ہیں۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کنویں کے کنارے پر کھڑے ہو گئے اور ان کو پکارنے لگے ان کے ناموں کے ساتھ اور ان کے آباؤ اجداد کے ناموں کے ساتھ: اے فلاں بن فلاں! اے فلاں بن فلاں! کیا تم کو پسند ہے کہ تم

1426- انظر تخريج الحديث رقم: **1410**

1427- أخرجه البخاري في المغازي' باب: قتل أبي جهل . ومسلم في الجنة' باب: عرض مقعد الميت من الجنة أو النار عليه . وأحمد جلد**4**صفحه**29** .

حَقًّا؟ قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا تُكَلِّمُ مِنْ أَجْسَادٍ لَا أَرْوَاحَ لَهَا؟، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا أَقُولُ مِنْهُمْ قَالَ قَتَادَةُ: أَحْيَاهُمُ اللَّهُ حَتَّى أَسْمَعَهُمْ تَوْبِيخًا، وَتَصْغِيرًا، وَنِقْمَةً، وَحَسْرَةً، وَنَدَامَةً

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو؟ ہم نے پالیا جو ہمارے رب نے وعدہ کیا تھا۔ کیا تم نے بھی پالیا ہے جس کا تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا؟ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ایسے اجسام سے گفتگو کرتے ہیں جن میں روح ہی نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! تم ان سے زیادہ نہیں سنتے ہو جو میں اُن سے کہہ رہا ہوں۔ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے اُن کو زندہ کیا یہاں تک کہ اللہ نے ان کو سنایا توبیخاً ذلیل کرنے کے لیے، حسرت اور ندامت کے لیے۔

1428 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ تَصَاوِيرُ وَلَا كَلْبٌ فَقَالَ زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ، لِأَبِي طَلْحَةَ: مُرَّ بِنَا إِلَى عَائِشَةَ نَسْأَلُهَا، عَنْ هَذَا، فَأَتَيَا عَائِشَةَ فَسَأَلَاهَا فَقَالَتْ: أَمَّا هَذَا فَلَا أَحْفَظُهُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَكِنْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَغْزًى لَهُ، فَتَحَيَّنْتُ قَفْلَتَهُ فَكَسَوْتُ عَرْشَ الْبَيْتِ نَمَطًا، فَلَمَّا دَخَلَ اسْتَقْبَلْتُ فَأَخَذْتُ بِيَدِهِ فَقُلْتُ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَصَرَكَ وَأَعَزَّكَ وَأَكْرَمَكَ فَنَظَرَ إِلَيْهِ فَرَأَيْتُ الْكَرَاهِيَةَ فِي وَجْهِهِ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِتَمَامِهِ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے ہیں جس گھر میں کتا اور تصویر ہو۔ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ نے ابوطلحہ سے عرض کی: چلو! ہم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاتے ہیں' ہم اس کے متعلق پوچھتے ہیں۔ ہم دونوں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور آپ سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: مجھے اس حوالہ سے حضور ﷺ سے کوئی بات یاد نہیں ہے لیکن حضور ﷺ ایک غزوہ میں تھے' میں وہاں سے نکلی اور میں نے گھر کے فرش پر ایک چمڑا بچھایا' جب آپ داخل ہوئے تو میں آگے بڑھی' میں نے آپ کا ہاتھ پکڑا' میں نے عرض کی: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے آپ کو عزت و کرامت دی اور آپ کی مدد کی۔ آپ نے

1428- أخرجه أحمد جلد4صفحه30 . وأبو داؤد في اللباس' باب: في الصور .

میری طرف دیکھا تو میں نے آپ کے چہرے پر ناپسندیدگی دیکھی، پھر باقی حدیث مکمل ذکر کی۔

مُسْنَدُ قَيْسِ بنِ سَعْدٍ

مسند قیس بن سعد رضی اللہ عنہ

1429 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، رِوَايَةً قَالَ: لَوْ كَانَ الْإِيمَانُ مُعَلَّقًا بِالثُّرَيَّا لَنَالَهُ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ فَارِسَ

حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم اگر ثریا کے ساتھ معلق ہوتا تو اہل فارس میں سے ایک آدمی اس کو ضرور اتار لیتا۔

1430 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَلَمَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ، عَنْ أَبِي عَمَّارٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُخْرِجَ زَكَاةَ الْفِطْرِ قَبْلَ أَنْ تَنْزِلَ الزَّكَاةُ، فَلَمَّا نَزَلَتِ الزَّكَاةُ لَمْ يَأْمُرْنَا وَلَمْ يَنْهَنَا، وَنَحْنُ نَفْعَلُهُ

حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حکم دیا کہ ہم فطرہ نکالیں، زکوٰۃ کا حکم نازل ہونے سے پہلے۔ جب زکوٰۃ کا حکم نازل ہوا تو ہم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ حکم دیا اور نہ منع کیا اور ہم کرتے تھے۔

1431 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَسْعَدِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: أَتَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے، ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے پانی رکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کیا، پھر ہم آپ کے پاس رنگ دار لحاف لے کر آئے، آپ

1429- أخرجه البخاري في التفسير، باب: قوله تعالى: (وآخرون منهم لما يلحقوا بهم) . ومسلم في الفضائل، باب: فضائل الغرس . والترمذي في التفسير، باب: ومن سورة الجمعة . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه64 للمصنف والبزار والطبراني .

